على الصحيحين

(1)

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

المستدرك على الصحيحين

جلد 1

تصنیف

الإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ ، اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

نام کتاب	المستدرک
تصنیف	الإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري
مترجم	الشیخ الحافظ أبي الفضل محمد شفیق الرحمن القادري الرضوي
پروف ریڈنگ	ملک محمد یونس رضوی
باہتمام	ملک شبیر حسین
کمپوزنگ	ورڈز میکر
سن اشاعت	فروری 2010ء
سرورق	باھو گرافکس
طباعت	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ	روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شرفِ انتساب

میں اپنی اس کاوش کو منسوب کرتا ہوں

والدِ محترم صوفیٔ کامل فنافی الشیخ

قبلہ صوفی محمد رفیق قادری دامت برکاتہم العالیہ

کے نام

جن کے التزامِ کسبِ حلال' آہِ سحر گاہی اور دعائے نیم شب کی بدولت

بندہ حدیث شریف کی خدمت کے قابل ہوا

اللہ تعالیٰ ان کو صحت' تندرستی اور درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

نیاز مند

محمد شفیق الرحمٰن

ناظمِ اعلیٰ جامعہ غوثیہ رضویہ ایبک روڈ میاں چنوں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علم حدیث کی ترویج و اشاعت اور درس و تدریس کرنے والوں کے لیئے

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ

(۹۳۳ء/۳۲۱ھ — ۱۰۱۴ء/۴۰۵ھ)

آپ کا نام محمد بن عبداللہ بن محمد بن حمدویہ بن نعیم بن حاکم ہے اور آپ کی کنیت ''ابوعبداللہ'' ہے۔

پیدائش:

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ پیر کے دن، ۱۳ ربیع الاول، ۳۲۱ ہجری میں ''نیشاپور'' میں پیدا ہوئے۔

۳۳۰ ہجری میں انہوں نے اپنے والد اور ماموں کی خاص توجہ اور تربیت کے نتیجے میں احادیث کے سماع کا آغاز کیا۔

۳۳۴ ہجری میں، جب ان کی عمر صرف ۱۳ برس تھی، اس وقت کے شیخ ابوحاتم بن حبان کی احادیث کو املاء کرنا شروع کیا۔

انہوں نے خراسان، عراق اور ماوراء النہر کی بلند مرتبہ اسانید کا علم حاصل کیا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ۲۰۰۰ کے قریب مشائخ سے احادیث کا سماع کیا تھا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے صرف نیشاپور میں ایک ہزار مشائخ سے احادیث کا سماع کیا تھا۔

جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ۲۰ برس کے ہوئے تو انہوں نے علم حدیث کے حصول کیلئے عراق کا سفر اختیار کیا۔

جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ عراق پہنچے تو اس وقت وہاں کے سب سے جلیل القدر محدث ''اسماعیل صفار'' کا انتقال ہوئے زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل حضرات سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

آپ کے والد عبداللہ بن محمد رحمۃ اللہ علیہ (انہوں نے ''صحیح مسلم'' کے مولف امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت کی ہے)۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو اکابر اہل علم نے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

☆ شیخ ابوعبدالرحمٰن سلمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، میں نے امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا۔ شیخ ابن مندہ رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ ابن بیع رحمۃ اللہ علیہ (یعنی امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں میں سے کون بڑا حافظ ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: ابن البیع رحمۃ اللہ علیہ (یعنی امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ) مستند حافظ ہیں۔

☆ شیخ ابوحازم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں، میں ۳۰ برس تک شیخ ابوعبداللہ عصمی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس رہا ہوں۔ میں نے اپنے مشائخ میں ان سے زیادہ پایہ کا عالم نہیں دیکھا لیکن جب انہیں بھی کوئی مشکل درپیش ہوتی تھی تو وہ مجھے یہ ہدایت کرتے تھے کہ میں اس

بارے میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو خط لکھوں اور جب امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا جوابی خط آتا تو شیخ عصمی رحمۃ اللہ علیہ اس کے مطابق فتویٰ دیتے اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کو درست سمجھتے تھے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے درج ذیل کتب یادگار چھوڑی ہیں:

☆ المستدرک علی الصحیحین (جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے:

☆ تاریخ نیشاپور

☆ الاکلیل

☆ المدخل الی علم الصحیح

☆ تراجم الشیوخ

☆ فضائل الشافعی

☆ فوائد

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال بدھ کے دن ۳ صفر المظفر ۴۰۵ ہجری میں ہوا۔

قاضی ابوبکر الحیدی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔

شیخ حسن بن اشعث قرشی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے بعد) میں نے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں گھوڑے پر سوار دیکھا۔ ان کی حالت بہت اچھی تھی اور وہ یہ فرما رہے تھے: مجھے نجات نصیب ہوگئی۔

قرشی کہتے ہیں، میں نے دریافت کیا:

اے حاکم! وہ کس وجہ سے؟ تو انہوں نے جواب دیا: احادیث لکھنے کی وجہ سے۔

....

عرضِ ناشر

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے جس نے ہمیں اپنے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی امت میں پیدا کیا اور ہمیں یہ توفیق وسعادت عطا کی کہ ہم اس کے پیارے دین کی تعلیمات کی نشر واشاعت کے حوالے سے خدمت کرسکیں۔

حضرت محمد ﷺ پر بے حد وشمار درود وسلام نازل ہو۔ جو اللہ تعالیٰ کے سب سے برگزیدہ، محبوب اور مقدس پیغمبر ہیں جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کی آمد کے سلسلہ کو ختم کیا۔

آپ کے ہمراہ آپ کے اصحاب، آپ کی امت کے علماء وصلحاء اور عام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے تحت آپ کا ادارہ ''شبیر برادرز'' ایک طویل عرصے سے مختلف اسلامی موضوعات سے متعلق کتب تصانیف، تراجم کی شکل میں شائع کررہا ہے۔ چند برس پیشتر آپ کے ادارے کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ علم الحدیث سے متعلق کتب کے تراجم وتحقیق، تخریج، تشریح کی شکل میں خدمت کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرواکے برادرانِ اسلام کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ اس کے نتیجے میں ایک مختصر عرصے میں کئی کتب شائع ہوکر منصۂ شہود پر آگئیں۔ ان میں بعض وہ کتب بھی ہیں جن کے تراجم پہلے بھی شائع ہوچکے ہیں اگرچہ عام شخص کے نزدیک ایسی کتابوں کا دوبارہ ترجمہ کرواکے انہیں شائع کرنا کوئی بڑا کام نہیں ہے لیکن اہل علم اور باذوق قارئین اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ پہلے سے ترجمہ شدہ کتاب کے مقابلے میں اسی کتاب کا دوبارہ ترجمہ پیش کرنا تکنیکی اعتبار سے زیادہ مشکل ہے۔ کیونکہ ہر شخص یہ سوال کرتا ہے آپ کے شائع کردہ ترجمے میں کیا خصوصیت ہے؟

آپ کے ادارہ شبیر برادرز نے اس نوعیت کے جو تراجم شائع کئے ہیں بلاشبہ وہ دیگر تراجم کے درمیان اپنی مثال آپ ہیں۔ ان کے ہمراہ آپ کے ادارے شبیر برادرز نے ایسی کتب شائع کرنے کی سعادت بھی حاصل کی ہے جن کا پہلے کبھی اُردو زبان میں ترجمہ نہیں ہوا۔ جن میں سنن دارمی شریف' مسند امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ' مسند امام زید رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کے نام مثال کے طور پر پیش کئے جاسکتے ہیں۔

اپنی اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے آپ کا ادارہ علم الحدیث کی ایک اور بڑی کتاب ''مستدرک حاکم'' کا ترجمہ آپ کے سامنے پیش کررہا ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب میں وہ تمام احادیث نقل کی ہیں جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرائط پر پوری اترتی ہیں لیکن ان دونوں حضرات نے انہیں نقل نہیں کیا۔ اس اعتبار سے یہ کتاب مستند احادیث کا اہم ماخذ ہے۔ ترجمے کی خدمت حضرت علامہ ابوالفضل محمد شفیق الرحمان قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ نے سرانجام دی ہے۔ آپ پاکستان کی

مشہور دینی درس گاہ جامعہ نظامیہ لاہور کے فارغ التحصیل ہیں اور درسِ نظامی کے کہنہ مشق استاد ہیں۔ ہم اس سے پہلے آپ کی مشہور تصنیف ''شرح سراجی'' شائع کر چکے ہیں۔

''مستدرک حاکم'' کیونکہ اُردو زبان میں پہلی مرتبہ شائع ہو رہی ہے اور یہ علم الحدیث کے بڑے مآخذ میں سے ایک ہے اس لئے اس کی اہمیت کے پیشِ نظر ہم نے استادِ زمن واقف اسرارِ آیات وسنن حضرت ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ سے یہ فرمائش کی کہ وہ اس کی احادیث کی تخریج کر دیں۔ حضرت جہانگیر اگرچہ دیگر اہم معاملات میں مشغول تھے لیکن اس کے باوجود انہیں نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر ان احادیث کے دیگر مآخذ کی نشان دہی کی ہے اور کیا خوب کی ہے۔ ہم بحمدہ تعالیٰ کہہ سکتے ہیں کہ ''مستدرک حاکم'' کے دنیا میں کسی بھی مطبوعہ نسخے میں اتنی تحقیق موجود نہیں ہے۔ اس کے علاوہ آپ کے ادارے نے احادیث کے متن پر اعراب لگانے کا اہتمام کیا ہے جو کسی عربی نسخہ میں بھی موجود نہیں ہیں۔ یوں یہ کتاب ایک نعمتِ غیر مترقبہ کے طور پر آپ کے سامنے ہے۔

ہم سے جو خدمت ہو سکتی تھی وہ ہم نے کر دی ہے' آپ اس سے اخذ فیض کریں' اسے دوسروں تک پہنچائیں اور اپنی نیک دعاؤں میں کتاب کے مصنف اور مترجم کے ہمراہ' ادارے کی انتظامیہ اور اس کے کارکنان کو بھی یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے دین کی زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی توفیق اور سعادت عطا کرے (آمین)

ملک شبیر حسین

تقریظ

حضرت ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر دامت برکاتہم العالیہ

اللہ تعالیٰ کے لئے تمام تر حمد مخصوص ہے جو ہمارا مالک اور ''حاکم'' ہے۔ جو ''ارحم الراحمین'' اور ''احکم الحاکمین'' ہے۔
حضرت محمد ﷺ پر بے حد و شمار درود نازل ہو۔ جن کو مخاطب کر کے ان کا پروردگار یہ فرماتا ہے:
''تمہارے رب کی قسم! یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک اپنے آپس کے اختلافی معاملات میں تمہیں ''حکم'' تسلیم نہ کریں''۔
اعلیٰ حضرت رضا بریلوی نے کیا خوب کہا ہے:

چور ''حاکم'' سے چھپا کرتے ہیں یاں اس کے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا

نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ آپ کے اہل بیت، اصحاب و تابعین و تبع تابعین، آپ کی امت کے تمام افراد پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

نبی اکرم ﷺ نے احادیث کی تبلیغ و اشاعت کرنے والوں کو یہ دعا دی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں خوش رکھے۔ یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرام نے احادیث کی تبلیغ کی، جس مقدس مذہبی روایت کا آغاز کیا تھا وہ کسی نہ کسی شکل میں آج تک باقی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو قیامت تک باقی رہے گی۔

احادیث کی خدمت کے سلسلے میں کی ایک کڑی علم الحدیث کی مشہور کتاب ''المستدرك علی الصحیحین'' کا یہ ترجمہ ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ترجمے کی خدمت استاذ العلماء حضرت الشیخ ابوالفضل محمد شفیق الرحمان القادری الرضوی دامت برکاتہم العالیہ نے سرانجام دی ہے اور بلاشبہ بہت بڑی خدمت کی ہے۔ کیونکہ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب میں ان احادیث کو جمع کرنے کا اہتمام کیا ہے جو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں، یا دونوں میں سے کسی ایک کی شرط پر پوری اترتی ہوں، اور ان حضرات نے کسی وجہ سے انہیں نقل نہ کیا ہو۔ اس لئے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ حدیث نقل کرنے کے بعد اس کی سند اور رواۃ پر تبصرہ بھی کرتے ہیں اور یہ تبصرہ اُردو میں منتقل کرنا بہت مشکل تھا۔ لیکن ہمارے فاضل مترجم نے نہائیت خوبی کے ساتھ اس منزل کو سر کیا ہے جس پر وہ بجا طور پر خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ آپ عالم اسلام کی مشہور دینی درس گاہ جامعہ نظامیہ لاہور کے فارغ

التحصیل ہیں آپ نے شرفِ ملت حضرت علامہ عبدالحکیم شرف قادری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ جیسے اکابرین سے اخذ و استفادہ کیا ہے۔ علم و فضل اور اخلاق میں آپ اپنے اساتذہ کا پرتوِ جمیل ہیں۔ آپ طویل عرصے سے درسِ نظامی کی تدریس سے وابستہ ہیں اور اس کے ساتھ تقریر و خطبات کی شکل میں دین متین کی خدمت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ جب آپ نے تحریر و تصنیف کی طرف توجہ کی تو درسِ نظامی میں شامل علم المیراث کی مشہور کتاب ''سراجی'' کی بہترین شرح تحریر کر دی اس کے بعد ''مستدرک حاکم'' کا یہ ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ فقیر نے بعض مقامات پر اس کا مطالعہ کیا ہے' بلاشبہ یہ ایک بہترین خدمت ہے۔ خداوند کریم مولانا موصوف کے علم و عمل میں برکتیں عطا کرے اور وہ آئندہ بھی علومِ اسلامیہ کی اس نوعیت کی تحریری خدمت کے کام کو برقرار رکھیں۔ (آمین)

عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ کسی بھی حدیث کی ''تصحیح'' کے بارے میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ تساہل سے کام لیتے ہیں۔ اس لئے اس فقیر نے ''مستدرک حاکم'' کی بعض احادیث کے دیگر مآخذ کی نشان دہی کر دی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے (آمین)

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

فہرست

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کِتَابُ الْاِیْمَانِ

ایمان کا بیان

1۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَيْسَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِي ابْنُ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کامل ترین مومن وہ شخص ہے جس کے اخلاق سب سے زیادہ اچھے ہوں۔

حدیث 1:

خرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4682 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 1162 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 2792 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7396 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 10110 اخرجه ابوعبدالله شيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 10829 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه رساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 479 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 4176 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 2 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 20572 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 4166 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 4240 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 605 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 522 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 848

2۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَّلَمْ یُخَرَّجْ فِی الصَّحِیْحَیْنِ، وَهُوَ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ، فَقَدِ اسْتَشْهَدَ بِاَحَادِیْثَ لِلْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، وَقَدِ احْتَجَّ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ اَیْضًا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَشُعَیْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ اَنَسٍ. وَرَوَاهُ ابْنُ عُلَیَّةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَاَنَا اَخْشٰی اَنَّ اَبَا قِلَابَةَ لَمْ یَسْمَعْهُ، عَنْ عَائِشَةَ

✧✧ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تم میں سب سے زیادہ کامل ایمان اس شخص کا ہے، جس کے اخلاق سب سے زیادہ اچھے ہوں۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے البتہ اسے "صحیحین" میں نقل نہیں کیا گیا۔ تاہم یہ امام مسلم بن حجاج رحمۃ اللہ علیہ کی شرط کے مطابق "صحیح" ہے کیونکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے قعقاع کی ابوصالح کے حوالے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کردہ روایات کو اور محمد بن عمرو نامی راوی کی روایات کو شاہد کے طور پر نقل کیا ہے۔ اسی طرح انہوں نے محمد بن عجلان نامی راوی سے بھی احادیث روایت کی ہیں۔

یہی روایت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور شعیب بن حجاب کے حوالے سے' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے۔

اسے ابن علیہ نے خالد الحذاء کے حوالے سے' ابوقلابہ کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مجھے یہ اندیشہ ہے کہ ابوقلابہ نے یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نہیں سنی۔

3۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ بَلْجٍ وَّاَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ یَعْقُوْبَ الثَّقَفِیُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوْسِیُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِیٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ وَّهُوَ اَبُوْ بَلْجٍ وَّهٰذَا لَفْظُ حَدِیْثِ اَبِیْ دَاوُدَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَیْمُوْنٍ یُحَدِّثُ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یَّجِدَ حَلَاوَةَ الْاِیْمَانِ، فَلْیُحِبَّ

حدیث 3:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 7954 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 10749 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 7312 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2495 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع عـ 1412ھ/1991ء' رقم الحديث: 366 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 407 ؛ 1986ء' رقم الحديث: 440 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 1708

نَمْرَءَ لَا يُحِبُّهُ اِلَّا لِلّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِعَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَبِيْ بَلْجٍ، وَهُوَ حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّا يُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد: جو شخص ایمان کی حلاوت محسوس کرنا چاہے اس کو چاہیئے کہ لوگوں سے محض اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر محبت کرے۔

❖❖ اس حدیث کو 'صحیحین' میں نقل نہیں کیا گیا حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے (اس کے راوی) عمرو بن میمون کی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابو بلج (جو کہ مذکورہ حدیث کے راوی ہیں) سے روایات نقل کی ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے اور اس میں کوئی علت نہیں ہے۔

4۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ عُمَرَ، خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ يَوْمًا فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ عِنْدَ قَبْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكَ يَا مُعَاذُ ؟ قَالَ: يُبْكِيْنِي حَدِيْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَلْيَسِيْرُ مِنَ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، وَمَنْ عَادٰى اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ، اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِيَاءَ الْاَخْفِيَاءَ، الَّذِيْنَ اِنْ غَابُوْا لَمْ يُفْتَقَدُوْا، وَاِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُعْرَفُوْا، قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدٰى، يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَاءَ مُظْلِمَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِزَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الصَّحَابَةِ، وَاتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِحَدِيْثِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ وَهٰذَا اِسْنَادٌ مِصْرِيٌّ صَحِيْحٌ وَّلَا يُحْفَظُ لَهُ عِلَّةٌ

✧✧ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک دن مسجد نبوی میں آئے تو دیکھا کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مزارِ اقدس کے پاس بیٹھے رو رہے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے معاذ! کیوں رو رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث سن رکھی ہے (اسے یاد کر کے) رو رہا ہوں (وہ حدیث یہ ہے) آپ نے فرمایا: ذرا سی ریاکاری بھی شرک ہے اور جس نے اللہ کے دوستوں سے دشمنی رکھی، اس نے اللہ تعالیٰ کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ان چھپے ہوئے، پرہیزگار، نیک لوگوں سے محبت کرتا ہے، اگر کسی محفل میں وہ نہ آئیں تو کوئی ان کی غیر موجودگی کو محسوس نہ کرے اور اگر کسی مجلس میں موجود ہوں تو ان کو کوئی پہچانتا نہ ہو، ان کے دل ہدایت کے روشن چراغ ہوتے ہیں وہ (عموماً) گرد و غبار والے اور تاریک مقامات پر ملتے ہیں۔

حدیث 4:

اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 7933 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 321

✤✤ یہ حدیث ''صحیح'' ہے لیکن ''صحیحین'' میں اسے نقل نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے (اس حدیث کے راوی) ''زید بن اسلم'' کی وہ روایات نقل کی ہیں جن کی سند ان کے والد سے ہوتی ہوئی متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تک پہنچتی ہے اور دونوں نے (اسی حدیث کے راوی) لیث بن سعد کی عیاش بن صالح القتبانی کی روایات نقل کی ہیں۔ یہ سند مصری ہے اور صحیح ہے، اس سند میں کوئی علت موجود نہیں۔

5۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَبِیْ هَانِءٍ الْخَوْلَانِیِّ حُمَيْدِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْاِيْمَانَ لَيَخْلَقُ فِیْ جَوْفِ اَحَدِكُمْ كَمَا يَخْلَقُ الثَّوْبُ الْخَلِقُ، فَاسْاَلُوا اللّٰهَ اَنْ يُجَدِّدَ الْاِيْمَانَ فِیْ قُلُوْبِكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِی الصَّحِيْحَيْنِ وَرُوَاتُهُ مِصْرِيُّوْنَ ثِقَاتٌ

وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ فِی الصَّحِيْحِ بِالْحَدِيْثِ الَّذِیْ، رَوَاهُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ عُمَرَ، عَنِ الْمُقْرِءِ، عَنْ حَيْوَةَ، عَنْ اَبِیْ هَانِءٍ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى ذِكْرُهُ كَتَبَ مَقَادِيرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ الْحَدِيْثَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے اندر ایمان پرانے کپڑے کی طرح بوسیدہ ہوتا رہتا ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ سے اپنے دلوں میں ایمان تازہ رہنے کی دعا کیا کرو۔

✤✤ اس حدیث کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا جبکہ اس کے تمام راوی مصری ہیں اور ثقہ ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں وہ حدیث شریف نقل کی ہے جس کی سند ابن ابی عمر، المقری، حیوۃ، ابوہانی، ابوعبدالرحمٰن الحبلی اور عبداللہ بن عمرو کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے (حدیث یہ ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان کی تخلیق سے پہلے مخلوقات کی تقدیریں لکھی ہیں (اور اس میں مذکورہ حدیث کے راوی ابوہانی، ابوعبدالرحمٰن، الحبلی اور عبداللہ بن عمرو موجود ہیں)

6۔ اَخْبَرَنِیْ اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 6:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 3334 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4244 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7939 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 930 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2787 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 3908 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10251 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 11658 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 20552

أَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَذْنَبَ الْعَبْدُ نُكِتَ فِيْ قَلْبِهِ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ، فَإِنْ تَابَ صُقِلَ مِنْهَا، فَإِنْ عَادَ زَادَتْ حَتّٰى تَعْظُمَ فِيْ قَلْبِهِ، فَذٰلِكَ الرَّانُ الَّذِيْ ذَكَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِأَحَادِيْثِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ لگ جاتا ہے پھر اگر بندہ توبہ کرلے تو وہ مٹ جاتا ہے اور اگر بار بار گناہ کرے تو وہ سیاہ نقطہ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ پورا دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ یہی وہ ''ران'' ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (مطففين:١٦) ''کوئی نہیں بلکہ ان کے دلوں پر زنگ چڑھا دیا ہے'' میں کیا ہے۔

یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اسے درج نہیں کیا گیا حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے قعقاع بن حکیم کی ابوصالح سے روایات نقل کی ہیں۔

7۔ حَدَّثَنَا الْإِمَامُ أَبُوْ بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، أَنْبَأَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْأَلُ عَنِ السَّاعَةِ حَتّٰى نَزَلَتْ: فِيْمَ أَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا إِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهَاهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَهُوَ مَحْفُوْظٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا مَعًا، وَقَدِ احْتَجَّا مَعًا بِأَحَادِيْثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے متعلق مسلسل سوالات کئے جاتے رہے یہاں تک کہ آیت فِيْمَ أَنْتَ مِنْ ذِكْرَاهَا إِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهَاهَا (تمہیں اس کے بیان سے کیا تعلق تمہارے رب ہی تک اس کی انتہا ہے) نازل ہوئی۔

✣✣ اس حدیث کو صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا حالانکہ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق محفوظ صحیح ہے اور دونوں نے ایسی احادیث نقل کی ہیں جن کی سند ابن عیینہ، زہری، عروہ سے ہوتی ہوئی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچتی ہیں۔

8۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، أَنْبَأَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وأبی سعيد أنهما شهدا على رَسُوْلِ اللّٰهِ

حدیث 7:

اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان مدینه منوره (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 777

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَالَ الْعَبْدُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ صَدَّقَهُ رَبُّهُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِیْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا وَحْدِیْ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ صَدَّقَهُ رَبُّهُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَلَا شَرِيْكَ لِیْ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِیْ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا لِیَ الْمُلْكُ وَلِیَ الْحَمْدُ، وَاِذَا قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِیْ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِیْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِی الصَّحِيْحَيْنِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِحَدِيْثِ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَاَبِیْ سَعِيْدٍ، وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْحُجَّةِ بِاَحَادِيْثِ اِسْرَائِيْلَ بْنِ يُوْنُسَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان دونوں نے گواہی دیتے ہوئے یہ بات کہی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے یوں فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں اکیلا ہوں"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور نہ ہی میرا کوئی شریک ہے"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لئے حمد وثناء" اللہ تعالیٰ کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں میری ہی حکومت ہے اور میرے لئے ہی حمد وثناء"۔ جب بندہ کہے "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اس کے سوا کسی کی طاقت اور ہمت نہیں" اللہ تعالیٰ اس کی تصدیق کرتے ہوئے فرماتا ہے "میرے بندے نے سچ کہا (واقعی) میرے سوا کسی کی طاقت اور ہمت نہیں"۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو درج نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اپنی اپنی صحیح میں) ایسی روایات نقل کی ہیں جن کی سند "اسحاق" کے ذریعے "اغر" سے ہوتی ہوئی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے۔ اور دونوں نے اسرائیل بن یونس کی ابواسحاق سے روایت کردہ احادیث بھی نقل کی ہیں۔

9- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِیْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِیْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ،

حدیث 8:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث:3430 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:3794 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث:851 اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 9858 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 1258 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث:6154 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث:943 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث:944

حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِيْ عَامِرُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَعَافِرِيِّ الْحُبُلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَسْتَخْلِصُ رَجُلاً مِّنْ اُمَّتِيْ عَلٰى رُؤُوْسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَنْشُرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ سِجِلًّا، كُلُّ سِجِلٍّ مِثْلُ هٰذَا، ثُمَّ يَقُوْلُ: اَتُنْكِرُ مِنْ هٰذَا شَيْئًا؟ اَظَلَمَكَ كَتَبَتِيَ الْحَافِظُوْنَ؟ فَيَقُوْلُ: لَا يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: اَفَلَكَ عُذْرٌ؟ فَيَقُوْلُ: لَا يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: بَلٰى، اِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً، وَاِنَّهُ لَا ظُلْمَ عَلَيْكَ الْيَوْمَ، فَيُخْرِجُ بِطَاقَةً فِيْهَا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، مَا هٰذِهِ الْبِطَاقَةُ مَعَ هٰذِهِ السِّجِلَّاتِ؟ فَقَالَ: اِنَّكَ لَا تُظْلَمُ، قَالَ: فَتُوْضَعُ السِّجِلَّاتُ فِيْ كِفَّةٍ، وَالْبِطَاقَةُ فِيْ كِفَّةٍ فَطَاشَتِ السِّجِلَّاتُ وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ، وَلَا يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَيْءٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّمْ يُخَرَّجْ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِاَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَعَامِرِ بْنِ يَحْيٰى مِصْرِيٍّ ثِقَةٍ، وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، اِمَامٌ، وَيُوْنُسُ الْمُؤَدِّبُ: ثِقَةٌ، مُتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِ فِي الصَّحِيْحَيْنِ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ میرے ایک امتی کو مخلوق کے سامنے پیش کرے گا، اس کے آگے نامہ اعمال کے ۹۹ رجسٹر رکھے جائیں گے (نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کے اشارے سے سمجھاتے ہوئے فرمایا) ہر رجسٹر اتنا بڑا ہوگا، پھر فرمائے گا: کیا تجھے ان میں سے کسی چیز کا انکار ہے؟ کیا میرے کراماً کاتبین نے تجھ پر ظلم تو نہیں کیا؟ وہ جواب دے گا: اے میرے رب نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا (ان سے متعلق) تیرے پاس کوئی عذر ہے؟ وہ جواب دے گا: یا اللہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہمارے پاس تیری ایک نیکی موجود ہے اور آج تجھ پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ ایک پرچہ نکالا جائے گا، جس میں (لکھا ہوگا) اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔ وہ کہے گا: یا اللہ اتنے بھاری رجسٹروں کے مقابلے میں اس پرچے کی کیا حیثیت ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آج تجھ پر ظلم نہیں ہوگا۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا: پھر یہ سارے رجسٹر (میزان کے) ایک پلڑے میں اور وہ ایک پرچہ دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گا تو سارے رجسٹر ہلکے ہو نگے اور وہ ایک پرچہ بھاری ہوگا کیونکہ اللہ کے نام کے مقابلے میں کوئی چیز بھاری نہیں ہوسکتی۔

✣•✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اسے نقل نہیں کیا گیا حالانکہ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح

حدیث 9:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث:2639 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4300 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر'رقم الحديث: 6994 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرسالة' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 225 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 1937 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 4725 اخرجه ابومحمد الكسى فى "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث:339

ہے کیونکہ (انہوں نے اپنی صحیح میں) ابوعبدالرحمٰن الحبلی کی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث نقل کی ہیں (اور اس حدیث کے راوی) عامر بن یحییٰ مصری ہیں، ثقہ ہیں اور لیث بن سعد امام ہیں اور یونس المؤدب ثقہ ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ان کی روایات نقل کی ہیں۔

10۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ قَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: افْتَرَقَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً اَوِ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، وَالنَّصَارٰى مِثْلُ ذٰلِكَ، وَتَفْتَرِقُ اُمَّتِيْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ كَثُرَ فِي الْاُصُوْلِ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَعَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلُهُ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِالْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى وَهُوَ ثِقَةٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہودی ۷۱ فرقوں میں یا (شاید فرمایا) ۷۲ فرقوں میں تقسیم ہو گئے تھے، اسی طرح عیسائی بھی (۷۲ یا ۷۳ فرقوں میں بٹ گئے) اور میری امت ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی۔

✣✣ یہ حدیث کتب اصول میں کثرت سے موجود ہے اور حضرت سعد ابن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اور حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی سے ملتا جلتا فرمان منقول ہے۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن عمرو کی ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایات نقل کی ہیں جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے فضل بن موسیٰ کی روایات نقل کی ہیں اور یہ راوی بھی ثقہ ہیں۔

11۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ

حدیث 10:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4569 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2640 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3991 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3992 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 8377 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 6247 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 441 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 20690 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 5910 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 5978 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 6117

الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَهْدُ الَّذِیْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلٰوةُ، فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ لَا تُعْرَفُ لَهٗ عِلَّةٌ بِوَجْهٍ مِّنَ الْوُجُوْهِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِالْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ وَّلَمْ يُخْرِجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ہمارے اور کفار کے درمیان نماز کا فرق ہے جس نے نماز کو (ہلکا جانتے ہوئے) چھوڑا، اس نے کفر کیا۔

✣✣ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ ہمیں اس میں کسی بھی اعتبار سے علت معلوم نہیں ہو سکی جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اپنی صحیح میں عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کی ان کے والد کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے (اس حدیث کے راوی) حسین بن واقد کی روایات بھی نقل کی ہیں اور دونوں نے (معنوی طور پر اس جیسی حدیثیں اگرچہ نقل کی ہیں لیکن) بعینہ انہی لفظوں کے ہمراہ یہ حدیث نقل نہیں کی۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ شیخین کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

12- أَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ اُنَيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنِ الْجَرِيْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرَوْنَ شَيْئاً مِّنَ الْاَعْمَالِ تَرْكُهٗ كُفْراً غَيْرَ الصَّلَاةِ.

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اصحاب رسول نماز کے علاوہ کسی عمل کے ترک کو کفر نہیں سمجھتے تھے۔

13- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِیُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَصَابَ حَدًّا فَعَجَّلَ اللّٰهُ لَهٗ عُقُوْبَتَهٗ فِی الدُّنْيَا فَاللّٰهُ اَعْدَلُ مِنْ اَنْ يُّثَنِّیَ عَلٰى عَبْدِهِ الْعُقُوْبَةَ فِی الْاٰخِرَةِ، وَمَنْ اَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَفَا عَنْهُ فَاللّٰهُ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّعُوْدَ فِیْ شَیْءٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ

حدیث 11:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 2621 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1079 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22987 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6291 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 462

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِاَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، وَاتَّفَقَا عَلٰى اَبِيْ اِسْحَاقَ، وَاحْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْحَجَّاجِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِيُوْنُسَ بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ

✧✧ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اس کے گناہ کی سزا دنیا میں دیدے تو اس کے عدل سے یہ قوی امید ہے کہ آخرت میں اس کو دوبارہ سزا نہیں دے گا اور جس شخص کے گناہ کی اللہ تعالیٰ نے دنیا میں پردہ پوشی کی اور سزا نہ دی تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ قوی امید ہے کہ جس گناہ کو وہ معاف کر چکا ہے آخرت میں اس کی سزا دوبارہ نہیں دے گا۔

❖❖ اس حدیث کی سند صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے اس حدیث کے راوی ابوجحیفہ کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایات نقل کی ہیں۔ ابواسحاق سے روایت لینے میں بھی دونوں متفق ہیں اور (اس حدیث کے راوی) حجاج بن محمد کی روایات بھی دونوں نے نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے (اس حدیث کے راوی) یونس بن ابواسحاق کی روایات بھی نقل کی ہیں۔

14- اَخْبَرَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، اَنَّهٗ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَائَهٗ رَجُلٌ بِفَرَسٍ لَهٗ يَقُوْدُهٗ عَقُوْقٍ وَّمَعَهَا مُهْرَةٌ لَّهَا يَتْبَعُهَا، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ فَقَالَ: اَنَا نَبِيٌّ، قَالَ: مَا نَبِيٌّ؟ قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ، قَالَ: مَتٰى تَقُوْمُ السَّاعَةُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيْبٌ وَّلَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: اَرِنِيْ سَيْفَكَ، فَاَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفَهٗ، فَهَزَّهُ الرَّجُلُ، ثُمَّ رَدَّهٗ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّكَ لَمْ تَكُنْ تَسْتَطِيْعُ الَّذِيْ اَرَدْتَ،

حدیث 13:

اخرجه ابو عیسٰی الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث:2626 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 2604 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 775 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 1365 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 3664 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 7678 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 8165 ذکره ابوبکر البیہقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 17371 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی دارعمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحدیث: 46 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحدیث:503

حدیث 14:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث:6245

قَالَ . . . .: وَقَدْ كَانَ، قَالَ: اذْهَبْ اِلَيْهِ فَسَلْهُ عَنْ هٰذِهِ الْخِصَالِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلَى الْحُجَّةِ بِاِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ بِعَيْنِهِ فَحَدَّثَ، عَنْ اَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ بِغَيْرِ حَدِيْثٍ

✧✧ ایاس بن سلمہ اپنے والد کا یہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے کہ ایک شخص گھوڑی پر سوار ہو کر آیا (گھوڑی کے ساتھ اس کا ایک بچہ بھی تھا) کہنے لگا: آپ کون ہیں؟ آپ ﷺ نے جواباً فرمایا: میں نبی ہوں۔ اس نے پوچھا: نبی کیا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا رسول۔ اس نے پوچھا: قیامت کب آئیگی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: (قیامت واقع ہونے کا معین وقت) غیب ہے اور غیب اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا۔ اس نے کہا: اپنی تلوار مجھے دیجیے۔ نبی پاک ﷺ نے اپنی تلوار اسے تھما دی (اس نے تلوار پکڑ کر) ہلائی پھر آپ کو واپس دے دی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تو جو کچھ کرنا چاہتا تھا وہ نہیں کر سکا (۔۔۔۔۔۔۔اس مقام پر مستدرک کے نسخہ میں جگہ خالی ہے۔۔۔۔۔۔۔) اس نے کہا: اس کے پاس جاؤ اور ان خصلتوں کے بارے میں اس سے سوال کرو۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا حالانکہ ایاس بن سلمہ کی ان کے والد کے حوالے سے روایت کردہ احادیث دونوں نے نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے تو بعینہ اسی سند کے ہمراہ حدیث نقل کی ہے اور احمد بن یوسف کی اس حدیث کے علاوہ دیگر روایات نقل کی ہیں۔

15- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مِهْرَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عَوْفُ بْنُ اَبِيْ جَمِيْلَةَ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، عَنْ خِلَاسٍ، وَمُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتٰى عَرَّافًا اَوْ كَاهِنًا فَصَدَّقَهُ فِيْمَا يَقُوْلُ، فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

حدیث 15:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 9532 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 16273 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 5408 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 1453 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 1005 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 382 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحديث: 503 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 425 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 1941 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 1950 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 1953

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا مِّنْ حَدِيْثِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَحَدَّثَ الْبُخَارِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ، عَنْ رَّوْحٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ خِلَاسٍ، وَمُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قِصَّةَ مُوْسٰى اَنَّهُ اٰدَرُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص نجومی یا کاہن کے پاس آئے اور ان کی پیشین گوئی کو سچا جانے، اس نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کا انکار کیا۔

✤✤ یہ حدیث (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں کے معیار کے مطابق ابن سیرین کی سند کے لحاظ سے صحیح ہے، لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بالترتیب اسحاق، روح، عوف، خلاس اور محمد کے بعد ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے موسیٰ علیہ السلام کے آدر (آماس خصیہ والا) ہونے کا قصہ بیان کیا ہے۔

16- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ، حَدَّثَنَا حَبِيْبُ بْنُ الشَّهِيْدِ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا هِصَّانُ بْنُ كَاهِلٍ، وَفِيْ حَدِيْثِ ابْنِ اَبِيْ عَدِيٍّ كَاهِنٌ، قَالَ: جَلَسْتُ مَجْلِسًا فِيْهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ وَلَا اَعْرِفُهُ، فَقَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا عَلَى الْاَرْضِ نَفْسٌ تَمُوْتُ لَا تُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا تَشْهَدُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، يَرْجِعُ ذٰلِكَ اِلٰى قَلْبِ مُوْقِنٍ اِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ، قَالَ: فَقُلْتُ: اَاَنْتَ سَمِعْتَ مِنْ مُّعَاذٍ؟ فَعَنَّفَنِيَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: دَعُوْهُ فَاِنَّهُ لَمْ يُسِءِ الْقَوْلَ، نَعَمْ، اَنَا سَمِعْتُهُ مِنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَزَعَمَ مُعَاذٌ اَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّقَدْ تَدَاوَلَهُ الثِّقَاتُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ جَمِيْعًا بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّهُمَا اَهْمَلَاهُ لِهِصَّانَ بْنِ كَاهِلٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ كَاهِنٍ، فَاِنَّ الْمَعْرُوْفَ بِالرِّوَايَةِ عَنْهُ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ الْعَدَوِيُّ فَقَطْ وَقَدْ ذَكَرَ ابْنُ اَبِيْ حَاتِمٍ، اَنَّهُ رَوٰى عَنْهُ قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ اَيْضًا، وَقَدْ اَخْرَجَا جَمِيْعًا عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الثِّقَاتِ لَا رَاوِيَ

حدیث 16:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:22053 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 203 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 10977 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 219 اخرجه ابوعيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2027 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 2366 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 170 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 2949 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 30428

لَهُمْ اِلَّا وَاحِدٌ، فَيَلْزَمُهُمَا بِذٰلِكَ اِخْرَاجُ مِثْلِهٖ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ حصان بن کاہل بیان کرتے ہیں: میں ایک ایسی محفل میں گیا جس میں حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ بھی موجود تھے لیکن میں انہیں پہچانتا نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث شریف سنائی ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مرتے وقت مشرک نہ ہو اور سچے دل سے میرے رسول اللہ ہونے کی گواہی دیتا ہو، اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا (حصان بن کاہل کہتے ہیں: میں نے عبدالرحمٰن بن سمرہ سے) کہا: کیا آپ نے یہ حدیث حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ (میرے یہ کہنے پر) سارے لوگ میرے اوپر پل پڑے۔ اس پر عبدالرحمٰن نے لوگوں کو سمجھایا کہ اس کو چھوڑ دو کیونکہ اس نے کوئی بری بات نہیں کی (حصان کہتے ہیں: پھر عبدالرحمٰن نے میری طرف متوجہ ہو کر) کہا: جی ہاں! میں نے یہ حدیث حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے سنی ہے اور معاذ کا یہ خیال تھا کہ انہوں نے یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور ثقہ راوی اسے عموماً روایت کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ میں سے) کسی نے بھی اسے ان لفظوں کے ساتھ نقل نہیں کیا۔ حقیقت حال تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اس حدیث کو حصان بن کاہل کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے (حصان بن کاہل کو حصان بن کاہن بھی کہا جاتا ہے) (ان کی روایت چھوڑنے کی وجہ شاید یہ ہے کہ) ان کے مشہور شاگرد صرف حمید بن ہلال العدوی ہی ہیں جبکہ ابن ابی حاتم نے لکھا ہے کہ ان سے قرہ بن خالد نے بھی روایت لی ہے (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے ایسے کتنے ہی ثقہ راویوں کی حدیثیں نقل کی ہیں جن سے روایت لینے والوں کی تعداد ایک سے زیادہ نہیں۔ اسی طرح ان کو حصان بن کاہل کی روایت بھی نقل کرنی چاہئے تھی۔

17۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ دَاوُدَ الْمُنَادِيْ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَيَاءُ وَالْعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِيْمَانِ، وَالْبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهٖ عَنْ اٰخِرِهِمْ

✧✧ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حیا اور خاموشی ایمان کی دو شاخیں ہیں۔ بے حیائی اور یاوہ گوئی نفاق کی دو شاخیں ہیں۔

❖❖ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن صحیحین میں اس کو نقل نہیں کیا گیا۔ حالانکہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ) دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔

18۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ ابْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اُمَامَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْبَذَاذَةُ مِنَ الْاِيْمَانِ، اَلْبَذَاذَةُ مِنَ الْاِيْمَانِ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِصَالِحِ بْنِ اَبِيْ صَالِحِ السَّمَّانِ

✧✧ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرے ہیں "شکستہ حالی کا تعلق ایمان سے ہے"۔

❖❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے (اس حدیث کے راوی) صالح بن ابوصالح السمان کی روایات نقل کی ہیں۔

19۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي يَحْيٰى سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ حِجَّةِ الْوَدَاعِ: اعْبُدُوا رَبَّكُمْ، وَصَلُّوا خَمْسَكُمْ، وَصُومُوا شَهْرَكُمْ، وَاَدُّوا زَكٰوةَ اَمْوَالِكُمْ، وَاَطِيعُوا ذَا اَمْرِكُمْ تَدْخُلُوا جَنَّةَ رَبِّكُمْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَا نَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ بِاَحَادِيثِ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ وَّسَائِرُ رُوَاتِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِمْ

✧✧ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع کے دن یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: (اے لوگو) اپنے رب کی عبادت کرو، پنجگانہ نماز ادا کرو، ماہ رمضان کے روزے رکھو، اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرو اور اپنے امیر کی اطاعت کرو (اس طرح کرنے سے) تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور اس میں کوئی علت نہیں۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو نقل نہیں کیا حالانکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سلیم بن عامر کی احادیث نقل کی ہیں اور اس حدیث کے تمام راوی متفق علیہم ہیں۔

20۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا

حدیث 18:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4161 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 4118 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 790 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 791 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه' مكتبه المتنبي' بيروت' قاهره' رقم الحديث: 357 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحديث: 157 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث: 568

حدیث 19:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 22215 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 1741 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 7617 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحديث: 543

شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَمَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ صَفْوَانِ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، قَالَ: قَالَ يَهُودِيٌّ لِصَاحِبِهِ: اذْهَبْ بِنَا اِلٰى هٰذَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَسْاَلُهُ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ (وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسٰى تِسْعَ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ)، فَقَالَ: لَا تَقُولُوا لَهُ نَبِيٌّ، فَاِنَّهُ لَوْ سَمِعَكَ لَصَارَتْ لَهُ اَرْبَعَةُ اَعْيُنٍ، قَالَ: فَسَاَلَاهُ، فَقَالَ: لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا تَسْرِقُوا، وَلَا تَزْنُوا، وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ، وَلَا تَسْحَرُوا، وَلَا تَاْكُلُوا الرِّبَا، وَلَا تَمْشُوا بِبَرِيءٍ اِلٰى ذِي سُلْطَانٍ لِيَقْتُلَهُ، وَلَا تَقْذِفُوا مُحْصَنَةً، وَاَنْتُمْ يَا يَهُودُ عَلَيْكُمْ خَاصَّةً اَلَا تَعْدُوا فِي السَّبْتِ فَقَبَّلَا يَدَهُ وَرِجْلَهُ، وَقَالَا: نَشْهَدُ اَنَّكَ نَبِيٌّ، فَقَالَ: مَا مَنَعَكُمَا اَنْ تُسْلِمَا؟ قَالَا: اِنَّ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ دَعَا اَنْ لَّا يَزَالَ مِنْ ذُرِّيَّتِهِ نَبِيٌّ، وَاِنَّا نَخْشٰى اَنْ يَّقْتُلَنَا يَهُودُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ لَّا نَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً بِوَجْهٍ مِّنَ الْوُجُوهِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَا ذَكَرَ صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ حَدِيثًا وَاحِدًا سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوبَ الْحَافِظَ، وَيَسْاَلُهُ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: لِمَ تَرَكَا حَدِيثَ صَفْوَانِ بْنِ عَسَّالٍ اَصْلًا؟ فَقَالَ: لِفَسَادِ الطَّرِيقِ اِلَيْهِ قَالَ الْحَاكِمُ: اِنَّمَا اَرَادَ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ بِهٰذَا حَدِيثَ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ فَاِنَّهُمَا تَرَكَا عَاصِمَ بْنَ بَهْدَلَةَ، فَاَمَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ وَيُقَالُ: الْهَمْدَانِيُّ وَكُنْيَتُهُ اَبُو الْعَالِيَةِ، فَاِنَّهُ مِنْ كِبَارِ اَصْحَابِ عَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ، وَقَدْ رَوٰى عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَغَيْرِهِمَا مِنَ الصَّحَابَةِ، وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ اَبُو الزُّبَيْرِ الْمَكِّيُّ وَجَمَاعَةٌ مِّنَ التَّابِعِينَ

✧✧ حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی نے اپنے ساتھی سے کہا: میرے ساتھ اس نبی کے پاس چلو، ہم اس آیت وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسٰى تِسْعَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ''اور بیشک ہم نے موسیٰ کو ۹ روشن نشانیاں دیں'' کے متعلق سوالات کرتے ہیں۔ اس یہودی نے کہا: اس کو ''نبی'' نہ کہو کہ اگر اس نے تیری یہ بات سن لی تو اس کی آنکھیں چار ہو جائیں گی۔

حدیث 20:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2733 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3144 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 4078 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 18117 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم حديث: 18121 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم حديث: 3541 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم حديث: 8656 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم حديث: 16450 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم حديث: 7396 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1164

(صفوان کہتے ہیں) ان دونوں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کے بارے میں پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً فرمایا: وہ ۹ نشانیاں یہ ہیں (۱) شرک نہ کرو (۲) چوری نہ کرو (۳) زنا نہ کرو (۴) ناحق قتل نہ کرو (۵) جادو نہ کرو (۶) سود نہ کھاؤ (۷) کسی بے گناہ کو مروانے کے لئے بادشاہ کے پاس اس کی شکایت نہ کرو (۸) کسی پاک دامن عورت پر تہمت نہ لگاؤ (۹) (اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا): اے یہودیو! (یہ نواں حکم) خاص طور پر تمہارے لئے ہے کہ ہفتے کے دن کے معاملہ میں حد سے تجاوز نہ کرو (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آیت سے متعلق اس قدر واضح تشریح سن کر) انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دیا اور کہنے لگے: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نبی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: تو پھر تم اسلام قبول کیوں نہیں کر لیتے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت داؤد علیہ السلام نے یہ دعا کی تھی کہ (یا اللہ) نبی ہمیشہ میری اولاد میں بھیجنا اور ہمیں یہ ڈر ہے کہ (اگر ہم مسلمان ہو گئے تو) یہودی ہمیں مار ڈالیں گے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور اس میں کوئی علت نہیں ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا بلکہ انہوں نے تو صفوان بن عسال کا کسی حیثیت سے ذکر تک نہیں کیا۔ محمد بن عبداللہ نے ابوعبداللہ محمد بن یعقوب الحافظ سے پوچھا کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے صفوان بن عسال کی روایت نقل نہ کرنے کی وجہ کیا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: ان تک سلسلہ سند ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے۔

21- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوْلَانِيُّ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، وَحَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ، وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ، وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ، قَالُوا: وَمَا ذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: جَارٌ لَّا يَاْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ، قَالُوا: وَمَا بَوَائِقُهُ؟ قَالَ: شَرُّهُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا، اِنَّمَا اَخْرَجَا حَدِيثَ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَّا يَاْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم مومن نہیں ہے، خدا کی قسم مومن

حدیث 21:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامه' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء' رقم الحدیث: رقم الحدیث: 5670 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 46 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 7865 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 8413 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 8842 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 16419 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 27206 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحدیث: 7299 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 487

نہیں ہے، خدا کی قسم مومن نہیں ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یا رسول اللہ کون؟ فرمایا: وہ شخص جس کا پڑوسی اس کے "بوائق" سے محفوظ نہ ہو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: (یارسول اللہ) بوائق کا کیا مطلب ہے؟ فرمایا: شر۔

❖❖ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اسے اس طریق سے نقل نہیں کیا بلکہ انہوں نے یہ حدیث ابوالزناد اعرج کے ذریعے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کی ہے (وہ حدیث شریف یہ ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا جس کے اعمال کی وجہ سے اس کے پڑوسی تکلیف میں ہوں۔

22- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهَانِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بِنِ حَكِيْمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُؤْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰى دِمَائِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى اِخْرَاجِ طَرَفِ حَدِيْثِ الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهِ وَيَدِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذِهِ الزِّيَادَةَ وَهِيَ صَحِيْحَةٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ زِيَادَةٌ اُخْرٰى عَلٰى شَرْطِهِ مِمَّا لَمْ يُخَرِّجَاهَا

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمانوں کو تکلیف نہ پہنچے اور کامل مومن وہ ہے جو لوگوں کی جان اور مال کو نقصان نہ پہنچائے۔

❖❖ اس حدیث کا ایک حصہ "اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهِ وَيَدِهِ" امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے نقل کیا ہے لیکن دوسرا حصہ چھوڑ دیا حالانکہ یہ حصہ بھی امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔
درج ذیل حدیث میں ایک اور اضافہ بھی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما میں سے کسی

حدیث 22:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2627 اخرجه ابوعبدالرحمن نسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 4995 اخرجه ابوعبدالله شیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 8918 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 24004 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم حدیث: 24013 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 180 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 4862 اخرجه ابوعبدالله نیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 22 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 796 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 232 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 11726 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 336

نے بھی اسے نقل نہیں کیا۔

23۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، اَنْبَانَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِیْ اَبُو الزُّبَيْرِ، سَمِعَ جَابِرًا، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهِ وَيَدِهِ وَزِيَادَةٌ اُخْرٰى صَحِيْحَةٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهَا

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کامل مومن وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمانوں کو تکلیف نہ پہنچے۔

❖ درج ذیل حدیث میں حدیث کے ساتھ کچھ اضافہ بھی ہے جو کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق ہے لیکن دونوں میں سے کسی نے بھی اسے نقل نہیں کیا۔

24۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِیْ اَبُوْ هَانِءٍ الْخَوْلَانِیُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ اللَّيْثِیِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حِجَّةِ الْوَدَاعِ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالْمُؤْمِنِ؟ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ، وَالْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ فِیْ طَاعَةٍ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ الْخَطَايَا وَالذُّنُوبَ وَزِيَادَةٌ اُخْرٰى عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهَا

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: کیا میں تمہیں مومن کے بارے میں بتاؤں (کامل مومن وہ ہے) جس سے لوگوں کے جان و مال محفوظ ہوں (کامل) مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان کو تکلیف نہ پہنچے اور مجاہد وہ ہے جو اللہ کی اطاعت میں اپنے نفس کے ساتھ جہاد کرے اور مہاجر وہ ہے جو گناہوں اور برائیوں کو چھوڑ دے۔

❖ درج ذیل حدیث میں کچھ اضافہ ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما میں سے کسی نے بھی اسے نقل نہیں کیا۔

25۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِیُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى الْاَشْيَبُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ، وَالْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ السُّوْءَ، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَبْدٌ لَّا يَاْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ وَزِيَادَةٌ اُخْرٰى صَحِيْحَةٌ سَلِيْمَةٌ مِّنْ رِّوَايَةِ الْمَجْرُوْحِيْنَ فِیْ مَتْنِ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهَا

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (حقیقی) مومن وہ ہے جو لوگوں کے لئے ضرر رساں نہ ہو اور مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمانوں کو تکلیف نہ پہنچے اور مہاجر وہ ہے جو گناہوں کو چھوڑ دے اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو سکتا جس کی شرارتوں سے اس کے ہمسائے

ضعیف میں ہوں۔

✣ درج ذیل حدیث میں کچھ مزید اضافہ ہے جو مذکورہ حدیث کا متن روایت کرنے کے سلسلے میں مجروح راویوں کی روایت سے محفوظ ہے اور صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے بھی نقل نہیں کیا۔

26- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عُمَرَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ، وَاَثْنٰى عَلَيْهِ خَيْرًا، عَنْ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ، فَاِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ، وَاِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِالشُّحِّ، اَمَرَهُمْ بِالْقَطِيْعَةِ فَقَطَعُوْا، وَبِالْبُخْلِ فَبَخِلُوْا، وَبِالْفُجُوْرِ فَفَجَرُوْا فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ: اَنْ يَّسْلَمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِكَ وَيَدِكَ، فَقَالَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ اَوْ غَيْرُهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ ؟ قَالَ: اَنْ تَهْجُرَ مَا كَرِهَ رَبُّكَ، قَالَ: وَالْهِجْرَةُ هِجْرَتَانِ: هِجْرَةُ الْحَاضِرِ، وَهِجْرَةُ الْبَادِيْ، فَهِجْرَةُ الْبَادِيْ: اَنْ يُّجِيْبَ اِذَا دُعِيَ، وَيُطِيْعَ اِذَا اُمِرَ، وَهِجْرَةُ الْحَاضِرِ اَعْظَمُهُمَا بَلِيَّةً وَّاَفْضَلُهُمَا اَجْرًا قَدْ خَرَّجَا جَمِيْعًا حَدِيْثَ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو مُخْتَصَرًا وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ النَّجْرَانِيِّ، فَاَمَّا اَبُوْ

كَثِيْرٍ زُهَيْرُ بْنُ الْاَقْمَرِ الزُّبَيْدِيُّ، فَاِنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا وَعَبْدَ اللّٰهِ فَمَنْ بَعْدَهُمَا مِنَ الصَّحَابَةِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ بِعَيْنِهِ عِنْدَ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ظلم سے بچو کیونکہ قیامت کے روز ظلم تاریکیوں کا باعث ہوگا اور بے حیائی سے بچو، لالچ اور بخل سے بچو کیونکہ تم سے پہلی قومیں بخل اور لالچ کی وجہ سے ہلاک ہوئیں، انہیں قطع تعلقی سے بچنے کا حکم دیا گیا لیکن وہ قطع تعلقی کرتے رہے، انہیں بخل سے بچنے کا حکم دیا گیا لیکن وہ بخل کرتے رہے، انہیں گناہوں سے بچنے کا حکم دیا گیا لیکن وہ گناہ کرتے رہے۔ ایک شخص کھڑا ہوا کہنے لگا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون

حدیث: 26

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 6487 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 6837 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 5176 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 11583 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2272 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه' بيروت' لبنان' 1409ھ/ 1989ء رقم الحديث: 487

سا عمل اسلام میں سب سے اچھا ہے؟ آپ ﷺ نے جواباً ارشادفرمایا: (اسلام کا سب سے اچھا عمل یہ ہے کہ) مسلمانوں کو تیری زبان اور ہاتھ سے کوئی تکلیف نہ پہنچے (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) اسی شخص نے یا (شاید) کسی دوسرے شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ سب سے اچھی ہجرت کیا ہے؟ آپ ﷺ نے جواب دیا: (سب سے بہترین ہجرت یہ ہے کہ) تم ان چیزوں کو چھوڑ دو جو تمہارے رب کو ناپسند ہیں (پھر) آپ ﷺ نے فرمایا: ہجرتیں دو ہیں۔ (۱) شہری کی ہجرت (۲) دیہاتی کی ہجرت۔ دیہاتی کی ہجرت یہ ہے کہ جب اسے بلایا جائے تو وہ آجائے اور جو حکم دیا جائے اس پر وہ عمل کرے اور شہری کی ہجرت میں آزمائش بھی زیادہ ہے اور اس کا اجر بھی زیادہ ہے۔

✥ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے شعبی کی حدیث عبداللہ بن عمرو کے حوالے سے اختصار کے ساتھ نقل کی ہیں لیکن یہ حدیث نقل نہیں کی حالانکہ شیخین (مذکورہ حدیث کے راوی) عمرو بن مرہ اور عبداللہ بن حارث نجرانی کی روایت نقل کرنے میں متفق ہیں (اور اس حدیث کے راوی) ابوفشیر زہیر بن اقمر الزبیدی نے حضرت علی علیہ السلام رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ سے حدیث کا سماع کیا ہے جبکہ بعینہ یہی حدیث اعمش نے عمرو بن مرہ کے حوالے سے روایت کی ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

27۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ الْاَقْمَرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِتَّقُوا الظُّلْمَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ وَلِهٰذِهِ الزِّيَادَاتِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ مِّنْ رِوَايَةِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ظلم سے بچو (پھر اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی)

✥ حدیث کے اندر یہ اضافہ جات جو ہم نے عبداللہ بن عمرو کے حوالے سے ذکر کئے ہیں یہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہیں۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث کی شاہد ہے۔

28۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَنْطَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ وَاللَّفْظُ لَهٗ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِيَّاكُمْ وَالْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ، فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ، وَاِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ فَاِنَّهٗ هُوَ الظُّلُمَاتُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ فَاِنَّهٗ دَعَا مَنْ قَبْلَكُمْ فَسَفَكُوْا دِمَائَهُمْ، وَدَعَا مَنْ قَبْلَكُمْ فَقَطَعُوْا اَرْحَامَهُمْ، وَدَعَا مَنْ قَبْلَكُمْ فَاسْتَحَلُّوْا حُرُمَاتِهِمْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: فحاشی اور بے حیائی سے بچو کیونکہ اللہ تعالیٰ بے

حیا کو پسند نہیں کرتا اور ظلم سے بچو کیونکہ قیامت کے روز یہ تاریکی (کا باعث) ہوگا اور بخل اور حرص سے بچو، اس لئے کہ تم سے پہلی قوموں کو ان باتوں کی تبلیغ کی گئی لیکن انہوں نے قتل وغارت گری کی، انہیں صلہ رحمی کی تبلیغ کی گئی لیکن انہوں نے قطع رحمی سے کام لیا، انہیں حرام سے بچنے کی تبلیغ کی گئی لیکن انہوں نے حرام کو حلال ٹھہرالیا۔

29۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اَيُّوْبَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ، وَلَا اللَّعَّانِ، وَلَا الْفَاحِشِ، وَلَا الْبَذِءِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا بِهٰؤُلَاءِ الرُّوَاةِ عَنْ اٰخِرِهِمْ، ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَكْثَرُ مَا يُمْكِنُ اَنْ يُقَالَ فِيْهِ: اِنَّهٗ لَا يُوْجَدُ عِنْدَ اَصْحَابِ الْاَعْمَشِ وَاِسْرَائِيْلَ بْنِ يُوْنُسَ السَّبِيْعِيِّ كَبِيْرِهِمْ وَسَيِّدِهِمْ، وَقَدْ شَارَكَ الْاَعْمَشُ فِيْ جَمَاعَةٍ مِّنْ شُيُوْخِهٖ، فَلَا يُنْكَرُ لَهُ التَّفَرُّدُ عَنْهُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ وَلِلْحَدِيْثِ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن "لعن طعن کرنے والا" نہیں ہوتا نہ "فحاش" ہوتا ہے اور نہ ہی بے حیا۔

✣✣ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے کیونکہ دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی دیگر روایات نقل کی ہیں لیکن اسے چھوڑ دیا۔ اس سلسلہ میں زیادہ سے زیادہ یہی کہا جاسکتا ہے کہ اعمش اور اسرائیل بن یونس السبیعی کے اصحاب میں

حدیث 29:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1977 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 3839 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 3948 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 192 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 30 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 31 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 20583 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 5088 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 5369 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 5379 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 1814 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 10483 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 312 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 332 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 30338

کوئی بڑا امام فی الحدیث نہیں ہے (تو کیا ہوا) اعمش بذات خود روایت کے سلسلہ میں اپنے اساتذہ کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ اس لئے اگر اس حدیث میں وہ اکیلے رہ گئے ہیں تو کوئی حرج نہیں۔ اس حدیث کی ایک دوسری شاہد حدیث بھی ہے جو کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق ہے (وہ حدیث مندرجہ ذیل ہے)

30۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو الْفُقَيْمِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ، وَلَا اللَّعَّانِ، وَلَا الْفَاحِشِ، وَلَا الْبَذِءِ وَلِلْحَدِيْثِ شَاهِدٌ ثَانٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ لَا بُدَّ مِنْ ذِكْرِهٖ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ اِسْنَادُهٗ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن لعن طعن کرنے والا، فحاش اور بے حیا نہیں ہوتا۔

✣✣ اس حدیث کی درج ذیل حدیث بھی شاہد ہے جو کہ ابراہیم نخعی سے منقول ہے۔ اس کی سند اگرچہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر صحیح نہیں ہے لیکن اس کے باوجود اس مقام پر میں اس کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں (وہ حدیث درج ذیل ہے)

31۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحُسَيْنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَاتِى بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَاكِمِ الْحِيَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبَانَ، حَدَّثَنَا صَبَاحُ بْنُ يَحْيٰى، عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ لَيْسَ بِالطَّعَّانِ، وَلَا الْفَاحِشِ، وَلَا الْبَذِءِ

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى وَاِنْ كَانَ يُنْسَبُ اِلٰى سُوْءِ الْحِفْظِ، فَاِنَّهٗ اَحَدُ فُقَهَاءِ الْاِسْلَامِ وَفُضَلَتِهِمْ، وَمِنْ اَكَابِرِ اَوْلَادِ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ مِنَ الْاَنْصَارِ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن لعن طعن کرنے والا، فحاش اور بے حیا نہیں ہوتا۔

✣✣ (اس حدیث کے ایک راوی) محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کے متعلق اگرچہ حافظہ مضبوط نہ ہونے کی باتیں کی گئی ہیں لیکن (یہ بھی تو دیکھو کہ) یہ اسلام کے معتبر فقہاء میں سے ہیں۔ جید صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اولاد اور تابعین میں سے ہیں۔ مزید یہ کہ "انصاری" ہیں۔

32۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ السِّجْزِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ الصَّايِغُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَكَرِهَهَا حِيْنَ

حدیث 32:

اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 19583 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 177

يَعْمَلُ، وَعَمِلَ حَسَنَةً فَسُرَّ بِهَا فَهُوَ مُؤْمِنٌ قَدِ احْتَجَّا بِرُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اٰخِرِهِمْ وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَا اِنَّمَا خَرَّجَا فِيْ خُطْبَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَائَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ وَّلَهُ شَاهِدٌ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوشخص گناہ کر بیٹھے اور گناہ کرتے ہوئے اس کو ناپسند کرتا ہو اور نیک عمل کرے اور یہ عمل کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہا ہو وہ مومن ہے۔

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس حدیث کے از اول تا آخر تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث ان دونوں کے معیار کے مطابق صحیح بھی ہے لیکن اس کے باوجود دونوں میں سے کسی نے بھی اسے نقل نہیں کیا۔ ہاں انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے خطبہ کے ضمن میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔" وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَائَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ" اور درج ذیل الفاظ کے ہمراہ اس کی شاہد حدیث موجود ہے (حدیث یہ ہے)

33۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ جَدِّهٖ مَمْطُوْرٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، اَنّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَهٗ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْاِيْمَانُ ؟ قَالَ: اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَائَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَاَنْتَ مُؤْمِنٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا الْاِثْمُ ؟ قَالَ: اِذَا حَاكَ فِيْ صَدْرِكَ شَيْءٌ فَدَعْهُ

وَهٰكَذَا رَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ .

اَمَّا حَدِيْثُ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ

✧✧ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایمان کیا ہے؟ آپ نے جواباً ارشاد فرمایا: جب تجھے نیکی پر خوشی ہو اور گناہ برا لگے تو تو مومن ہے۔ اس نے دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گناہ کیا ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز تیرے دل میں کھٹکے (وہ گناہ ہے) اسے چھوڑ دے۔

حدیث 33:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:22253 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 176 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث:34 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 7047 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:7540 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث:233 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث:11 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:2220

✧✧ یونہی علی بن مبارک اور معمر بن راشد نے بھی یحییٰ بن کثیر کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے۔
علی بن مبارک کی حدیث درج ذیل ہے۔

34۔ فَحَدَّثَنَاهُ مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ جَدِّهِ اَبِيْ سَلَامٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ، يَقُوْلُ: سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا الْاِيْمَانُ ؟ قَالَ: اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَائَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَاِنَّكَ مُؤْمِنٌ

✧✧ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کے بارے میں دریافت کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جب تجھے اپنی نیکیاں اچھی لگیں اور گناہوں سے نفرت ہو (تو سمجھ لینا) کہ تو مومن ہے۔

معمر کی روایت یہ ہے۔

35۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَامٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ: مَا الْاِيْمَانُ ؟ فَقَالَ: مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ، وَسَائَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ كُلُّهَا صَحِيْحَةٌ مُتَّصِلَةٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

✧✧ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اپنی نیکیاں اچھی لگیں اور گناہ برے لگیں وہ مومن ہے۔

✧✧ مذکورہ بالا تمام احادیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کی شرائط کے مطابق صحیح ہیں، متصل ہیں۔

36۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيَّ، يَقُوْلُ: نَزَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلًا فَاسْتَيْقَظْتُ مِنَ اللَّيْلِ، فَاِذَا لَا اَرٰى فِي الْعَسْكَرِ شَيْئًا اَطْوَلَ مِنْ مُؤْخِرَةِ رَحْلِيْ، لَقَدْ لَصِقَ كُلُّ اِنْسَانٍ وَبَعِيْرُهُ بِالْاَرْضِ، فَقُمْتُ اَتَخَلَّلُ النَّاسَ حَتّٰى دَفَعْتُ اِلٰى مَضْجَعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا لَيْسَ فِيْهِ، فَوَضَعْتُ يَدِيْ عَلَى الْفِرَاشِ، فَاِذَا هُوَ بَارِدٌ فَخَرَجْتُ اَتَخَلَّلُ النَّاسَ اَقُوْلُ: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ذُهِبَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى خَرَجْتُ مِنَ الْعَسْكَرِ كُلِّهِ، فَنَظَرْتُ سَوَادًا فَرَمَيْتُ بِحَجَرٍ، فَمَضَيْتُ اِلَى السَّوَادِ، فَاِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَاِذَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا صَوْتٌ كَدَوِيِّ

حدیث 36:

اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحديث: 221 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 126 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحديث: 575

الرَّحَا، اَوْ كَصَوْتِ الْهَضْبَاءِ حِيْنَ يُصِيبُهَا الرِّيْحُ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: يَا قَوْمِ اثْبُتُوا حَتّٰى تُصْبِحُوا اَوْ يَاْتِيَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلَبِثْنَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نَادٰى اَثَمَّ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَاَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَعَوْفُ بْنُ مَالِكٍ؟ فَقُلْنَا: اِیْ نَعَمْ، فَاَقْبَلَ اِلَيْنَا فَخَرَجْنَا نَمْشِي مَعَهُ لَا نَسْاَلُهُ عَنْ شَيْءٍ وَّلَا نُخْبِرُهُ بِشَيْءٍ فَقَعَدَ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَقَالَ: اَتَدْرُوْنَ مَا خَيَّرَنِيْ بِهِ رَبِّيَ اللَّيْلَةَ؟ فَقُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: فَاِنَّهُ خَيَّرَنِيْ بَيْنَ اَنْ يُدْخِلَ نِصْفَ اُمَّتِي الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنَا مِنْ اَهْلِهَا، قَالَ: هِيَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَرُوَاتُهُ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ، وَلَيْسَ فِيْ سَائِرِ اَخْبَارِ الشَّفَاعَةِ وَهِيَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک مقام پر پڑاؤ ڈالا۔ میں رات کے وقت جاگ رہا تھا (میں نے اپنے چاروں طرف دیکھا) سب انسان اور جانور سو رہے تھے، پورے لشکر میں میرا کجاوا ہی سب سے اونچا نظر آ رہا تھا، میں اپنی جگہ سے اٹھا اور لوگوں کے درمیان سے گزرتا ہوا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب گاہ کے قریب چلا گیا (میں یہ دیکھ کر بہت پریشان ہوا کہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خیمے میں موجود نہیں تھے، میں نے زمین پر ہاتھ لگا کر دیکھا تو وہ بھی ٹھنڈی تھی (جس سے مجھے اندازہ ہو گیا کہ آپ کافی دیر سے یہاں پر نہیں ہیں) میں وہاں سے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْن پڑھتے ہوئے نکلا اور یہ سوچ رہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں تشریف لے گئے، لوگوں کے درمیان آپ کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے میں لشکر سے باہر جا نکلا، میں نے دور ایک سایہ سا دیکھا (یہ دیکھنے کے لئے کہ یہ کیا چیز ہے) اس کی طرف ایک پتھر پھینکا (مجھے اندازہ ہو گیا کہ کوئی خطرے کی بات نہیں ہے، اس لئے) میں اس سائے کے پاس چلا گیا۔ جب دیکھا تو وہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ تھے۔ وہاں ہمیں ایسی آواز سنائی دی گویا کہ چکی چل رہی ہو (جس سے ہم سمجھ گئے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم یہیں پر ہیں اور وحی نازل ہو رہی ہے) ہم نے ایک دوسرے سے کہا: اگر ابھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آ جائیں تو ٹھیک ہے ورنہ صبح ہونے تک ہمیں یہیں رکنا چاہئے۔ کافی دیر ہم وہاں کھڑے رہے پھر ہمیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دی: کیا یہاں معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ، ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ اور عوف بن مالک رضی اللہ عنہ ہیں؟ ہم نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ تب آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف تشریف لائے اور ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہو لئے، ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی قسم کی کوئی بات نہیں کی (بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خیمے تک ہم خاموشی کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ چلتے رہے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم خیمے میں تشریف لے آئے تو) آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بستر پر بیٹھے اور فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ آج کی رات اللہ تعالیٰ نے مجھے کیا اختیار دیا؟ ہم نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے ''آدھی امت جنت میں لے جانے'' یا ''شفاعت'' میں سے کوئی ایک چیز چن لینے کا اختیار دیا تو میں نے ''شفاعت'' کو چن لیا۔ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جن لوگوں کی آپ شفاعت کریں گے، دعا فرمائیے کہ ہم بھی ان میں سے ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری شفاعت ہر مسلمان کے لئے ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن صحیحین میں اسے نقل نہیں کیا گیا جبکہ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما کی مقرر کردہ شرائط بھی ان میں موجود ہیں اور اس روایت میں کوئی نقص بھی نہیں۔ البتہ شفاعت کی دیگر احادیث میں "وَھِیَ لِکُلِّ مُسْلِمٍ" کے الفاظ نہیں ہیں۔

37۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِيحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَا قَاتَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا حَتّٰى دَعَاهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِیِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَبِیْ نَجِيحٍ وَّالِدِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاسْمُهُ يَسَارٌ، وَهُوَ مِنْ مَّوَالِی الْمَكِّيِّيْنَ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَاتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلٰی اِخْرَاجِ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، كَتَبْتُ اِلٰی نَافِعٍ مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَسْاَلُهُ عَنِ الْقِتَالِ قَبْلَ الدُّعَاءِ فَكَتَبَ اِلَیَّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَغَارَ عَلٰی بَنِی الْمُصْطَلِقِ الْحَدِيْثَ، وَفِيْهِ وَكَانَ الدَّعْوَةُ قَبْلَ الْقِتَالِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت اسلام دیئے بغیر کبھی بھی جہاد شروع نہیں کیا۔

❖❖ یہ حدیث امام ثوری کی روایت کردہ سند کے ہمراہ "صحیح" ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔ حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ کے والد ابونجیح کی روایات نقل کی ہیں۔ ابونجیح کا نام "یسار" ہے اور یہ اہل مکہ کے موالی میں سے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بھی انہی لفظوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عبداللہ بن عون کا یہ بیان نقل کیا ہے (عبداللہ بن عون فرماتے ہیں) میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے غلام "نافع" کی طرف ایک خط لکھا، جس میں دعوتِ اسلام پیش کئے بغیر قتال شروع کرنے سے متعلق پوچھا تھا، انہوں نے جوابی مکتوب میں بنی مصطلق پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

حدیث 37:

اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دار الکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحدیث: 2444 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 2053 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 2105 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث: 2494 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحدیث: 2591 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 11269 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 11270 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 11271 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحدیث: 697

حملہ کرنے کا پورا واقعہ لکھ بھیجا، جس میں یہ بھی تھا کہ جہاد شروع کرنے سے پہلے انہیں اسلام کی دعوت پیش کی گئی تھی۔

38۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ السِّيرَافِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي الْحُسَامِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ رَبِيعَةَ بْنَ عَبَّادٍ الدُّؤَلِيَّ، يَقُولُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى فِي مَنَازِلِهِمْ قَبْلَ أَنْ يُهَاجِرَ إِلَى الْمَدِينَةِ، يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، قَالَ: وَوَرَائَهُ رَجُلٌ، يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ هٰذَا يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَتْرُكُوا دِينَ آبَائِكُمْ، فَسَأَلْتُ مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ؟ قِيلَ: أَبُو لَهَبٍ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَرُوَاتُهُ عَنْ آخِرِهِمْ ثِقَاتٌ أَثْبَاتٌ، وَلَعَلَّهُمَا أَوْ وَاحِدًا مِنْهُمَا يُوهِمُ أَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ عَبَّادٍ لَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ أَبُو الزِّنَادِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ذَكْوَانَ هٰذَا الْحَدِيثَ بِعَيْنِهِ

✧✧ حضرت ربیعہ بن عباد الدولی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ہجرتِ مدینہ سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو منیٰ کے مقام پر یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: اے لوگو! اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ صرف اسی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ (ربیعہ بن عباد کہتے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ایک آدمی کھڑا کہہ رہا تھا: یہ شخص تمہیں، تمہارے آباء واجداد کے دین سے دور کرنے کا حکم دے رہا ہے۔ میں نے (قریب کھڑے ہوئے ایک شخص سے) پوچھا: یہ کون ہے؟ تو مجھے بتایا گیا کہ یہ ''ابولہب'' ہے۔

✣✣ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور اس کے از اول تا آخر تمام راوی ثقہ اور قابل اعتماد ہیں۔ شاید شیخین علیہما الرحمہ کو یا ان میں سے کسی ایک کو یہ غلط فہمی ہوئی ہو کہ ربیعہ بن عباد سے یہ حدیث صرف محمد بن المنکدر نے ہی روایت کی ہے۔ (جس کی وجہ سے انہوں نے اس روایت کو نقل کرنے سے گریز کیا ہے) حالانکہ (یہ بات صحیح نہیں ہے بلکہ) ربیعہ سے ''ابوالزناد عبداللہ بن ذکوان'' نے بھی بعینہ یہی روایت نقل کی ہے۔ (ابوالزناد کی روایت درج ذیل ہے)

39۔ أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حِمْدَانَ الْجَلَّابُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 38:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:16070 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دارالراية رياض سعودي عرب 1411ه/1991ء رقم الحديث:962

حديث 39: اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 16066 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 19026 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ه رقم الحديث: 1487 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 4582 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث: 4587 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ه/1983ء رقم الحديث:4585 اخرجه ابوبكر الشيباني في "الاحاد والمثاني" طبع دارالراية رياض سعودي عرب 1411ه/1991ء رقم الحديث:964

سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، اَخْبَرَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ عَبَّادٍ الدُّؤَلِيُّ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ بِسُوقِ ذِي الْمَجَازِ وَهُوَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، قُولُوا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوا، قَالَ: يُرَدِّدُهَا مِرَارًا وَالنَّاسُ مُجْتَمِعُونَ عَلَيْهِ يَتَّبِعُونَهُ، وَاِذَا وَرَائَهُ رَجُلٌ اَحْوَلُ ذُو غَدِيرَتَيْنِ وَضِيءُ الْوَجْهِ، يَقُولُ: اِنَّهُ صَابِیءٌ كَاذِبٌ، فَسَاَلْتُ: مَنْ هٰذَا ؟ فَقَالُوا: عَمُّهُ اَبُو لَهَبٍ وَّاِنَّمَا اسْتَشْهَدْتُ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ اقْتِدَاءً بِهِمَا فَقَدِ اسْتَشْهَدَا جَمِيعًا بِهِ

✧✧ حضرت ربیعہ بن عباد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ذی المجاز بازار (یہ دور جاہلیت کا نام ہے بعد میں اس مقام کا نام منیٰ رکھا گیا) میں یہ فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! اس بات کا اقرار کرلو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، تم کامیاب ہو جاؤ گے (ربیعہ کہتے ہیں) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی مرتبہ یہ الفاظ دھرائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز پر لوگ آپ کے گرد جمع ہو کر آپ کے ساتھ ساتھ لا الہ الا اللہ کا ورد کرنے لگے۔ اچانک میری نظر ایک خوبصورت دو چوٹیوں والے بھینگے شخص پر پڑی، وہ کہہ رہا تھا: یہ شخص خود ستارہ پرست ہے، یہ جھوٹا ہے۔ میں نے پوچھا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا ''ابولہب'' ہے۔ میں نے ابوالزناد کے بیٹے عبدالرحمٰن سے اس حدیث کے حوالے سے پوچھا تو انہوں نے بھی ابوالزناد اور محمد بن المنکدر کی اس حدیث کے صحیح ہونے کی گواہی دی۔

40- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ رُسْتُمَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَائَتْ عَجُوزٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عِنْدِي، فَقَالَ: لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْتِ ؟ قَالَتْ: اَنَا جَثَّامَةُ الْمُزَنِيَّةُ، فَقَالَ: بَلْ اَنْتِ حَسَّانَةُ الْمُزَنِيَّةُ، كَيْفَ اَنْتُمْ ؟ كَيْفَ حَالُكُمْ ؟ كَيْفَ كُنْتُمْ بَعْدَنَا ؟ قَالَتْ: بِخَيْرٍ بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَلَمَّا خَرَجَتْ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تُقْبِلُ عَلٰى هٰذِهِ الْعَجُوزِ هٰذَا الْاِقْبَالَ ؟ فَقَالَ: اِنَّهَا كَانَتْ تَاْتِينَا زَمَنَ خَدِيجَةَ، وَاِنَّ حُسْنَ الْعَهْدِ مِنَ الْاِيمَانِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَقَدِ اتَّفَقَا عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِرُوَاتِهِ فِي اَحَادِيثَ كَثِيرَةٍ وَّلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے حجرے میں موجود تھے کہ ایک بڑھیا بارگاہ عالی میں حاضر ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑھیا سے پوچھا: آپ کون ہیں؟ اس نے جواب دیا ''جثامہ مزنیہ'' (جثامہ بدصورت کو کہتے ہیں، اس لئے آپ نے تفنن طبع کے طور پر فرمایا) تو ''حسینہ مزنیہ'' ہے (یعنی خوبصورت ہے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے حال احوال دریافت کئے۔ اس نے عرض کیا: حضور! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، سب کچھ بہتر ہے، میں خیریت سے ہوں۔ (ضروری گفت وشنید کے بعد) جب وہ چلی گئی تو (ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں) میں نے عرض کیا: حضور! اس بڑھیا کو آپ نے خصوصی توجہ دے کر بڑی عزت سے نوازا ہے (اس کی کیا وجہ ہے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بڑھیا خدیجہ رضی اللہ عنہا کے زمانے

میں بھی آیا کرتی تھی اور حسن اخلاق سے پیش آنا بھی ایمان کی علامت ہے۔

✣✣ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے، اس میں کوئی نقص بھی نہیں ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس حدیث کے راویوں کی دیگر روایات متعدد مقامات پر نقل کی ہیں۔

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4955 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 5387 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 504 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبری" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 5940 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 811 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 464 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 466 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 4955

63- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا خَشْنَامُ بْنُ الصِّدِّيقِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ عِمْرَانَ التُّجِيْبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْنُسَ سُلَيْمُ بْنُ جُبَيْرٍ مَوْلٰى اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا فَوَضَعَ اِصْبَعَهُ الدُّعَاءِ عَلٰى عَيْنَيْهِ وَاِبْهَامَيْهِ عَلٰى اُذُنَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِحَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ وَاَبِىْ يُوْنُسَ، وَالْبَاقُوْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِمْ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت "اِنَّهٗ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا" پڑھی اور شہادت کی انگلی آنکھوں پر اور اپنے انگوٹھے کانوں پر رکھ لئے۔

✣✣ یہ حدیث "صحیح" ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا حالانکہ (اس کی سند کے راوی) حرملہ بن عمران اور ابویونس کی روایات امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں اور ان کے علاوہ اس سند کے بقیہ تمام راوی متفق علیہ ہیں۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

64- حَدَّثَنَاهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّىْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، حَدَّثَنِى ابْنُ اَبِىْ فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِىْ هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كَانَتْ مِنْ فِتْنَةٍ وَّلَا تَكُوْنُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ اَعْظَمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا وَقَدْ حَذَّرَ قَوْمَهٗ، وَلَا اُخْبِرُكُمْ مِنْهُ بِشَىْءٍ مَا اَخْبَرَ بِهٖ نَبِيٌّ قَبْلِىْ فَوَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى عَيْنِهٖ، ثُمَّ قَالَ: اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَيْسَ بِاَعْوَرَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت تک فتنۂ دجال سے بڑا فتنہ نہ پیدا ہوا ہے، نہ ہوگا اور جو نبی بھی کسی قوم کی طرف آیا، اس نے ان کو متنبہ کیا اور میں بھی تمہیں وہی باتیں بتا رہا ہوں جو مجھ سے پہلے انبیاء بتاتے رہے۔ اس کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک آنکھوں پر رکھ کر فرمایا: اللہ تعالیٰ "نابینا" نہیں ہے۔

65- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدِيِّ بْنِ رُسْتُمَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ

حدیث 65:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 5223 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 15929 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 5416 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 7364 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 1263

عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا قَشِفُ الْهَيْئَةِ، قَالَ: هَلْ لَكَ مِنْ مَّالٍ ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مِنْ اَيِّ الْمَالِ ؟ قُلْتُ: مِنْ كُلٍّ مِّنَ الْاِبِلِ وَالْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ وَالْغَنَمِ، قَالَ: فَاِذَا اٰتَاكَ اللّٰهُ مَالًا فَلْيُرَ عَلَيْكَ، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تُنْتِجُ اِبِلُ قَوْمِكَ صِحَاحٌ اٰذَانُهَا فَتَعْمَدُ اِلَى الْمُوْسٰى فَتَقْطَعُ اٰذَانَهَا، وَتَقُوْلُ: هِيَ بُحُرٌ، وَتَشُقُّهَا اَوْ تَشُقُّ جُلُوْدَهَا، وَتَقُوْلُ: هِيَ حَرَمٌ فَتُحَرِّمُهَا عَلَيْكَ وَعَلٰى اَهْلِكَ ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَكُلُّ مَا اٰتَاكَ اللّٰهُ لَكَ حِلٌّ، وَسَاعِدُ اللّٰهِ اَشَدُّ مِنْ سَاعِدِكَ، وَمُوْسَى اللّٰهِ اَحَدُّ مِنْ مُّوْسِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَقَدْ رَوَاهُ جَمَاعَةٌ مِّنْ اَئِمَّةِ الْكُوفِيِّيْنَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، وَقَدْ تَابَعَ اَبُو الزَّعْرَاءِ عَمْرُو بْنُ عَمْرٍو اَبَا اِسْحَاقَ السَّبِيْعِيَّ فِيْ رِوَايَتِهِ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِاَنَّ مَالِكَ بْنَ نَضْلَةَ الْجُشَمِيَّ لَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ ابْنِهِ اَبِي الْاَحْوَصِ وَقَدْ خَرَّجَ الْمُسْلِمُ عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ اَبِيْهِ وَلَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ ابْنِهِ وَكَذٰلِكَ، عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ وَهٰذَا اَوْلٰى مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ

✧✧ حضرت ابوالاحوص رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں' میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا، اس وقت میری حالت بہت پراگندہ تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (میری ناگفتہ بہ حالت دیکھ کر) فرمایا: کیا تمہارے پاس کوئی مال ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کس نوعیت کا مال ہے؟ میں نے عرض کی: حضور! اونٹ، گھوڑے، بھیڑ، بکریاں، اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا سب کچھ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال دیا ہے تو وہ تمہارے اوپر نظر بھی آنا چاہئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا ایسا نہیں ہوتا کہ تمہارے قبیلے کی اونٹنیاں جب بچہ پیدا کرتی ہیں تو اس کے کان سلامت ہوتے ہیں لیکن تم کٹوا کر اس کا نام ''بحیرہ'' رکھ دیتے ہو اور ان کے کان یا کھال پھاڑ کر کہتے ہو ''یہ حرام ہے'' پھر اس کو اپنے اوپر اور اپنے اہل وعیال پر حرام سمجھنے لگ جاتے ہو (ابوالاحوص کے والد کہتے ہیں) میں نے کہا: جی ہاں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جو حلال رزق تمہیں دیا ہے، اسے کھاؤ (اور یاد رکھو) اللہ تعالیٰ کا بازو تمہارے بازو سے زیادہ مضبوط ہے اور اس کی تلوار تمہاری تلوار سے زیادہ تیز ہے۔

❖ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے، اسے کوفی آئمہ حدیث کی ایک جماعت نے ابواسحاق کے حوالے سے نقل کیا ہے اور جس طرح ابواسحاق السبیعی نے یہ روایت ابوالاحوص سے لی ہے، اسی طرح ابوالزعراء عمرو بن عمرو نے بھی ابوالاحوص سے یہ روایت لی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ مالک بن نضلہ جشمی کا ان کے بیٹے ابوالاحوص کے سوا دوسرا کوئی راوی نہیں ہے جبکہ خود امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوالملیح بن اسامہ کی ان کے والد کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں حالانکہ اسامہ کا اپنے بیٹے ابوالملیح کے علاوہ دوسرا کوئی راوی نہیں ہے۔ یونہی ابومالک اشجعی کی ان کے والد کے حوالے سے بھی روایات موجود ہیں حالانکہ یہاں پر بھی والد کا راوی صرف بیٹا ہی ہے اور مالک بن نضلہ جشمی کی سند دیگر سب سے بہتر ہے۔

66۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِيْ عُثْمَانَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا

عَفَّانُ، وَاَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، وَاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ: فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ بَدَا مِنْهُ قَدْرُ هٰذَا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ (الاعراف ۱۴۳) (پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر اپنا نور چمکایا تو اسے پاش پاش کر دیا) کے متعلق فرمایا: اس سے اس پہاڑ کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔

67۔ وَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى بْنِ السَّكَنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَيْكَ، قَالَ: فَاَخْرَجَ مِنَ النُّوْرِ مِثْلَ هٰذَا، وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلٰى نِصْفِ اُنْمُلَةِ الْخِنْصَرِ، فَضَرَبَ بِهَا صَدْرَ حَمَّادٍ، قَالَ: فَسَاخَ الْجَبَلُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قَالَ: رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَيْكَ (عرض کی: اے میرے رب مجھے اپنا دیدار دکھا کہ میں تجھے دیکھوں) آیت پڑھی اور فرمایا: (اس موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چھنگلیا کے آدھے پورے کی طرف اشارہ کیا پھر حماد کے سینے پر مار کر فرمایا) نور کی اتنی سی کرن نکلی، جس سے پہاڑ دھنس گیا۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

68۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِیُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلْمَانَ الْاَغَرُّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ وَيَضْحَكُ اِلَيْهِمْ: الَّذِیْ اِذَا تَكَشَّفَ فِئَةٌ قَاتَلَ وَرَائَهَا بِنَفْسِهٖ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اِنَّمَا خَرَّجَا فِیْ هٰذَا الْبَابِ حَدِيْثَ اَبِی

حدیث 66:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 3074 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 12282 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 13201 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 3249 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 4104 اخرجه ابوعبدالله النيسابوری فی "المستدرک" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 4105 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 1836

الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَضْحَكُ اللّٰهُ اِلٰی رَجُلَیْنِ الْحَدِیْثُ فِی الْجِهَادِ

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین اشخاص ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے اوران کی طرف دیکھ کر مسکراتا ہے (ان میں ایک وہ شخص بھی ہے) جو دشمن سے مڈبھیڑ کے وقت محض رضائے الٰہی کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کردیتا ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔البتہ اس باب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا {یَضْحَكُ اللّٰهُ اِلٰی رَجُلَیْنِ "اللہ تعالیٰ دوآدمیوں کی طرف دیکھ کر مسکراتا ہے"} والا جہاد سے متعلق پورا فرمان ابوالزناد پھر اعرج اور پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا گیا ہے۔

69۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدٍ الْبُنَانِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِیْبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِیْ یَحْیَى بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِیْ قَلْبِهٖ حَبَّةٌ مِّنْ كِبْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُ لَیُعْجِبُنِیْ اَنْ یَّكُوْنَ ثَوْبِیْ جَدِیْدًا، وَرَاْسِی دَهِینًا، وَشِرَاكُ نَعْلِیْ جَدِیْدًا، قَالَ: وَذَكَرَ اَشْیَاءَ حَتّٰی ذَكَرَ عَلَاقَةَ سَوْطِهٖ، فَقَالَ: ذَاكَ جَمَالٌ، وَاللّٰهُ جَمِیلٌ یُحِبُّ الْجَمَالَ، وَلٰكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ بَطِرَ الْحَقَّ وَازْدَرَی النَّاسَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِیْعًا بِرُوَاتِهٖ وَلَهٗ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے دل میں ذرا سا بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں نہیں جائے گا۔ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ صاف ستھرے کپڑے پہنے، سر میں تیل لگا کر رکھے (نئے جوتے پہنے) جوتوں کے تسمے تک نئے ہوں (ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) اس نے متعدد چیزیں گنوائیں حتیٰ کہ چابک کے دستے تک کا بھی ذکر کیا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تو جمال ہے اور اللہ تعالیٰ جمال کو پسند کرتا ہے۔تکبر سے مراد اِترانا اور لوگوں کو حقیر جاننا ہے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، حالانکہ دونوں نے اس کے

حدیث 69:

اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 91 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 4091 اخرجه ابوعیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1999 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 3789 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 5466 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 10533

تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس کی شاہد ایک اور حدیث بھی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

70- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِىُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَمِنَ الْكِبْرِ اَنْ اَلْبِسَ الْحُلَّةَ الْحَسَنَةَ؟ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا صاف ستھرا اور اچھا لباس پہننا بھی تکبر میں شامل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ خود صاحب جمال ہے اور وہ جمال کو پسند کرتا ہے۔

71- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَعَا اللّٰهُ جِبْرَائِيلَ فَاَرْسَلَهُ اِلَى الْجَنَّةِ، فَقَالَ: اُنْظُرْ اِلَيْهَا وَمَا اَعْدَدْنَا فِيهَا لاَهْلِهَا، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لاَ يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا، فَحُفَّتْ بِالْمَكَارِهِ، قَالَ: ارْجِعْ اِلَيْهَا فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَرَجَعَ، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ لَّا يَدْخُلَهَا اَحَدٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ رَوَاهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو بِزِيَادَةِ اَلْفَاظٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ السلام کو جنت کی طرف بھیجا اور فرمایا جنت کا بھی مشاہدہ کرو اور اس میں جنتیوں کے لئے ہم نے جو نعمتیں تیار کر رکھی ہیں ان کو بھی دیکھو (جبرئیل علیہ السلام یہ تمام مشاہدہ کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) عرض کرتے ہیں: یا اللہ! مجھے تیری عزت وجلال کی قسم ہے جو شخص بھی یہ سن لے وہ جنت میں لازمی جائے گا۔ پھر جنت کو تکلیفوں سے ڈھانپ دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے جبرائیل علیہ السلام سے پھر فرمایا کہ

حدیث 71:

اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4744 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2560 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 3763 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 8379 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 8633 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 8848 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 7394 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 72 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 4702 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 5940

اب جا کر دیکھو (جبرئیل علیہ السلام نے دوبارہ جنت کا مشاہدہ کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آ کر) عرض کی: یا اللہ! تیری عزت کی قسم ہے، مجھے اس بات کا خدشہ ہے کہ اس میں کوئی بھی نہیں جا سکے گا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ جبکہ اسی حدیث کو حماد بن سلمہ نے محمد بن عمرو کے حوالے سے کچھ الفاظ کے اضافے کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(الفاظ کے اضافہ کے ساتھ حدیث درج ذیل ہے)

72- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَا جِبْرَائِيْلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، فَقَالَ: لَا يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا، ثُمَّ حَفَّهَا بِالْمَكَارِهِ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، قَالَ: فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ لَّا يَدْخُلَهَا اَحَدٌ، ثُمَّ خَلَقَ النَّارَ، فَقَالَ: يَا جِبْرَائِيْلُ اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، قَالَ: فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: لَا يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ فَيَدْخُلَهَا، قَالَ: فَحَفَّهَا بِالشَّهَوَاتِ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، قَالَ: فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: يَا رَبِّ وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ لَّا يَبْقٰى اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام سے فرمایا: جاؤ جنت کا مشاہدہ کرو (رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم) فرماتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام گئے اور جنت کا مشاہدہ کیا اور کہنے لگے: اس میں ہر کوئی داخل ہوگا۔ پھر جنت کو مصیبتوں میں لپیٹ دیا گیا۔ پھر فرمایا: جاؤ اور جنت کا مشاہدہ کرو۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام پھر گئے، جنت کا مشاہدہ کیا، پھر عرض کی: اے اللہ! تیری عزت کی قسم ہے، مجھے یوں لگتا ہے کہ اس میں کوئی بھی داخل نہیں ہو پائے گا۔ پھر دوزخ پیدا کی گئی تو ارشاد فرمایا: جبرائیل علیہ السلام! جاؤ، دوزخ کا مشاہدہ کرو، حضرت جبرائیل علیہ السلام گئے اور دوزخ کا مشاہدہ کرنے کے بعد عرض کی: اس میں کوئی نہیں آئے گا۔ پھر اس کو نفسانی خواہشات میں لپیٹ دیا گیا پھر فرمایا: اب جاؤ اور دوزخ کا مشاہدہ کرو۔ جبرائیل نے پھر جا کر اس کو دیکھا اور عرض کی: یا اللہ مجھے تیری عزت اور جلال کی قسم ہے، مجھے لگتا ہے کہ اس سے کوئی شخص نہیں بچ سکتا۔

73- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِىءٍ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ عِصْمَةَ الْعَدْلُ، قَالَا: حَدَّثَنَا السِّرِیُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِي، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَ لِلسَّمَاءِ اَخْرِجِی شَمْسَكِ وَقَمَرَكِ وَنُجُوْمَكِ وَقَالَ لِلْاَرْضِ شَقِّقِی اَنْهَارَكِ وَاَخْرِجِی ثِمَارَكِ فَقَالَتَا اَتَيْنَا طَائِعِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَتَفْسِيْرُ الصَّحَابِی عِنْدَهُمَا مُسْنَدٌ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا (کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں) اللہ تعالیٰ آسمان سے فرمائے گا: اپنے سورج، چاند اور ستارے نکال دے اور زمین سے کہے گا: اپنے دریاؤں کو توڑ دے اور اپنے پھلوں

نکال دے، تو زمین و آسمان عرض کریں گے: ہم نے اطاعت کرتے ہوئے یہ کام کر دیئے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ جبکہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک صحابی کی تفسیر مستند ہے۔

74۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حِمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِي اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَاَخْبَرَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي نَصْرٍ الدَّرَابَرْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى الْقَاضِي، وَاَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، فِيمَا قُرِءَ عَلَى مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، سُئِلَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ: وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ، قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْاَلُ عَنْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ اٰدَمَ ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ بِيَمِيْنِهِ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ وَبِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ يَعْمَلُوْنَ، ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ وَبِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ يَعْمَلُوْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖ حضرت مسلم بن یسار جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے اس آیت: وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ سے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی یہی سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا، پھر اپنا دست قدرت ان کی پشت مبارک پر پھیرا تو ان کی کچھ اولاد باہر نکل آئی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ان لوگوں کو میں نے جنت کے لئے پیدا کیا ہے اور یہ جنتیوں والے کام کریں گے پھر آدم علیہ السلام کی پیٹھ پر دوبارہ ہاتھ پھیرا تو باقی اولاد بھی نکل آئی، اللہ تعالیٰ نے ان سے متعلق فرمایا: ان کو میں نے جہنم کے لئے پیدا کیا ہے اور یہ جہنمیوں والے ہی کام کریں گے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

حدیث 74:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4703 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 3075 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "المؤطا" طبع داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) رقم الحدیث: 1593 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 6166 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 3256 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحدیث: 4001 اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 11190

75۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ الْبَصْرِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَخَذَ اللّٰهُ الْمِيثَاقَ مِنْ ظَهْرِ آدَمَ فَاَخْرَجَ مِنْ صُلْبِهِ ذُرِّيَّةً ذَرَاهَا فَنَثَرَهُمْ نَثْرًا بَيْنَ يَدَيْهِ كَالذَّرِّ، ثُمَّ كَلَّمَهُمْ، فَقَالَ: اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؟ قَالُوْا: بَلٰى، شَهِدْنَا اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غَافِلِينَ، اَوْ تَقُوْلُوْا اِنَّمَا اَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ، وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْ بَعْدِهِمْ، اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِكُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما (مذکورہ آیت کی تفسیر کرتے ہوئے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے (لوگوں سے اپنی ربوبیت کا جو اقرار کروایا تھا وہ اس طرح تھا کہ) آدم علیہ السلام کی پشت مبارک سے تمام اولاد کو چھوٹی چھوٹی چیونٹیوں کی مانند نکال کر یوں بکھیر دیا جیسے کھیت میں بیج بکھیرا جاتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان تمام سے فرمایا: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے عرض کی: کیوں نہیں۔ ہم گواہ ہوئے کہ کہیں قیامت کے دن کہو کہ ہمیں اس کی خبر نہ تھی یا کہو کہ شرک تو پہلے ہمارے باپ دادا نے کیا اور ہم ان کے بعد بچے ہوئے تو کیا تو ہمیں اس پر ہلاک فرمائے گا جو اہل باطل نے کیا۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، حالانکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے کلثوم بن جبر کی روایات نقل کی ہیں۔

76۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَوْمَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوسٰى كَانَ عَلَيْهِ جُبَّةُ صُوفٍ، وَسَرَاوِيلُ صُوفٍ، وَكُمَّةُ صُوفٍ، وَكِسَاءُ صُوفٍ، وَنَعْلَانِ مِنْ جِلْدِ حِمَارٍ غَيْرِ ذَكِيٍّ قَدِ اتَّفَقَا جَمِيعًا عَلَى الاحْتِجَاجِ بِحَدِيْثِ سَعِيْدِ بْنِ مَنْصُورٍ، وَحُمَيْدٌ هٰذَا لَيْسَ بِابْنِ قَيْسٍ الْاَعْرَجِ، قَالَ الْبُخَارِيُّ فِي التَّارِيخِ: حُمَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَعْرَجُ الْكُوفِيُّ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ النَّجْرَانِيُّ مُحْتَجٌّ بِهِ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ وَّحْدَهُ بِخَلَفِ بْنِ خَلِيفَةَ،

وَهٰذَا حَدِيْثٌ كَبِيْرٌ فِي التَّصَوُّفِ وَالتَّكَلُّمِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ

✧✧ حضرت (عبداللہ) ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس دن اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو ہمکلامی کا شرف بخشا، اس دن موسیٰ علیہ السلام نے اونی لباس پہنا ہوا تھا، جبہ اور چادر بھی اون ہی کی تھی اور چمڑے کے جوتے پہنے ہوئے تھے۔

✤✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے (اس حدیث کے ایک راوی) سعید بن منصور کی روایات نقل کی ہیں اور

حدیث 76:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث:1734 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث:4986

(اس سند میں مذکور) ''حمید اعرج'' قیس اعرج کے بیٹے نہیں ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے التاریخ میں لکھا ہے کہ حمید بن علی الاعرج کوفی منکر حدیث تھا اور عبداللہ بن حارث کی روایات شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے خلف بن خلیفہ کی روایات نقل کی ہیں۔ تصوف کے حوالے سے یہ حدیث بہت عظیم الشان ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔ اسماعیل بن عیاش کی ایک روایت اس حدیث کی شاہد ہے (وہ روایت درج ذیل ہے)

77۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَادَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ التَّمَّارُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ ثَوْرٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِلِبَاسِ الصُّوْفِ تَجِدُوْنَ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

✧✧ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اونی لباس پہنا کرو، اس سے تم اپنے دلوں میں ایمان کی چاشنی پاؤ گے۔

78۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرْبِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى الْاَشْيَبُ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ وَقَدْ قَارَبَ بَيْنَ اَصْحَابِهِ السَّيْرُ فَرَفَعَ بِهَاتَيْنِ الْاٰيَتَيْنِ صَوْتَهٗ: يَاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ فَلَمَّا سَمِعَ اَصْحَابُهٗ ذٰلِكَ، حَثُّوا الْمَطِيَّ وَعَرَفُوْا اَنَّهٗ عِنْدَ قَوْلٍ يَقُوْلُهٗ، فَلَمَّا تَاَشَّبُوْا عِنْدَهٗ حَوْلَهٗ، قَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ اَيُّ يَوْمٍ ذَاكُمْ؟ قَالُوْا: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ، قَالَ: ذَاكَ يَوْمٌ يُنَادِيْ اٰدَمَ فَيُنَادِيْهِ رَبُّهٗ فَيَقُوْلُ: يَا اٰدَمُ، ابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ، فَيَقُوْلُ: وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ فَيَقُوْلُ: مِنْ كُلِّ اَلْفٍ تِسْعُ مِائَةٍ وَّتِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ اِلَى النَّارِ وَوَاحِدٌ اِلَى الْجَنَّةِ، قَالَ: فَاَبْلَسُوْا حَتّٰى مَا اَوْضَحُوْا بِضَاحِكَةٍ، فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ قَالَ: اعْلَمُوْا وَاَبْشِرُوْا، فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، اِنَّكُمْ مَعَ خَلِيْقَتَيْنِ مَا كَانَتَا مَعَ شَيْءٍ اِلَّا كَثَّرَتَاهُ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَمَنْ هَلَكَ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ وَبَنِيْ اِبْلِيْسَ، قَالَ: فَسَرّٰى ذٰلِكَ عَنِ الْقَوْمِ، قَالَ: اعْلَمُوْا وَاَبْشِرُوْا، فَوَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ، مَا اَنْتُمْ فِي النَّاسِ اِلَّا كَالرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ اَوْ كَالشَّامَةِ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِطُوْلِهٖ، وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّهُمَا قَدْ تَحَرَّجَا مِنْ ذٰلِكَ خَشْيَةَ الْاِرْسَالِ، وَقَدْ سَمِعَ الْحَسَنُ مِنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ وَّهٰذِهِ الزِّيَادَاتُ الَّتِيْ فِيْ هٰذَا الْمَتْنِ اَكْثَرُهَا عِنْدَ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ وَّهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَا وَاحِدٌ مِّنْهُمَا

✧✧ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوران سفر اپنے قافلے کے ساتھیوں کو

قریب کیا اور بلند آواز سے یہ آیتیں تلاوت کیں۔ یَاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّکُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ یَوْمَ تَرَوْنَھَا تَذْھَلُ کُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ کُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَھَا وَتَرَی النَّاسَ سُکَارٰی وَمَا ھُمْ بِسُکَارٰی وَلٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ (سورۃ الحج:۱،۲) ''اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہے جس دن تم اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے کو بھول جائے گی اور حمل والی اپنے حمل گرا دے گی اور تو لوگوں کو دیکھے گا جیسے نشہ میں ہیں حالانکہ وہ نشہ میں نہ ہوں گے بلکہ اللہ کا عذاب بہت سخت ہوگا'' جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ آیات سنی تو اپنی سواریاں بھگا کر فوراً رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ارد گرد جمع ہو گئے کیونکہ وہ سمجھے کہ شاید یہ سب کچھ ابھی رسول پاک کے گفتگو ختم کرتے ہی ہو جائے گا۔ جب تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ارد گرد اکٹھے ہو گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جانتے ہو وہ دن کون سا دن ہوگا؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: اللہ عزوجل اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ دن ہوگا جس دن آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کو پکاریں گے، اللہ تعالیٰ آدم سے فرمائے گا: تم جہنمی لوگوں کو جہنم میں بھیج دو۔ آدم علیہ السلام عرض کریں گے: الٰہی جہنمی لوگ کتنے ہیں؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ہزار میں سے ۹۹۹ جہنم میں اور ایک جنت میں (عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) یہ سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس قدر غمزدہ ہوئے کہ ان کے چہروں پر ہلکی سی بھی مسکراہٹ نہ رہی۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی یہ کیفیت دیکھی تو فرمایا: جان لو! تمہیں خوشخبری ہو، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تمہارے اندر دو ایسی مخلوقیں ہیں کہ کسی بھی زیادہ سے زیادہ کثرت والی چیز سے ان کا تقابل کرو تو ہر ایک کے مقابلہ میں وہی زیادہ ہوں گے حتیٰ کہ جتنے انسان اور شیاطین مر چکے ہیں ان سے بھی زیادہ۔ وہ مخلوقیں یاجوج اور ماجوج ہیں (عمران کہتے ہیں) یہ بات سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے وہ غم اور حزن دور ہو گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مزید فرمایا: جان لو! تمہارے لئے خوشخبری ہے، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، پوری انسانیت میں تمہاری حیثیت اتنی ہی ہے جتنی کسی چوپائے کے پاؤں کے نیچے زمین آتی ہے (یا یوں سمجھو کہ) جس طرح اونٹ کے پہلو میں چھوٹا سا تل ہو (سارا اونٹ انسان کی مانند اور تم اس کے پہلو میں تل کی مانند ہو)

✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے اس قدر تفصیل سے روایت نہیں کیا اور میرا خیال ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے ارسال کے خوف کی وجہ سے نقل نہیں کیا حالانکہ حسن نے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے (اور ذیل میں ہم ایک حدیث پیش کر رہے ہیں) اس کے متن میں جو اضافے ہیں وہ مذکورہ حدیث سے بھی زیادہ ہیں اور اس کی سند معمر سے پھر قتادہ سے ہوتی ہوئی حضرت انس رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق ''صحیح'' بھی ہے لیکن دونوں میں سے کسی ایک نے کسی بھی حدیث کو نقل نہیں کیا۔

79- اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ ھٰذِهِ الْاٰیَةُ: یَاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّکُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ اِلٰی قَوْلِهٖ تَعَالٰی: وَلٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِیْدٌ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَھُوَ فِیْ مَسِیْرٍ لَّهٗ فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ بِنَحْوِهٖ وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِیْعًا عَلٰی اِخْرَاجِ حَدِیْثِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ بَعْضِ

هٰذَا الْمَتْنِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، جب یہ آیت: يَاۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ اِلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى: وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ تک حالت سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی (اس کے بعد تفصیلی حدیث ذکر کی ہے)

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اعمش کی روایت ابوصالح پھر ابوسعید کے حوالے سے نقل کی ہے اور اس میں اس متن کا کچھ حصہ نقل کیا ہے (حدیث درج ذیل ہے)

80- كَمَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَتَّابِ الْعَبْدِيُّ بِبَغْدَادَ، وَاَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ دُحَيْمٍ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوفَةِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْسِيُّ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ: يَا اٰدَمُ، فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ يَدَيْكَ، قَالَ: يَقُوْلُ: اَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ مُخْتَصَرًا دُوْنَ ذِكْرِ النُّزُوْلِ وَغَيْرِهٖ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ، عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ وَكِيْعٍ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم! آدم علیہ السلام عرض کریں گے: اے میرے مولیٰ! میں حاضر ہوں (کیا حکم ہے؟) اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جہنمی گروہ کو الگ کرلو۔ اس کے بعد ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے نزول وغیرہ کا ذکر کئے بغیر اختصار کے ساتھ حدیث مکمل کی۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عمر بن حفص پھر ان کے والد پھر اعمش کے حوالے سے یہ حدیث نقل کی ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابوبکر کی روایت وکیع کے حوالے سے نقل کی ہے۔

81- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقُوْا دَعَوَاتِ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهَا تَصْعَدُ اِلَى السَّمَآءِ كَاَنَّهَا شَرَارٌ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ وَّالْبَاقُوْنَ مِنْ رُّوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ مُتَّفَقٌ عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِهِمْ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ مظلوم کی بددعا آسمان کی طرف شعلوں کی طرح بلند ہوتی ہے۔

❖❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عاصم بن کلیب کی روایات نقل کی ہیں جبکہ ان کے علاوہ اس سند کے تمام راوی متفق علیہ ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ان کی روایات کو نقل کیا ہے لیکن مذکورہ حدیث کو نقل نہیں کیا۔

82- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيٰى،

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَهُوَ تَحْتَ لِوَائِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَنْتَظِرُ الْفَرَجَ، وَاِنَّ مَعِي لِوَاءَ الْحَمْدِ، اَنَا اَمْشِي وَيَمْشِي النَّاسُ مَعِي حَتّٰى اٰتِيَ بَابَ الْجَنَّةِ فَاَسْتَفْتِحُ، فَيُقَالُ: مَنْ هٰذَا ؟ فَاَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ، فَيُقَالُ: مَرْحَبًا بِمُحَمَّدٍ، فَاِذَا رَاَيْتُ رَبِّي خَرَرْتُ لَهٗ سَاجِدًا اَنْظُرُ اِلَيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ كَبِيْرٌ فِي الصِّفَاتِ وَالرُّؤْيَةِ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: میں قیامت کے دن سب لوگوں کا سردار ہونگا لیکن مجھے اس پر فخر نہیں ہے اور قیامت کے دن ہر شخص میرے لواء الحمد کے نیچے کھڑا حساب کتاب شروع ہونے کا انتظار کررہا ہوگا۔لواء الحمد میرے پاس ہوگا، میں چلوں گا اور سب لوگ میرے ساتھ چلیں گے، میں چلتے چلتے جنت کے دروازے تک پہنچ جاؤں گا، میں دروازے پر دستک دوں گا، اندر سے پوچھا جائے گا: کون؟ میں کہوں گا: محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔تو مجھے خوش آمدید کہا جائے گا۔پھر جب میں اپنے رب کا دیدار کروں گا تو اس کا دیدار کرتے کرتے سجدے میں گر جاؤں گا۔

✥✥ یہ حدیث اللہ تعالیٰ کی صفات اور رویتِ باری تعالیٰ کے سلسلے میں بڑی عظیم الشان حدیث ہے۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے اسے نقل کرنے سے گریز کیا ہے۔

83۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوْتِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَخْلَدٍ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْمِصِّيْصِيُّ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، وَهٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِ اَبِي الْعَبَّاسِ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، وَيَحْيَى بْنُ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَيْرُوْزَ الدَّيْلَمِيُّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَهُوَ فِي حَائِطٍ لَّهٗ بِالطَّائِفِ يُقَالُ لَهُ الْوَهْطُ، وَهُوَ مُخَاصِرٌ فَتًى مِنْ قُرَيْشٍ، وَذٰلِكَ الْفَتٰى يُزَنُّ بِشُرْبِ الْخَمْرِ، فَقُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: خِصَالٌ تَبْلُغُنِي عَنْكَ تُحَدِّثُ بِهَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّهٗ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ شَرْبَةً لَمْ تُقْبَلْ تَوْبَتُهٗ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاخْتَلَجَ الْفَتٰى يَدَهٗ مِنْ يَدِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثُمَّ وَلّٰى، فَاِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهٖ، وَاَنَّهٗ مَنْ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ لَا يُرِيْدُ اِلَّا الصَّلٰوةَ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ خَرَجَ مِنْ خَطِيْئَتِهٖ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: اَللّٰهُمَّ اِنِّي لَا اُحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَّقُوْلَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ، اِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ شَرْبَةً لَّمْ تُقْبَلْ تَوْبَتُهٗ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا، فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَاِنْ عَادَ لَمْ تُقْبَلْ تَوْبَتُهٗ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَلَا اَدْرِي فِي الثَّالِثَةِ اَوْ فِي الرَّابِعَةِ، قَالَ: فَاِنْ عَادَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّسْقِيَهٗ مِنْ رَّدْغَةِ الْخَبَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ خَلْقَهٗ فِي ظُلْمَةٍ، ثُمَّ اَلْقٰى عَلَيْهِمْ مِنْ نُوْرِهٖ، فَمَنْ اَصَابَهٗ

مِنْ ذٰلِكَ النُّورِ يَوْمَئِذٍ شَيْءٌ فَقَدِ اهْتَدٰى، وَمَنْ اَخْطَاَهُ ضَلَّ فَلِذٰلِكَ اَقُوْلُ جَفَّ الْقَلَمُ عَلٰى عِلْمِ اللّٰهِ قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ سَاَلَ رَبَّهُ ثَلَاثًا فَاَعْطَاهُ اثْنَيْنِ، وَنَحْنُ نَرْجُوْ اَنْ يَكُوْنَ قَدْ اَعْطَاهُ الثَّالِثَةَ، سَاَلَهُ حُكْمًا يُصَادِفُ حُكْمَهُ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ، وَسَاَلَهُ مُلْكًا لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ بَعْدَهُ فَاَعْطَاهُ، وَسَاَلَهُ اَيُّمَا رَجُلٍ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ لَا يُرِيْدُ اِلَّا الصَّلٰوةَ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ اَنْ يَخْرُجَ مِنْ خَطِيْئَتِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ، نَحْنُ نَرْجُوْ اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ قَدْ اَعْطَاهُ اِيَّاهُ، قَالَ الْاَوْزَاعِيُّ: حَدَّثَنِيْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ فِيْمَا بَيْنَ الْمِقْسِلَاطِ وَالْجَاصَعِيْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَدْ تَدَاوَلَهُ الْاَئِمَّةُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ، ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَا اَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً

✧✧ حضرت عبداللہ بن فیروز الدیلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ طائف کے علاقہ میں موجود اپنے ''وھط'' نامی باغ میں ایک قریشی نوجوان کے ساتھ بیٹھے محو گفتگو تھے کہ میں بھی وہاں پر جا پہنچا۔ اس نوجوان پر شراب خوری اور زنا کاری کا الزام تھا۔ میں نے عبداللہ بن عمر بن العاص سے کہا: مجھے چند خصلتوں کے بارے میں پتہ چلا ہے جن کے متعلق آپ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بیان کرتے ہیں: جس نے ایک گھونٹ شراب پی، چالیس دن تک اس کی توبہ قبول نہیں کی جاتی۔ اس پر اس نوجوان نے ایک جھٹکے سے اپنا ہاتھ عبداللہ کے ہاتھ سے چھڑایا اور یہ کہتا ہوا اٹھ کر چلا گیا کہ: جو بدبخت ہوتا ہے وہ ماں کے پیٹ سے ہی بدبخت پیدا ہوتا ہے اور جو شخص بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی نیت سے گھر سے نکلے وہ گھر سے نکلتے ہی گناہوں سے ایسا پاک صاف ہو جاتا ہے گویا کہ آج ہی ماں کے پیٹ سے باہر آیا ہے۔ عبداللہ بن عمرو نے کہا: میں کسی کو یہ حق نہیں دیتا کہ وہ میرے حوالے سے ایسی بات کہے جو میں نے نہیں کہی۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ: جو شخص ایک گھونٹ شراب پیئے، اس کی چالیس دن تک توبہ قبول نہیں ہوتی پھر اگر وہ توبہ کر لے تو اللہ تعالیٰ اسے معاف کر دیتا ہے لیکن دوبارہ پیئے تو پھر چالیس دن تک اس کی توبہ قبول نہیں کی جاتی (عبداللہ بن عمرو کہتے ہیں: آپ یہ جملہ دہراتے رہے حتیٰ کہ) تیسری یا چوتھی مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر پھر شراب نوشی کرے تو اس کو قیامت کے دن مہلک زہر پلایا جائے گا (عبداللہ مزید فرماتے ہیں) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو اندھیرے میں پیدا کیا۔ پھر ان پر اپنا مخصوص نور ڈالا، اس دن جس جس پر ذرا سا بھی نور پڑ گیا وہ دنیا میں ہدایت پائے گا اور جو شخص اس دن نور سے محروم رہا وہ (دنیا میں) گمراہ ہو گا، اسی لئے میں کہتا ہوں کہ جو کچھ ہے، اللہ کے علم میں ہے اور اس کے علاوہ سے قلم خشک ہو چکا ہے۔ اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے بھی سنا ہے کہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے اللہ تعالیٰ سے تین چیزیں مانگی تھیں، اللہ تعالیٰ نے دو چیزیں انہیں دے دی ہیں (یہ بات تو پکی ہے) جبکہ ہم یہ بھی امید رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ نے تیسری بھی ان کو دے دی ہوگی۔ (۱) اللہ تعالیٰ سے اس کی خاص حکمت مانگی۔ اللہ تعالیٰ نے عطا کر دی (۲) اور ایسی بادشاہی مانگی کہ ان کے بعد کسی کو ایسی بادشاہی نہ مل سکے، اللہ تعالیٰ نے وہ بھی عطا کر دی (۳) انہوں نے یہ دعا مانگی کہ اگر کوئی شخص اپنے گھر سے اس مسجد میں نماز پڑھنے کی نیت سے نکلے تو اس کو ایسا پاک و صاف کر دے جیسا کہ ماں کے پیٹ سے آج ہی نکلا ہو (حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) ہمیں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ فضیلت

بھی عطا کردی ہوگی۔

✥ امام اوزاعی نے کہا: یہی حدیث مجھے ربیعہ بن یزید نے ''مقسلاط'' اور ''جاصیر'' کے درمیان ایک مقام پر سنائی تھی۔
یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا حالانکہ اس میں کوئی نقص نہیں ہے اور یہ حدیث آئمہ حدیث میں مشہور ومعروف ہے اس کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں۔

84- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَّاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ قَتَادَةَ السُّلَمِيِّ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ ثُمَّ خَلَقَ الْخَلْقَ مِنْ ظَهْرِهٖ، ثُمَّ قَالَ: هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ وَلَا اُبَالِيْ، وَهٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ وَلَا اُبَالِيْ، قَالَ: فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَعَلٰى مَاذَا نَعْمَلُ، قَالَ: عَلٰى مُوَافَقَةِ الْقَدَرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَدِ اتَّفَقَا عَلَى الاحْتِجَاجِ بِرُوَاتِهٖ، عَنْ اٰخِرِهِمْ اِلَى الصَّحَابَةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَتَادَةَ مِنْ بَنِيْ سَلَمَةَ مِنَ الصَّحَابَةِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِزُهَيْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَيْسَ لَهٗ رَاوٍ غَيْرُ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، وَكَذٰلِكَ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِحَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلّٰى، وَلَيْسَ لَهٗ رَاوٍ غَيْرُ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا پھر ان کی پشت میں سے اس کی تمام اولاد کو نکالا پھر (بعض کے متعلق) فرمایا: یہ جنتی ہیں اور مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے اور بعض کے متعلق فرمایا: یہ جہنمی ہیں اور مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر ہمارے اعمال کی کیا حیثیت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اعمال بھی تمہاری تقدیر کے مطابق سرانجام پاتے ہیں۔

✥ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے اول تا آخر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تک تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور عبدالرحمٰن بن قتادہ جن کا تعلق بنوسلمہ سے ہے، صحابی ہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے زہیر بن عمرو کے حوالے سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کئی احادیث نقل کی ہیں، حالانکہ ابوعثمان النہدی کے سوا کوئی دوسرا شخص ان سے روایت نہیں لیتا۔ یونہی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ابوسعید بن المعلی کی روایات بھی نقل کی ہیں حالانکہ ان سے روایت لینے والوں میں بھی حفص بن عاصم کے سوا کسی اور کا نام نہیں ہے۔

85- حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَالِقُ كُلِّ صَانِعٍ وَّصَنْعَتِهٖ

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر صانع اور اس کی صنعت کا خالق صرف اللہ تعالیٰ

ہے۔

86۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَالِقُ كُلِّ صَانِعٍ وَّصَنْعَتِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر صانع اور اس کی صنعت کا خالق صرف اللہ تعالیٰ ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

87۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رُقًى كُنَّا نَسْتَرْقِي بِهَا، وَاَدْوِيَةٌ كُنَّا نَتَدَاوٰى بِهَا هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ تَعَالٰى ؟ قَالَ: هُوَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَالَ مُسْلِمٌ فِيْ تَصْنِيْفِهٖ فِيْمَا اَخْطَاَ مَعْمَرٌ بِالْبَصْرَةِ اَنَّ مَعْمَرًا حَدَّثَ بِهٖ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ مَرَّةً: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ خُزَامَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ الْحَاكِمُ: وَعِنْدِيْ اَنَّ هٰذَا لَا يُعَلِّلُهٗ، فَقَدْ تَابَعَ صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ مَعْمَرَ بْنَ رَاشِدٍ فِيْ حَدِيْثِهٖ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ وَصَالِحٍ، وَاِنْ كَانَ فِي الطَّبَقَةِ الثَّالِثَةِ مِنْ اَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ، فَقَدْ يُسْتَشْهَدُ بِمِثْلِهٖ

✧✧ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا ہماری دواؤں اور تعویذات اور دم وغیرہ سے تقدیر بدل جاتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (دعائیں اور دم وغیرہ بھی) تقدیر میں لکھے ہوتے ہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف میں معمر کی ایک خطا کی نشاندہی کی ہے۔ فرماتے ہیں: معمر نے یہ حدیث دو مرتبہ روایت کی ہے، ایک مرتبہ روایت کی تو اس کی سند زہری، پھر ابن ابی حزامہ پھر ان کے والد تک پہنچائی (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میرے نزدیک سند میں اس طرح کی تبدیلی سے حدیث کی صحت پر کوئی فرق نہیں پڑتا اور یہ حدیث جس طرح معمر بن راشد نے زہری کے واسطے سے عروہ

حدیث 87:

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 3090 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 2065 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3437 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 15510 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 5468

سے روایت ہے اسی طرح صالح بن ابوالاخضر نے بھی زہری کے واسطے سے عروہ سے روایت کی ہے اور صالح اگرچہ زہری کے اصحاب میں تیسرے درجے کے راوی ہیں لیکن ان جیسے راویوں کی روایت کو بطور شاہد پیش کیا جاسکتا ہے (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

117۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِیْ شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَیَّاشٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْمِنْهَالِ، كُلُّهُمْ قَالُوْا: عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ هٰذِهِ الْاَسَانِیْدُ الَّتِیْ ذَكَرْتُهَا كُلُّهَا صَحِیْحَةٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ

❖ مذکورہ تمام روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحیح ہیں۔

118۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، اَنْبَاَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ الْجُنَیْدِ، حَدَّثَنَا الْمُعَافَی بْنُ سُلَیْمَانَ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنَا فُلَیْحُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنِیْ هِلَالُ بْنُ عَلِیٍّ وَّهُوَ ابْنُ اَبِیْ مَیْمُوْنَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: بَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَبِلَالٌ یَمْشِیَانِ بِالْبَقِیْعِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَا بِلَالُ هَلْ تَسْمَعُ مَا اَسْمَعُ ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَسْمَعُهُ، قَالَ: اَلَا تَسْمَعُ اَهْلَ الْقُبُوْرِ یُعَذَّبُوْنَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰی حَدِیْثِ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: لَوْلَا اَنْ تَدَافَنُوْا لَسَاَلْتُ اللّٰهَ عَنْهُ اَنْ یُسْمِعَكُمْ عَذَابَ الْقَبْرِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جنت البقیع میں تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بلال! جو کچھ میں سن رہا ہوں کیا تمہیں سنائی نہیں دے رہا؟ (حضرت) بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! خدا کی قسم! نہیں مجھے کوئی چیز سنائی نہیں دے رہی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نہیں سن رہے ہو؟ اہل قبور کو عذاب دیا جا رہا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے شعبہ، پھر قتادہ پھر انس کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:
اگر مجھے یہ خدشہ نہ ہوتا کہ تم مردوں کو دفن کرنا ہی چھوڑ دو گے تو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا کہ وہ تمہیں عذاب قبر سنائے۔

119۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، عَنِ الرَّبِیْعِ بْنِ سُلَیْمَانَ الْمُرَادِیِّ، وَبَحْرِ بْنِ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِیِّ، قَالَ الرَّبِیْعُ، حَدَّثَنَا، وَقَالَ بَحْرٌ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَیْدِ بْنِ

حدیث 118:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث:13745

اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، دَخَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَوْعُوْكٌ، عَلَيْهِ قَطِيْفَةٌ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا فَوَجَدَ حَرَارَتَهَا فَوْقَ الْقَطِيْفَةِ، فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: مَا اَشَدَّ حَرَّ حُمَّاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا كَذٰلِكَ يُشَدَّدُ عَلَيْنَا الْبَلَاءُ وَيُضَاعَفُ لَنَا الْاَجْرُ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ اَشَدُّ النَّاسِ بَلَاءً؟ قَالَ: الْاَنْبِيَاءُ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: الْعُلَمَاءُ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ الصَّالِحُوْنَ كَانَ اَحَدُهُمْ يُبْتَلٰى بِالْفَقْرِ حَتّٰى مَا يَجِدُ اِلَّا الْعَبَائَةَ يَلْبَسُهَا، وَيُبْتَلٰى بِالْقُمَّلِ حَتّٰى تَقْتُلَهُ، وَلَا َحَدُهُمْ كَانَ اَشَدَّ فَرَحًا بِالْبَلَاءِ مِنْ اَحَدِكُمْ بِالْعَطَاءِ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ، عَنْ بَحْرٍ فِي الْمُسْنَدِ، وَعَنِ الرَّبِيْعِ فِي الْفَوَائِدِ، وَاَنَا جَمَعْتُ بَيْنَهُمَا،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِهِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، ثُمَّ لَهُ شَوَاهِدُ كَثِيْرَةٌ وَلِحَدِيْثِ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ طُرُقٌ يُتَّبَعُ وَيُذَاكَرُ بِهَا، وَقَدْ تَابَعَ الْعَلَاءَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَاصِمَ ابْنَ بَهْدَلَةَ عَلٰى رِوَايَتِهِ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ

✧✧ حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بخار کی وجہ سے ایک چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے (حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے) ہاتھ رکھا تو کمبل کے اوپر سے حرارت محسوس ہوئی۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ عرض کرنے لگے: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کو تو بہت شدید بخار ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارے اوپر آزمائشیں بھی سخت آتی ہیں اور ہمیں اجر بھی دگنا ملتا ہے (حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے عرض کی) یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سب سے سخت آزمائش کس پر آتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کرام علیہم السلام پر، حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے پوچھا: ان کے بعد؟ فرمایا: علماء پر، انہوں نے پوچھا: ان کے بعد؟ فرمایا: صالحین پر (پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آزمائشوں کی مثال دیتے ہوئے فرمایا) کسی کو فقر میں اس قدر مبتلا کر دیا گیا کہ پہننے کے لئے صرف ایک چادر کے علاوہ ان کے پاس کچھ نہ بچا۔ کسی کو مہلک بیماری میں مبتلا کر دیا گیا حتیٰ کہ وہ اس بیماری میں انتقال کر گیا (اس کے باوجود وہ لوگ آزمائش میں زبان پر شکوہ تک نہیں لاتے تھے بلکہ) تم کسی نعمت کے ملنے پر اتنے خوش نہیں ہوتے ہو جتنی خوشی ان کو آزمائش میں مبتلا ہونے پر ہوتی تھی (کیونکہ دنیوی آزمائشیں اخروی ثواب کا باعث ہوتی ہیں)

✣✣ ابوعباس نے یہ روایت مسند میں بحر کے حوالے سے اور ''الفوائد'' میں ربیع کے حوالے سے نقل کی ہے اور میں نے دونوں کو یہاں پر جمع کر دیا ہے۔ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے کیونکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے (اس سند کے ایک راوی) ہشام بن سعد کی روایات نقل کی ہیں نیز اس حدیث کی شاہد احادیث بہت ہیں اور عاصم بن بھدلہ نے مصعب بن سعد کے ذریعے ان کے باپ کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے اس کی سند ایک دوسرے طریقے سے بھی ہے وہ یہ ہے کہ جس طرح عاصم بن بھدلہ نے مصعب بن سعد سے روایت لی ہے اسی طرح علاء بن مصیب نے بھی مصعب سے یہ روایت لی ہے (علاء کی مصعب سے روایت درج ذیل ہے)

120- اَخْبَرَنِيْهِ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، فِيْمَا قَرَاْتُ عَلَيْهِ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: الْاَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ، فَاِذَا كَانَ الرَّجُلُ صُلْبَ الدِّيْنِ يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰى قَدْرِ دِيْنِهِ، فَمَنْ ثَخُنَ دِيْنُهُ ثَخُنَ بَلَاؤُهُ، وَمَنْ ضَعُفَ دِيْنُهُ ضَعُفَ بَلَاؤُهُ وَهٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَشَاهِدُهُ مَا

✧✧ حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ سب سے سخت آزمائش کس کی ہوتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کرام علیہم السلام کی (ان سے کم، ان سے کم درجہ والوں کی) یونہی درجہ بدرجہ آزمائش ہوتی ہے۔ جب بندہ صاحب ایمان ہوتا ہے تو اس کے دین کے مطابق اس کی آزمائش ہوتی ہے۔ چنانچہ جس کا دین مضبوط ہوگا اس کی آزمائش بھی سخت ہوگی اور جس کا دین کمزور ہوگا اس کی آزمائش بھی ہلکی ہوگی۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

(اس کی شاہد حدیث درج ذیل ہے)

121- اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْرَائِيْلَ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ تَمِيْمٍ الْقَنْطَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، وَاَبَانُ الْعَطَّارُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى الْاَشْيَبُ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْمَحْبُوْبِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ النَّحْوِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوْفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ اَبِيْ غَرْزَةَ،

حدیث: 120

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2398 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4023 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 2783 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1481 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2900 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 7481 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 830 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 215 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 146

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، كُلُّهُمْ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُوْدِ، وَهٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِ شَيْبَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَنْ اَشَدُّ النَّاسِ بَلَاءً؟ قَالَ: النَّبِيُّوْنَ، ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهِ، اِنْ كَانَ صُلْبَ الدِّيْنِ اشْتَدَّ بَلَاؤُهُ، وَاِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهِ رِقَّةٌ ابْتُلِيَ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهِ، فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ عَلَى الْعَبْدِ حَتّٰى يَدَعَهُ يَمْشِي عَلَى الْاَرْضِ لَيْسَ عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ

✧✧ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سب سے کڑا امتحان کس سے لیا جاتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نبیوں سے، پھر ان کے بعد درجہ بدرجہ، انسان کا امتحان اس کے دین کے مطابق لیا جاتا ہے۔ جس کا دین مضبوط ہوگا اس کی آزمائش بھی کڑی ہوگی اور جس کا دین کمزور ہوگا اس کی آزمائش بھی اسی حساب سے کمزور ہوگی اور آزمائشیں انسان کے لئے گناہوں کا کفارہ ہوتی ہیں۔

122- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُطَرِّزُ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ اَجَلُ اَحَدِكُمْ بِاَرْضٍ اَثْبَتَ اللّٰهُ لَهُ اِلَيْهَا حَاجَةً، فَاِذَا بَلَغَ اَقْصٰى اَثَرِهِ فَتَوَفَّاهُ، فَتَقُوْلُ الْاَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: يَا رَبِّ، هٰذَا مَا اسْتَوْدَعْتَنِيْ قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِرُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اٰخِرِهِمْ وَعُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ مُتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَقَدْ عَنْ تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ عَلٰى سَنَدِهِ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندے کی موت جس جگہ لکھی ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ بندے (کے مقدر میں وہاں) کا کوئی ضروری کام لکھ دیتا ہے، جب اپنے ضروری کام سے وہاں جاتا ہے تو اس کی روح قبض کر لی جاتی ہے، چنانچہ قیامت کے دن وہ زمین (بندہ کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کر کے) عرض کرے گی: یا اللہ یہ ہے وہ امانت جو تو نے میرے سپرد کی تھی۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے از اول تا آخر تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور عمر بن علی المقدمی کی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے صحیحین میں روایات نقل کی ہیں اور اسماعیل سے روایت کرنے میں عمر بن علی المقدمی کی محمد بن خالد الوہبی نے بھی اتباع کی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

123- حَدَّثَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ الْعَدْلُ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ نُمَيْرٍ الْمَذْحِجِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَتْ مَنِيَّةُ اَحَدِكُمْ بِاَرْضٍ اُتِيحَ لَهُ الْحَاجَةُ فَيَصْعَدُ اِلَيْهَا فَيَكُوْنُ اَقْصٰى اَثَرِهِ مِنْهُ،

فَیُقْبَضُ فِیهَا، فَتَقُوْلُ الْاَرْضُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ: رَبِّ هٰذَا مَا اسْتَوْدَعْتَنِیْ وَقَدْ اَسْنَدَهُ هُشَیْمٌ، عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ

❖ یہی روایت ہشیم نے بھی اسماعیل بن ابوخالد سے نقل کی ہے (ان کی روایت درج ذیل ہے)

124- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ اَحْمَدُ بْنُ یَعْقُوْبَ الثَّقَفِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَیْمَانَ الْحَضْرَمِیُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبَّانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، عَنْ هُشَیْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِیْلَ، عَنْ قَیْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا کَانَ اَجَلُ اَحَدِکُمْ بِاَرْضٍ جُعِلَتْ لَهُ اِلَیْهَا حَاجَةٌ، فَیُوَفِّیْهِ اللّٰهُ بِهَا فَتَقُوْلُ الْاَرْضُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ: رَبِّ هٰذَا مَا اسْتَوْدَعْتَنِیْ فَقَدْ اَسْنَدَ هٰذَا الْحَدِیْثَ ثَلَاثَةٌ مِّنَ الثِّقَاتِ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ، وَوَافَقَهُ عَنْهُ سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ، فَنَحْنُ عَلٰی مَا شَرَطْنَا فِیْ اِخْرَاجِ الزِّیَادَةِ مِنَ الثِّقَةِ فِی الْوَصْلِ وَالسَّنَدِ، ثُمَّ لِهٰذَا الْحَدِیْثِ شَوَاهِدُ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ فَمِنْهَا مَا

❖ مذکورہ تینوں سندوں میں ثقہ راویوں کے ذریعے اسماعیل سے روایت نقل کی گئی ہے اور اس روایت میں سفیان بن عیینہ نے بھی اسماعیل کی موافقت کی ہے اور ہم اپنی اس شرط پر قائم ہیں کہ ''سند'' اور ''اصل'' کے سلسلے میں ثقہ راوی کا اضافہ ہم نقل کریں گے۔ پھر اس حدیث کی کئی شاہد احادیث بھی موجود ہیں جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کی ہیں۔ (ان شاہد احادیث میں سے ایک یہ درج ذیل ہے)

125- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، حَدَّثَنَا قَبِیْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، وَاَخْبَرَنِیْ بُکَیْرُ بْنُ الْحَدَّادِ الصُّوْفِیُّ، بِمَکَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَیْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ مَّطَرِ بْنِ عُکَامِسَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا قَضَی اللّٰهُ لِرَجُلٍ مَوْتًا بِبَلْدَةٍ جَعَلَ لَهُ بِهَا حَاجَةً

❖ حضرت مطر بن عکامس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ بندے کی موت جس مقام پر لکھتا ہے، اس کی کوئی حاجت اس مقام سے منسلک کر دیتا ہے۔

126- وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ قَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّیَّارِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰی بْنِ حَاتِمٍ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِیْقٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ مَّطَرِ بْنِ عُکَامِسٍ الْعَبْدِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا جَعَلَ اللّٰهُ اَجَلَ رَجُلٍ بِاَرْضٍ اِلَّا جُعِلَتْ لَهُ فِیْهَا حَاجَةٌ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، فَقَدِ اتَّفَقَا جَمِیْعًا عَلٰی اِخْرَاجِ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ لَیْسَ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ اِلَّا رَاوٍ وَّاحِدٍ، وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ مِنْ رِوَایَةِ الثِّقَاتِ

❖ اس مذکورہ سند کیمراہ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ایسے متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روایات نقل کی ہیں جن کا صرف ایک ایک راوی ہی ہے اور ثقہ راویوں کی روایت کے ساتھ اس کی درج ذیل شاہد حدیث بھی ہے۔

127۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَحَدَّثَنِيْ بَكْرُ بْنُ الْحَدَّادِ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ، عَنْ اَبِيْ عَزَّةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهُ اِلَيْهَا حَاجَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّرُوَاتُهُ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ، وَسَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوْبَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُوْلُ: اسْمُ اَبِيْ عَزَّةَ يَسَارِ بْنِ عَبْدٍ لَّهُ صُحْبَةٌ وَّاَمَّا اَبُو الْمَلِيْحِ فَاِنِّيْ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ عُمَرَ الْحَافِظَ، يَقُوْلُ: يَلْزَمُ الْبُخَارِيَّ وَمُسْلِمًا اِخْرَاجُ حَدِيْثِ اَبِي الْمَلِيْحِ، عَنْ اَبِيْ عَزَّةَ فَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِحَدِيْثِ اَبِي الْمَلِيْحِ، عَنْ بُرَيْدَةَ، وَحَدِيْثُ اَبِيْ عَزَّةَ رَوَاهُ جَمَاعَةٌ مِّنَ الثِّقَاتِ الْحُفَّاظِ

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔ابوعزہ کا نام ''یسار بن عبد'' ہے اور یہ صحابی رسول ہیں اور ''ابوالملیح'' کے متعلق علی بن عمر الحافظ کا کہنا ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کو ابوالملیح کی ابوعزہ کے حوالے سے روایات نقل کرنی چاہئے تھیں کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ابوالملیح کی بریدہ کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔ثقہ اور حفاظ الحدیث راویوں کی ایک تعداد ہے جنہوں نے ابوعزہ کی حدیث نقل کی ہے۔

128۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَحَدَّثَنِيْ اَبُو

حدیث 128:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 4790 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1964 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 9107 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحدیث: 129 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحدیث: 130 اخرجه ابوعبدالله النیسابوری فی "المستدرک" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء' رقم الحدیث: 132 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 6007 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 6008 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 166 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بیروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحدیث: 133 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه' بیروت' لبنان' 1409ھ/1989ء' رقم الحدیث: 418

الطَّيِّبِ طَاهِرُ بْنُ يَحْيَى الْبَيْهَقِيُّ بِهَا مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا خَالِي الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَنَابِ الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ، وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيمٌ تَابَعَهُ ابْنُ شِهَابٍ عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ نَافِعٍ الْحَنَّاطُ، وَيَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ فِي اِقَامَتِهِ هٰذَا الْاِسْنَادِ فَاَمَّا حَدِيْثُ اَبِي شِهَابٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن بھولا بھالا اور شریف النفس ہوتا ہے جبکہ کافر مکار اور کمینہ ہوتا ہے۔

✤✤ اس سند کو ابوشہاب عبدربہ بن نافع الحناط اور یحییٰ بن ضریس نے بھی ثوری سے ہی ثابت رکھا ہے (ابوشہاب کی حدیث درج ذیل ہے)

129- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ يَعْقُوْبُ بْنُ يُوْسُفَ الْمُطَّوِعِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُبَارَكِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ، وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيمٌ وَّاَمَّا حَدِيْثُ يَحْيَى بْنِ الضُّرَيْسِ فَدُوْنَهُ مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثُ وَصَلَهُ الْمُتَقَدِّمُوْنَ مِنْ اَصْحَابِ الثَّوْرِيِّ، وَاَفْسَدَهُ الْمُتَاَخِّرُوْنَ عَنْهُ، وَاَمَّا الْحَجَّاجُ بْنُ فُرَافِصَةَ فَاِنَّ الْاِمَامَيْنِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لٰكِنِّي سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوْبَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُوْلُ: الْحَجَّاجُ بْنُ فُرَافِصَةَ لَا بَاْسَ بِهِ، وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي حَاتِمٍ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُوْلُ: حَجَّاجُ بْنُ فُرَافِصَةَ شَيْخٌ صَالِحٌ مُّتَعَبِّدٌ وَّلَهُ شَاهِدٌ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اَقَامَ اِسْنَادَهُ

مذکورہ سند کے ہمراہ بھی سابقہ حدیث منقول ہے۔

✤✤ جبکہ یحییٰ بن الضریس کی حدیث میں ان سے نیچے راوی محمد بن حمید ہیں، اس حدیث کو سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کے متقدمین اصحاب نے قائم رکھا ہے جبکہ بعد میں آنے والوں نے اس کو فاسد قرار دیا ہے (اس سند میں ایک راوی) حجاج بن فرافصہ کی روایات شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کی ہیں لیکن میں نے ابوالعباس محمد بن یعقوب سے عباس بن محمد الدوری کے حوالے سے یحییٰ بن معین کا یہ بیان سنا ہے کہ حجاج بن فرافصہ کی روایات نقل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور عبدالرحمٰن بن ابی حاتم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ حجاج بن فرافصہ نیک، صالح اور عبادت گزار شخص تھے اور یحییٰ بن کثیر کے حوالے سے اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو اس کی سند کو مزید تقویت دیتی ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

130- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ، وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيْمٌ

مذکورہ سند کے ہمراہ بھی سابقہ حدیث منقول ہے۔

131۔ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدِ بْنَ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ اَبِىْ عُثْمَانَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْإِمَامَ اَبَا بَكْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ يُوْسُفَ السُّلَمِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّزَّاقِ، يَقُوْلُ: كُنْتُ بِمَكَّةَ فَكَلَّمَنِىْ وَكِيْعُ بْنُ الْجَرَّاحِ اَنْ اَقْرَاَ عَلَيْهِ وَعَلٰى ابْنِهٖ كِتَابَ الْوَصَايَا، فَقُلْتُ: اِذَا صِرْتُ حَدَّثْتُ، فَلَمَّا صِرْتُ بِمِنًى حَمَلْتُ كِتَابِىْ فَحَدَّثْتُهٗ، ثُمَّ ذَهَبْتُ اِلٰى مَكَّةَ لِلزِّيَارَةِ فَلَقِيَنِىْ اَبُوْ اُسَامَةَ، فَقَالَ لِىْ: يَا يَمَانِىُّ خَدَعَكَ ذَاكَ الْغُلَامُ الرُّوَاسِىُّ، فَقُلْتُ: مَا خَدَعَنِىْ؟ قَالَ: حَمَلْتَ اِلَيْهِ كِتَابَكَ فَحَدَّثْتَهٗ، فَقُلْتُ: لَيْسَ بِعَجَبٍ اَنْ يَّخْدَعَنِىْ، حَدَّثَنِىْ بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ، وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيْمٌ، قَالَ: فَاَخْرَجَ الْوَاحِدَ، فَقَالَ: اَمْلِ عَلَيَّ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا اُمْلِيْهِ عَلَيْكَ، فَذَهَبَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ عِيْسٰى، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيٰى، يَقُوْلُ: اَبُو الْاَسْبَاطِ الْحَارِثِىُّ هُوَ بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ الْحَاكِمُ: بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ اِنَّمَا ذَكَرْتُهٗ شَاهِدًا وَقَدْ اَلَانَ مَشَايِخُنَا الْقَوْلَ فِيْهِ وَقَدْ وَجَدْتُّ لَهٗ شَاهِدًا اٰخَرَ مِنْ حَدِيْثِ خَارِجَةَ

✧✧ حضرت عبدالرزاق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں مکۃ المکرمہ میں تھا، وہاں پر وکیع بن جراح نے مجھے کہا کہ میں اور میرا بیٹا آپ سے کتاب الوصایا کی احادیث سننا چاہتے ہیں۔ میں نے کہا کہ جب میں منیٰ میں پہنچوں گا تو سنا دوں گا۔ پھر جب میں منیٰ میں پہنچا تو میں نے اپنی کتاب نکالی اور (ان کی مطلوبہ) احادیث ان کو سنا دیں۔ پھر جب میں منیٰ سے مکہ میں آیا تو وہاں پر میری ملاقات ابواسامہ سے ہوئی تو انہوں نے کہا: اے یمانی! تجھے اس غلام نے دھوکہ دیا ہے، میں نے کہا: نہیں، اس نے مجھے کوئی دھوکہ نہیں دیا۔ اس نے کہا: یہی کہ دھوکے سے تمہاری احادیث املاء کر لی ہیں۔ انہوں نے کہا: اس کے دھوکے میں تعجب کی بات کیا ہے؟ بشر بن رافع نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''مومن بھولا بھالا شریف النفس ہوتا ہے اور کافر مکار اور کمینہ ہوتا ہے'' سنایا، جس کی سند یحیی ابن ابی کثیر اور ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے ہوتی ہوئی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے (عبدالرزاق کہتے ہیں) اس نے میری کتاب میں سے ایک حدیث ڈھونڈ کر نکالی اور مجھے کہنے لگا: یہ مجھے املاء کرا دو، میں نے کہا: خدا کی قسم! میں تجھے یہ املاء نہیں کراؤں گا، تو وہ چلا گیا۔ میں نے علی بن عیسیٰ سے حسین بن محمد بن زیاد کے حوالے سے محمد بن یحییٰ کا یہ بیان سنا ہے کہ ابوالاسباط حارثی، بشر بن رافع (ہی کو کہا جاتا) ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: بشر بن رافع کو شاہد کے طور پر ذکر تو کیا ہے لیکن میرے بعض اساتذہ اس کے متعلق کچھ تحفظات رکھتے ہیں۔

اس کی ایک اور شاہد حدیث خارجہ کی سند سے مجھے مل گئی ہے (وہ درج ذیل ہے)

132۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا خَارِجَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِى الْاَسْبَاطِ الْحَارِثِيِّ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ، وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيْمٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ تَدَاوَلَهُ الْاَئِمَّةُ بِالرِّوَايَةِ وَاَقَامَ بَعْضُ الرُّوَاةِ اِسْنَادَهُ، اَمَا الشَّيْخَانِ فَاِنَّهُمَا لَمْ يَحْتَجَّا بِالْحَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ وَلَا بِبِشْرِ بْنِ رَافِعٍ

❖❖ اس روایت کوائمہ حدیث عموماً بیان کرتے ہیں اوربعض راویوں نے اس کی سند کو قائم کیا ہے، البتہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اورامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حجاج بن فرافصہ اوربشر بن رافع کی روایات درج نہیں کی ہیں۔

133۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا وَلَقَبُهُ حَمْدَانُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَيْرِ حَقِّهَا لَمْ يَجِدْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَاِنَّ رَائِحَتَهَا تُوْجَدُ مِنْ مَّسِيْرَةِ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ وَجَدْنَا لِحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ شَاهِدًا فِيْهِ

❖ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جوشخص کسی مسلمان کوناحق قتل کرے (وہ جنت تو کیا) جنت کی خوشبوبھی نہیں سونگھ سکے گاباوجودیکہ جنت کی خوشبوپانچ سوسال کی مسافت سے سونگھی جاسکتی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔البتہ ہمیں حماد بن سلمہ کی اس حدیث کی شاہد حدیث ملی ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

134۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدُوْنَ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ يَعْقُوْبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقُلُوْسِيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيْكُ بْنُ الْخَطَّابِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَيْرِ حَقِّهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ اَنْ يَّشُمَّ رِيْحَهَا، وَرِيْحُهَا يُوْجَدُ مِنْ مَّسِيْرَةِ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ وَّاَمَّا قَوْلُ مَنْ قَالَ: يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ

❖❖ اس حدیث کی ایک سند میں یونس بن عبید کے بعد حسن کی بجائے حکم بن اعرج کا نام ہے (جیسا کہ درج ذیل حدیث کی سند سے ظاہر ہے)

135۔ فَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ ثُرْمُلَةَ، عَنْ اَبِىْ

حدیث 133:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 431 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث:2923 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث:8744

بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَيْرِ حَقِّهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، قَالَ الْحَاكِمُ: قَدْ كَانَ شَيْخُنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحَافِظُ يَحْكُمُ بِحَدِيْثِ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، وَالَّذِيْ يَسْكُنُ اِلَيْهِ الْقَلْبُ اَنَّ هٰذَا اِسْنَادٌ وَّذَاكَ اِسْنَادٌ اٰخَرُ، لَا يُعَلِّلُ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ، فَاِنَّ حَمَّادَ بْنَ سَلَمَةَ اِمَامٌ وَّقَدْ تَابَعَهُ عَلَيْهِ اَيْضًا شَرِيْكُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ شَيْخٌ ثِقَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْاَهْوَازِ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ کہتے ہیں: جس حدیث کی سند یونس بن عبید کے بعد حکم بن اعرج سے ملتی ہے، اس کے متعلق ہمارے استاد ابوعلی الحافظ یہ تسلی بخش فیصلہ فرماتے تھے کہ یہ دونوں الگ الگ سندیں ہیں اور کسی ایک کی وجہ سے دوسری کو ''معلل'' قرار نہیں دیا جاسکتا کیونکہ حماد بن سلمہ خود امام فی الحدیث ہیں اور شریک بن خطاب ان کے متابع بھی ہیں اور یہ ثقہ شیخ الحدیث ہیں ان کا تعلق اہواز کے علاقہ سے تھا۔ (واللہ اعلم)

136۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، وَاَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَخْلَدٍ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ الضُّبَعِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ بَطِلٌ يَدْخُلُ عَلَى الْاُمَرَاءِ فَيُضْحِكُهُمْ، فَقَالَ لَهُ جَدِّيْ: وَيْحَكَ يَا فُلَانُ، لِمَ تَدْخُلُ عَلٰى هٰؤُلَاءِ وَتُضْحِكُهُمْ، فَاِنِّيْ سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ، مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَيَرْضَى اللّٰهُ بِهَا عَنْهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَاِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ مَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَيَسْخَطُ اللّٰهُ بِهَا اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ

❖❖ حضرت عمرو بن علقمہ رضی اللہ عنہ اپنے دادا علقمہ بن وقاص کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص امراء کی محفلوں میں جا کر لطیفے سنا کر انہیں ہنسایا کرتا تھا (عمرو بن علقمہ کہتے ہیں) میرے دادا نے اس کو سمجھایا اور امراء کی محفلوں میں جا کر لطیفے سنانے سے منع کیا (اور فرمایا) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے صحابی حضرت بلال بن حارث المزنی سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے کہ ''بندہ کبھی صرف ایک بات اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر بولتا ہے، اس کو یہ گمان بھی نہیں ہوتا کہ یہ بات چلتے چلاتے کہاں تک پہنچ جائے گی اور اس کی صرف یہی ایک بات قیامت تک کے لئے رضائے الٰہی کا ذریعہ بن جاتی ہے اور کبھی بندہ صرف ایک بات ایسی

حدیث 136:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 281 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی دارعمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحدیث: 657 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 1129 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 1130 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 1135 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه مکتبه المتنبی بیروت قاهره رقم الحدیث: 911 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 4550

بولتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب ہوتی ہے اور اس کو یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ بات (کتنی زبانوں سے ہوتی ہوئی) کہاں تک پہنچے گی (جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے) کہ وہی ایک بات اس کے لئے قیامت میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب بن جاتی ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن عمرو کی روایت لی ہے اور اس کی سند کو جس طرح میں نے سند عالی کے طور پر ذکر کیا ہے اسی طرح سعید بن عامر نے بھی محمد بن عمرو کے حوالے سے اس کی سند بیان کی ہے۔ اس حدیث کو سفیان ثوری، اسماعیل بن جعفر، عبدالعزیز دراوردی، محمد بن بشر العبدی اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے روایت کیا ہے۔ سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔

137- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّىْ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اَعْيَنَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يَدْرِىْ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ، فَيُكْتَبُ اللّٰهُ لَهٗ سَخَطَهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَا يَدْرِىْ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ، فَيُكْتَبُ اللّٰهُ لَهٗ رِضَاهُ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ

وَاَمَّا حَدِيْثُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ جَعْفَرٍ

اسماعیل بن جعفر کی حدیث یہ ہے:

138- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِيِّ، اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ، وَمَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَيُكْتَبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا رِضْوَانَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ، وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ، وَمَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْهِ سَخَطَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَاَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ فَقَدْ اَخْرَجَهٗ مُسْلِمٌ

عبدالعزیز بن محمد کی حدیث درج ذیل ہے، اس کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی نقل کیا ہے۔

139- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ، حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ، اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ، وَمَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَيُكْتَبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا رِضْوَانَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ، وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ، وَمَا يَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ يَكْتُبُ اللّٰهُ بِهَا سَخَطَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَاَمَّا حَدِيْثُ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ

محمد بن بشر کی حدیث یہ ہے، (اس کے آخر میں حدیث نبوی کے بعد حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ کا تھوڑا تبصرہ بھی ہے)

140- فَحَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ عِیْسٰی، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، عَنْ اَبِیْهِ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، قَالَ: مَرَّ بِهٖ رَجُلٌ لَّهٗ شَرَفٌ وَّهُوَ بِسُوقِ الْمَدِیْنَةِ فَسَلَّمَ عَلَیْهِ، فَقَالَ لَهٗ عَلْقَمَةُ: یَا فُلَانُ، اِنَّ لَكَ رَحِمًا وَلَكَ حَقًّا، وَاِنِّیْ رَاَیْتُكَ تَدْخُلُ عَلٰی هٰؤُلَاءِ الْاُمَرَاءِ فَتَتَكَلَّمُ عِنْدَهُمْ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ تَتَكَلَّمَ، وَاِنِّیْ سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِیَّ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَحَدَكُمْ لَیَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ، مَا یَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَیُكْتَبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا رِضْوَانَهٗ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَاهُ، وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَیَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ، مَا یَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَیُكْتَبُ اللّٰهُ عَلَیْهِ بِهَا سَخَطَهٗ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَاهُ، قَالَ عَلْقَمَةُ: وَیْحَكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَقُوْلُ وَمَاذَا تَتَكَلَّمُ بِهٖ؟ فَرُبَّ كَلَامٍ مَنَعَنِیْ مَا سَمِعْتُهٗ مِنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ قَصَرَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ بِرِوَایَةِ هٰذَا الْحَدِیْثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو وَلَمْ یَذْكُرْ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ

❖❖ یہ روایت مالک بن انس رضی اللہ عنہ سے بھی منقول ہے لیکن اس کی سند میں محمد بن عمرو کے بعد علقمہ بن وقاص کا ذکر نہیں ہے (حدیث درج ذیل ہے)

141- اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِیْسَی الْقَاضِیْ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْعَنَزِیُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ، فِیْمَا قُرِءَ عَلٰی مَالِكٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ زِیَادٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ اُوَیْسٍ، حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَیَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ، مَا كَانَ یَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَیُكْتَبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا رِضْوَانَهٗ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَاهُ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَیَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ، مَا كَانَ یَظُنُّ اَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ فَیُكْتَبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا سَخَطَهٗ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَاهُ، قَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا لَا یُوْهِنُ الْاِجْمَاعَ الَّذِیْ قَدَّمْنَا ذِكْرَهٗ بَلْ یَزِیْدُنَا تَاْكِیْدًا بِمُتَابِعٍ مِثْلِ مَالِكٍ، اِلَّا اَنَّ الْقَوْلَ فِیْهِ مَا قَالُوْهُ بِالزِّیَادَةِ فِیْ اِقَامَةِ اِسْنَادِهٖ

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: مالک بن انس رضی اللہ عنہ کی سند میں علقمہ بن وقاص کا ذکر نہ ہونا گزشتہ حدیث کی روایت پر اجماع کے لئے نقصان دہ نہیں ہے بلکہ اس سے تو اس روایت کی مزید تاکید ہوتی ہے کہ اس حدیث کی متابعت مالک بن انس رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر محدث سے بھی موجود ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہاں پر یہی کیا جاسکتا ہے کہ (دیگر کی سند میں) زیادتی ہے (جو مالک کی روایت میں نہیں ہے)

142- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْفَقِیْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ الْوَاسِطِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَا: حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ حَكِیْمٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، قَالَ: سَمِعْتُ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

يَقُوْلُ: وَيْلٌ لِّلَّذِیْ يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ وَيُضْحِكُ بِهِ الْقَوْمَ وَيْلٌ لَّهُ وَيْلٌ لَّهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ رَوَاهُ سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ، الْحَمَّادَانِ، وَعَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، وَاِسْرَائِيْلُ بْنُ يُوْنُسَ، وَغَيْرُهُمْ مِنَ الْاَئِمَّةِ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ وَّلا اَعْلَمُ خِلافًا بَيْنَ اَكْثَرِ اَئِمَّةِ اَهْلِ النَّقْلِ فِیْ عَدَالَةِ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، وَاَنَّهُ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ، وَقَدْ ذَكَرَهُ الْبُخَارِیُّ فِی الْجَامِعِ الصَّحِيْحِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ شَاهِدٌ لِّحَدِيْثِ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُزَنِیِّ الَّذِیْ قَدَّمْنَا ذِكْرَهُ وَقَدْ رَوٰی سَعِيْدُ بْنُ اِيَاسٍ الْجُرَيْرِیُّ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، وَرَوٰی عَنْ اَبِی التَّيَّاحِ الضُّبَعِیِّ، عَنْ مُّعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ

✧✧ حضرت بہز بن حکیم رضی اللہ عنہ اپنے پردادا کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اس شخص کے لئے ہلاکت ہے جو جھوٹ بول بول کر لوگوں کو ہنساتا ہے، ہلاکت ہے ایسے شخص کیلئے، ہلاکت ہے۔

✧✧ اس حدیث کو سفیان بن سعید، عبدالوارث بن سعید، اسرائیل بن یونس اور دیگر ائمہ حدیث نے بہز بن حکیم کے حوالے سے روایت کیا ہے اور اکثر اہل نقل آئمہ کرام بہز بن حکیم کی عدالت پر متفق ہیں اور ان کی احادیث کو جمع کیا گیا ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''جامع صحیح'' (بخاری شریف) میں اس کا ذکر کیا ہے اور یہ حدیث بلال بن حارث المزنی کی اس حدیث کی شاہد ہے جس کا ذکر ہم نے ابھی کیا ہے اور سعید بن ایاس جریری نے حکیم بن معاویہ سے اور ابوالتیاح الضبعی نے معاویہ بن حیدہ سے روایت کی ہے۔

143- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، وَاَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِیُّ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، سَمِعْتُ فُلَانًا يَذْكُرُ وَيُثْنِیْ خَيْرًا، زَعَمَ اَنَّكَ اَعْطَيْتَهُ دِيْنَارَيْنِ، قَالَ: لٰكِنْ فُلَانٌ مَّا يَقُوْلُ ذٰلِكَ، وَلَقَدْ اَصَابَ

حدیث 142:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4990 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2315 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 2702 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20035 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20058 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20067 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20085 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 11126 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 11655 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 951 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 952

مِنِّيْ مَا بَيْنَ مِائَةٍ اِلٰى عَشَرَةٍ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَخْرُجُ مِنْ عِنْدِيْ بِمَسْاَلَتِهٖ مُتَاَبِّطُهَا، قَالَ اَحْمَدُ: اَوْ نَحْوَهُ وَمَا هِيَ اِلَّا نَارٌ، قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَلِمَ تُعْطِيْهِمْ ؟ قَالَ: مَا اَصْنَعُ ؟ يَسْاَلُوْنِيْ وَيَاْبَى اللّٰهُ لِيَ الْبُخْلَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بِشْرٍ الرَّقِّيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ

✧✧ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ایک شخص کے بارے میں سنا ہے کہ وہ آپ کی بہت تعریف کرتا ہے، اس کا گمان ہے کہ آپ نے اسے دو دینار عطا فرمائے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً ارشاد فرمایا: لیکن فلاں شخص تو ایسی باتیں نہیں کرتا حالانکہ میں نے اس کو ۱۰۰ دینار دیئے ہیں۔ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (کبھی ایسا ہوتا ہے) ایک شخص میرے پاس سے (تحائف) بغل میں دبائے نکلتا ہے حالانکہ (میرے یہ تحائف کوئی جنتی ہونے کی علامت نہیں ہے بلکہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ) وہ جہنمی ہے۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! پھر آپ ایسے شخص کو کوئی چیز کیوں دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کیا کروں؟ لوگ مجھ سے مانگ لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے مجھے سائل کو خالی لوٹانے سے منع فرمایا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن انہوں نے اس انداز میں اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کو عبداللہ بن بشر الرقی نے اعمش پھر ابوسفیان پھر جابر کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

(حدیث درج ذیل ہے)

144۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّيْ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَبَّانِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: دَخَلَ رَجُلَانِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَاهُ فِيْ شَيْءٍ فَدَعَا لَهُمَا بِدِيْنَارَيْنِ فَاِذَا هُمَا يُثْنِيَانِ خَيْرًا، فَقَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلٰكِنْ فُلَانٌ مَّا يَقُوْلُ ذٰلِكَ، وَلَقَدْ اَعْطَيْتُهُ مَا بَيْنَ عَشْرَةٍ اِلٰى مِائَةٍ فَمَا يَقُوْلُ ذٰلِكَ، فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَخْرُجُ بِصَدَقَةٍ مِّنْ عِنْدِيْ مُتَاَبِّطُهَا وَاِنَّمَا هِيَ لَهُ نَارٌ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ تُعْطِيْهِ وَقَدْ عَلِمْتَ اَنَّهُ لَهُ نَارٌ ؟ قَالَ: فَمَا اَصْنَعُ ؟ يَاْبَوْنَ اِلَّا اَنْ يَّسْاَلُوْنِيْ وَيَاْبَى اللّٰهُ لِيَ الْبُخْلَ

اَمَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيُّ فَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ خَرَّجَ مُسْلِمٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرٍ الرَّقِّيِّ اِلَّا اَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ لَيْسَ بِعِلَّةٍ لِحَدِيْثِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ فَاِنَّهُ شَاهِدٌ لَّهُ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے معتمر بن سلیمان الرقی کی روایات نقل نہیں کی ہیں۔ البتہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن بشر الرقی کی روایت نقل کی ہے بہرطور اس حدیث کو اعمش کی ابوصالح سے روایت کردہ حدیث کے لئے علت قرار نہیں دیا جاسکتا۔ بلکہ اس حدیث کے لئے ایک دوسری سند کے ساتھ شاہد حدیث موجود ہے۔

145۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمًا، يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يَّكُوْنَ لَعَّانًا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کو لعن طعن کرنے والا نہیں ہونا چاہئے۔

146۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْبَغِيْ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّكُوْنَ لَعَّانًا، قَالَ سَالِمٌ: وَمَا سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ لَعَنَ شَيْئًا قَطُّ

هٰذَا حَدِيْثٌ اَسْنَدَهُ جَمَاعَةٌ مِّنَ الْاَئِمَّةِ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ، ثُمَّ اَوْقَفَهُ عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَّحْدَهُ، فَاَمَّا الشَّيْخَانِ فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ وَّهُوَ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مِنْ اَسْلَمَ كُنْيَتُهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ لَا اَعْرِفُهُ يُجْرَحُ فِي الرِّوَايَةِ، وَاِنَّمَا تَرَكَاهُ لِقِلَّةِ حَدِيْثِهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَوَاهِدُ بِاَلْفَاظٍ مُخْتَلِفَةٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَاَبِي الدَّرْدَاءِ، وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ يَصِحُّ بِمِثْلِهَا الْحَدِيْثُ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

فأما حديث أبي هريرة :

✧✧ حضرت سالم، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مسلمان کے لئے نامناسب ہے کہ وہ لعن کرے۔ حضرت سالم فرماتے ہیں: میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو کبھی بھی کسی چیز پر لعن کرتے نہیں سنا۔

❖ اس حدیث کو ائمہ حدیث کی ایک جماعت نے کثیر بن زید سے روایت کیا ہے البتہ حماد بن زید نے اس کو ان سے موقوف رکھا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ روایت کثیر بن زید کے حوالے سے نقل نہیں کی ہے اور یہ مدینہ کے ایک قبیلہ اسلم سے تعلق رکھنے والے ایک بزرگ شخص ہیں، ان کی کنیت ''ابومحمد'' ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میری نظر سے نہیں گزرا کہ روایت کے حوالے سے ان پر کسی نے جرح کی ہو اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے ان کو نظر انداز کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ان کی روایات کی تعداد بہت کم ہے۔ (واللہ اعلم) اس حدیث کے مختلف الفاظ میں شواہد موجود ہیں جو کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ اور حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے منقول ہیں اور اس جیسی احادیث کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر صحیح قرار دیا جاتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت یہ ہے۔

147۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَصَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيْبٍ الْحَافِظُ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْتَمِعُ اَنْ تَكُوْنُوْا لَعَّانِيْنَ صِدِّيْقِيْنَ تَابَعَهُ اِسْرَائِيْلُ بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ نہیں ہوسکتا کہ تم لعن کرنے والے بھی ہو

اورایک دوسرے کے دوست بھی ہو۔

❖❖ اسی حدیث کوابو حصین سے اسرائیل بن یونس نے بھی روایت کیا ہے۔(حدیث درج ذیل ہے)

148۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِي السَّدُوسِي، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ اَبِيْ حَصِينٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لا يَجْتَمِعُ اَنْ تَكُوْنُوْا لَعَّانِيْنَ صِدِّيقِيْنَ "

وأما حديث أبي الدرداء:

ابوالدرداء سے منقول حدیث یہ ہے:

149۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَاَبِي حَازِمٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لا يَكُوْنُ اللَّعَّانُونَ شُهَدَاءَ وَلَا شُفَعَاءَ وَقَدْ خَرَّجَهُ مُسْلِمٌ بِهٰذَا اللَّفْظِ

وأما حديث سمره بن جندب:

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لعن کرنے والے نہ گواہ ہوسکتے ہیں اور نہ سفارشی۔

❖❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان الفاظ کے ساتھ حدیث نقل کی ہے۔اور سمرہ بن جندب کی روایت کردہ حدیث یہ ہے۔

150۔ فَحَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا

حدیث **149**:

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان الفاظ کے ہمراہ اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زہری کی وہ حدیث روایت کی ہے جس کی سند حمید بن عبدالرحمن کے ذریعے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور سلیمان التیمی کی وہ حدیث بھی روایت کی ہے جس کی سند ابوعثمان سے ہوتی ہوئی سلمان تک پہنچتی ہے پھر اس کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالملک بن سلیمان کے حوالے سے بھی نقل کیا ہے، جس کی سند عطاء بن ابی اباح کے ذریعے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور یہ حدیث گزشتہ دونوں حدیثوں سے زیادہ جامع ہے۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث عوف کی طرز پر بھی موجود ہے۔

(جو کہ درج ذیل ہے)

186۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَبِيْ زَيْنَبَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ مِئَةَ رَحْمَةٍ كُلُّ رَحْمَةٍ طِبَاقُهَا

طِبَاقُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، فَقَسَمَ رَحْمَةً بَيْنَ جَمِيْعِ الْخَلَائِقِ وَاَخَّرَ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ رَحْمَةً لِنَفْسِهِ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ رَدَّ هٰذِهِ الرَّحْمَةَ فَصَارَ مِئَةَ رَحْمَةٍ يَّرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ مُفَسَّرٌ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس دن اللہ تعالیٰ نے زمین اور آسمان پیدا کئے، اس دن رحمت کے سو حصے پیدا فرمائے۔ ہر حصہ رحمت کی وسعت زمین وآسمان کے برابر ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ایک رحمت مخلوقات میں تقسیم کردی اور ننانوے رحمتیں اپنے پاس رکھیں، قیامت کے دن یہ ایک رحمت بھی ننانوے رحمتوں کے ساتھ ملا کر سو پوری کرے گا پھر یہ پوری ۱۰۰ رحمتیں اپنے خاص بندوں کو عطا فرمائے گا۔

❖•❖ اس کی ایک اور شاہد حدیث بھی ہے جو کہ جندب بن عبداللہ سے منقول ہے۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

187 - حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنِي الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَسْرِيِّ، حَدَّثَنَا جُنْدُبٌ، قَالَ: جَآءَ اَعْرَابِيٌّ فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهُ، ثُمَّ عَقَلَهَا، فَصَلّٰى خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا سَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰى رَاحِلَتَهُ فَاَطْلَقَ عِقَالَهَا، ثُمَّ رَكِبَهَا، ثُمَّ نَادٰى: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ وَمُحَمَّدًا وَلَا تُشْرِكْ فِيْ رَحْمَتِنَا اَحَدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَقُوْلُوْنَ اَهُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهُ؟ اَلَمْ تَسْمَعُوْا مَا قَالَ؟ قَالُوْا: بَلٰى، فَقَالَ: لَقَدْ حَظَّرَ رَحْمَةً وَّاسِعَةً، اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ مِئَةَ رَحْمَةٍ، فَاَنْزَلَ رَحْمَةً تَعَاطَفَ بِهَا الْخَلَائِقُ جِنُّهَا وَاِنْسُهَا وَبَهَائِمُهَا، وَعِنْدَهُ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ، تَقُوْلُوْنَ اَهُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيْرُهُ؟

✧✧ حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک دیہاتی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا، اپنا اونٹ بٹھایا اور اس کو باندھ دیا پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا تو اس دیہاتی نے اپنا اونٹ کھولا اور اس پر سوار ہو گیا اور یوں پکارنے لگا: یا اللہ میرے اوپر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور ہمارے حصے کی رحمت میں کسی اور کو شامل نہ کر۔ اس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے؟ یہ ناسمجھ ہے یا اس سے زیادہ اس کا اونٹ ناسمجھ ہے؟ تم نے سنا نہیں یہ کیا کہہ رہا ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے اللہ تعالیٰ کی وسیع رحمت کو محدود سمجھا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سو رحمتیں پیدا فرمائی ہیں، ان میں سے صرف ایک رحمت کی وسعت یہ ہے کہ جنات، انسان، جانور اور تمام مخلوقات کو اسی رحمت سے حصہ ملا ہے جس کی بناء پر یہ ایک دوسرے پر مہربانی کرتے ہیں جبکہ اس کی رحمت 99% اللہ تعالیٰ کے پاس موجود ہیں۔ (اب بتاؤ) یہ ناسمجھ ہے یا جانور؟

188 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، وَعَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَفَعَهُ اَحَدُهُمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ جِبْرَائِيْلَ كَانَ يَدُسُّ فِيْ فَمِ فِرْعَوْنَ الطِّيْنَ مَخَافَةَ اَنْ يَّقُوْلَ لَا اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام، فرعون کے منہ میں مٹی ٹھونس دیا کرتے تھے کہ یہ کہیں "لا الٰه الا الله" نہ پڑھ لے۔

189۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِيْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، وَعَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ ذَكَرَ اَنَّ جِبْرَئِيْلَ جَعَلَ يَدُسُّ فِيْ فَمِ فِرْعَوْنَ الطِّيْنَ خَشْيَةَ اَنْ يَّقُوْلَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ، اَوْ قَالَ: خَشْيَةَ اَنْ يَّرْحَمَهُ اللّٰهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ اس مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

190۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ فِيْ بَعْضِ صَلَاتِهٖ: اللّٰهُمَّ حَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا فَلَمَّا انْصَرَفَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا الْحِسَابُ، قَالَ: يُنْظَرُ فِيْ كِتَابِهٖ وَيُتَجَاوَزُ عَنْهُ، اِنَّهُ مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ يَوْمَئِذٍ يَّا عَائِشَةُ هَلَكَ، وَكُلُّ مَا يُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ يُلْقِي اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى الشَّوْكَةَ تَشُوْكُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز میں یہ دعا مانگتے سنا

حدیث 188:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 3108 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 3154 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6215 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 3303 اخرجه ابوعبدالله النيسابورى فى "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث: 7637 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 11238

"اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا يَّسِيْرًا " (یا اللہ میرا حساب آسانی سے لینا) جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہو گئے تو میں نے پوچھا: آپ حساب میں کس طرح کی آسانی کی دعا مانگ رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کہ صرف نامہ اعمال کو دیکھ کر درگزر کر دیا جائے۔ اے عائشہ! اس دن جس کے حساب کی تحقیقات شروع ہو گئیں وہ مارا جائے گا۔ مومن کو کسی قسم کی کوئی بھی تکلیف پہنچے، اس کا اجر وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پائے گا حتیٰ کہ کسی کے پاؤں میں اگر کانٹا بھی چبھ جائے (اس پر صبر کا اجر بھی بارگاہ الٰہی میں ملے گا)

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا ہے۔ تاہم دونوں نے ابن ابی ملیکہ کے ذریعے اُمّ المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے": مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ عُذِّبَ" جس کے حساب کی تفتیش شروع ہو گئی وہ عذاب میں گرفتار ہو گا۔

191- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ حَلِيمٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ الْغَسَّانِيُّ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ، وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا، وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: عقل مند وہ ہے جو عاجزی اختیار کرے اور اپنی آخرت کیلئے عمل کرے اور محروم ہے وہ شخص، جو نفسانی خواہشات سے باز نہ آئے اور اللہ سے ثواب کی امید رکھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

192- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، حَدَّثَنِيْ حُسَيْنُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْمُؤْمِنُ مُكَفَّرٌ قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ،

حدیث 191:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث:2459 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:4260 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:17164 اخرجه ابوعبدالله النيسابوري في "المستدرك" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1990ء رقم الحديث:7639 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث:863 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:7141 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث:1122 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ/1986ء رقم الحديث:185 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث:463 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث:1485

وَهٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِجَهَالَةِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا

✧✧ عامر بن سعد اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن سخی ہوتا ہے۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عبدالرحمٰن بن حمید کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث غریب صحیح ہے۔ شاید شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس روایت کو محمد بن عبدالعزیز الزہری کے حالات معلوم نہ ہونے کی وجہ سے ترک کیا ہے۔

193۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ الْآدَمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيْدٍ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيْدٍ اَبُوْ طَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْشَرُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَصْنَافٍ: صِنْفٌ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ، وَصِنْفٌ يُحَاسَبُوْنَ حِسَابًا يَسِيْرًا ثُمَّ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، وَصِنْفٌ يَجِيْئُوْنَ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ اَمْثَالُ الْجِبَالِ الرَّاسِيَاتِ ذُنُوبًا، فَيَسْاَلُ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِهِمْ، فَيَقُوْلُ: مَا هٰؤُلَاءِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: هٰؤُلَاءِ عَبِيْدٌ مِّنْ عِبَادِكَ، فَيَقُوْلُ: حُطُّوهَا عَنْهُمْ وَاجْعَلُوهَا عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَاَدْخِلُوْهُمْ بِرَحْمَتِي الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ حَرَمِيِّ بْنِ عُمَارَةَ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاَمَّا حَجَّاجُ بْنُ نَصْرٍ فَاِنِّيْ قَرَنْتُهُ اِلٰى حَرَمِيٍّ لِاَنِّيْ عَلَوْتُ فِيْهِ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت کے روز اس امت کے تین گروہ بنائے جائیں گے۔ ان میں سے ایک گروہ تو بے حساب و کتاب جنت میں چلا جائے گا۔ ایک گروہ کا ہلکا پھلکا حساب لیا جائے گا پھر وہ جنت میں چلے جائیں گے اور ایک گروہ اپنی کمر پر بلند و بالا پہاڑوں کے برابر گناہ لاد کر لائے گا۔ اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا: (حالانکہ اسے پوچھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ خود ان سے بہتر جانتا ہے) یہ کون ہیں؟ جواب دیا جائے گا: یہ تیرے بندے ہیں، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ان کے گناہوں کو مٹا کر یہود و نصاریٰ کے کھاتے میں ڈال دو اور ان کو میری رحمت سے جنت میں داخل کردو۔

✣✣ یہ حدیث حرمی بن عمارہ کی سند کے لحاظ سے صحیح ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے۔ میں نے اس حدیث کی سند حجاج بن نصر سے حرمی بن عمارہ کی طرف بیان کی ہے کیونکہ شداد بن سعید کی طرف جو سند ہے وہ ''عالی'' ہے۔

194۔ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ بُنْدَارٍ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى الزَّمِنُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ صَبِيٌّ عَلٰى ظَهْرِ الطَّرِيقِ فَمَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ نَاسٌ فَلَمَّا رَاَتْ اُمُّ الصَّبِيِّ الْقَوْمَ خَشِيَتْ اَنْ يُوطَاَ ابْنُهَا فَسَعَتْ فَحَمَلَتْهُ، فَقَالَتْ: ابْنِيْ،

ابنی، قَالَ الْقَوْمُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا کَانَتْ هٰذِهٖ لِیُلْقِیَ ابْنُهَا فِی النَّارِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: وَلَا اللّٰهُ یُلْقِی حَبِیْبَهٗ فِی النَّارِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک بچہ راستے میں کھیل رہا تھا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ہمراہ اس راستہ میں آرہے تھے کہ اس بچے کی ماں نے اتنے سارے لوگوں کو جب آتے دیکھا تو اس ڈر کے مارے کہ کہیں بچہ لوگوں کے پاؤں میں روندا ہی نہ جائے۔ میرا بیٹا، میرا بیٹا پکارتے ہوئے اس کو اٹھا کر سینے سے لگالیا، اس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ عورت کسی طور بھی اس بات پر راضی نہیں ہوگی کہ اس کے بچے کو آگ میں ڈال دیا جائے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (یونہی) اللہ تعالیٰ اپنے کسی دوست کو آگ میں نہیں ڈالے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

195۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِیْهُ بِبَغْدَادَ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ الْهَیْثَمِ الْقَاضِیْ وَاَنَا اَسْمَعُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی اللَّیْثُ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ، عَنْ اَبِی الْخَیْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِیِّ، اَنَّ رَجُلًا اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَحَدُنَا یُذْنِبُ، قَالَ: یُکْتَبُ عَلَیْهِ، قَالَ: ثُمَّ یَسْتَغْفِرُ مِنْهُ وَیَتُوْبُ، قَالَ: یُغْفَرُ لَهٗ وَیُتَابُ عَلَیْهِ وَلَا یَمَلُّ اللّٰهُ حَتّٰی تَمَلُّوا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ.

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر کوئی گناہ کرلے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ گناہ اس کے نامہ اعمال میں لکھ دیا جاتا ہے، اس نے عرض کی: اگر وہ توبہ کرلے تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہ مٹادیا جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گناہ کرکرکے اکتا سکتے ہو لیکن اللہ تعالیٰ تمہیں معاف کرکر کے نہیں اکتائے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

196۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِی حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا أَبُو حُذَیْفَةَ حَدَّثَنَا سُفْیَانَ وَحَدَّثَنَا أَبُوْ زَکَرِیَّا یَحْیٰی بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِی حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ أَنْبَأَ وَکِیْعُ عَنْ سُفْیَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِی الضُّحٰی عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الْکَبَائِرُ مِنْ أَوَّلِ سُوْرَةِ النِّسَاءِ إِلٰی أَنْ تَجْتَنِبُوْا کَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ مِنْ أَوَّلِ السُّوْرَةِ ثَلَاثِیْنَ اٰیَةً

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَجَبَ إِخْرَاجُهُ عَلٰی مَا شَرَطْتُ فِیْ تَفْسِیْرِ الصَّحَابَةِ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، کبیرہ گناہوں کا ذکر سورۃ النساء میں شروع سے أَنْ تَجْتَنِبُوْا کَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ تک ۳۰ آیتوں میں ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ تفسیر صحابہ کے متعلق بیان کردہ شرائط کے مطابق یہ حدیث لازمی نقل کرنی چاہئے تھی۔

197۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ الْقَاضِيْ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلابَةَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اَلا اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ الْمُصَلُّوْنَ مَنْ يُقِيْمُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ الَّتِيْ كُتِبَتْ عَلَيْهِ، وَيَصُوْمُ رَمَضَانَ، وَيَحْتَسِبُ صَوْمَهُ يَرٰى اَنَّهُ عَلَيْهِ حَقٌّ، وَيُعْطِيْ زَكٰوةَ مَالِهِ يَحْتَسِبُهَا، وَيَجْتَنِبُ الْكَبَائِرَ الَّتِيْ نَهَى اللّٰهُ عَنْهَا ثُمَّ اِنَّ رَجُلاً سَاَلَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا الْكَبَائِرُ؟ فَقَالَ: هُوَ تِسْعٌ: الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَقَتْلُ نَفْسِ مُؤْمِنٍ بِغَيْرِ حَقٍّ، وَفِرَارٌ يَوْمَ الزَّحْفِ، وَاَكْلُ مَالِ الْيَتِيْمِ، وَاَكْلُ الرِّبَا، وَقَذْفُ الْمُحْصَنَةِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ الْمُسْلِمَيْنِ، وَاسْتِحْلالُ الْبَيْتِ الْحَرَامِ قِبْلَتِكُمْ اَحْيَاءً وَّاَمْوَاتًا، ثُمَّ قَالَ: لا يَمُوْتُ رَجُلٌ لَّمْ يَعْمَلْ هٰؤُلاءِ الْكَبَائِرَ، وَيُقِيْمُ الصَّلٰوةَ، وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ اِلَّا كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ دَارٍ اَبْوَابُهَا مَصَارِيْعُ مِنْ ذَهَبٍ قَدِ احْتَجَّا بِرُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، فَاَمَّا عُمَيْرُ بْنُ قَتَادَةَ فَاِنَّهُ صَحَابِيٌّ وَّابْنُهُ عُبَيْدٌ مُّتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِ وَالاحْتِجَاجِ بِهِ.

✧✧ حضرت عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: خبردار! اللہ کے دوست وہ ہیں جو نماز پنجگانہ پابندی سے ادا کرتے ہیں۔ ماہ رمضان کے روزے رکھتے ہیں اور انہیں اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں، اپنے مال سے ذمہ داری کے ساتھ زکوۃ ادا کرتے ہیں اور کبیرہ گناہوں سے بچتے ہیں۔ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی: یارسول اللہ کبیرہ گناہ کیا ہوتے ہیں؟ فرمایا: ۹ گناہ کبیرہ ہیں۔ (۱) شرک (۲) کسی مومن کو ناحق قتل کرنا (۳) میدان جنگ سے بھاگ جانا (۴) یتیم کا مال ہتھیانا (۵) سود خوری (۶) پاکباز پر زناء کی تہمت لگانا (۷) مسلمان ماں باپ کی نافرمانی کرنا (۸، ۹) حرم میں شکار کرنا، زندہ یا مردہ۔ جو شخص ان کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے اور نماز روزے کی پابندی کرے، کل قیامت کے دن وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایسے محل میں رہے گا جس کے دروازے سونے کے بنے ہوئے ہیں۔

❖❖ عبدالحمید بن سنان کے علاوہ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں (اسی سند میں) عمیر بن قتادہ صحابی ہیں اور ان کے بیٹے عبید کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے نقل کی ہیں۔

198۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِي بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا بَشْرُ بْنُ حُجْرٍ الشَّامِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِي سَلْمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ الْتَقٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَبْنُ عُمَرَ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ اَيُّ اٰيَةٍ فِي كِتَابِ اللّٰهِ أَرْجٰى عِنْدَكَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ فَقَالَ لٰكِنْ قَوْلَ إِبْرَاهِيْمَ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتٰى قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي هٰذَا لِمَا فِي الصُّدُوْرِ وَيُوَسْوِسُ الشَّيْطَانُ فَرَضِيَ اللّٰهُ مِنْ قَوْلِ إِبْرَاهِيْمَ بِقَوْلِهِ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى صَحِيْحٌ عَلٰى

شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت محمد بن المنکدر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک مرتبہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ابن عمرو رضی اللہ عنہ سے کہا: قرآن کی کون سی آیت تمہیں بخشش کی سب سے زیادہ امید دلاتی ہے؟ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا: يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلَى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اپنی جانوں پر ظلم کرنے والو! اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قول رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَى قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلَى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي (البقرة ۲۶۰) ان وسوسوں کے متعلق ہے جو شیاطین انسانوں کے دلوں میں ڈالتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ابراہیم علیہ السلام کے جواب "بلى" سے راضی ہو گیا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

199 - حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي عَمْرٍو، عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَاتِ، قَائِمِ اللَّيْلِ صَائِمِ النَّهَارِ

هٰذَا حَدِيْثٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ، صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان اپنے حسن اخلاق کی بناء پر روزہ دار اور شب زندہ دار شخص کے رتبے پر فائز ہو جاتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے مقرر کردہ معیار پر ہے (حدیث درج ذیل ہے)

200 - أَخْبَرَنَا أَبُو سَعِيْدٍ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَحْمَدَ الْبَاجِيُّ، أَنْبَأَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوْقِيُّ، حَدَّثَنَا حَيَّانُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ بُدَيْلٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ

حديث: 199

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4798، اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 24400 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 24639 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 25057 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 25578 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 480 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلاميه بيروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحديث: 284 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 835 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 850 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 3970

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ لَيُبَلِّغُ الْعَبْدَ بِحُسْنِ خَلْقِهِ دَرَجَةَ الصَّوْمِ وَالصَّلٰوةِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ بندے کو اس کے اچھے اخلاق کی بناء پر نمازی اور روزہ دار لوگوں کے درجہ میں داخل فرما دیتا ہے۔

201- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ الْبَصْرِيُّ بِمِصْرَ، اَنْبَانَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ بْنِ الْقَاسِمِ الْيَمَامِيِّ، حَدَّثَنِي اَبِي، اَنَّ عِكْرِمَةَ بْنَ خَالِدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ الْمَخْزُوْمِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ لَقِيَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ لَهُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّا بَنُو الْمُغِيْرَةِ قَوْمٌ فِينَا نَخْوَةٌ فَهَلْ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّتَعَاظَمُ فِيْ نَفْسِهِ وَيَخْتَالُ فِيْ مِشْيَتِهِ اِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بن خالد بن سعید بن العاص المخزومی بیان کرتے ہیں' ان کی ملاقات عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بن الخطاب سے ہوئی تو انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہمارا تعلق بنو مغیرہ قبیلے سے ہے، ہمارے لوگوں میں تکبر پایا جاتا ہے آپ نے (تکبر سے متعلق) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی فرمان سنا ہے؟ تو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص اپنے آپ کو بڑا سمجھتا ہو اور اکڑ کر چلتا ہو، جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوگا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

202- اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِيْ مُوْسٰى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ؟ اَلْمَغْلُوبُوْنَ الضُّعَفَاءُ، وَاَهْلُ النَّارِ كُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں جنتیوں (اور دوزخیوں) کی نشاندہی کروں؟ (پھر فرمایا) کمزور اور عاجزی پسند لوگ (جنتی ہیں) اور اکڑ کر، تکبر سے چلنے والے (جہنمی ہیں)

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

203- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِيْ عُثْمَانَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا

حدیث 201:

خرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 5995 اخرجه ابوعبدالله البخاري في "الادب لمفرد" طبع دار البشائر الاسلاميه' بيروت' لبنان' 1409ه/ 1989ء' رقم الحديث: 549

سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَحْكِي عَنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: الْكِبْرِيَاءُ رِدَائِي، فَمَنْ نَازَعَنِي رِدَائِي قَصَمْتُهُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ مِّنْ طَرِيقِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تکبر اور بڑائی میری چادر ہے، جس نے یہ چادر اتاری میں اسے برباد کردوں گا۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا تاہم امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اعز کی ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند کے حوالے سے نقل کیا ہے لیکن اس میں کچھ لفظوں کی تبدیلی ہے۔

204- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْفَقِيهُ بِالرِّيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَبُ الْحِمَارَ، وَيَلْبَسُ الصُّوفَ، وَيَعْتَقِلُ الشَّاةَ، وَيَاْتِي مُرَاعَاةَ الضَّيْفِ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گدھے پر سواری کرلیا کرتے تھے، اونی لباس پہن لیتے تھے، بکریوں کا دودھ (خود اپنے ہاتھ سے) دودھ لیا کرتے تھے اور مہمان کی عزت وتوقیر کرتے تھے۔

205- حَدَّثَنَا اَبُو الطَّيِّبِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحِيرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُعَيْمٍ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَبُ الْحِمَارَ، وَيَلْبَسُ الصُّوفَ، وَيَعْتَقِلُ الشَّاةَ، وَيَاْتِي مُرَاعَاةَ الضَّيْفِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاِنَّمَا ذَكَرْتُهُ فِي هٰذِهِ الْمَوَاضِعِ لاَنَّ هٰذِهِ الْخِلاَلَ مِنَ الْاِيْمَانِ وَلَهُ شَاهِدٌ يَنْفَرِدُ بِهِ زَبَّانُ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گدھے پر سواری کرلیا کرتے تھے، اونی لباس پہن لیتے تھے (خود اپنے ہاتھ سے) بکریوں کا دودھ دوھ لیا کرتے تھے اور مہمان کی عزت کیا کرتے تھے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ میں نے اس حدیث کو کتاب الایمان میں اس لئے ذکر کیا ہے کہ یہ عادات ایمان کی علامات میں سے ہیں۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث ہے جس میں "زبان بن فائد" منفرد ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

206۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ يَحْيٰى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ تَرَكَ اللِّبَاسَ وَهُوَ قَادِرٌ عَلَيْهِ تَوَاضُعًا لِلّٰهِ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُؤُوسِ الْخَلَائِقِ، حَتّٰى يُخَيَّرَ فِيْ حُلَلِ الْاِيْمَانِ يَلْبَسُ اَيَّهَا يَشَاءُ

✧✧ حضرت سہل بن معاذ بن انس الجہنی رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جس شخص نے اچھا لباس پہننے پر قادر ہونے کے باوجود صرف اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی کرتے ہوئے خوش لباسی ترک کی، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کو تمام مخلوقات کے سامنے (عزت دے گا) اور اسے اس بات کا اختیار دیا جائے گا کہ ایمان کے حلوں میں سے جو چاہے پہن لے۔

207۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ بْنُ عَائِذٍ الطَّائِيُّ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ خَرَجَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِلَى الشَّامِ وَمَعَنَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَأَتَوْا عَلٰى مَخَاضَةٍ وَعُمَرُ عَلٰى نَاقَةٍ لَهُ فَنَزَلَ عَنْهَا وَخَلَعَ خُفَّيْهِ فَوَضَعَهُمَا عَلٰى عَاتِقِهِ وَاَخَذَ بِزِمَامِ نَاقَتِهِ فَخَاضَ بِهَا الْمَخَاضَةَ فَقَالَ أَبُوْ عُبَيْدَةَ يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَنْتَ تَفْعَلُ هٰذَا تَخْلَعُ خُفَّيْكَ وَتَضَعُهُمَا عَلٰى عَاتِقِكَ وَتَأْخُذُ بِزِمَامِ نَاقَتِكَ وَتَخُوْضُ بِهَا الْمَخَاضَةَ مَا يَسُرُّنِيْ أَنَّ أَهْلَ الْبَلَدِ اسْتَشْرَفُوْكَ فَقَالَ عُمَرُ أَوَّهْ لَمْ يَقُلْ ذَا غَيْرُكَ أَبَا عُبَيْدَةَ جَعَلْتُهُ نَكَالًا لِأُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا كُنَّا أَذَلَّ قَوْمٍ فَأَعَزَّنَا اللّٰهُ بِالْإِسْلَامِ فَمَهْمَا نَطْلُبُ الْعِزَّ بِغَيْرِ مَا أَعَزَّنَا اللّٰهُ بِهِ أَذَلَّنَا اللّٰهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ لِاحْتِجَاجِهِمَا جَمِيْعاً بِأَيُّوْبَ بْنِ عَائِذٍ الطَّائِيِّ وَسَائِرِ رُوَاتِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ الْأَعْمَشِ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ.

✧✧ طارق بن شہاب کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ شام کی طرف روانہ ہوئے، ان کے ساتھ (میں بھی تھا اور) ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بھی تھے (چلتے چلتے) ایک جھیل پر پہنچے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی اونٹنی پر سوار تھے۔ آپ اس سے نیچے اترے، اپنے جوتے اتار کر کندھوں پر رکھ لئے اور اونٹنی کی لگام پکڑ کر (پیدل چلتے ہوئے) جھیل میں داخل ہو گئے۔ اس پر حضرت

حدیث 206:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2481 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 15669 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ه-1984ء' رقم الحديث: 1484 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 386 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 387 اخرجه ابن ابى اسامه فى "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ه/1992ء' رقم الحديث: 567

ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے کہا: اے امیرالمومنین (آپ نے یہ کیا کیا؟) جوتے اتار کر کندھوں پر رکھ لئے ہیں اور اونٹنی کی لگام پکڑ کر پیدل چل رہے ہیں؟ میرا دل یہ چاہتا ہے کہ شہر کے لوگ آپ کی (آپ کے حسب مرتبہ) عزت کریں۔ آپ نے فرمایا: اے ابوعبیدہ! یہ بات تیرے سوا کسی اور نے نہیں کہی۔ میں امت محمدیہ کے لئے اس کو ایک مثال بنانا چاہتا ہوں۔ ہم ذلیل ورُسوا لوگ تھے، اللہ تعالیٰ نے اسلام کی بدولت ہمیں عزت بخشی۔ اب اگر ہم اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مقام عزت کو چھوڑ کر کسی دوسری جگہ عزت ڈھونڈیں گے تو اللہ ہمیں ذلیل کرے گا۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے کیونکہ دونوں نے ایوب بن عائذ اور اس حدیث کی سند کے باقی تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود انہوں نے یہ مذکورہ حدیث نقل نہیں کی۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو اعمش نے قیس بن مسلم کے حوالے سے روایت کی ہے۔ (وہ روایت درج ذیل ہے)

208۔ حَدَّثَنَا عَلِی بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِیْسٰی السَّکَرِیُّ الْوَاسِطِیُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ قَیْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ عُمَرُ الشَّامَ لَقِیَهُ الْجُنُوْدُ وَعَلَیْهِ إِزَارٌ وَخُفَّانِ وَعِمَامَةٌ وَهُوَ اٰخِذٌ بِرَأْسِ بَعِیْرِهٖ یَخُوْضُ الْمَاءَ فَقَالَ لَهُ یَعْنِیْ قَائِلٌ یَا أَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ تَلْقَاكَ الْجُنُوْدُ وَبَطَارِقَةُ الشَّامِ وَأَنْتَ عَلٰی حَالِكَ هٰذَا فَقَالَ عُمَرُ إِنَّا قَوْمٌ اَعَزَّنَا اللّٰهُ بِالْاِسْلَامِ فَلَنْ نَبْتَغِیَ الْعِزَّ بِغَیْرِهٖ.

❖❖ طارق بن شہاب روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ملک شام پہنچے اور وہاں کی افواج کے سربراہوں سے ملاقات کی، اس وقت آپ موزے، عمامہ پہنے ہوئے تھے اور ایک چادر اوڑھی ہوئی تھی۔ اپنی اونٹنی کی مہار پکڑے جھیل سے گزر رہے تھے، کسی نے آپ سے عرض کی: حضور! آپ شام کی افواج کے جرنیلوں سے ملاقات کر رہے ہیں اور اس حالت میں ملاقات کرنا آپ کی عزت وشان کے مطابق نہیں ہے، اس پر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہمیں اسلام کی بدولت عزت عطا فرمائی ہے، اس لئے ہم اسے چھوڑ کر کسی دوسرے ذریعہ سے عزت نہیں پا سکتے۔

209۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَیَبْلُغُ بِهِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَیَعْرِفْ حَقَّ کَبِیْرِنَا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْیَحْصِبِیِّ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهُ الْحَدِیْثُ الْمَعْرُوْفُ مِنْ حَدِیْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، وَغَیْرِهٖ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهٖ وَفِیْ حَدِیْثِ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَّیَاْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰی عَنِ الْمُنْکَرِ وَاِنَّمَا تَرَکْتُهُ لِاَنَّ رَاوِیَةَ لَیْثِ بْنِ اَبِیْ سُلَیْمٍ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص بچوں پر رحم نہیں کرتا اور بڑوں کا حق نہیں پہچانتا وہ ہمارے طریقہ پر نہیں ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ''عبداللہ بن عامرالیحصبی'' کی روایات نقل کی ہیں۔

اس کی ایک شاہد حدیث معروف ہے جس کی سند محمد بن اسحاق اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے ذریعے عمرو بن شعیب پھر ان کے والد سے ہوتی ہوئی ان کے دادا تک پہنچتی ہے اور ایک روایت عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے بھی نقل کی ہے، اس حدیث میں ''یامر بالمعروف وینھی عن المنکر'' کے الفاظ بھی موجود ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے اس حدیث کو اس لئے ترک کیا ہے کہ اس میں ''لیث بن ابی سلیم'' موجود ہیں۔

210۔ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَقَبِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ هُشَيْمٍ، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَنْبَاَنَا خَالِدُ بْنُ مِهْرَانَ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْبَرَكَةُ مَعَ اَكَابِرِكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 209:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4943 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1920 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6733 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6935 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 7073 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 22807 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 458 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 3476 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 4241 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 8154 اخرجه ابوبکر الحمیدی فی "مسنده" طبع دارالکتب العلمیه مکتبه المتنبی بیروت قاهره رقم الحدیث: 586 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 353 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 354 اخرجه ابوعبدالله البخاری فی "الادب المفرد" طبع دارالبشائر الاسلامیه بیروت لبنان 1409ھ/1989ء رقم الحدیث: 356 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 586 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه مدینه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحدیث: 798

حدیث 210:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 559 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/1986ء رقم الحدیث: 36

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: برکت تمہارے اکابرین کے ساتھ ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

211۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَثنا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيٰى يَعْنِيَانِ ابْنَ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ اُحَرِّجُ عَلَيْكُمْ حَقَّ الضَّعِيفَيْنِ الْيَتِيمِ وَالْمَرْاَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں دو کمزور صنفوں کی حق تلفی تم پر حرام کرتا ہوں۔(۱) یتیم (۲) عورت۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

212۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَانَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوْتِيُّ، اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ كَثِيْرٍ الزُّبَيْدِيُّ، عَنْ اَبِيْهِ، وَكَانَ يُجَالِسُ اَبَا ذَرٍّ، قَالَ: فَجَمَعَ حَدِيْثًا فَلَقِيَ اَبَا ذَرٍّ وَّهُوَ عِنْدَ الْجَمْرَةِ الْوُسْطٰى وَحَوْلَهُ النَّاسُ، قَالَ: فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ حَتّٰى مَسَّتْ رُكْبَتِيْ رُكْبَتَهٗ، فَنَسِيتُ ذٰلِكَ الْحَدِيْثَ وَتَفَلَّتَ مِنِّيْ كُلُّ شَيْءٍ اَرَدْتُّ اَنْ اَسْاَلَهٗ عَنْهُ، فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ اِلَى السَّمَآءِ فَجَعَلْتُ اَتَذَكَّرُ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلَ بِهِ الْعَبْدُ دَخَلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ مَعَ الْاِيْمَانِ عَمَلًا؟ قَالَ: يَرْضَخُ مِمَّا رَزَقَهُ اللّٰهُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاِنْ كَانَ مُعْدَمًا لَا شَيْءَ لَهٗ؟ قَالَ: يَقُوْلُ مَعْرُوْفًا بِلِسَانِهٖ، قُلْتُ: فَاِنْ كَانَ عَيِيًّا لَا يَبْلُغُ عَنْهُ لِسَانُهٗ؟ قَالَ: فَلْيُعِنْ مَغْلُوْبًا، قُلْتُ: فَاِنْ كَانَ ضَعِيفًا لَا قُوَّةَ لَهٗ؟ قَالَ: فَلْيَصْنَعْ لِاَخْرَقَ، قُلْتُ: فَاِنْ كَانَ اَخْرَقَ؟ فَالْتَفَتَ اِلَيَّ، فَقَالَ: مَا تُرِيْدُ اَنْ تَدَعَ فِيْ صَاحِبِكَ خَيْرًا؟ قَالَ: يَدَعُ النَّاسَ مِنْ اَذَاهُ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ هٰذَا لَيَسِيْرٌ كُلُّهٗ، قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا مِنْهُنَّ خَصْلَةٌ يَعْمَلُ بِهَا عَبْدٌ يَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا اَخَذَتْ

حدیث 211:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 3678 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 9664 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 5565 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبری" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 9149

حدیث 212:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 1650

بِيَدِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَمْ تُفَارِقْهُ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ فِيْ كِتَابِهِ بِاَبِيْ كَثِيْرٍ الزُّبَيْدِيِّ وَاسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اُذَيْنَةَ وَهُوَ تَابِعِيٌّ مَّعْرُوْفٌ، يُقَالُ لَهُ: اَبُوْ كَثِيْرٍ الْاَعْمٰى، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ لَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ابوکثیر الزبیدی کے والد، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بیٹھا کرتے تھے اور احادیث جمع کیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ وہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ملاقات کے لئے گئے تو وہ ''جمرہ وسطی'' کے پاس تشریف فرما تھے اور ان کے اردگرد بہت سارے لوگ جمع تھے (ابوکثیر الزبیدی کے والد) کہتے ہیں: میں اس مجلس میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے اتنے قریب جا کر بیٹھا کہ میرے گھٹنے ان کے گھٹنوں سے لگ رہے تھے (ان کے پاس بیٹھتے ہی میں جو کچھ سوچ کر آیا تھا سب کچھ بھول گیا اور) کچھ یاد نہ رہا کہ میں کیا سوال کرنا چاہتا تھا، میں آسمان کی طرف چہرہ کر کے سوچنے لگا (جب مجھے یاد آ گیا) تو میں نے کہا: اے ابوذر! آپ مجھے کوئی عمل ایسا بتا دیں جس پر عمل کر کے میں جنت میں چلا جاؤں، انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے ''اللہ تعالیٰ پر ایمان لاؤ''۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ایمان کے ساتھ کوئی عمل بھی ضروری ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ نے دیا ہے، اس میں سے خرچ کرو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر کوئی شخص اتنا محتاج ہو کہ اس کے پاس کچھ بھی نہ ہو (وہ کیا کرے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ زبان سے اچھی بات کرے، میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر وہ زبان سے کچھ نہ بول سکے (وہ کیا کرے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کسی مظلوم کی مدد کر دے۔ میں نے عرض کی: اگر وہ خود کمزور و ناتواں ہو، کسی کی مدد نہ کر سکتا ہو (وہ کیا کرے؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کسب سے عاجز آدمی کے لئے کسب کرے، میں نے عرض کی: اگر وہ خود کسب سے عاجز ہو (وہ کیا کرے؟) اس پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے: تو اپنے ساتھیوں کے لئے کوئی بھلائی نہیں چھوڑنا چاہتا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ اس عمل کو چھوڑ دیتے ہیں جو ان کو تکلیف دیتا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے سوالات کا مقصد بھی یہی ہے کہ لوگوں کے لئے آسانی ہو جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، ان مذکورہ خصلتوں میں سے کسی پر بھی بندہ محض رضائے الٰہی کی خاطر عمل کرے تو قیامت کے دن یہ خصلتیں اس وقت تک اس کا ہاتھ نہیں چھوڑیں گی جب تک وہ جنت میں داخل نہ ہو جائے۔

213- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَارِثٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ مَّالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ الْاَعْمَشُ وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: التُّؤَدَةُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ خَيْرٌ اِلَّا فِيْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت اعمش بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعمالِ آخرت کے سوا ہر کام میں سوچ بچار کرنا اچھا ہے۔

حدیث: 213

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4810 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 792

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

214- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ الْقَاضِىْ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسَى الْقَاضِىْ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ ذُبَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِىِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ وَنَفَخَ فِيْهِ الرُّوحَ عَطَسَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: رَحِمَكَ اللّٰهُ رَبُّكَ يَا اٰدَمُ، وَقَالَ لَهُ: يَا اٰدَمُ، اذْهَبْ اِلٰى اُولٰئِكَ الْمَلَائِكَةِ اِلٰى مَلَاٍ مِّنْهُمْ جُلُوْسٍ، فَقُلِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَذَهَبَ، فَقَالُوْا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى رَبِّهِ، فَقَالَ: هٰذِهِ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ بَنِيكَ وَبَنِيهِمْ، فَقَالَ اللّٰهُ لَهُ وَيَدَاهُ مَقْبُوضَتَانِ: اخْتَرْ اَيَّهُمَا شِئْتَ، فَقَالَ: اخْتَرْتُ يَمِيْنَ رَبِّىْ وَكِلْتَا يَدَىْ رَبِّىْ يَمِيْنٌ مُّبَارَكَةٌ، ثُمَّ بَسَطَهَا، فَاِذَا فِيْهَا اٰدَمُ وَذُرِّيَّتُهُ، فَقَالَ: اَىْ رَبِّ مَا هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: ذُرِّيَّتُكَ، فَاِذَا كُلُّ اِنْسَانٍ مَكْتُوبٌ عُمْرُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَاِذَا فِيْهِمْ رَجُلٌ اَضْوَؤُهُمْ، اَوْ قَالَ: مِنْ اَضْوَئِهِمْ لَمْ يُكْتَبْ لَهُ اِلَّا اَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: يَا رَبِّ زِدْ فِىْ عُمْرِهِ، قَالَ: ذَاكَ الَّذِىْ كُتِبَ لَهُ، قَالَ: فَاِنِّىْ قَدْ جَعَلْتُ لَهُ مِنْ عُمْرِىْ سِتِّيْنَ سَنَةً، قَالَ: اَنْتَ وَذَاكَ، قَالَ: ثُمَّ اُسْكِنَ الْجَنَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اُهْبِطَ مِنْهَا اٰدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهِ، فَاَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ لَهُ اٰدَمُ: قَدْ عَجِلْتَ قَدْ كُتِبَ لِىْ اَلْفُ سَنَةٍ، قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوُدَ مِنْهَا سِتِّيْنَ سَنَةً، فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَنَسِىَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ، فَيَوْمَئِذٍ اُمِرْنَا بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِالْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ ذُبَابٍ، وَقَدْ رَوَاهُ عَنْهُ غَيْرُ صَفْوَانَ، وَاِنَّمَا خَرَّجْتُهُ مِنْ حَدِيْثِ صَفْوَانَ لِاَنِّىْ عَلَوْتُ فِيْهِ وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ،

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اوران میں روح ڈالی تو ان کو چھینک آئی (چھینک آنے پر) آپ نے کہا: الحمدللہ۔ اللہ کے حکم واذن سے۔ انہوں نے اللہ کی حمد بیان کی۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے آدم علیہ السلام! تمہارا رب تم پر رحم کرے۔ پھر آدم علیہ السلام نے فرمایا: فرشتوں کی وہ جماعت جو بیٹھی ہوئی ہے ان کے پاس جاؤ اور کہو: السلام علیکم! آدم علیہ السلام نے ان کے پاس جا کر اسی طرح کہا۔ تو انہوں نے جواباً کہا: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ پھر آدم علیہ السلام لوٹ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آ گئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تمہارا، تمہاری اولادوں اوران کی اولادوں کا سلام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دونوں ہاتھوں کو سمیٹ کر فرمایا: ان میں سے جو ہاتھ چاہو پسند کرلو۔ آدم علیہ السلام نے عرض کی: میں اپنے رب کا دایاں ہاتھ اختیار کرتا ہوں حالانکہ اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں اور دونوں میں برکت ہے پھر اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ کھول دیا، اس میں آدم علیہ السلام اوران کی تمام اولاد موجود تھی۔ یہ دیکھ کر آدم علیہ

حدیث 214:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3368 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6164 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10046

السلام نے دریافت کیا: یا اللہ! یہ کون ہیں؟ فرمایا: تیری اولاد ہے۔ ان میں سے ہر ایک کے ماتھے پر اس کی عمر لکھی ہوئی تھی۔ ان میں ایک شخص انتہائی روشن چہرے والا تھا، اس کی عمر صرف ۶۰ سال لکھی گئی تھی۔ آدم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کی: یا اللہ! اس کی عمر میں اضافہ فرما دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس کی عمر تو وہی ہے جو لکھ دی گئی ہے۔ آدم علیہ السلام نے عرض کی: یا اللہ میری عمر میں سے ساٹھ سال اس کو دے دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جیسے آپ کی مرضی (حضور ﷺ نے) فرمایا: پھر وہ جنت میں رہے جتنی دیر اللہ تعالیٰ نے انہیں وہاں رکھا۔ پھر آدم علیہ السلام کو جنت سے اتارا گیا اور اپنی عمر گزارنے لگے، پھر ایک مرتبہ ملک الموت ان کے پاس آئے، آدم علیہ السلام نے کہا: آپ جلدی آ گئے ہیں (ابھی تو میری عمر باقی ہے کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے میری عمر ہزار سال لکھی ہے۔ ملک الموت نے کہا: کیوں نہیں (آپ کی عمر تو ہزار سال ہی لکھی گئی تھی) لیکن آپ نے اپنی عمر سے ۶۰ سال اپنے بیٹے داؤد کو دے دیئے ہیں۔ اس پر آدم علیہ السلام نہ مانے، اسی طرح ان کی اولاد بھی نہیں مانتی۔ وہ اپنا وعدہ بھول گئے، ان کی اولاد بھی وعدے بھول جاتی ہے۔ اس دن سے ہمیں لکھنے اور گواہ قائم کرنے کا حکم دے دیا گیا۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے کیونکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حارث بن عبدالرحمٰن بن ابوذباب کی روایات نقل کی ہیں اور ان سے صفوان کے علاوہ بھی کئی محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے روایات کی ہیں، میں نے صفوان کی روایت اس لئے نقل کی ہے کہ ان کے ذریعے میری سند ''عالی'' ہے۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ صحیح ہے۔

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

215۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْفَقِيْهُ الشَّاشِيُّ فِيْ اٰخَرِيْنَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَرُوبَةُ، حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

❖❖ مذکورہ سند کے ہمراہ بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا اسی جیسا فرمان منقول ہے۔

216۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيِّ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَسَارٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: اَتَعْجَبُوْنَ اَنْ يَكُوْنَ الْخُلَّةُ لِاِبْرَاهِيْمَ، وَالْكَلَامُ لِمُوْسٰى، وَالرُّؤْيَةُ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الرُّؤْيَةِ

❖❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' کیا تمہیں یہ بات اچھی لگتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ''خلت'' (دوستی) ابراہیم علیہ السلام کے لئے ہو، کلام موسیٰ علیہ السلام کے لئے اور دیدار الٰہی محمد مصطفیٰ ﷺ کے لئے۔

حدیث 216:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 11539

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اور روایت کے سلسلے میں اس حدیث کی ایک شاہد صحیح حدیث بھی موجود ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

217۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ نَصْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ، وَاَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّرْغَاوَشُونِى الْبُخَارِيَّانِ بِبُخَارِى، قَالَا: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيْبِ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدَّوْلَابِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، وَعِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رَاٰى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ وَلَهُ شَاهِدٌ ثَالِثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ

❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے۔

اس کی ایک تیسری شاہد حدیث بھی موجود ہے اور یہ صحیح الاسناد ہے۔(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

218۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدْ رَاٰى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ،

❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا۔

219۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رَآهُ مَرَّتَيْنِ، حَدِيْثٌ كَذَا قَدِ اعْتَمَدَهُ الشَّيْخَانِ فِىْ هٰذَا الْبَابِ اَخْبَارُ عَآئِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيقِ، وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَاَبِىْ ذَرٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاٰى جِبْرَائِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَهٰذِهِ الْاَخْبَارُ الَّتِىْ ذَكَرْتُهَا صَحِيْحَةٌ كُلُّهَا، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

❖ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا دو مرتبہ دیدار کیا۔

❖ رویت باری تعالیٰ کے باب میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ بنت صدیق رضی اللہ عنہا، ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور ابوذر رضی اللہ عنہ کی روایات پر اعتماد کیا ہے (ان سب کا مقصد یہ ہے کہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

حدیث 217:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3279 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 57 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 11619

حدیث 220:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 10771 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 2937

جبریل کو دیکھا تھا اور جن روایات کا تذکرہ میں نے کیا ہے سب صحیح ہیں۔

220۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الرَّازِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَيُّوْبَ الْمُخَرِّمِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ الْمُوَجِّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْفَزَارِيُّ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ وَاصِلٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلْاَنْبِيَاءِ مَنَابِرُ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: فَيَجْلِسُوْنَ عَلَيْهَا وَيَبْقٰى مِنْبَرِى لَا اَجْلِسُ عَلَيْهِ، اَوْ لَا اَقْعُدُ عَلَيْهِ قَائِمًا بَيْنَ يَدَىْ رَبِّىْ مَخَافَةَ اَنْ يَّبْعَثَ بِىْ اِلَى الْجَنَّةِ وَيُبْقِىَ اُمَّتِىْ مِنْ بَعْدِىْ، فَاَقُوْلُ: يَا رَبِّ اُمَّتِىْ اُمَّتِىْ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا مُحَمَّدُ مَا تُرِيْدُ اَنْ اَصْنَعَ بِاُمَّتِكَ؟ فَاَقُوْلُ: يَا رَبِّ عَجِّلْ حِسَابَهُمْ، فَيُدْعٰى بِهِمْ فَيُحَاسَبُوْنَ، فَمِنْهُمْ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِىْ، فَمَا اَزَالُ اَشْفَعُ حَتّٰى اُعْطٰى صِكَاكًا بِرِجَالٍ قَدْ بُعِثَ بِهِمْ اِلَى النَّارِ، وَآتِىْ مَالِكًا خَازِنَ النَّارِ، فَيَقُوْلُ: يَا مُحَمَّدُ، مَا تَرَكْتَ لِلنَّارِ لِغَضَبِ رَبِّكَ فِىْ اُمَّتِكَ مِنْ بَقِيَّةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ غَيْرَ اَنَّ الشَّيْخَيْنِ لَمْ يَحْتَجَّا بِمُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، وَهُوَ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ يَجْمَعُ حَدِيْثَهُ، وَالْحَدِيْثُ غَرِيْبٌ فِىْ اَخْبَارِ الشَّفَاعَةِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (قیامت کے دن) انبیاء کرام علیہم السلام کے لئے سونے کے منبر بچھائے جائیں گے۔ سب اپنے اپنے منبر پر بیٹھ جائیں گے اور میرا منبر بچ جائے گا۔ میں اس پر نہیں بیٹھوں گا بلکہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کھڑا رہوں گا کیونکہ مجھے یہ خدشہ ہوگا کہ اگر میں پہلے جنت میں چلا گیا تو میرے بعد میری امت کہیں جنت میں جانے سے نہ رہ جائے۔ میں کہوں گا: یا اللہ! میری امت، میری امت، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: آپ کیا چاہتے ہیں؟ آپ کی امت کے ساتھ کیا کیا جائے؟ میں کہوں گا: یا اللہ ان کا حساب جلدی لے لیا جائے، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو بلا کر حساب لے لیا جائے گا۔ ان میں سے کچھ لوگ اللہ کی رحمت سے جنت میں چلے جائیں گے اور کچھ لوگ میری شفاعت سے، پھر میں مسلسل شفاعت کرتا رہوں گا یہاں تک دوزخ میں جانے والوں کی فہرست مجھے دے دی جائے گی۔ پھر میں داروغہ جہنم کے پاس آؤں گا، وہ کہے گا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے اپنا کوئی امتی جہنم میں نہیں چھوڑا۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے تاہم امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن ثابت البنانی کی روایات نقل نہیں کیں کیونکہ ان کی روایات کی تعداد بہت کم ہے اور یہ حدیث، شفاعت کی خبر کے حوالے سے غریب ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

221۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنِىْ ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيَّ، يَقُوْلُ: نَزَلْنَا

مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلًا فَاسْتَيْقَظْتُ مِنَ اللَّيْلِ، فَإِذَا لَا أَرَى شَيْئًا أَطْوَلَ مِنْ مُؤْخِرَةِ رَحْلِي، قَدْ لَصِقَ كُلُّ إِنْسَانٍ وَبَعِيرُهُ بِالْأَرْضِ، فَقُمْتُ أَتَخَلَّلُ النَّاسَ حَتَّى وَقَعْتُ إِلَى مَضْجَعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ لَيْسَ فِيْهِ، فَوَضَعْتُ يَدِي عَلَى الْفِرَاشِ فَإِذَا هُوَ بَارِدٌ، فَخَرَجْتُ أَتَخَلَّلُ النَّاسَ وَأَقُوْلُ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ذُهِبَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى خَرَجْتُ مِنَ الْعَسْكَرِ كُلِّهِ فَنَظَرْتُ سَوَادًا فَمَضَيْتُ فَرَمَيْتُ بِحَجَرٍ، فَمَضَيْتُ إِلَى السَّوَادِ، فَإِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَإِذَا بَيْنَ أَيْدِيْنَا صَوْتٌ كَدَوِيِّ الرَّحَا، أَوْ كَصَوْتِ الْهَصْبَاءِ حِيْنَ يُصِيْبُهَا الرِّيْحُ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: يَا قَوْمِ اثْبُتُوْا حَتَّى تُصْبِحُوْا، أَوْ يَأْتِيَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَلَبِثْنَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نَادَى أَثَمَّ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَعَوْفُ بْنُ مَالِكٍ؟ فَقُلْنَا: نَعَمْ، فَأَقْبَلَ إِلَيْنَا فَخَرَجْنَا نَمْشِي مَعَهُ لَا نَسْأَلُهُ عَنْ شَيْءٍ وَلَا نُخْبِرُهُ بِشَيْءٍ، فَقَعَدَ عَلَى فِرَاشِهِ، فَقَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا خَيَّرَنِي بِهِ رَبِّي اللَّيْلَةَ؟ فَقُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَإِنَّهُ خَيَّرَنِي بَيْنَ أَنْ يُدْخِلَ نِصْفَ أُمَّتِي الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنَا مِنْ أَهْلِهَا، قَالَ: هِيَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِسُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، وَأَمَّا سَائِرُ رُوَاتِهِ فَمُتَّفَقٌ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ رَوَاهُ سَعِيْدُ بْنُ أَبِي عَرُوْبَةَ، وَهِشَامُ بْنُ سِنْبَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيْحِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ

أَمَا حَدِيْثُ سَعِيْدٍ،

✧✧ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک مقام پر پڑاؤ ڈالا۔ میں رات کے وقت جاگ رہا تھا (میں نے اپنے چاروں طرف دیکھا) سب انسان اور جانور سو رہے تھے۔ پورے لشکر میں میرا کجاوا ہی سب سے اونچا نظر آ رہا تھا۔ میں اپنی جگہ سے اٹھا اور لوگوں کے درمیان سے گزرتا ہوا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب گاہ کے قریب چلا گیا (میں یہ دیکھ کر بہت حیران ہوا کہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خیمے میں موجود نہیں تھے، میں نے زمین پر ہاتھ لگا کر دیکھا تو وہ بھی ٹھنڈی تھی (جس سے مجھے اندازہ ہوا کہ آپ کافی دیر سے یہاں پر نہیں ہیں) میں وہاں سے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھتے ہوئے نکلا اور یہ سوچ رہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہاں تشریف لے گئے ہیں۔ لوگوں کے درمیان آپ کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے میں لشکر سے باہر جا نکلا۔ میں نے دور ایک سایہ سا دیکھا (یہ دیکھنے کے لئے کہ یہ کیا چیز ہے) اس کی طرف ایک پتھر پھینکا (مجھے اندازہ ہو گیا کہ کوئی خطرے کی بات نہیں ہے اس لئے) میں اس سائے کے پاس چلا گیا۔ جب دیکھا تو وہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ تھے۔ وہاں ہمیں ایسی آواز سنائی دی گویا کہ چکی چل رہی ہو (جس سے ہم سمجھ گئے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم یہیں پر

حدیث: 221

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 126 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 575

ہیں اور وحی نازل ہو رہی ہے) ہم نے ایک دوسرے سے کہا: اگر ابھی رسول اللہ ﷺ آ جائیں تو ٹھیک ہے ورنہ صبح ہونے تک ہمیں یہیں رکنا چاہئے۔ کافی دیر تک ہم وہاں کھڑے رہے پھر ہمیں نبی پاک نے آواز دی: کیا یہاں معاذ بن جبل، ابوعبیدہ بن جراح اور عوف بن مالک رضی اللہ عنہ ہیں؟ ہم نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ! تب آپ ﷺ ہماری طرف تشریف لائے اور ہم آپ کے ساتھ ہو لئے، ہم چپ چاپ آپ ﷺ کے ہمراہ چلتے رہے اور ہم نے آپ سے کسی قسم کی کوئی بات نہیں کی (جب آپ ﷺ خیمے میں پہنچے تو) آپ اپنے بستر پر بیٹھے اور فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ آج کی رات اللہ تعالیٰ نے مجھے کیا اختیار دیا؟ ہم نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے آدھی امت جنت میں لے جانے یا شفاعت میں سے کوئی ایک چیز چن لینے کا اختیار دیا، تو میں نے شفاعت کو چن لیا۔ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ جن لوگوں کی آپ شفاعت کریں گے، دعا فرمائیے کہ ہم بھی ان میں سے ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت ہر مسلمان کے لئے ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سلیم بن عامر کی روایات نقل کی ہیں ان کے علاوہ اس سند کے باقی تمام راوی متفق علیہ ہیں، اسی حدیث کو سعید بن ابوعروبہ اور حشام بن سنبر نے قتادہ پھر ابوملیح پھر عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کیا ہے (سعید بن ابی عروبہ کی روایت درج ذیل ہے)

122۔ فَحَدَّثَنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، أَنْبَأَنَا سَعِيدٌ، قَالَ: وَثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَبَا الْمَلِيحِ الْهُذَلِيَّ، حَدَّثَهُمْ أَنَّ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ، أَمَّا حَدِيثُ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ،

ہشام الدستوائی بن سنبر کی روایت درج ذیل ہے۔

123۔ فَحَدَّثَنَاهُ أَبُو زَكَرِيَّا الْعَنْزِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ عِيسَى بْنِ إِبْرَاهِيمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ، حَدِيثُ قَتَادَةَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ أَبُو قِلَابَةَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ زَيْدٍ الْجَرْمِيُّ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ،

❖❖ قتادہ کی یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر صحیح ہے لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا، اسی حدیث کو ابوقلابہ عبداللہ بن زید الجرمی نے بھی عوف بن مالک کے حوالے سے روایت کیا ہے (جیسا کہ درج ذیل ہے)

224۔ أَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا

حدیث 224:

اخرجه ابو حاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 7207

اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِی قِلَابَةَ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ مَغَازِيهِ فَانْتَهَيْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ فَلَمْ نَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مَكَانِهٖ، وَإِذَا الْإِبِلُ قَدْ وَضَعَتْ جِرَانَهَا فَإِذَا اَنَا بِحِبَالٍ، فَإِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ فَتَصَدّٰى لِیْ وَتَصَدَّيْتُ لَهٗ، فَقُلْتُ: اَيْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: وَرَائِی، وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَهٰذَا صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَبِی قِلَابَةَ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ، عَنْ اَبِی مُوْسَى الْاَشْعَرِیِّ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖ ابوقلابہ کی یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر ہے اور یہی حدیث ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی سند سے عوف بن مالک کے حوالے سے اسنادِ صحیح کے ساتھ مروی ہے جو کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر صحیح ہے لیکن انہوں نے اسے نقل نہیں کیا،

(ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث درج ذیل ہے)

225- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ الرَّقِّیُّ بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَمَّادٍ اَبُوْ بَكْرٍ الْوَاسِطِیُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ الْوَاسِطِیُّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِی بُرْدَةَ، عَنْ اَبِی مُوْسٰى، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ مَغَازِيهِ، قَالَ عَوْفٌ: فَسَمِعْتُ خَلْفِیْ هَزِيْزًا كَهَزِيْزِ الرَّحٰى، فَإِذَا اَنَا بِالنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ فِیْ اَرْضِ الْعَدُوِّ كَانَ عَلَيْهِ الْحُرَّاسُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَانِیْ اٰتٍ مِّنْ رَّبِّیْ يُخَيِّرُنِیْ بَيْنَ اَنْ يَّدْخُلَ شَطْرُ اُمَّتِی الْجَنَّةَ وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ عَرَفْتَ قِوَائِیْ فَاجْعَلْنِیْ مِنْهُمْ، قَالَ: اَنْتَ مِنْهُمْ، قَالَ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ عَرَفْتَ اَنَّا تَرَكْنَا قَوْمَنَا وَاَمْوَالَنَا رَاغِبًا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ، قَالَ: اَنْتَ مِنْهُمْ، فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَوْمِ وَقَدْ ثَارُوْا، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُقْعُدُوْا فَقَعَدُوْا، كَاَنَّهٗ لَمْ يَقُمْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ، قَالَ: اَتَانِیْ اٰتٍ مِّنْ رَّبِّیْ فَخَيَّرَنِیْ بَيْنَ اَنْ يَّدْخُلَ شَطْرُ اُمَّتِی الْجَنَّةَ وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اجْعَلْنَا مِنْهُمْ فَقَالَ: هِیَ لِمَنْ مَّاتَ وَلَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا

✧✧ مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ روایت منقول ہے۔ تاہم اس میں کچھ الفاظ الگ ہیں۔

226- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، اَنْبَاَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِیُّ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيْدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ الشَّامِیُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِی

حدیث: 226

اخرجه ابوبكر الشيبانى فى "الآحاد والمثانى" طبع دار الراية' رياض' سعودى عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث: 1600 اخرجه ابن ابى اسامه فى "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبوية' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث: 1134 اخرجه ابوبكر الكوفى' فى "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودى عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 31740

جُحَيْفَةَ السُّوَائِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَلْقَمَةَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَقِيْلٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَفْدِ ثَقِيفٍ، فَعَلَقْنَا طَرِيقًا مِّنْ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى اَنَخْنَا بِالْبَابِ، وَمَا فِي النَّاسِ رَجُلٌ اَبْغَضُ اِلَيْنَا مِنْ رَّجُلٍ نَلِجُ عَلَيْهِ مِنْهُ، فَدَخَلْنَا وَسَلَّمْنَا وَبَايَعْنَا، فَمَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهٖ حَتّٰى مَا فِي النَّاسِ رَجُلٌ اَحَبُّ اِلَيْنَا مِنْ رَّجُلٍ خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهٖ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَا سَاَلْتَ رَبَّكَ مُلْكًا كَمُلْكِ سُلَيْمَانَ؟ فَضَحِكَ وَقَالَ: لَعَلَّ صَاحِبَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِنْ مُّلْكِ سُلَيْمَانَ، اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا اِلَّا اَعْطَاهُ دَعْوَةً، فَمِنْهُمْ مَنِ اتَّخَذَ بِهَا دُنْيَا فَاُعْطِيَهَا، وَمِنْهُمْ مَنْ دَعَا بِهَا عَلٰى قَوْمِهٖ فَاُهْلِكُوا بِهَا، وَاِنَّ اللّٰهَ اَعْطَانِيْ دَعْوَةً فَاخْتَبَاْتُهَا عِنْدَ رَبِّيْ شَفَاعَةً لِاُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَلِيِّ بْنِ هَاشِمٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِيْ عَقِيْلٍ الثَّقَفِيُّ صَحَابِيٌّ، قَدْ تَحْتَجُّ بِهٖ اَئِمَّتُنَا فِيْ مَسَانِيْدِهِمْ، فَاَمَّا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ، فَاِنَّهُ مَنْ يَّجْمَعُ حَدِيْثَهُ، وَيُعَدُّ مَسَانِيْدَهُ فِي الْكُوفِيِّيْنَ

✧✧ عبدالرحمٰن بن ابی عقیل الثقفی بیان کرتے ہیں' میں وفد ثقیف کے ہمراہ رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا۔ وہاں پہنچ کر ہم نے دروازے سے باہر اونٹ بٹھائے اور آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔ سلام عرض کیا اور آپ کی بیعت کی، آپ ﷺ کے پاس جانے سے پہلے اس کائنات میں آپ سے زیادہ مجھے کسی سے نفرت نہ تھی اور جب بیعت کر کے باہر نکلا تو آپ ﷺ سے بڑھ کر مجھے کسی سے محبت نہ تھی (عبدالرحمٰن کہتے ہیں) میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ آپ اللہ تعالیٰ سے حضرت سلیمان علیہ السلام جیسی بادشاہی کیوں نہیں مانگ لیتے؟ آپ ﷺ مسکرا دیئے اور فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تمہارے ساتھی کے لئے اللہ کے پاس حضرت سلیمان علیہ السلام کی بادشاہی سے بھی اچھی بادشاہی ہو (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو ایک دعا کا اختیار دیا ہے، جس نے وہ دعا دنیا میں مانگ لی ان کو وہ عطا کر دی گئی، جس نے وہی دعا اپنی قوم کے خلاف مانگی، اللہ تعالیٰ نے اس دعا کی بنا پر قوم کو ہلاک کر دیا۔ مجھے بھی اللہ تعالیٰ نے ایک دعا کا اختیار دیا لیکن میں نے اسے قیامت کے دن رب کی بارگاہ میں اپنی امت کی سفارش کے لئے سنبھال کر رکھا۔

✣✣ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یعلیٰ بن ہاشم کی روایات نقل کی ہیں اور اس کی سند میں عبدالرحمٰن بن ابی عقیل الثقفی صحابی ہیں۔ آئمہ حدیث نے ان کی روایات اپنی مسانید میں نقل کی ہیں۔ اسی کی سند میں عبدالجبار بن عباس ایسے راوی ہیں جن کی احادیث کو جمع کیا جاتا ہے اور ان کی مسانید کو کوفی مسانید میں شمار کیا جاتا ہے۔

227- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ الْبَهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اُرِيْتُ مَا يَلْقٰى اُمَّتِيْ بَعْدِيْ، وَسَفْكَ بَعْضِهِمْ دِمَاءَ بَعْضٍ، وَسَبَقَ ذٰلِكَ مِنَ اللّٰهِ كَمَا سَبَقَ فِي الْاُمَمِ قَبْلَهُمْ، فَسَاَلْتُهُ اَنْ يُّوَلِّيَنِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَفَاعَةً فِيْهِمْ فَفَعَلَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْعِلَّةُ عِنْدَهُمَا فِيْهِ اَنَّ اَبَا الْيَمَانِ حَدَّثَ بِهٖ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ مَرَّةً: عَنْ شُعَيْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، وَقَالَ مَرَّةً: عَنْ شُعَيْبٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ، عَنْ اَنَسٍ وَّقَدْ قَدَّمْنَا الْقَوْلَ فِيْ مِثْلِ هٰذَا اَنَّهُ لاَ يُنْكَرُ اَنْ يَّكُوْنَ الْحَدِيْثُ عِنْدَ اِمَامٍ مِّنَ الْاَئِمَّةِ عَنْ شَيْخَيْنِ فَمَرَّةً يُحَدِّثُ بِهٖ عَنْ هٰذَا، وَمَرَّةً عَنْ ذَاكَ، وَقَدْ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ، قَالَ: قَالَ لَنَا اَبُو الْيَمَانِ: اَلْحَدِيْثُ حَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ وَالَّذِيْ حَدَّثْتُكُمْ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ غَلِطْتُ فِيْهِ بِوَرَقَةٍ قَلَبْتُهَا، قَالَ الْحَاكِمُ: هٰذَا كَالْاَخْذِ بِالْيَدِ، فَاِنَّ اِبْرَاهِيْمَ بْنَ هَانِءٍ ثِقَةٌ مَّامُوْنٌ

✧✧ حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تمہیں معلوم ہے کہ میرے بعد میری امت کے آپس میں کون کون سے فسادات اور خونریزیاں ہوں گی اور اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ہو چکا ہے جیسا کہ ان سے پہلی امتوں کے متعلق ہوا تھا تو میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ قیامت کے دن مجھے ان کی شفاعت کرنے کا حق دیا جائے تو میری اس دعا کو قبول کرلیا گیا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس حدیث میں شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے نزدیک علت یہ ہے کہ ابویمان نے اس کو دومرتبہ روایت کیا ہے، ایک مرتبہ شعیب کی روایت زہری کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے اور ایک مرتبہ شعیب کی روایت ابن ابی حسین کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔اس سلسلے میں گفتگو پہلے گزرچکی ہے کہ ایسی حدیث کا انکار نہیں کیا جاسکتا کیونکہ ہوسکتا ہے کہ ایک ہی روایت کسی امام نے دو استاذوں سے حاصل کی ہو، اس کو روایت کرتے ہوئے کبھی ایک شیخ کا نام لیں اور کبھی دوسرے کا (اس میں کوئی حرج نہیں ہے)

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ابوحسن علی بن محمد بن عمرو نے یحییٰ بن محمد بن صاعد کے حوالے سے ابراہیم بن ہانی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ہمیں ابویمان نے کہا: صحیح حدیث زہری کی سند والی ہے اور جو حدیث میں نے تمہیں ابن ابی حسین کے حوالے سے بیان کی ہے اس میں مجھ سے غلطی ہوئی۔امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں یہ ہاتھ سے پکڑنے کی طرح ہے۔کیونکہ ابراہیم بن ہانی ثقہ ہیں، مامون ہیں۔

228۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الصَّنْعَانِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ

حدیث 227:

اخرجہ ابوعبداللّٰہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ' قاھرہ' مصر رقم الحدیث:27450 اخرجہ ابویعلیٰ الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 6949 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 409 اخرجہ ابن ابی اسامہ فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ' مدینہ منورہ 1413ھ/1992ء' رقم الحدیث: 1133 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین' قاھرہ' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث:4648

بْـنِ عَبَّادٍ، اَنْبَانَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ زَنْجُوَيْهِ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَسْكَرٍ، وَاِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَانَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَا حَدِيْثَ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ بِطُوْلِهٖ، وَمَنْ تَوَهَّمَ اَنَّ هٰذِهٖ لَفْظَةٌ مِّنَ الْحَدِيْثِ فَقَدْ وَهَمَ، فَاِنَّ هٰذِهِ الشَّفَاعَةَ فِيْهَا قَمْعُ الْمُبْتَدِعَةِ الْمُفَرِّقَةِ بَيْنَ الشَّفَاعَةِ لِاَهْلِ الصَّغَائِرِ وَالْكَبَائِرِ، وَلَهٗ شَاهِدٌ بِهٰذَا اللَّفْظِ عَنْ قَتَادَةَ وَاَشْعَثَ بْنِ جَابِرٍ الْحُدَّانِيِّ اَمَّا حَدِيْثُ قَتَادَةَ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری شفاعت میری امت میں سے کبیرہ گناہوں کے مرتکب افراد کے لئے ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ان لفظوں کے ساتھ نقل نہیں کیا بلکہ انہوں نے قتادہ کی حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مفصل بیان کی ہے اور جس شخص نے (اس طرح مختصر انداز میں حدیث بیان کرنے کو) حدیث کا ایک حصہ حذف کرنا قرار دیا ہے یہ اس کا وہم ہے کیونکہ اسی شفاعت میں ان بدعتی فرقوں کے خلاف دلائل ہیں جن کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت صغیرہ گناہوں کے مرتکب لوگوں کے لئے ہے یا کبیرہ والوں کے لئے۔اس حدیث کی ایک شاہد حدیث انہی لفظوں کے ہمراہ قتادہ اور اشعث بن جابر حدانی سے بھی منقول ہے۔(قتادہ کی حدیث درج ذیل ہے)

حدیث 228:

اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 4739 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2435 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2436 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 13245 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 6467 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 6468 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 3284 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 4105 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء' رقم الحدیث: 448 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 749 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1669 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بیروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحدیث: 236 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه' مدینه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحدیث: 1132

229۔ فَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْمُجَوِّزُ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْخَلِيْلُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَبَحُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلشَّفَاعَةُ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ وَاَمَّا حَدِيْثُ اَشْعَثَ بْنِ جَابِرٍ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شفاعت، میری امت کے کبیرہ گناہوں کے مرتکبین افراد کے لئے ہے۔

(اشعث بن جابر کی حدیث درج ذیل ہے)

230۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، وَاَبُو الْمُثَنَّى الْعَنْبَرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا بِسْطَامُ بْنُ حُرَيْثٍ، عَنْ اَشْعَثَ الْحُدَّانِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖ اس کی ایک اور شاہد حدیث بھی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

231۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى التِّنِّيْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ قَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِزُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيِّ وَقَدْ تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ جَعْفَرٍ

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زہیر بن محمد العنبر کی روایات نقل کی ہیں اور محمد بن ثابت بنانی نے بھی زہیر بن محمد کی طرح جعفر بن محمد سے روایات نقل کی ہیں۔

232۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَاِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَا، ثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِيْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِيْ، قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ: وَقَالَ لِيْ جَابِرٌ: يَا مُحَمَّدُ، مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْ اَهْلِ الْكَبَائِرِ فَمَا لَهُ وَلِلشَّفَاعَةِ؟

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری شفاعت، میری امت کے کبیرہ گناہوں کے مرتکب افراد کے لئے ہے۔ ابوجعفر کہتے ہیں: جابر نے مجھ سے کہا: اے محمد (یہ محمد ابوجعفر کا نام ہے) جو شخص کبیرہ گناہ کا مرتکب نہیں ہے، اس کو شفاعت ضرورت نہیں ہے۔

233۔ حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، اِمْلَاءً فِيْ رَجَبٍ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّتِسْعِيْنَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ،

حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِيْ سَالِمٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ مُعَتِّبٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَهُ، يَقُوْلُ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاذَا رَدَّ اِلَيْكَ رَبُّكَ فِي الشَّفَاعَةِ ؟ فَقَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ ظَنَنْتُ اَنَّكَ اَوَّلُ مَنْ يَسْاَلُنِيْ عَنْ ذٰلِكَ لِمَا رَاَيْتُ مِنْ حِرْصِكَ عَلَى الْعِلْمِ، وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ لَمَا يُهِمُّنِيْ مِنَ انْقِصَافِهِمْ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ اَهَمُّ عِنْدِيْ مِنْ تَمَامِ شَفَاعَتِيْ، وَشَفَاعَتِيْ لِمَنْ شَهِدَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا يُصَدِّقُ قَلْبُهُ لِسَانَهُ، وَلِسَانُهُ قَلْبَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ مُعَتِّبٍ مِصْرِيٌّ مِّنَ التَّابِعِيْنَ، وَقَدْ اَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ حَدِيْثَ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِكَ، اَلْحَدِيْثَ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ، وَالْمَعْنٰى قَرِيْبٌ مِّنْهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ شفاعت کے متعلق اللہ تعالیٰ نے آپ کو کیا جواب دیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، میرا یہی گمان تھا کہ تو ہی سب سے پہلے مجھ سے سوال کرے گا کیونکہ علم پر تیری حرص مجھے نظر آ رہی ہے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، میرے امتیوں کا جنت کے دروازے پر بار بار آنا، میری نظر میں اتنا اہم نہیں ہے جتنا اہم شفاعت کو پورا کرنا ہے اور میری شفاعت ہر اس شخص کے لئے ہے جو مخلص ہو کر، صدق دل سے، اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے (اس کی سند میں) معاویہ بن معتب مصری ہیں اور ان کا شمار تابعین میں ہوتا ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے مطلب کے غلام عمرو بن ابی عمرو کی حدیث سعید بن ابی سعید کے ذریعے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بیان کی ہے، فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی شفاعت پانے والا نیک بخت شخص کون ہوگا (اس کے بعد گزشتہ حدیث سے ملتی جلتی حدیث بیان کی)

234۔ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ سَلَمَةَ الْجَارُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا الْمُؤَمَّلُ، حَدَّثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ جَدِّهِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا

حدیث 233:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 8056 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6466 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 337

حدیث 234:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 13958 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 1172

اللّٰهُ وَفِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنَ الايمَانِ، اَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَوْ ذَكَرَنِيْ اَوْ خَافَنِيْ فِيْ مَقَامٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَا قَوْلَهٗ مَنْ ذَكَرَنِيْ اَوْ خَافَنِيْ فِيْ مَقَامٍ وَّقَدْ تَابَعَ اَبُوْ دَاوُدَ، مُؤَمَّلا عَلٰى رِوَايَتِهٖ وَاخْتَصَرَهٗ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اس شخص کو دوزخ سے نکال لو، جس نے لا الٰہ الا اللہ پڑھا اور اس کے دل میں ذرہ بھر بھی ایمان موجود ہے، اس شخص کو دوزخ سے نکال لو جس نے لا الٰہ الا اللہ پڑھا، یا میرا ذکر کیا، یا کسی موقع پر مجھ سے ڈر گیا۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے مَنْ ذَكَرَنِيْ اَوْ خَافَنِيْ فِيْ مَقَامٍ کے الفاظ ذکر نہیں کئے اور ابوداؤد نے مومل کی طرح یہ روایت، مبارک بن فضالہ سے نقل کی ہے۔

(ابوداؤد کی حدیث درج ذیل ہے)

235- اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْجَارُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ: اَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَكَرَنِيْ اَوْ خَافَنِيْ فِيْ مَقَامٍ

236- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عُمَرَ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهٗ: ابْنُ اَبِي الْجَدْعَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِّنْ اُمَّتِيْ اَكْثَرُ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ هٰذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْجَدْعَاءِ صَحَابِيٌّ مَّشْهُوْرٌ وَّمُخَرَّجٌ ذِكْرُهٗ فِي الْمَسَانِيْدِ وَهُوَ مِنْ سَاكِنِيْ مَكَّةَ مِنَ الصَّحَابَةِ

✧✧ حضرت ابن ابی الجدعا رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے "میری امت کے ایک شخص کی شفاعت سے بنی تمیم کی تعداد سے زیادہ لوگ جنت میں جائیں گے"۔

❖ یہ عبداللہ بن ابی الجدعا مشہور صحابی ہیں۔ مسانید میں ان کا ذکر موجود ہے اور یہ مکہ کے رہنے والے تھے۔

حدیث 236:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث:2438 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4316 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 15896 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 7376 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 7638 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 1283 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحادوالمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث:1222

237۔ حَدَّثَنَا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْتُهُ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، أَنْبَأَنَا أَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: جَلَسْتُ إِلٰى قَوْمٍ أَنَا رَابِعُهُمْ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِّنْ أُمَّتِيْ أَكْثَرُ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ، قَالَ: قُلْنَا: سِوَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: سِوَائِي، قُلْتُ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا قَامَ قُلْتُ مَنْ هٰذَا ؟ قَالُوْا: هٰذَا ابْنُ أَبِي الْجَدْعَاءِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ قَدِ احْتَجَّا بِرُوَاتِهِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَقِيْقٍ تَابِعِيٌّ مُّحْتَجٌّ بِهِ، وَإِنَّمَا تَرَكَاهُ لِمَا تَقَدَّمَ ذِكْرُهُ مِنْ تَفَرُّدِ التَّابِعِيِّ، عَنِ الصَّحَابِيِّ

✧✧ حضرت عبداللہ بن شقیق بیان کرتے ہیں' میں کچھ لوگوں کے ہمراہ بیٹھا ہوا تھا، وہ تین تھے اور میں چوتھا تھا۔ان میں سے ایک نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے: میری امت کے ایک شخص کی شفاعت سے بنی تمیم کی تعداد سے زیادہ لوگ جنت میں جائیں گے۔وہ شخص کہتا ہے: ہم نے کہا: یارسول اللہ ﷺ یہ شخص آپ کے علاوہ کوئی دوسرا ہے؟ فرمایا: ہاں۔میرے علاوہ (عبداللہ بن شقیق) کہتے ہیں: میں نے اس شخص سے کہا: کیا تو نے یہ بات خود رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔پھر جب وہ شخص محفل سے اٹھ کر چلا گیا تو میں نے لوگوں سے پوچھا: یہ کون تھے؟ انہوں نے جواب دیا: یہ حضرت ابن ابی الجدعا رضی اللہ عنہ تھے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور عبداللہ بن شقیق تابعی ہیں۔محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم ان کی روایات نقل کرتے ہیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے چھوڑ دیا ہے کہ اس میں صحابی سے روایت کرنے والے تابعی منفرد ہیں۔

238۔ أَخْبَرَنَا أَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، وَأَبُوْ عَمْرِو بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الزَّاهِدُ، قَالَا: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، أَنْبَأَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ الْأَسَدِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ أُقَيْشٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَعْدِمَانِ ثَلَاثَةً لَّمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ، إِلَّا أَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمَا، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَذُو الْاِثْنَيْنِ، قَالَ: وَذُو الْاِثْنَيْنِ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ أُمَّتِيْ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ أَكْثَرَ مِنْ مُضَرَ، وَإِنَّ مِنْ أُمَّتِيْ مَنْ سَيَعْظُمُ لِلنَّارِ حَتّٰى يَكُوْنَ إِحْدٰى زَوَايَاهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَالْحَارِثُ بْنُ أُقَيْشٍ مُخَرَّجٌ حَدِيْثُهُ فِيْ مَسَانِيْدِ الْأَئِمَّةِ، وَهُوَ مِنَ النَّمَطِ الَّذِيْ قَدَّمْنَا ذِكْرَهُ مِنْ تَفَرُّدِ التَّابِعِيِّ الْوَاحِدِ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَهٰكَذَا رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ

✧✧ حضرت حارث بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جن ماں باپ کے تین نابالغ بچے

فوت ہوگئے، اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان دونوں کو جنت میں داخل فرمائے گا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ جس کے دو بچے فوت ہوئے ہوں (ان کے بارے میں کیا حکم ہے؟) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ۲ والا بھی جنت میں جائے گا۔ اور رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت کے ایک آدمی کی شفاعت سے قبیلہ مضر کی تعداد کے برابر لوگوں کی بخشش ہوگی اور میری امت (میں ایسے لوگ بھی ہونگے کہ ان) میں سے ایک آدمی دوزخ کیلئے اتنا بڑا ہوگا کہ اس کا پورا ایک حصہ اسی ایک آدمی کے بدن سے بھر جائے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور (اس کی سند میں ایک راوی) حارث بن اقیش کی احادیث، ائمہ حدیث نے اپنی مسانید میں لکھی ہیں اور اس حدیث میں بھی صحابی سے روایت کرنے والا تابعی متفرد ہے۔ اسی طرح کی ایک حدیث شعبہ نے داؤد بن ابی ہند کے حوالے سے بھی روایت کی ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

239۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيْبٍ الْمَعْمَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْجَارُوْدِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ اُقَيْشٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ مِنْ اُمَّتِيْ لَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، فَيَشْفَعُ لِاَكْثَرَ مِنْ مُضَرَ

✧✧ حضرت حارث بن اقیش رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرا ایک امتی جنت میں داخل ہوگا اور وہ ''مضر'' (قبیلہ کی تعداد) سے زیادہ لوگوں کی شفاعت کرے گا۔

240۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ اَيُّوْبَ الطُّوْسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْحَنْظَلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ كُنْتُ اِمَامَ النَّبِيِّيْنَ وَخَطِيْبَهُمْ وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَيْرُ فَخْرٍ

✧✧ حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں قیامت کے دن نبیوں کا امام اور قائد ہوں گا اور مجھے اذن شفاعت ملے گا، لیکن مجھے (ان تمام باتوں میں سے کسی پر بھی) فخر نہیں ہے۔

241۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ النَّهْدِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ كُنْتُ اِمَامَ النَّبِيِّيْنَ وَخَطِيْبَهُمْ وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ غَيْرُ

حديث 240:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4314 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 21283 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحديث: 171

فَخْرٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِتَفَرُّدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلِ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ، وَلِمَا نُسِبَ اِلَيْهِ مِنْ سُوْءِ الْحِفْظِ، وَهُوَ عِنْدَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ مِنْ اَئِمَّتِنَا ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ

✧✧ مذکورہ سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے کیونکہ اس کی سند میں عبداللہ بن محمد بن عقیل، طفیل بن ابی بن کعب سے روایت کرنے میں منفرد ہیں اور ان کی طرف کسی نے بھی سوءِ حفظ کی نسبت نہیں کی اور یہ ہمارے ائمہ حدیث کے نزدیک ثقہ ہیں، مامون ہیں۔

242- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَنْبَاَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُّسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنِّىْ لَاَعْلَمُ كَلِمَةً لَا يَقُوْلُهَا عَبْدٌ حَقًّا مِّنْ قَلْبِهٖ فَيَمُوْتُ عَلٰى ذٰلِكَ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ وَلَا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ، الْحَدِيْثِ الطَّوِيْلِ فِىْ اٰخِرِهٖ وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ عَلَى النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَدِيْثَ وَقَدْ اَخْرَجَاهُ اَيْضًا مِّنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ، وَبِشْرِ بْنِ الْمُفَضَّلِ، وَخَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْوَلِيْدِ اَبِىْ بِشْرٍ، عَنْ حُمْرَانَ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَّاتَ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ لَيْسَ فِيْهِ ذِكْرُ عُمَرَ، وَلَهٗ شَاهِدٌ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْ عُثْمَانَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: میں ''لا الٰہ الا اللہ'' کے سوا اور کوئی ایسا کلمہ نہیں جانتا ہوں جس کو انسان دل کے یقین کے ساتھ پڑھے اور اسی حالت پر مر جائے تو اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ حرام کر دے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن دونوں نے یہ حدیث ان الفاظ اور اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کی، تاہم دونوں نے عتبان بن مالک کے حوالے سے محمود بن الربیع کی مفصل حدیث بیان کی ہے اس کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں: بے شک اللہ تعالیٰ اس شخص پر جہنم حرام کر دیتا ہے جو صمیم قلب سے ''لا الٰہ الا اللہ'' پڑھے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے شعبہ، بشر بن المفضل اور خالد الحذاء کی روایت بھی نقل کی ہے جس کی سند ولید ابوالبشر، پھر حمران سے ہوتی ہوئی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے (حدیث یہ ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس بات کا یقین رکھتے ہوئے

حدیث: 242

اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 447 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 204 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ه/1992ء' رقم الحديث: 1

فوت ہو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، وہ جنتی ہے۔اس روایت میں (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بعد) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں ہے۔اس کی ایک شاہد حدیث حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بھی منقول ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

243- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَا حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمْرَانَ بْنَ اَبَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، وَكَانَ قَلِيْلَ الْحَدِيْثِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ عَلِمَ اَنَّ الصَّلٰوةَ عَلَيْهِ حَقٌّ وَّاجِبٌ دَخَلَ الْجَنَّةَ

✧✧ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اس بات کا یقین رکھتا ہے کہ اس پر نماز فرض ہیم، وہ جنتی ہے۔

244- حَدَّثَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيْ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ الْاَعْرَجِ، اَنَّهُ سَمِعَ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: ثَلَاثَةٌ لَّا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ: الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ، وَالدَّيُّوْثُ، وَرَجِلَةُ النِّسَاءِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْقَلْبُ اِلٰى رِوَايَةِ اَيُّوْبَ بْنِ سُلَيْمَانَ اَمْيَلُ حَيْثُ لَمْ يَذْكُرْ فِيْ اِسْنَادِهِ عُمَرَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین قسم کے لوگ جنت میں نہیں جائیں گے (۱) ماں باپ کا نافرمان (۲) دیوث (۳) اور عورتوں کے بیچ میں چلنے والا۔

✥✥ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا ہے (اور اس کی سند میں) ایوب بن سلیمان کی طرف قلب زیادہ بہتر ہے کیونکہ اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں ہے۔

245- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ التَّاجِرُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ

حدیث 243:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 423 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ه/1988ء، رقم الحديث: 49

حدیث 244:

اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ه-1984ء، رقم الحديث: 5556 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ه/1983ء، رقم الحديث: 13180 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 6180

السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، وَاَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ، صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا عَلٰى كَتِفَيِ الصِّرَاطِ سُورَانِ فِيهِمَا اَبْوَابٌ مُّفَتَّحَةٌ، وَعَلَى الْاَبْوَابِ سُتُورٌ مُّرْخَاةٌ، وَعَلَى الصِّرَاطِ دَاعٍ يَّدْعُو، يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اسْلُكُوا الصِّرَاطَ جَمِيعًا وَّلَا تَعْوَجُّوا، وَدَاعٍ يَّدْعُو عَلَى الصِّرَاطِ، فَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ فَتْحَ شَيْءٍ مِّنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ، قَالَ: وَيْلَكَ لَا تَفْتَحْهُ فَاِنَّكَ اِنْ تَفْتَحْهُ تَلِجْهُ، فَالصِّرَاطُ: الْاِسْلَامُ، وَالسُّتُورُ: حُدُودُ اللّٰهِ، وَالْاَبْوَابُ الْمُفَتَّحَةُ مَحَارِمُ اللّٰهِ، وَالدَّاعِي الَّذِي عَلٰى رَاْسِ الصِّرَاطِ كِتَابُ اللّٰهِ، وَالدَّاعِي مِنْ فَوْقٍ وَاعِظُ اللّٰهِ يَذْكُرُ فِي قَلْبِ كُلِّ مُسْلِمٍ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَا اَعْرِفُ لَهٗ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے صراط مستقیم کی مثال یوں بیان کی ہے، ایک پل ہے، اس کی دونوں جانب دو دیواریں ہیں، ان دیواروں میں دروازے کھلے ہوئے ہیں اور دروازوں پر پردے لٹک رہے ہیں۔ پل پر ایک منادی ندا دیتا ہے، کہتا ہے: اے لوگو! سب مل کر پل سے گزرو اور ادھر ادھر مت بھٹکو، جب کوئی شخص ان دروازوں میں سے کوئی دروازہ کھلوانا چاہتا ہے تو وہ منادی کہتا ہے: تو ہلاک ہو جائے، اس کو مت کھولو کیونکہ اگر تو نے اسے کھولا تو اس میں گر جائے گا (اس مثال میں) پل ''اسلام'' ہے اور پردے ''حدود اللہ'' ہیں۔ کھلے ہوئے دروازے ''محارم اللہ'' اور پل پر ندا دینے والا ''قرآن'' ہے اور دوسرا ''داعی'' اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نیک سوچ ہے جو ہر مسلمان کے دل میں اللہ کی یاد تازہ رکھتی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت نہیں مل سکی۔

246۔ اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، قَالَا: اَنْبَانَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِي نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ السَّائِبِ، اَنَّ عَبْدَ الْحَمِيدِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّمَا مَثَلُ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ حِينَ يُصِيبُهُ الرَّعْدُ وَالْحُمّٰى، كَمَثَلِ حَدِيدَةٍ تَدْخُلُ النَّارَ فَيَذْهَبُ خَبَثُهَا وَيَبْقٰى طِيبُهَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَالَّذِي عِنْدِي اَنَّهُمَا تَرَكَاهُ لِتَفَرُّدِ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ اَبِيهِ

حدیث 245:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 17673 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/ 1991ء' رقم الحديث: 11233 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ه/1984ء' رقم الحديث: 1147

بِالرِّوَايَةِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی بندۂ مومن کو بخار یا کوئی تکلیف آتی ہے تو اس کی مثال ایسے ہے جیسے لوہے کو بھٹی میں ڈال دیا گیا ہو کہ اس سے لوہے کا زنگ دور ہو جاتا ہے اور خالص لوہا باقی بچ جاتا ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے ترک کیا ہے کہ حمید اپنے والد سے روایت کرنے میں متفرد ہیں۔

247۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِي نَافِعٌ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا الزُّبَيْرِ الْمَكِّيَّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَعْضِ اَهْلِهِ وَهُوَ وَجِعٌ بِهِ الْحُمّٰى، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمُّ مِلْدَمٍ، قَالَتِ امْرَاَةٌ: نَعَمْ، فَلَعَنَهَا اللّٰهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلْعَنِيْهَا فَاِنَّهَا تَغْسِلُ، اَوْ تُذْهِبُ ذُنُوبَ بَنِيْ اٰدَمَ كَمَا يُذْهِبُ الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک خاتون کے پاس تشریف لائے، اس وقت اس کو شدید بخار ہو رہا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ام ملدم'' (یعنی بخار) ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ پھر وہ بخار کو لعنتیں دینے لگی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماری کو لعنت مت کرو کیونکہ یہ انسان کے گناہ اس طرح مٹا دیتی ہے جیسے بھٹی، لوہے کے زنگ کو دور کر دیتی ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور مجھے اس میں کوئی علت بھی نہیں مل سکی۔

248۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، وَاَبُو الْحَسَنِ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ العدوى، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَخِلَاءُ

حدیث 247:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث:10902

حدیث 248:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث:3108 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث:2013 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث:2518

ثلاثَةٌ: فَاَمَّا خَلِيْلٌ فَيَقُوْلُ لَكَ: مَا اَعْطَيْتَ، وَمَا اَمْسَكْتَ فَلَيْسَ لَكَ فَذٰلِكَ مَالُكَ، وَاَمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: اَنَا مَعَكَ حَتّٰى تَاْتِيَ بَابَ الْمَلِكِ، ثُمَّ اَرْجِعُ وَاَتْرُكُكَ، فَذٰلِكَ اَهْلُكَ وَعَشِيْرَتُكَ يُشَيِّعُوْنَكَ حَتّٰى تَاْتِيَ قَبْرَكَ، ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ فَيَتْرُكُوْنَكَ، وَاَمَّا خَلِيْلٌ، فَيَقُوْلُ: اَنَا مَعَكَ حَيْثُ دَخَلْتَ وَحَيْثُ خَرَجْتَ فَذٰلِكَ عَمَلُكَ، فَيَقُوْلُ: وَاللّٰهِ لَقَدْ كُنْتَ مِنْ اَهْوَنِ الثَّلاثَةِ عَلَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ عَلٰى هٰذِهِ السِّيَاقَةِ وَلَهُ شَاهِدٌ قَدْ خَرَّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دوست تین ہیں۔ایک دوست تجھے کہتا ہے: میں نے جو کچھ تجھے دیا ہے اور جو اپنے پاس روک رکھا ہے، اس میں سے کچھ بھی تیرا نہیں ہے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرا مال ہے۔دوسرا دوست کہتا ہے: ملک کے دروازے پر پہنچنے تک میں تیرے ساتھ ہوں پھر میں تجھے چھوڑ کر واپس آ جاؤں گا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرے اہل وعیال اور تیرا خاندان ہے، جو تجھے قبر میں اتارنے تک تیرے ساتھ رہیں گے پھر تجھے اکیلا چھوڑ کر واپس چلے آئیں گے اور تیسرا دوست کہتا ہے: تو جہاں بھی رہے میں ہر قدم تیرے ساتھ ہوں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ تیرا عمل ہے۔پھر بندہ کہے گا: (اے میرے عمل) تو ان تینوں کی بہ نسبت میرے لئے زیادہ آسان تھا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے حجاج بن حجاج کی روایات نقل کی ہیں۔ مجھے اس حدیث میں کوئی علت نہیں مل سکی اور نہ ہی شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس انداز میں بیان کیا ہے۔

249۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَتْبَعُ الْمُؤْمِنَ بَعْدَ مَوْتِهٖ ثَلاثَةٌ: اَهْلُهٗ، وَمَالُهٗ، وَعَمَلُهٗ، فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقٰى وَاحِدٌ يَرْجِعُ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ، وَيَبْقٰى عَمَلُهٗ وَقَدْ تَابَعَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ الْحَجَّاجَ فَسَاقَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ

حدیث 249:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دارابن كثير' يمامه' بيروت' لبنان' 1407ھ 1987ء' رقم الحديث: 6149 اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2960 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2379 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ 1986ء' رقم الحديث: 1937 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 12101 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 3107 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 2064 اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه' مكتبه المتنبی' بيروت' قاهره' رقم الحديث: 1183

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کے مرنے کے بعد تین چیزیں اس کے پیچھے پیچھے آتی ہیں۔ اہل وعیال، مال اور عمل۔ ان میں سے ۲ (اہل وعیال اور مال) واپس چلے جاتے ہیں اور "عمل" انسان کے پاس رہ جاتا ہے۔

❖ حجاج سے عمران القطان نے بھی یہ حدیث روایت کی ہے (ان کی حدیث درج ذیل ہے)

250۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوْقٍ، اَنْبَاَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ اِلَّا وَلَهُ ثَلَاثَةُ اَخِلَّاءَ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ نَحْوَ حَدِيْثِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ، وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی انسان کے تین دوست ہوتے ہیں (اس کے بعد ابراہیم بن طہمان کی طرح پوری حدیث بیان کی ہے۔ اس حدیث کی ایک اور بھی شاہد حدیث موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے (وہ شاہد حدیث درج ذیل ہے)

251۔ اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَمَثَلُ الْاَجَلِ مَثَلُ رَجُلٍ لَّهُ ثَلَاثَةُ اَخِلَّاءَ قَالَ لَهُ مَالُهُ: اَنَا مَالُكَ خُذْ مِنِّيْ مَا شِئْتَ وَدَعْ مَا شِئْتَ، وَقَالَ الْاٰخَرُ: اَنَا مَعَكَ اَحْمِلُكَ وَاَضَعُكَ فَاِذَا مِتَّ تَرَكْتُكَ، قَالَ: هٰذَا عَشِيْرَتُهُ، وَقَالَ الثَّالِثُ: اَنَا مَعَكَ اَدْخُلُ مَعَكَ وَاَخْرُجُ مَعَكَ مِتَّ اَوْ حَيِيْتَ، قَالَ: هٰذَا عَمَلُهُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کی اور اس کی موت کی مثال ایسے ہے جیسے کسی شخص کے تین دوست ہوں۔ اس کا مال اس سے کہے گا: تو جو چاہتا ہے لے لے اور جو چاہتا ہے چھوڑ دے۔ دوسرا دوست کہے گا: میں تیرے ساتھ ساتھ ہوں تیری خدمت کرتا رہوں گا لیکن جب تو مر جائے گا تو میں تجھے چھوڑ دوں گا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ اس کا خاندان ہے اور تیسرا کہے گا: تو زندہ رہے یا مر جائے، میں ہر لمحہ اور ہر قدم تیرے ساتھ ہوں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) یہ اس کا عمل ہے۔

252۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ: اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَعَلَّمْتُ لَهُ كِتَابَةَ الْيَهُوْدِ، وَقَالَ: اِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا اٰمَنُ يَهُوْدَ

حدیث 252:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3645 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2715 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4857

عَلٰی کِتَابِیْ فَتَعَلَّمْتُہٗ، فَلَمْ یَمُرَّ بِیْ نِصْفُ شَھْرٍ حَتّٰی حَذَقْتُہٗ، قَالَ: اِنِّیْ کُنْتُ اَکْتُبُ لَہٗ اِذَا کَتَبَ، وَاَقْرَاُ لَہٗ اِذَا کُتِبَ اِلَیْہِ قَدِ اسْتَشْھَدَ جَمِیْعًا بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی الزِّنَادِ، وَ

ھٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ وَّلَا اَعْرِفُ فِی الرُّخْصَۃِ لِتَعَلُّمِ کِتَابَۃِ اَھْلِ الْکِتَابِ غَیْرَ ھٰذَا الْحَدِیْثِ

✧✧ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر یہودیوں کی تحریر سیکھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: ''مجھے اپنے خطوط کے حوالے سے یہودیوں پر اعتماد نہیں ہے'' اس لئے میں نے ان کی تحریر سیکھ لی۔ ابھی پندرہ دن بھی نہیں گزرے تھے کہ مجھے اس میں اچھی خاصی مہارت حاصل ہوگئی (حضرت زید) فرماتے ہیں: جب کچھ لکھوایا جاتا تو میں لکھ دیا کرتا تھا اور جب آپ کی طرف کوئی مکتوب آتا تو وہ بھی میں ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھ کر سنایا کرتا تھا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن ابی زیاد کی روایات نقل کی ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میری نظر میں صرف یہی ایک حدیث ہے جس سے اہل کتاب کی تحریر سیکھنے کی رخصت ثابت ہوتی ہے۔

253۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْبَخْتَرِیِّ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاکِرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَۃَ، حَدَّثَنِی الْحُسَیْنُ الْمُعَلِّمُ، وَاَخْبَرَنَا وَاللَّفْظُ لَہٗ، اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ حُسَیْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُرَیْدَۃَ، قَالَ: ذُکِرَ لِیْ اَنَّ اَبَا سَبْرَۃَ بْنَ سَلَمَۃَ الْھُذَلِیَّ، سَمِعَ ابْنَ زِیَادٍ، یَسْاَلُ عَنِ الْحَوْضِ حَوْضِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اُرَاہُ حَقًّا بَعْدَمَا سَاَلَ اَبَا بَرْزَۃَ الْاَسْلَمِیَّ وَالْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ وَّعَائِذَ بْنَ عَمْرٍو، فَقَالَ: مَا اُصَدِّقُ ھٰؤُلَاءِ، فَقَالَ اَبُوْ سَبْرَۃَ: اَلَا اُحَدِّثُکَ بِحَدِیْثٍ شِفَاءٍ؟ بَعَثَنِیْ اَبُوْکَ بِمَالٍ اِلٰی مُعَاوِیَۃَ فَلَقِیْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو فَحَدَّثَنِیْ بِفِیْہِ وَکَتَبْتُہٗ بِقَلَمِیْ مَا سَمِعَہٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمْ اَزِدْ حَرْفًا وَلَمْ اَنْقُصْ، حَدَّثَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْفَاحِشَ وَلَا الْمُتَفَحِّشَ، وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یَظْھَرَ الْفُحْشُ وَالتَّفَحُّشُ وَقَطِیْعَۃُ الرَّحِمِ وَسُوْءُ الْمُجَاوَرَۃِ، وَیُخَوَّنُ الْاَمِیْنُ وَیُؤْتَمَنُ الْخَائِنُ، وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ کَمَثَلِ النَّحْلَۃِ اَکَلَتْ طَیِّبًا وَوَضَعَتْ طَیِّبًا وَوَقَعَتْ طَیِّبًا، فَلَمْ تَفْسُدْ وَلَمْ تُکْسَرْ، وَمَثَلُ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ الْقِطْعَۃِ الْجَیِّدَۃِ مِنَ الذَّھَبِ نُفِخَ عَلَیْھَا فَخَرَجَتْ طَیِّبَۃً وَّوُزِنَتْ فَلَمْ تَنْقُصْ، وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَوْعِدُکُمْ حَوْضِیْ عَرْضُہٗ مِثْلُ طُوْلِہٖ، وَھُوَ اَبْعَدُ مِمَّا بَیْنَ اَیْلَۃَ اِلٰی مَکَّۃَ، وَذٰلِکَ مَسِیْرَۃُ شَھْرٍ، فِیْہِ اَمْثَالُ الْکَوَاکِبِ اَبَارِیْقُ، مَاؤُہٗ اَشَدُّ بَیَاضًا مِّنَ الْفِضَّۃِ مَنْ وَّرَدَہٗ، وَشَرِبَ مِنْہُ لَمْ یَظْمَاْ بَعْدَہٗ اَبَدًا، فَقَالَ ابْنُ زِیَادٍ: مَا حَدَّثَنِیْ اَحَدٌ بِحَدِیْثٍ مِثْلِ ھٰذَا، اَشْھَدُ اَنَّ الْحَوْضَ حَقٌّ وَّاجِبٌ، وَاَخَذَ الصَّحِیْفَۃَ الَّتِیْ جَاءَ بِھَا اَبُوْ سَبْرَۃَ، وَفِیْ حَدِیْثِ اَبِیْ اُسَامَۃَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بُرَیْدَۃَ، عَنْ اَبِیْ سَبْرَۃَ

حدیث 253:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:6514

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ فَقَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلَى الاحْتِجَاجِ بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ غَيْرِ اَبِى سَبْرَةَ الْهُذَلِيِّ وَهُوَ تَابِعِيٌّ كَبِيْرٌ مُّبَيَّنٌ ذِكْرُهُ فِي الْمَسَانِيْدِ وَالتَّوَارِيْخِ غَيْرُ مَطْعُوْنٍ فِيْهِ وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى بُرَيْدَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، مجھے ابوسبرہ بن سلمہ الھذلی نے بتایا کہ انہوں نے حوض سے متعلق ابن زیاد کا یہ موقف سنا ہے کہ ''حوض سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حوض ہے''۔ابوسبرہ نے کہا: میں اس کو حق نہیں سمجھتا کیونکہ ان سے پہلے یہی بات میں ابوبرزہ اسلمی، براء بن عازب اور عائذ سے پوچھ چکا ہوں۔ابن زیاد نے کہا: انہوں نے سچ نہیں کہا۔اس پر ابوسبرہ بولے: میں تمہیں حدیث شفا بیان کروں؟ مجھے تمہارے والد نے کچھ مال دے کر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا تو میری ملاقات عبداللہ بن عمرو سے ہوگئی انہوں نے خود مجھے یہ حدیث سنائی اور میں نے خود اپنے قلم سے لکھی (انہوں نے کہا) میں نے جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے بغیر کمی زیادتی کے حرف بہ حرف بیان کروں گا۔پھر انہوں نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا: اللہ تعالیٰ کسی بے حیاء، بدکار کو پسند نہیں کرتا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، اس وقت تک قیامت نہیں آئے گی جب تک یہ علامات ظاہر نہ ہو جائیں۔فحاشی اور بے حیائی عام ہوگی، رشتہ داری کا لحاظ ختم ہو جائے گا، پڑوسیوں کے آپس میں تعلقات ٹھیک نہیں ہوں گے، امانت داروں کو خائن سمجھا جائے گا اور خائن کو امانت دار سمجھا جائے گا۔مومن کی مثال اس درخت کی سی ہے جس کا پھل بھی اچھا ہو، بیج بھی اچھا ہو اور اس کا تنا بھی اچھا ہو، اس کی حفاظت کی جاتی ہے اور توڑا نہیں جاتا اور مومن بندے کی مثال اس خالص سونے جیسی ہے جس میں پھونک ماریں تو اچھی ہوا آئے، اس کا وزن کریں تو کم نہ ہو۔پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن میرے ساتھ تمہاری ملاقات میرے حوض پر ہوگی، جس کی چوڑائی اور لمبائی برابر ہے اور یہ ایلہ سے لیکر مکہ تک کی درمیانی مسافت سے بھی زیادہ ہے۔یہ کم وبیش ایک مہینے کی مسافت ہے اس کے پیالوں کی تعداد ستاروں سے زیادہ ہے، اس کا پانی چاندی سے زیادہ سفید ہے۔جو شخص ایک مرتبہ وہاں سے پی لے گا اس کو کبھی پیاس نہیں لگے گی۔اس پر ابن زیاد نے کہا: مجھے آج تک کسی نے حوض سے متعلق ایسی حدیث نہیں سنائی۔میں گواہی دیتا ہوں ''حوض حق ہے، سچ ہے'' (یہ کہتے ہوئے) ابن زیاد نے ابوسبرہ سے وہ صحیفہ پکڑ لیا۔

✤✤ اور ابواسامہ کی حدیث کی سند عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ کے ذریعے ابوسبرہ تک پہنچتی ہے، یہ حدیث صحیح ہے۔ابوسبرہ ہزلی کے علاوہ اس کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہیں اور ابوسبرہ کبیر تابعی ہیں۔ان کا ذکر تاریخ کی کتابوں میں اور مسانید میں موجود ہے اور کسی طرف سے ان پر طعن ثابت نہیں۔اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ قتادہ نے ابن بریدہ سے روایت کی ہے (حدیث درج ذیل ہے)

254۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِى سَبْرَةَ الْهُذَلِيِّ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ

✤✤ ابن بریدہ نے ابوسبرہ ہذلی کے حوالے سے یہ حدیث طوالت کے ہمراہ نقل کی ہے۔

255۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِى طَالِبٍ، حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ

الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ، حَدَّثَنَا شَدَّادٌ اَبُوْ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَازِعِ جَابِرُ بْنُ عَمْرٍو الرَّاسِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَرْزَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: حَوْضِيْ مِنْ اَيْلَةَ اِلٰى صَنْعَاءَ عَرْضُهُ كَطُوْلِهٖ، فِيْهِ مِيزَابَانِ يَصُبَّانِ مِنَ الْجَنَّةِ، اَحَدُهُمَا وَرِقٌ وَّالْاٰخَرُ ذَهَبٌ اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَاَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ وَاَشَدُّ بَيَاضًا مِّنَ اللَّبَنِ، وَاَلْيَنُ مِنَ الزُّبْدِ، فِيْهِ اَبَارِيقُ عَدَدَ نُجُومِ السَّمَآءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَاْ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: وَزَادَ فِيْهِ اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِي الْوَازِعِ، عَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: يَنْزُو فِيْ اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِحَدِيْثَيْنِ عَنْ اَبِيْ طَلْحَةَ الرَّاسِبِيِّ، عَنْ اَبِي الْوَازِعِ، عَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ وَهُوَ غَرِيبٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِي الْوَازِعِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا حوض ایلہ سے صنعاء تک چوڑا ہے اور اس کی چوڑائی اور لمبائی برابر ہے، اس میں جنت سے دو پرنالے گرتے ہیں، ان میں سے ایک سونے کا ہے اور ایک چاندی کا ہے (حوض کا پانی) شہد سے زیادہ میٹھا، برف سے زیادہ ٹھنڈا، دودھ سے زیادہ سفید اور مکھن سے زیادہ ملائم ہے۔ اس کے پیالوں کی تعداد ستاروں کے برابر ہے جو اس سے ایک مرتبہ پی لے گا اس کو کبھی پیاس نہیں لگے گی حتیٰ کہ وہ جنت میں چلا جائے گا۔

✣✣ اس حدیث کو ایوب نے بھی روایت کیا ہے جس کی سند ابوالوازع کے ذریعے ابوبرزہ تک پہنچتی ہے۔ اس نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان میں یَنْزُو فِیْ اَیْدِی الْمُؤْمِنِیْنَ کا اضافہ ہے۔ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں حدیثیں ابوطلحہ کے ذریعے ابوالوازع کی سند سے ابوبرزہ کے حوالے سے روایت کی ہیں اور یہ حدیث اس سند کے لحاظ سے غریب صحیح ہے جو ایوب سختیانی نے ابوالوازع کے حوالے سے روایت کی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

256- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْتُمْ جُزْءٌ مِّنْ مِئَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِّمَّنْ يَّرِدُ عَلَى الْحَوْضِ، فَسَاَلُوْهُ: كَمْ كُنْتُمْ، قَالَ:

حدیث 256:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4746 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 19287 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4999 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 677 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 266 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر بیروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحدیث: 85 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 31687

ثَمَانَ مِئَةٍ اَوْ تِسْعَ مِئَةٍ، اَبُوْ حَمْزَةَ الْاَنْصَارِيُّ هٰذَا هُوَ طَلْحَةُ بْنُ يَزِيْدَ، وَقَدِ احْتَجَّ بِهِ الْبُخَارِيُّ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن جتنے لوگ میرے حوض پر آئیں گے تم اس وقت ان کے مقابلے میں لاکھواں حصہ بھی نہیں ہو۔ لوگوں نے زید بن ارقم سے پوچھا: (جس دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سے یہ کہا تھا اس دن) تمہاری تعداد کتنی تھی؟ زید بن ارقم نے کہا: ہم ۸۰۰ یا ۹۰۰ تھے۔

✣✣ یہ ابوحمزہ انصاری طلحہ بن زید ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات نقل کی ہیں۔

257- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِىْ حَمْزَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنْتُمْ بِجُزْءٍ مِّنْ اَلْفِ جُزْءٍ مِمَّنْ يَّرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَقُلْنَا لِزَيْدٍ: كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ، قَالَ: مَا بَيْنَ السِّتِّمِئَةِ اِلَى التِّسْعِمِئَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلٰكِنَّهُمَا تَرَكَاهُ لِلْخِلَافِ الَّذِىْ فِىْ مَتْنِهٖ مِنَ الْعَدَدِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَلَهٗ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ فِىْ ذِكْرِ الْحَوْضِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جولوگ میرے حوض پر آئیں گے ان کے مقابلے میں (اس وقت) تمہاری تعداد ہزارویں حصے کے برابر بھی نہیں ہے۔ ابوحمزہ کہتے ہیں: ہم نے زید بن ارقم سے پوچھا: تم اس دن کتنے تھے؟ انہوں نے جواب دیا ۶۰۰ سو اور ۹۰۰ کے درمیان تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ شاید امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اس لئے چھوڑ دیا ہے کہ اس کے متن میں اختلاف ہے (ایک روایت میں لاکھویں حصہ کا ذکر ہے اور دوسری میں ہزارویں حصہ کا) اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ زید بن ارقم سے مروی ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے۔ البتہ اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

258- اَخْبَرَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحُسَيْنُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ حَيَّانَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدِ بْنِ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ تَيْمُ الرَّبَابِ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: شَهِدْتُّ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ وَبَعَثَ اِلَيْهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ، فَقَالَ: مَا اَحَادِيْثُ بَلَغَنِىْ عَنْكَ تُحَدِّثُ بِهَا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزْعُمُ اَنَّ لَهٗ حَوْضًا فِى الْجَنَّةِ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا ذَاكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَعَدْنَاهُ، فَقَالَ: كَذَبْتَ، وَلٰكِنَّكَ شَيْخٌ قَدْ خَرِفْتَ، قَالَ: اَمَا اِنَّهٗ سَمِعَتْهُ اُذُنَاىَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِىْ وَسَمِعْتُهٗ، يَقُوْلُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ وَمَا كَذَبْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✧✧ یزید بن حیان بیان کرتے ہیں، میں زید بن ارقم کی خدمت میں موجود تھا، وہاں پر عبیداللہ بن زیاد کا ایک قاصد آیا اس نے (ابن زیاد کا پیغام دیتے ہوئے کہا) ہمیں اطلاع ملی ہے کہ تم کچھ احادیث رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے بیان کرتے ہو، جن کی بناء پر تم یہ عقیدہ رکھتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ کا جنت میں کوئی حوض ہے۔ وہ احادیث کیا ہیں؟ زید بن ارقم نے جواباً فرمایا: وہ احادیث ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بیان کی ہیں اور ہم سے حوض کوثر کا وعدہ بھی کیا ہے (ابن زیاد کے قاصد نے کہا) تم جھوٹ بول رہے ہو یہ تمہاری اپنی خرافات ہیں۔ زید بن ارقم نے فرمایا: کیا میں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان نہیں سن رکھا ''جس نے مجھ پر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے'' (یعنی ان کے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان میں نے بھی سنا ہوا ہے اور میں نے رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ نہیں باندھا ہے)

259- حَدَّثَنِي اَبُوْ مَنْصُورٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ حَسَنُ بْنُ سَهْلٍ النَّبَّادُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِىْ عِمْرَانَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ خَرَجَ مِنَ الْجَمَاعَةِ قِيدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْاِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ حَتّٰى يُرَاجِعَهُ، قَالَ: وَمَنْ مَّاتَ وَلَيْسَ عَلَيْهِ اِمَامُ جَمَاعَةٍ، فَاِنَّ مَوْتَتَهُ مَوْتَةٌ جَاهِلِيَّةٌ وَّخَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّىْ فَرَطٌ لَّكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنَّ سَعَتَهُ مَا بَيْنَ الْكُوفَةِ اِلَى الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ، وَآنِيَتُهُ كَعَدَدِ النُّجُومِ، وَاِنِّىْ رَاَيْتُ اُنَاسًا مِّنْ اُمَّتِىْ لَمَّا دَنَوْا مِنِّىْ خَرَجَ عَلَيْهِمْ رَجُلٌ، قَالَ: بِهِمْ عَنِّىْ، ثُمَّ اَقْبَلَتْ زُمْرَةٌ اُخْرٰى فَفَعَلَ بِهِمْ كَذٰلِكَ، فَلَمْ يَفْلِتْ مِنْهُمْ اِلَّا كَمَثَلِ النَّعَمِ، فَقَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ لِعَلِّىْ مِنْهُمْ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ، قَالَ: لَا وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَخْرُجُوْنَ بَعْدَكُمْ وَيَمْشُوْنَ الْقَهْقَرٰى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَقَدْ حَدَّثَ بِهِ الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَيْضًا، عَنِ اللَّيْثِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو (مسلمانوں کی بڑی) جماعت سے بالشت بھر بھی الگ ہوا، اس نے اپنے گلے سے اسلام کا پٹا اتار دیا جب تک وہ واپس نہ لوٹ آئے۔ اور فرمایا: جو شخص اس حالت میں مرے کہ وہ کسی امامِ جماعت کی پیروی میں نہ ہو تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔ رسول اللہ ﷺ نے مزید خطبہ ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں حوض کوثر پر تمہارا انتظار کروں گا۔ میرے حوض کی (چوڑائی اتنی ہے جتنی) مسافت کوفہ سے حجر اسود تک ہے، اس کے پیالے ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں۔ میں اپنے کچھ امتیوں کو وہاں پر دیکھوں گا، جب وہ میرے قریب آئیں گے تو ایک شخص ان کے پاس آکر میرے متعلق ان سے کچھ کہے گا، پھر دوسری جماعت آئے گی ان کے ساتھ بھی اسی طرح معاملہ ہوگا۔ وہ لوگ جانوروں کی طرح کودتے ہوئے وہاں سے چلے جائیں گے۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ کہیں میں تو ان میں سے نہیں ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو تمہارے بعد دین سے نکل جائیں گے اور الٹے قدموں پلٹ جائیں گے۔

❁ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور یہ روایت حجاج بن محمد نے بھی لیث سے روایت کی ہے۔

260- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُثَنّٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوْبَ قَالَا حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَهُمْ يَتَرَاجَعُوْنَ فِي ذِكْرِ الْحَوْضِ قَالَ فَقَالَ جَاءَكُمْ أَنَسٌ قَالَ يَا أَنَسُ مَا تَقُوْلُ فِي الْحَوْضِ قَالَ قُلْتُ مَا حَسِبْتُ أَنِّي أَعِيْشُ حَتّٰى أَرٰى مِثْلَكُمْ يَمْتَرُوْنَ فِي الْحَوْضِ لَقَدْ تَرَكْتُ بَعْدِي عَجَائِزَ مَا تُصَلِّي وَاحِدَةٌ مِّنْهُنَّ صَلَاةً إِلَّا سَأَلَتْ رَبَّهَا أَنْ يُوْرِدَهَا حَوْضَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ عَنْ حُمَيْدٍ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں عبیداللہ بن زیاد کے پاس گیا تو وہاں پر ''حوض'' کے متعلق بحث ہو رہی تھی (حضرت انس رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں (عبیداللہ بن زیاد نے میرے آنے پر) کہا (لیجیے) تمہارے پاس انس (بھی) آ گئے۔ پھر (ابن زیاد نے) کہا: اے انس! آپ کا حوض کے سلسلے میں کیا نظریہ ہے؟ (انس) کہتے ہیں: میں نے ان سے کہا: میں نے اپنی پوری زندگی میں تم جیسے لوگ نہیں دیکھے (بڑے افسوس کی بات ہے) تم لوگ حوض کے بارے میں شکوک وشبہات میں مبتلا ہو۔ (حوض کی بات تو اتنی واضح، مشہور اور یقینی ہے کہ مرد تو مرد) ایسی کتنی عورتیں ہیں جو ہر نماز میں حوض کوثر کی دعا مانگا کرتی تھیں۔

❁ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ حمید سے مروی ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

261- أَخْبَرَنَاهُ أَبُوْ الْعَبَّاسِ السَّيَّارِيُّ بِمَرْوَ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُوَجِّهِ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ حَدَّثَنَا حَمِيْدٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَهُمْ يَتَرَاجَعُوْنَ فِي ذِكْرِ الْحَوْضِ ثُمَّ ذَكَرَهُ بِمِثْلِهِ

✧✧ حمید کے حوالے سے بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کا مذکورہ بیان منقول ہے۔

262- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ أَبِي صَغِيْرَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَبَّابٍ أَخْبَرَهُمْ، قَالَ: أَخْبَرَنِي خَبَّابٌ، أَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا عَلٰى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَخَرَجَ وَنَحْنُ قُعُوْدٌ، فَقَالَ: اسْمَعُوْا، قُلْنَا: سَمِعْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّهُ سَيَكُوْنُ أُمَرَاءُ مِنْ بَعْدِي فَلَا تُصَدِّقُوْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَا تُعِيْنُوْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَإِنَّهُ مَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَأَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَنْ يَّرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهُ الْحَدِيْثُ الْمَشْهُوْرُ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ كَعْبِ

بْنِ عُجْرَةَ مَعَ الْخِلافِ عَلَيْهِ فِيهِ

✧✧ حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کے باہر بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اپنے کاشانہ اقدس سے) باہر تشریف لائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غور سے سنو! ہم نے عرض کیا: جو حکم ہو ہمارے آقا! ارشاد فرمایا: میرے بعد امراء ہونگے (جو جھوٹے اور ظالم ہونگے) تم ان کے کذب کی تصدیق نہ کرنا اور ان کے ظلم میں معاونت بھی نہ کرنا کیونکہ جو شخص ان کے کذب کی تصدیق کرے گا اور جو ان کے ظلم کا معاون ہوگا وہ میرے حوض پر نہیں آسکتا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ شعبی نے کعب بن عجرہ سے روایت کی ہے۔ تاہم اس کے الفاظ میں کچھ تبدیلی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

263- اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي حَصِينٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَّنَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ خَمْسَةٌ مِّنَ الْعَرَبِ وَاَرْبَعَةٌ مِّنَ الْعَجَمِ، فَقَالَ: اَتَسْمَعُونَ ؟ قُلْنَا: سَمِعْنَا، مَرَّتَيْنِ، قَالَ: اسْمَعُوْا، اِنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِي اُمَرَاءُ فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّي وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَيْسَ بِوَارِدٍ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ رَوَاهُ مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي حَصِينٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

اَمَا حَدِيْثُ الثَّوْرِيِّ

✧✧ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک دن ہم مسجد نبوی شریف میں بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے (اس دن ہم ۵ عربی اور ۴ عجمی لوگ تھے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ فرمایا: کیا تم سن رہے ہو؟ ہم نے (دونوں بار) عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنو! میرے بعد کچھ حکمران ہونگے، جو شخص ان کی حمایت کرے، ان کے جھوٹ کو سچ ثابت کرنے کی کوشش کرے اور ان کے ظلم پر ان کی معاونت کرے، اس کا میرے ساتھ اور میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی وہ میرے حوض پر آسکے گا اور جو شخص نہ ان کی حمایت کرے، نہ ان کے جھوٹ کو سچ ثابت کرے اور نہ ہی ظلم میں ان کی معاونت کرے، وہ میری جماعت سے ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں اور وہ میرے حوض کوثر پر آئے گا۔

✣✣ اس حدیث کو مسعر بن کدام اور سفیان ثوری رضی اللہ عنہ نے بھی روایت کیا ہے، جس کی سند ابوحصین سے، پھر شعبی سے پھر عاصم عدوی سے ہوتی ہوئی کعب بن عجرہ تک پہنچتی ہے۔

(ثوری کی روایت درج ذیل ہے)

264- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى الْقَاضِي،

حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَاَمَّاحَدِيْثُ مِسْعَرٍ

مسعر کی روایت یہ ہے۔

264أ۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الاِسْفَرَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَنَّادُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ اَبِيْ حَصِينٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ تِسْعَةٌ وَّبَيْنَنَا وَسَائِدُ مِنْ اَدَمٍ اَحْمَرَ، فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ اُمَرَاءُ فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُ وَلَنْ يَّرِدَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَهُوَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُ وَسَيَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَقَدْ شَهِدَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بھی کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کی تصدیق کی ہے۔

265۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: اَعَاذَكَ اللّٰهُ يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ مِنْ اِمَارَةِ السُّفَهَاءِ، قَالَ: وَمَا اِمَارَةُ السُّفَهَاءِ؟ قَالَ: اُمَرَاءُ يَكُوْنُونَ مِنْ بَعْدِيْ لَا يَهْتَدُوْنَ بِهَدْيِي وَلَا يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِيْ، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَاَعَانَهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ، فَاُولٰئِكَ لَيْسُوا مِنِّيْ وَلَسْتُ مِنْهُمْ وَلَا يَرِدُوْنَ عَلَيَّ حَوْضِيْ، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلٰى ظُلْمِهِمْ فَاُولٰئِكَ مِنِّيْ وَاَنَا مِنْهُمْ وَسَيَرِدُوْنَ عَلَيَّ حَوْضِيْ، يَا كَعْبَ بْنَ عُجْرَةَ الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِءُ الْخَطِيْئَةَ، وَالصَّلٰوةُ قُرْبَانٌ، اَوْ قَالَ: بُرْهَانٌ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن عجرہ کو دعا دیتے ہوئے فرمایا: اے کعب! اللہ تعالیٰ تجھے بے وقوفوں کی امارت سے بچائے۔ کعب بن عجرہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بے وقوفوں کی امارت کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (بے وقوف) میرے بعد آنے والے وہ امراء ہوں گے جو میری تعلیمات پر عمل نہیں کریں گے، میری سنت کو سنت نہیں سمجھیں گے۔ جو شخص ان کے جھوٹ کو سچ قرار دے گا اور ان کے ظلم پر ان کی معاونت کرے گا، اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوگا، نہ میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق ہوگا، نہ ہی یہ شخص میرے حوض کوثر پر آ سکے گا اور جو شخص ان کے جھوٹ کی تصدیق نہیں کرے گا، ان کے ظلم پر ان کی معاونت نہیں کرے گا، وہ میری جماعت میں سے ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں اور وہ میرے حوض پر آئے گا (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اے کعب بن عجرہ! روزہ ڈھال ہے اور صدقہ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور نماز قرب الٰہی کا ذریعہ ہے یا (شاید یہ) فرمایا: دلیل ہے۔

266۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ

الرَّقَّامُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰی بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی، حَدَّثَنَا حُمَیْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَاِذَا اَنَا بِنَهْرٍ یَجْرِیْ حَافَتَاهُ خِیَامُ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِیَدِیْ اِلٰی مَجْرَی الْمَآءِ، فَاِذَا مِسْكٌ اَذْفَرُ فَقُلْتُ لِجِبْرَائِیْلَ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِیْ اَعْطَاكَهُ رَبُّكَ عَزَّ وَجَلَّ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو مجھے ایک جاری نہر نظر آئی ۔ اس کے دونوں کنارے موتیوں کے بنے ہوئے تھے اور جہاں سے پانی گزر رہا تھا وہاں پر میں نے ہاتھ لگا کر دیکھا تو اس سے مشک کی لپٹیں آ رہی تھیں ۔ میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے کہا: یہ کیا ہے؟ انہوں نے بتایا: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے لیکن دونوں نے اس حدیث کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

267۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِیُّ، حَدَّثَنَا سُرَیْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا فُلَیْحُ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْجَنَّةُ مِئَةُ دَرَجَةٍ بَیْنَ كُلِّ دَرَجَتَیْنِ كَمَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ، وَالْفِرْدَوْسُ مِنْ اَعْلَاهَا دَرَجَةً، وَمِنْهَا تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ صَحِیْحٌ بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَاَبِیْ سَعِیْدٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت کے ۱۰۰ درجے ہیں، ان میں سے ایک درجے سے دوسرے تک کا فاصلہ اتنا ہے جتنا زمین اور آسمان کے درمیان فاصلہ ہے ۔ اور ''فردوس'' جنت کا سب سے اونچا درجہ ہے، اسی سے جنت کی نہریں نکلتی ہیں، اس لئے جب بھی اللہ تعالیٰ سے مانگو تو ''جنت الفردوس'' مانگا کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث اسی جیسی سند کے ہمراہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید سے بھی منقول ہے (حدیث درج ذیل ہے)

268۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِیَةَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ

حدیث 267:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2531 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 4331 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 22790 اخرجه ابو محمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحدیث: 182

مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَاَبِي سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَكَذٰلِكَ رُوِيَ بِاِسْنَادٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ

✣ یہی حدیث سند صحیح کے ہمراہ حضرت عبادہ بن صامت سے بھی مروی ہے۔ (حدیث درج ذیل ہے)

269۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَاَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْجَنَّةُ مِئَةُ دَرَجَةٍ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ، وَالْفِرْدَوْسُ مِنْ اَعْلَاهَا دَرَجَةً وَّمِنْهَا تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ

✧ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی مذکورہ حدیث مروی ہے۔

270۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِيْ حُيَيٌّ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُّرٰى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، فَقَالَ اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ: لِمَنْ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ قَالَ: لِمَنْ اَطَابَ الْكَلَامَ، وَاَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَبَاتَ قَائِمًا وَالنَّاسُ نِيَامٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِحُيَيٍّ وَّهُوَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَذْحِجِيُّ صَاحِبُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، وَيُقَالُ مَوْلَاهُ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں کچھ محل (اتنے لطیف اور نفیس ہیں کہ) ان میں اندر سے باہر اور باہر سے اندر دکھائی دیتا ہے۔ ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کن لوگوں کے لئے ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے لئے جو اچھی گفتگو کریں، لوگوں کو کھانا کھلائیں اور رات کے وقت جب ساری دنیا سوتی ہو، یہ عبادت کرتے ہوں۔

✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ کیونکہ

حدیث 270:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 1984 اخرجه ابو عبدالله الشيباني فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 1337 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 509 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 2137 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 428 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 3467 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 1247

امام بخاری اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں نے سلیمان بن عبدالملک کے ساتھی، یحییٰ ابوعبدالرحمٰن المذحجی کی روایات نقل کی ہیں ایک قول کے مطابق یحییٰ، سلیمان کے غلام تھے۔

271۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَانَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، فِیْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُفِعَتْ لِیْ سِدْرَةٌ مُّنْتَهَاهَا فِی السَّمَآءِ السَّابِعَةِ، نَبْقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ، وَرَقُهَا مِثْلُ اٰذَانِ الْفِيلِ، يَخْرُجُ مِنْ سَاقِهَا نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ مَا هٰذَانِ؟ قَالَ: اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَفِی الْجَنَّةِ، وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ، وَلَهٗ شَاهِدٌ غَرِيْبٌ مِّنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے سورۂ نجم کی اس آیت "عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى" کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے لئے ایک بیری کو بلند کیا گیا کہ جس کی انتہاء ساتویں آسمان پر ہوتی ہے، اس کے پھل مٹکوں کے برابر اور اس کے پتے ہاتھی کے کانوں کی طرح بڑے بڑے تھے، اس کے تنے سے چار نہریں نکلتی ہیں، جن میں سے دو ظاہر ہیں اور دو پوشیدہ ہیں۔ (حضرت انس رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں: میں نے پوچھا: یہ کون سی نہریں ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو ۲ نہریں پوشیدہ ہیں، وہ جنت میں بہتی ہیں اور جو ۲ ظاہر ہیں وہ نیل اور فرات ہیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ صحیح الاسناد ہے، شعبہ نے قتادہ کے ذریعے انس کے حوالے سے روایت کی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

272۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ الْقُرَشِیُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسْلَمِیُّ، حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ شُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهٗ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُفِعَتْ لِیَ السِّدْرَةُ فَاِذَا اَرْبَعَةُ اَنْهَارٍ: نَهْرَانِ ظَاهِرَانِ، وَنَهْرَانِ بَاطِنَانِ، فَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيلُ وَالْفُرَاتُ، وَاَمَّا الْبَاطِنَانِ فَنَهْرَانِ فِی الْجَنَّةِ، وَاُتِيتُ بِثَلَاثَةِ اَقْدَاحٍ قَدَحٍ فِيهِ لَبَنٌ، وَقَدَحٍ فِيهِ عَسَلٌ، وَقَدَحٍ فِيهِ خَمْرٌ فَاَخَذْتُ الَّذِیْ فِيهِ اللَّبَنُ فَشَرِبْتُ فَقِيلَ لِیْ، اَصَبْتَ الْفِطْرَةَ اَنْتَ وَاُمَّتُكَ، قَالَ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ. قُلْتُ لِشَيْخِنَا اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ لِمَ لَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ؟ قَالَ: لِاَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ لَمْ يَسْمَعْهُ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سَمِعَهٗ مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ، قَالَ الْحَاكِمُ: ثُمَّ نَظَرْتُ فَاِذَا الْاَحْرُفُ الَّتِیْ سَمِعَهَا مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ غَيْرُ هٰذِهٖ وَلِيَعْلَمْ طَالِبُ هٰذَا الْعِلْمِ اَنَّ حَدِيْثَ الْمِعْرَاجِ قَدْ سَمِعَ اَنَسٌ بَعْضَهٗ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعْضَهٗ مِنْ اَبِیْ ذَرٍّ الْغِفَارِیِّ، وَبَعْضَهٗ مِنْ مَّالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ

غَیْرُ هٰذِهٖ، وَبَعْضُهٗ مِنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب مجھے سدرۃ المنتھی پر لے جایا گیا تو میں نے اس میں سے چار نہریں نکلتی دیکھیں، ان میں سے دو نہریں ظاہر تھیں اور دو پوشیدہ۔ ظاہر نہریں ''نیل'' اور ''فرات'' ہیں اور پوشیدہ نہریں جنت میں بہتی ہیں (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) میرے پاس تین برتن لائے گئے، ایک میں دودھ تھا، دوسرے میں شہد اور تیسرے میں شراب، میں نے دودھ والے برتن کا انتخاب کیا اور وہ دودھ پی لیا، اس پر مجھے کہا گیا: تم نے فطرت کو پالیا ہے، اس لئے تمہاری امت بھی فطرت پر رہے گی۔

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں نے اپنے شیخ ابوعبداللہ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل کیوں نہیں کیا؟ تو انہوں نے جواب دیا: اس لئے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ فرمان خود رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا بلکہ انہوں نے یہ فرمان حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے سنا ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: پھر میں نے جب تحقیق کی تو پتہ چلا کہ چند حروف ہیں جو اس روایت کے علاوہ ہیں، وہ انہوں نے مالک بن صعصعہ سے سنے ہیں۔ اور علم حدیث کے طالب کو یہ پتہ ہونا چاہئے کہ معراج والی حدیث کا کچھ حصہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے خود رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے سنا ہے اور کچھ حصہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے اور کچھ حصہ حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور بعض حصہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

273۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ، هٰذِهِ الْاُمَّةُ مِنْهَا ثَمَانُوْنَ صَفًّا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ

حدیث: 273

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2546 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4289 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 2835 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 22990 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 7459 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی دارعمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحدیث: 82 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 1301 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 10398

✧✧ حضرت ابو بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جنتیوں کی کل ۱۲۰ صفیں ہوں گی ان میں سے ۸۰ صفیں صرف میری امت کی ہوں گی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کی سند سفیان ثوری، پھر علقمہ بن مرثد پھر سلیمان بن بریدہ سے ہوتی ہوئی ان کے والد صاحب تک پہنچتی ہے۔

274۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا لَبِيدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ الْاَهْوَازِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَنْقَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ ثَمَانُونَ مِنْهَا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَرْسَلَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ وَّعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنِ الثَّوْرِيِّ

❖❖ اس حدیث میں یحییٰ بن سعید اور عبدالرحمٰن مہدی نے ثوری سے ارسال کیا ہے۔

275۔ وَقَدْ رَوَاهُ الْحَارِثُ بْنُ حَصِيرَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ حَوْلَهُ: كَيْفَ اَنْتُمْ رُبْعُ اَهْلِ الْجَنَّةِ ؟ قُلْنَا: كَثِيْرٌ، قَالَ: كَيْفَ اَنْتُمْ وَالثُّلُثُ ؟ قَالَ: قُلْنَا: ذٰلِكَ اَكْثَرُ، قَالَ: كَيْفَ اَنْتُمْ وَالشَّطْرُ ؟ قُلْنَا: ذَاكَ اَكْثَرُ، قَالَ: اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِئَةُ صَفٍّ اَنْتُمْ مِنْهَا ثَمَانُونَ صَفًّا، قَالَ: قُلْنَا: فَذَاكَ الثُّلُثَانِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اَجَلْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لَّمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيهِ فِيْ اَكْثَرِ الْاَقَاوِيلِ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارد گرد حلقہ بنا کر بیٹھے ہوئے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر جنتیوں میں تمہاری تعداد ایک چوتھائی ہو، تو کیسا رہے گا؟ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ایک اچھی تعداد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ایک تہائی ہو تو؟ ہم نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ بہت زیادہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر نصف ہو تو؟ ہم نے عرض کی: یہ اس سے بھی زیادہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کی کل ۱۲۰ صفیں ہوں گی، جن میں ۸۰ صفیں صرف تمہاری ہوں گی (عبداللہ بن مسعود) کہتے ہیں: ہم نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ تعداد تو دو تہائی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔

❖❖ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اکثر واقعات اپنے والد سے نہیں سنے۔

276۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ الْفَضْلِ الْاٰدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ اَہْلُ الْجَنَّۃِ الْجَنَّۃَ، قَالَ: یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ: ہَلْ تَشْتَہُوْنَ شَیْئًا فَاَزِیْدُکُمْ ؟ فَیَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا وَمَا فَوْقَ مَا اَعْطَیْتَنَا ؟ قَالَ: یَقُوْلُ: رِضْوَانِیْ اَکْبَرُ

ہٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ، وَقَدْ تَابَعَ الْاَشْجَعِیُّ مُحَمَّدَ بْنَ یُوْسُفَ الْفِرْیَابِیَّ عَلٰی اِسْنَادِہٖ وَمَتْنِہٖ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب جنتی لوگ جنت میں چلے جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: تمہیں مزید کسی نعمت کی خواہش ہو تو وہ بھی عطا کر دوں؟ جنتی کہیں گے: یا اللہ! جنت تو تو نے ہمیں عطا کر دی ہے، اب اس سے بڑھ کر وہ کون سی چیز ہے جو تو ہمیں عطا کرے گا؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میری خوشنودی سب سے بڑی نعمت ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اشجعی نے اس حدیث کی سند اور متن روایت کرنے میں محمد بن یوسف فریابی کی متابعت کی ہے
(اشجعی حدیث درج ذیل ہے)

277۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِیٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِیْرَۃِ الْبَغْدَادِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ کُرَیْبٍ، حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَشْجَعِیُّ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ اَہْلُ الْجَنَّۃِ الْجَنَّۃَ، قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ: اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِاَکْبَرَ مِنْ ہٰذَا ؟ قَالُوْا: بَلٰی، وَمَا اَکْبَرُ مِنْ ہٰذَا ؟ قَالَ: الرِّضْوَانُ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب جنتی جنت میں چلے جائیں گے، اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: کیا میں تمہیں اس سے بھی بڑی نعمت نہ بتاؤں؟ جنتی کہیں گے: ہاں۔ لیکن اس جنت سے بڑی نعمت کیا ہوگی؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: میری خوشنودی۔

278۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ رَوْحٍ الْمَدَائِنِیُّ، حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ ہَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ، عَنْ اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یُؤْتٰی بِالْمَوْتِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فِیْ ہَیْئَۃِ کَبْشٍ اَمْلَحَ، فَیُقَالُ: یَا اَہْلَ الْجَنَّۃِ، فَیَطَّلِعُوْنَ خَائِفِیْنَ وَجِلِیْنَ مَخَافَۃَ اَنْ یَخْرُجُوْا مِمَّا ہُمْ فِیْہِ، فَیُقَالُ: تَعْرِفُوْنَ ہٰذَا ؟ فَیَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، ہٰذَا الْمَوْتُ، ثُمَّ یُقَالُ: یَا اَہْلَ النَّارِ، فَیَطَّلِعُوْنَ مُسْتَبْشِرِیْنَ فَرِحِیْنَ اَنْ یَخْرُجُوْا مِمَّا ہُمْ فِیْہِ، فَیُقَالُ: اَتَعْرِفُوْنَ ہٰذَا ؟ فَیَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، ہٰذَا الْمَوْتُ، فَیَاْمُرُ بِہٖ فَیُذْبَحُ عَلَی الصِّرَاطِ، فَیُقَالُ لِلْفَرِیْقَیْنِ: خُلُوْدٌ فِیْمَا تَجِدُوْنَ لَا مَوْتَ فِیْہَا اَبَدًا،

حدیث 276:

اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دار الحرمين قاهره مصر 1415ه رقم الحديث:9025

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَإِنَّ يَزِيْدَ بْنَ هَارُوْنَ ثَبَتٌ وَقَدْ اَسْنَدَهُ فِيْ جَمِيْعِ الرِّوَايَاتِ عَنْهُ، وَوَافَقَهُ الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى السِّيْنَانِيُّ وَعَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو،

اَمَّا حَدِيْثُ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى،

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: قیامت کے دن موت کو ایک چتکبرے مینڈھے کی صورت میں لایا جائے گا، پھر ندا دی جائے گی: اے جنتیو! جنتی گھبرا کر، اس بات سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں ان کو جنت سے نکال نہ دیا جائے، متوجہ ہونگے۔ ان سے کہا جائے گا: اس کو پہچانتے ہو؟ وہ جواب دیں گے: ہاں! یہ موت ہے۔ پھر دوزخیوں کو ندا دی جائے گی، وہ خوشی خوشی متوجہ ہونگے اور یہ سمجھ رہے ہوں گے کہ شاید ان کو دوزخ سے نکالا جا رہا ہے، ان سے بھی کہا جائے گا: تم اس کو پہچانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں۔ یہ موت ہے۔ پھر حکم دیا جائے گا تو اس مینڈھے کو صراط پر ذبح کر دیا جائے گا، پھر جنتیوں اور دوزخیوں کو کہا جائے گا: تم جہاں جہاں رہتے ہو، اب وہاں ہمیشہ ہمیشہ رہنا ہے، اب تمہیں کبھی موت نہیں آئے گی۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، اس لئے کہ اس کی سند میں یزید بن ہارون ''ثبت'' ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات کو نقل کیا ہے اور فضل بن موسیٰ السینانی اور عبدالوہاب بن عبدالمجید نے محمد بن عمرو سے روایت کرنے میں یزید بن ہارون کی موافقت کی ہے۔

(فضل بن موسیٰ کی روایت درج ذیل ہے)

279- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَلِيْمٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: يُؤْتٰى بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ مَوْقُوْفًا،

وَاَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ عَبْدِ الْمَجِيْدِ،

حدیث 278:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دارا بن کثیر' یمامه' بیروت' لبنان' 1407ھ1987ء' رقم الحدیث: 4453 اخرجه ابو الحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2849 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2558 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 4327 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحدیث: 2811 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 9463 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 7450 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 11569 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 2898 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 13346 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحدیث: 914

عبدالوہاب بن عبدالمجید کی روایت یہ ہے۔

280- فَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ زِيَادٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، فَذَكَرَهُ بِاِسْنَادِهِ مَوْقُوفًا، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَقَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ هٰذَا الْحَدِيْثِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ مِنْ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ

✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس حدیث کو اعمش پھر ابوصالح پھر ابوسعید کے حوالے سے نقل کیا ہے تاہم الفاظ ذرا مختلف ہیں۔

281- أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَاكِهِي بِمَكَّةَ حَدَّثَنَا أَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِيْ مَيْسَرَةَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيْدِ الأَزْرَقِي حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ عَنِ ابْنِ سَابِطٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنِ الْأَوْدِيِّ قَالَ قَامَ فِيْنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ فَقَالَ يَا بَنِي أَوْدٍ إِنِّيْ رَسُوْلُ (رَسُوْلِ) اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعْلَمُوْنَ الْمَعَادَ إِلَى اللّٰهِ ثُمَّ إِلَى الْجَنَّةِ أَوْ إِلَى النَّارِ وَإِقَامَةٍ لَا ظَعْنَ فِيْهِ وَخُلُوْدٌ لَا مَوْتَ فِيْ أَجْسَادٍ لَا تَمُوْتُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ رُوَاتُهُ مَكِّيُّوْنَ وَمُسْلِمُ بْنُ خَالِدِ الزَّنْجِي إِمَامُ أَهْلِ مَكَّةَ وَمُفْتِيْهِمْ إِلَّا أَنَّ الشَّيْخَيْنِ قَدْ نَسَبَاهُ إِلٰى أَنَّ الْحَدِيْثَ لَيْسَ مِنْ صَنْعَتِهٖ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ.

✧ حضرت عمر بن میمون اودی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہمارے درمیان معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اے بنی اود! میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سفیر ہوں، تم جان لو کہ ایک دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے پھر یا جنت میں جانا ہوگا یا جہنم میں۔ اور وہاں ایسا قیام کرنا ہوگا کہ پھر وہاں سے کبھی کوچ نہیں کرنا ہوگا، ہمیشہ وہیں رہنا ہے، روح کو ایسے جسم دیئے جائیں گے جن کو کبھی موت نہیں آئے گی۔

✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اس کے تمام راوی مکی ہیں اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ بن خالد الزنجی اہل مکہ میں سے ہیں اور مکہ کے مفتی ہیں، تاہم شیخین رحمۃ اللہ علیہما کا موقف یہ ہے کہ روایت حدیث ان کا شعبہ نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

282- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ يَزِيْدَ الرَّقَّاقُ بِهَمْدَانَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِي وَأَبِي عِمْرَانَ الْجُوْنِي عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَبِي مُوْسَى الأَشْعَرِيِّ عَنْ أَبِيْ مُوْسٰى فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ قَالَ جَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ لِلسَّابِقِيْنَ وَجَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ لِلتَّابِعِيْنَ هٰذَا إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا إِنَّمَا خَرَّجَاهُ مِنْ حَدِيْثِ الْحَارِثِ بْنِ عُبَيْدٍ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجُوْنِي عَنْ أَبِي بَكْرِ بِنَابِي مُوْسٰى عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَنَّتَانِ

حدیث 281:

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 1117 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 1651

مِنْ فِضَّةٍ اَلْحَدِيْثَ وَلَيْسَ فِيْهِ ذِكْرُ السَّابِقِيْنَ وَالتَّابِعِيْنَ سَمِعْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنُ عُمَرَ الْحَافِظُ يَقُوْلُ سَمِعْتُ أَبَا الْفَضْلِ الْوَزِيْرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ مَأْمُوْنَ الْمِصْرِيُّ يَقُوْلُ قُلْتُ لأَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النِّسَائِيِّ لِمَ تَرَكَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ حَدِيْثَ حَمَّادِ بْنِ سَلْمَةَ فَقَالَ وَاللّٰهِ إِنَّ حَمَّادَ بْنَ سَلْمَةَ أَخْيَرُ وَأَصْدَقُ مِنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِي أُوَيْسٍ وَذَكَرَ حِكَايَةً طَوِيْلَةً شَبِيْهَةً بِالْإِسْتِبْدَالِ بِالْحَارِثِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ حَمَّادٍ.

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے آیت وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ (الرحمٰن ۴۶) کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرمایا: دونہریں سونے کی ہیں، یہ پہلے جنت میں جانے والوں کے لئے ہیں اور دونہریں چاندی کی ہیں، یہ ان کے بعد میں جانے والوں کے لئے ہیں۔

❖❖ یہ اسناد امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس سند کو اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا بلکہ انہوں نے اس کی سند حارث بن عبید، عبدالعزیز بن عبدالصمد، ابوعمران الجونی، ابوبکر بن ابوموسیٰ پھر ان کے والد تک پہنچا کر رسول پاک کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ "دونہریں چاندی کی ہیں (پھر پوری حدیث نقل کی ہے) تاہم اس میں "سابقین اور تابعین" کا ذکر نہیں ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ابوالحسن علی بن عمر الحافظ کے واسطے سے ابوالفضل الوزیر کے حوالے سے مامون المصری کا یہ قول نقل کرتے ہیں: میں نے ابوعبدالرحمٰن النسائی سے پوچھا کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حماد بن سلمہ کی حدیث نقل کیوں نہیں کی؟ انہوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم حماد بن سلمہ اسماعیل بن ابواویس سے کہیں زیادہ بہتر اور اصدق ہے۔ پھر حارث بن عبید کے حوالے سے حماد سے متعلق ایک طویل حکایت بیان کی۔

283۔ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِيُّ بِمَرْوَ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهٖ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَاسَوَيْهِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَوْمُ الْقِيَامَةِ كَقَدْرِ مَا بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الاِسْنَادِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ اِنْ كَانَ سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ حَفِظَهُ عَلٰى اَنَّهُ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ.

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن کا دورانیہ صرف اتنا ہی ہوگا جتنا وقت ظہر اور عصر کے درمیان ہوتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح الاسناد ہے۔ سوید بن نصر حافظ بھی ہے، ثقہ بھی ہے اور جرح سے بھی مامون ہیں۔

284۔ فقد أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَلِيْمٍ أَنْبَأَ أَبُوْ الْمُوَجِّهِ أَنْبَأَ عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفٰى عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كَقَدْرِ مَا بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کا دن مومنوں کے لئے صرف اتنا ہی ہوگا جتنا ظہر اور عصر کے درمیان کا وقت۔

285- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَخْبَرَنِي اَبُوْ صَخْرٍ، عَنْ نَّافِعٍ، قَالَ: كَانَ لابْنِ عُمَرَ صَدِيْقٌ مِّنْ اَهْلِ الشَّامِ يُكَاتِبُهُ، فَكَتَبَ اِلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، اَنَّهُ بَلَغَنِي اَنَّكَ تَكَلَّمْتَ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الْقَدْرِ فَاِيَّاكَ اَنْ تَكْتُبَ اِلَيَّ، فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّهُ سَيَكُوْنُ فِيْ اُمَّتِيْ اَقْوَامٌ يُكَذِّبُوْنَ بِالْقَدَرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِاَبِيْ صَخْرٍ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ایک شامی دوست تھا جو اکثر آپ کو خط وغیرہ لکھتا رہتا تھا ایک مرتبہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اس کو مکتوب بھیجا جس میں لکھا تھا "مجھے معلوم ہوا ہے کہ تجھے قدر پر اعتراض ہے اس لئے آئندہ سے مجھے کوئی خط نہیں لکھنا کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت میں کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو تقدیر کا انکار کریں گے۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ کیونکہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے صخر حمید بن زیاد کی روایات نقل کی ہیں۔

286- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ بْنِ الْحَسَنِ الْفَقِيْهُ، اِمْلاءً، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ سُلَيْمَانُ بْنُ الْاَشْعَثِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اَلْقَدَرِيَّةُ مَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِنْ مَّرِضُوا فَلَا تَعُوْدُوْهُمْ، وَاِنْ مَّاتُوْا فَلَا تَشْهَدُوْهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، اِنْ صَحَّ سَمَاعُ اَبِيْ حَازِمٍ، مِنِ ابْنِ عُمَرَ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "قدریہ" اس امت کے مجوسی ہیں اگر یہ بیمار پڑ جائیں تو ان کی عیادت نہ کرو اور مر جائیں تو ان کے جنازہ میں شرکت نہ کرو۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ ابوحازم کا سماع ابن عمر رضی اللہ عنہما سے صحیح ہے۔ اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

287- حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا

حدیث: 285

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4613 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 5639

حدیث: 286

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 4691

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنِي سَعِيْدُ بْنُ اَبِي اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ دِيْنَارٍ، حَدَّثَنِي حَكِيْمُ بْنُ شَرِيكٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ مَيْمُوْنِ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ رَّبِيْعَةَ الْجُرَشِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تُجَالِسُوا اَهْلَ الْقَدَرِ، وَلَا تُفَاتِحُوهُمْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اہل قدر کے ساتھ نہ بیٹھو اور نہ ان کے ساتھ راز و نیاز کی باتیں کرو۔

حدیث 287:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4710 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 206 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحدیث: 79 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحدیث: 245

کِتَابُ الْعِلْمِ

علم کا بیان

288۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ الْمِصْرِيُّ، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ يَحْيٰى فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغٰى بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ لَا يَتَعَلَّمُهُ اِلَّا لِيُصِيبَ بِهٖ غَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ سَنَدُهٗ، ثِقَاتٌ رُوَاتُهٗ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ اَسْنَدَهٗ وَوَصَلَهٗ عَنْ فُلَيْحٍ جَمَاعَةٌ غَيْرُ ابْنِ وَهْبٍ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے علم جو کہ محض رضائے الٰہی کی خاطر حاصل کرنا چاہیے کسی دنیاوی مقصد کی خاطر حاصل کیا، وہ قیامت کے دن جنت کی خوشبو بھی نہ پا سکے گا۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے اس کے تمام راوی ثقہ ہیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہیں لیکن اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ اسی حدیث کو ابن وہب کے علاوہ محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک جماعت نے فلیح تک اس کی سند کو متصل کیا ہے۔ حدیث درج ذیل ہے۔

289۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ السَّرِيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ السَّيَّارِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ حَلِيْمٍ بِمَرْوَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ اَبِيْ طُوَالَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا يُبْتَغٰى بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ لَا يَتَعَلَّمُهُ اِلَّا لِيُصِيبَ بِهٖ غَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ، قَالَ فُلَيْحٌ: وَعَرْفُهَا رِيحُهَا، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ بِاِسْنَادَيْنِ صَحِيْحَيْنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَمَّا حَدِيْثُ

حدیث 288:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 78 اخرجه ابويعلى الموصلى فى "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6373

جَابِرٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے علم (جو کہ محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خاطر حاصل کرنا چاہئے) کسی دنیاوی مقصد کے پیش نظر حاصل کیا، وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پا سکے گا۔ فلیح نے (اس حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ) عرفھا (کی وضاحت کرتے ہوئے اس) کے بارے میں کہا (اس سے مراد) ریحھا (یعنی اس کی خوشبو) ہے۔

❖❖ یہی حدیث حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی دو صحیح سندوں کے ساتھ بھی مروی ہے۔ ان میں سے جابر کی حدیث درج ذیل ہے۔

290۔ فَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيْمٍ الْقَنْطَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ لِتُبَاهُوا بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ تُمَارُوْا بِهِ السُّفَهَاءَ، وَلَا لِتَحِيزُوا بِهِ الْمَجْلِسَ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَالنَّارُ النَّارُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم اس لئے نہ سیکھو کہ علماء سے مناظرے کرو گے اور سادہ لوگوں سے بحث کرو گے اور مجلس کو اپنی طرف متوجہ کرو گے جو شخص ایسا کرے گا وہ جہنم کا مستحق ہے۔

291۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّيْبَانِيُّ، مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادٍ التُّجِيْبِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، فَذَكَرَهُ بِمِثْلِهِ هٰذَا اِسْنَادُ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ الْمِصْرِيِّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، فَوَصَلَهُ وَيَحْيٰى مُتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِ فِي الصَّحِيْحَيْنِ، وَقَدْ اَرْسَلَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، فَاَنَا عَلَى الْاَصْلِ الَّذِيْ اَصَّلْتُهُ فِيْ قَبُوْلِ الزِّيَادَةِ مِنَ الثِّقَةِ فِي الْاَسَانِيْدِ وَالْمُتُوْنِ

✧✧ یہی حدیث مذکورہ سند کے ہمراہ ابوالزبیر کے حوالے سے بھی مروی ہے۔

❖❖ یہ یحییٰ بن ایوب المصری کی ابن جریج سے اسناد ہے۔ یحییٰ نے اسے متصل کیا ہے اور یحییٰ کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے نقل کی ہیں جبکہ عبداللہ بن وہب نے اس حدیث میں ارسال کیا ہے اور میں اسی قانون پر عمل پیرا ہوں جس کو میں نے بیان کر دیا تھا کہ اسانید اور متون میں ثقہ کی زیادتی قبول ہے۔

حدیث 290:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 254 اخرجه ابو حاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 77 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 259

ابن وہب کی روایت درج ذیل ہے۔

292- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: وَسَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ، يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ لِتُبَاهُوا بِهِ الْعُلَمَاءَ، وَلَا لِتُمَارُوْا بِهِ السُّفَهَاءَ، وَلَا لِتُحَدِّثُوا بِهِ فِي الْمَجَالِسِ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَالنَّارُ النَّارُ "وَاَمَّا حَدِيْثُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ

❖❖ حضرت ابن وہب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی یہ حدیث منقول ہے۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث درج ذیل ہے۔

293- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِيْ اَخِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنِ ابْتَغَى الْعِلْمَ لِيُبَاهِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ، اَوْ يُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ، اَوْ يَقْبَلَ اِفَادَةَ النَّاسِ اِلَيْهِ فَاِلَى النَّارِ لَمْ يُخَرِّجِ الشَّيْخَانِ لِاِسْحَاقَ بْنِ يَحْيٰى شَيْئًا، وَاِنَّمَا جَعَلْتَهُ شَاهِدًا لِمَا قَدَّمْتُ مِنْ شَرْطِهِمَا وَاِسْحَاقُ بْنُ يَحْيٰى مِنْ اَشْرَافِ قُرَيْشٍ

❖❖ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس نے علماء سے مناظرے کرنے، سادہ لوگوں سے جھگڑنے یا لوگوں سے فائدہ حاصل کرنے کیلئے علم حاصل کیا، وہ جہنمی ہے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسحاق بن یحییٰ کی کوئی روایت نقل نہیں کی۔ تاہم میں نے اس حدیث کو گزشتہ حدیث کے شاہد کے طور پر نقل کیا ہے۔ کیونکہ یہ دونوں کے معیار پر ہے اور اسحاق بن یحییٰ قریش کے باعزت لوگوں میں سے ہیں۔

294- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِيْ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، وَسَاَلَهُ عَنْهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث 294:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3056 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 13374 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 229 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 67 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4890 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 5292

ـ بِخَيْفِ، فَقَالَ: نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَوَعَاهَا، ثُمَّ اَدَّاهَا اِلٰى مَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَّا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَالطَّاعَةُ لِذَوِي الْاَمْرِ، وَلُزُوْمُ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيطُ مِنْ وَرَائِهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، قَاعِدَةٌ مِّنْ قَوَاعِدِ اَصْحَابِ الرِّوَايَاتِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاَمَّا الْبُخَارِيُّ فَقَدْ رَوٰى فِي الْجَامِعِ الصَّحِيْحِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ وَّهُوَ اَحَدُ اَئِمَّةِ الْاِسْلَامِ وَلَهُ اَصْلٌ مِّنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ مِنْ غَيْرِ حَدِيْثِ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، فَقَدْ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ مِّنْ اَوْجُهٍ صَحِيْحَةٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ

✧✧ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ اپنے والد جبیر کے حوالے سے بیان کرتے ہیں، ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (مقام) خیف میں کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش وخرم رکھے جو میری گفتگو سن کر یاد کر لے اور ان لوگوں تک پہنچا دے جنہوں نے اسے نہیں سنا کیونکہ کئی مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ (میری گفتگو کو یاد کر کے آگے) پہنچانے والا خود اتنا سمجھدار نہیں ہوتا اور آگے جس تک وہ میری بات پہنچاتا ہے وہ اس سے زیادہ سمجھدار ہوتا ہے۔ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) تین چیزیں ایسی ہیں جن سے متعلق بندۂ مومن کا دل دھوکہ نہیں کھاتا (۱) وہ عمل جو خالصتاً اللہ تعالیٰ کے لیے ہو (۲) ذوی الامر کی اطاعت (۳) مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہنا کیونکہ مومنوں کی دعوت ان کے بعد والوں تک بھی پہنچے گی۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی جامع صحیح میں نعیم بن حماد کی روایات نقل کی ہیں۔ نعیم بن حماد اسلام کے ائمہ میں سے ایک ہیں۔ اس حدیث کی اصل بھی موجود ہے جو کہ زہری کی سند سے ہے، یہ حدیث صالح بن کیسان والی نہیں ہے، اس حدیث کو محمد بن اسحاق بن یسار زہری سے متعدد اسناد صحیحہ کے ساتھ روایت کیا ہے۔ وہ جمیع اسناد بمعہ حدیث درج ذیل ہے۔

295ـ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُظَفَّرِ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَمْرٍو مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِسْحَاقَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُزَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَيْفِ مِنْ مِنًى، فَقَالَ: نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَوَعَاهَا ثُمَّ اَدَّاهَا اِلٰى مَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ. وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ، ثَلَاثٌ لَّا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ. وَالنَّصِيحَةُ لِاُولِي الْاَمْرِ، وَلُزُوْمُ الْجَمَاعَةِ، فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تَكُوْنُ مِنْ وَرَائِهِمْ قَدِ اتَّفَقَ هٰؤُلَاءِ الثِّقَاتُ عَلٰى رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَخَالَفَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ وَّحْدَهُ، فَقَالَ: عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ وَهُوَ ابْنُ اَبِي الْجَنُوْبِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَابْنُ نُمَيْرٍ ثِقَةٌ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ، ثُمَّ نَظَرْنَاهُ فَوَجَدْنَا لِلزُّهْرِيِّ فِيْهِ مُتَابِعًا، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ

✧✧ محمد بن اسحاق کی زہری سے محمد بن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کے والد کے حوالے سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں (مقام) خیف پہ کھڑے ہو کر فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کو ہمیشہ خوش وخرم رکھے جو میری گفتگو سن کر یاد کرے پھر ان لوگوں تک پہنچا دے جنہوں نے اسے نہیں سنا کیونکہ کئی مرتبہ یوں بھی ہوتا ہے کہ ایک شخص حدیث یاد کر لیتا ہے لیکن اس کی اسے کوئی سمجھ بوجھ نہیں ہوتی بلکہ کئی مرتبہ میری گفتگو سنانے والے کی بہ نسبت وہ شخص زیادہ سمجھ دار ہوتا ہے جس کو حدیث سنائی جاتی ہے۔ (پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) تین چیزیں ایسی ہیں جن کے متعلق بندۂ مومن کا دل دھوکے میں نہیں رہتا (۱) اللہ کے لئے کیا ہوا خالص عمل (۲) اولی الامر کی نصیحت (۳) جماعت کے ساتھ رہنا۔ کیونکہ ان کی دعوت ان سے بعد والوں کیلئے ہوگی۔

❖❖ مذکورہ حدیث کی سند کے تمام ثقہ راوی اس کو محمد بن اسحاق کے ذریعے زہری سے روایت کرنے میں متفق ہیں۔ صرف عبداللہ ابن نمیر نے ان سے اختلاف کرتے ہوئے اس کی سند محمد بن اسحاق کے بعد عبدالسلام تک پہنچائی ہے پھر زہری تک گئے ہیں (ان کی سند میں محمد بن اسحاق اور زہری کے درمیان عبدالسلام موجود ہیں) یہ عبدالسلام، ابن ابی الجنوب ہیں اور ابن نمیر ثقہ ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) پھر جب ہم نے غور وفکر کیا اور تحقیق کی تو زہری کی ایک متابع بھی مل گئی جو محمد بن جبیر سے مروی ہے (حدیث درج ذیل ہے)۔

296۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ اَبِيْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ وَهُوَ بِالْخَيْفِ مِنْ مِنًى: رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَوَعَاهَا ثُمَّ اَدَّاهَا اِلٰى مَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَا فِقْهَ لَهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ ثَلَاثٌ لَّا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ، وَمُنَاصَحَةُ ذَوِي الْاَمْرِ، وَلُزُوْمُ الْجَمَاعَةِ فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تَكُوْنُ مِنْ وَّرَائِهِمْ وَفِي الْبَابِ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ مِنْهُمْ عُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَابْنُ عُمَرَ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَاَنَسٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَغَيْرُهُمْ عِدَّةٌ وَّحَدِيْثُ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ مِّنْ شَرْطِ الصَّحِيْحِ

✧✧ مذکورہ سند کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے تاہم چند الفاظ مختلف ہیں۔

❖❖ اس موضوع پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت سے روایات منقول ہیں جن میں حضرت عمر، عثمان، علی، عبداللہ بن مسعود، معاذ بن جبل، ابن عمر، ابن عباس، ابو ہریرہ اور انس رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے اسمائے گرامی شامل ہیں اور اسی سلسلہ میں نعمان بن بشیر کی روایت ''صحیح'' کے معیار پر ہے (نعمان بن بشیر کی روایت درج ذیل ہے)

297- سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوْبَ غَيْرَ مَرَّةٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَكْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اَبِيْ صَغِيْرَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نَضَّرَ اللّٰهُ وَجْهَ امْرِءٍ سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَحَمَلَهَا، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ غَيْرُ فَقِيْهٍ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ ثَلَاثٌ لَّا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ مُؤْمِنٍ: اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ تَعَالٰى، وَمُنَاصَحَةُ وُلَاةِ الْاَمْرِ، وَلُزُوْمُ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِيْنَ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ فِي الْمُسْنَدِ الصَّحِيْحِ بِحَدِيْثِ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، اَنَّهُ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا يَّمْلَاُ بَطْنَهُ مِنَ الدَّقَلِ، وَعَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَوِّي صُفُوفَنَا، الْحَدِيْثَ وَحَاتِمُ بْنُ اَبِيْ صَغِيْرَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِي مُتَّفَقٌ عَلٰى اِخْرَاجِهِمَا وَقَدْ رُوِيَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، وَمُجَاهِدٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❖❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''المسند الصحیح'' میں سماک بن حرب کے حوالے سے نعمان بن بشیر کی یہ حدیث شریف نقل کی ہے (نعمان بن بشیر کہتے ہیں) میں نے ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ردی کھجوریں کھا کر گزارا کرتے دیکھا اور سماک کی نعمان سے ہی یہ حدیث بھی منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری صفوں کو درست کروایا کرتے تھے (پوری حدیث منقول ہے) حاتم بن ابی صغیرہ اور عبداللہ بن بکر السھمی کی روایات نقل کرنے میں ائمہ حدیث کا اتفاق ہے۔ یونہی شعبی اور مجاہد نے بھی نعمان بن بشیر کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث روایت کی ہیں۔

298- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ النَّحْوِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ الْجَوْهَرِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارِى، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيْبٍ الْحَافِظُ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّهُ قَالَ: مَرْحَبًا بِوَصِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوصِينَا بِكُمْ

حدیث: 298

اخرجه ابو عيسى الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 2651 اخرجه ابوداؤد الطيالسى فى "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2191 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "مسند الشاميين" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 405 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 7059 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 247

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ ثَابِتٌ لِاتِّفَاقِ الشَّيْخَيْنِ عَلَى الاحْتِجَاجِ بِسَعِيْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ وَعَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ وَالْجُرَيْرِيِّ، ثُمَّ احْتِجَاجِ مُسْلِمٍ بِحَدِيْثِ اَبِيْ نَضْرَةَ فَقَدْ عَدَدْتُ لَهُ فِي الْمُسْنَدِ الصَّحِيْحِ اَحَدَ عَشَرَ اَصْلًا لِلْجُرَيْرِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ الَّذِيْ هُوَ اَوَّلُ حَدِيْثٍ فِيْ فَضْلِ طُلَّابِ الْحَدِيْثِ وَلَا يُعْلَمُ لَهُ عِلَّةٌ، فَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ طُرُقٌ يَجْمَعُهَا اَهْلُ الْحَدِيْثِ، عَنْ اَبِيْ هَارُوْنَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ، وَاَبُوْ هَارُوْنَ مِمَّنْ سَكَتُوْا عَنْهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت مبارک ہو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں تمہارے حوالے سے وصیت فرمایا کرتے تھے۔

✥✥ یہ حدیث ''صحیح'' ہے، ثابت ہے، کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے سعید بن سلیمان، عباد بن العوام اور جریری کی روایات نقل کی ہیں اور جہاں تک تعلق ہے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے ابونضرۃ کی حدیث روایت کرنے کا تو (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی ''المسند الصحیح'' میں ایسی گیارہ حدیثیں نوٹ کی ہیں جو انہوں نے جریری کے حوالے سے نقل کی ہیں۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے یہ حدیث نقل نہیں کی، حالانکہ طالب حدیث کی فضیلت میں یہ پہلی حدیث ہے۔ مزید برآں یہ کہ اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔ اس حدیث کے کافی طرق ہیں جنہیں محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم نے ابوہارون کے واسطے سے ابوسعید کے حوالے سے بیان کیا ہے اور ابوہارون کے متعلق اہل جرح ونقد علماء خاموش ہیں۔

299۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَّجُلٍ سَلَكَ طَرِيقًا يَّطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا، اِلَّا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ بِهِ طَرِيقَ الْجَنَّةِ، وَمَنْ اَبْطَاَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ تَابَعَهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص علم (دین) کی طلب میں نکلا، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے اور جو شخص اپنے اعمال کی وجہ سے سست رو ہو گا وہ نسب کی بناء پر تیز نہیں ہو سکتا۔ اس حدیث کی ابومعاویہ نے متابعت کی ہے۔ عبداللہ ابن نمیر کی حدیث درج ذیل ہے۔

حدیث 299:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3646 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 2945 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 225 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7421 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ه 1987ء رقم الحديث: 344 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 84 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ه رقم الحديث: 3780 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ه/ 1986ء رقم الحديث: 394

300۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَلَكَ طَرِيقًا فِيْهِ يَلْتَمِسُ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ طَرِيقًا اِلَى الْجَنَّةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاللَّفْظَةُ الَّتِي اَسْنَدَهَا زَائِدَةُ قَدْ وَقَفَهَا غَيْرُهُ، فَاَمَّا طَلَبُ الْعِلْمِ فَلَمْ يُخْتَلَفْ عَلَى الْاَعْمَشِ فِي سَنَدِهِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص علم کی تلاش میں نکلتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کی راہ آسان کر دیتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث میں زائدہ (نامی راوی) نے مَنْ اَبْطَاَ بِهٖ عَمَلُهٗ لَمْ يُسْرِعْ بِهٖ نَسَبُهٗ کے الفاظ بیان کئے ہیں، ان کے علاوہ اور کسی بھی محدث نے یہ الفاظ ذکر نہیں کئے۔ تاہم طلب علم کے حوالے سے اعمش کی سند میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔

301۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ بْنِ بَكَّارٍ الْقَاضِي بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَمَتَّ اِلَيْهِ بِرَحِمٍ بَعِيْدَةٍ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْرِفُوا اَنْسَابَكُمْ تَصِلُوْا اَرْحَامَكُمْ، فَاِنَّهُ لَا قُرْبَ لِرَحِمٍ اِذَا قُطِعَتْ، وَاِنْ كَانَتْ قَرِيبَةً، وَلَا بُعْدَ لَهَا اِذَا وُصِلَتْ وَاِنْ كَانَتْ بَعِيْدَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجْهُ وَاحِدٌ مِّنْهُمَا، وَاِسْحَاقُ بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ ابْنُ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِاَكْثَرِ رِوَايَاتِهِ عَنْ اَبِيْهِ، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ مُّخَرَّجٌ مِثْلُهُ فِي الشَّوَاهِدِ

✧✧ اسحاق بن سعید اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں موجود تھا، ان کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے بڑے دُور کے تعلقات سے ان کے ساتھ رشتہ داری جوڑنے کی کوشش کی تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نسبوں کو پہچانو! اور صلہ رحمی کرو کیونکہ جب رحم ختم ہو جائے تو چاہے رشتہ دار کتنا ہی قریبی ہو، کوئی قرب نہیں رہتا اور جب ان سے ملاقات رہے تو کوئی بعد نہیں رہتا اگرچہ کتنی ہی دوری ہو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ (اس کی سند میں جو) اسحاق بن سعید (ہیں) وہ عمرو بن سعید بن العاص کے بیٹے ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات ان کے والد کے حوالے سے نقل کی ہیں۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی ہے اور اس طرح کی احادیث شواہد میں پیش کی جا سکتی ہیں۔

حدیث: 301

اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان' رقم الحديث: 2757

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

302۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَلْمَانَ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْبَاطِ الْحَارِثِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا اَنْسَابَكُمْ تَصِلُوْا اَرْحَامَكُمْ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْحِيْرِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيٰى، يَقُوْلُ: اَبُو الْاَسْبَاطِ الْحَارِثِيُّ هُوَ بِشْرُ بْنُ رَافِعٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نسب کو جانو اور صلہ رحمی کرو۔

•:• امام حاکم علیہ الرحمہ علی بن عیسیٰ الحیری پھر حسین بن محمد بن زیاد پھر محمد بن یحییٰ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ اس کی سند میں ابوالباسط الحارثی ''بشر بن رافع'' ہیں۔

303۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ الرَّقِّيُّ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبَّادٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: لَا اَدْرِي فَلَمَّا اَتَاهُ جِبْرَائِيْلُ، قَالَ: يَا جِبْرَائِيْلُ اَيُّ الْبُلْدَانِ شَرٌّ؟ قَالَ: لَا اَدْرِي حَتّٰى اَسْاَلَ رَبِّي، فَانْطَلَقَ جِبْرَائِيْلُ فَمَكَثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَمْكُثَ، ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّكَ سَاَلْتَنِي اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ وَاِنِّي قُلْتُ لَا اَدْرِي وَاِنِّي سَاَلْتُ رَبِّي، فَقُلْتُ: اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ، فَقَالَ: اَسْوَاقُهَا قَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِرُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ اِلَّا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ وَقَدْ تَفَرَّدَ الْبُخَارِيُّ بِالِاحْتِجَاجِ بِاَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ اَصْلٌ فِيْ قَوْلِ الْعَالِمِ: لَا اَدْرِي، وَلَهُ شَاهِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ

✧✧ حضرت محمد بن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کون سی جگہ سب سے زیادہ بری ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نہیں جانتا۔ جب حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا: اے جبرائیل علیہ السلام: کون سی جگہ سب سے زیادہ بری ہے؟ انہوں نے بھی عرض کی: میں نہیں جانتا۔ میں اللہ تعالیٰ سے پوچھ کر بتاؤں گا (یہ کہہ کر) حضرت جبرائیل

حدیث 303:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:16790 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 1599 اخرجه ابويعلى الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ه-1984ء' رقم الحديث: 7403 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 1545 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ه/1992ء' رقم الحديث:420

علیہ السلام چلے گئے۔ ایک عرصہ کے بعد جب جبرائیل علیہ السلام آئے تو کہنے لگے: آپ نے مجھ سے پوچھا تھا کہ کون سی جگہ سب سے زیادہ بری ہے، اس پر میں نے کہا تھا کہ مجھے معلوم نہیں، البتہ میں اللہ تعالیٰ سے پوچھ کر بتاؤں گا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے پوچھ لیا ہے، اس نے فرمایا: ''بازار'' (سب سے بری جگہ ہے)

✥ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔ البتہ عبداللہ بن محمد بن عقیل کی روایات نقل نہیں کی جبکہ ابوحذیفہ کی روایات صرف امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں اور یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ کوئی عالم ''میں نہیں جانتا'' کہہ سکتا ہے۔ اس کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جو کہ عبداللہ بن محمد بن عقیل سے مروی ہے حدیث درج ذیل ہے۔

304۔ حَدَّثَنَا اَبُو الطَّيِّبِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْجَبْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ، وَسَعْدُ بْنُ يَزِيْدَ الْفَرَّاءُ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ قَالَ: لَا اَدْرِي فَلَمَّا اَتٰى جَبْرَائِيلُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا جَبْرَائِيْلُ اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ قَالَ: لَا اَدْرِي حَتّٰى اَسْاَلَ رَبِّي، فَانْطَلَقَ جَبْرَائِيْلُ فَمَكَثَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّمْكُثَ ثُمَّ جَآءَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، سَاَلْتَنِيْ اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ وَاِنِّيْ قُلْتُ: لَا اَدْرِي، وَاِنِّيْ سَاَلْتُ رَبِّي اَيُّ الْبِلَادِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: اَسْوَاقُهَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ هٰذَا هُوَ ابْنُ اَبِي الْمِقْدَامِ الْكُوفِيُّ، وَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَاِنَّمَا ذَكَرْتُهُ شَاهِدًا، وَرِوَايَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ عَنْهُ حَتّٰى حَثَّنِيْ عَلٰى اِخْرَاجِهِ فَاِنِّيْ قَدْ عَلَوْتُ فِيْهِ مِنْ وَجْهٍ لَا يُعْتَمَدُ،

✥ یہ عمرو بن ثابت ابومقدام کوفی کے بیٹے ہیں۔ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر نہیں ہے، میں نے اسے مذکورہ حدیث کے شاہد کے طور پر ذکر کیا ہے اور عبداللہ بن مبارک نے بھی اس حدیث کو عمرو بن ثابت سے روایت کیا ہے، اسی بناء پر میں نے یہ حدیث ذکر کی ہے کیونکہ اس میں میری سند ایک اعتبار سے عالی بھی ہے لیکن اس پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔

عبدالصمد بن نعمان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔

305۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ لَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ اٰخَرُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ

✥ یہ مذکورہ حدیث عبدالصمد بن نعمان کے حوالے سے عمرو بن ثابت سے مروی ہے اور عبدالصمد بن نعمان اس کتاب کے معیار کے راوی نہیں ہیں جبکہ اس حدیث کی اور بھی شاہد حدیث ہے جو کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے منقول ہے

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

306- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ التُّجِيْبِيُّ بِمَكَّةَ، فِيْ دَارِ اَبِيْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَيُّ الْبِقَاعِ خَيْرٌ؟ فَقَالَ: لَا اَدْرِي، فَقَالَ: اَيُّ الْبِقَاعِ شَرٌّ؟ فَقَالَ: لَا اَدْرِي، فَقَالَ: سَلْ رَبَّكَ، قَالَ: فَلَمَّا نَزَلَ جَبْرَائِيْلُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ سُئِلْتُ اَيُّ الْبِقَاعِ خَيْرٌ وَّاَيُّ الْبِقَاعِ شَرٌّ؟ فَقُلْتُ: لَا اَدْرِي، فَقَالَ: جَبْرَائِيْلُ: وَاَنَا لَا اَدْرِي حَتّٰى اَسْاَلَ رَبِّي، قَالَ: فَانْتَفَضَ جَبْرَائِيْلُ انْتِفَاضَةً كَادَ اَنْ يُصْعَقَ مِنْهَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اللّٰهُ: يَا جَبْرَائِيْلُ يَسْاَلُكَ مُحَمَّدٌ اَيُّ الْبِقَاعِ خَيْرٌ؟ فَقُلْتَ: لَا اَدْرِي، فَسَاَلَكَ اَيُّ الْبِقَاعِ شَرٌّ، فَقُلْتَ: لَا اَدْرِي، وَاِنَّ خَيْرَ الْبِقَاعِ الْمَسَاجِدُ، وَشَرَّ الْبِقَاعِ الْاَسْوَاقُ "

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس روایت میں بقیہ تمام مفہوم سابقہ حدیث والا ہے البتہ اس کے آخر میں یہ بھی ہے کہ ''بہترین جگہ مسجد اور بدترین جگہ بازار ہے''۔

307- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالَا: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوْشِكُ النَّاسُ اَنْ يَّضْرِبُوْا اَكْبَادَ الْاِبِلِ فَلَا يَجِدُوْنَ عَالِمًا اَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ كَانَ ابْنُ عُيَيْنَةَ رُبَّمَا يَجْعَلُهُ رِوَايَةً

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک وقت آئے گا کہ لوگ حصول علم کی خاطر لمبے لمبے سفر کریں گے لیکن مدینہ کے ایک عالم سے بڑا ان کو کہیں کوئی عالم نہیں ملے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور ابن عیینہ سے درج ذیل روایت بھی منقول ہے۔

حدیث: 307

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2680 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 7967 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 3736 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه' مكتبه المتنبي' بيروت' قاهره' رقم الحديث: 1147 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/1991ء' رقم الحديث: 4291

308- كَمَا حَدَّثَنَاهُ أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَرَاحِي بِمَرْوَ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى الْحَافِظُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُونٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رِوَايَةً قَالَ يُوشِكُ النَّاسُ أَن يَّضْرِبُوا أَكْبَادَ الْإِبِلِ الْحَدِيثَ وَلَيْسَ هٰذَا مِمَّا يُوهِنُ الْحَدِيثُ فَإِنَّ الْحُمَيْدِيَّ هُوَ الْحَكَمُ فِي حَدِيثِهِ لِمَعْرِفَتِهِ بِهِ وَكَثْرَةِ مُلَازَمَتِهِ لَهُ وَقَدْ كَانَ بْنُ عُيَيْنَةَ يَقُولُ نَرٰى هٰذَا الْعَالِمَ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ.

❖❖ اوراس طرح کی سند سے حدیث کی صحت پر کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ اس لئے کہ ''حمیدی'' علوم حدیث کے متبحر عالم تھے اور زندگی بھر اسی علم سے منسلک رہے اور ابن عیینہ کہا کرتے تھے : ہم وہ عالم حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ کو سمجھتے ہیں ۔

309- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا اَبُو صَخْرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ جَآءَ مَسْجِدَنَا هٰذَا يَتَعَلَّمُ خَيْرًا، اَوْ يُعَلِّمُهُ فَهُوَ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ جَآءَ بِغَيْرِ هٰذَا كَانَ كَالرَّجُلِ يَرٰى الشَّيْءَ يُعْجِبُهُ وَلَيْسَ لَهُ وَرُبَّمَا، قَالَ: يَرَى الْمُصَلِّينَ وَلَيْسَ مِنْهُمْ، وَيَرَى الذَّاكِرِينَ وَلَيْسَ مِنْهُمْ "

❖❖ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہماری مسجد میں علم سیکھنے یا سکھانے کے لئے آیا وہ مجاہد فی سبیل اللہ کی طرح ہے اور جو اس کام کے علاوہ کسی دوسری غرض سے مسجد میں آیا وہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی شخص کسی چیز کو دیکھے وہ اس کو بہت اچھی لگے لیکن وہ چیز اس کی نہ ہو (بعض مرتبہ روایت کرتے ہوئے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یوں کہتے تھے) وہ ایسا ہے کہ نمازیوں کو نماز پڑھتے صرف دیکھتا ہے خود نمازی نہیں ہے اور ذکر کرنے والوں کو صرف دیکھتا ہے خود ذاکرین میں شامل نہیں ہے ۔

310- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو يَحْيٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي مَسَرَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو صَخْرٍ، اَنَّ سَعِيدَ الْمَقْبُرِيَّ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: اِنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ دَخَلَ مَسْجِدَنَا هٰذَا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا اَوْ يُعَلِّمَهُ كَانَ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَمَنْ دَخَلَهُ بِغَيْرِ ذٰلِكَ كَانَ كَالنَّاظِرِ اِلٰى مَا لَيْسَ لَهُ

حدیث 309:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 227 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 8587 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 87 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 6472 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 5911 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 7517

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَا اَعْلَمُ لَهٗ عِلَّةً بَلْ لَهٗ شَاهِدٌ ثَالِثٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا

✧✧ چند الفاظ کے تغیر کے ساتھ یہ حدیث ابن وہب کے طریق سے بھی مروی ہے۔

✣✣ یہ حدیث شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر ہے کیونکہ دونوں نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن اس حدیث کو چھوڑ دیا ہے۔ مجھے اس حدیث میں کوئی علت نہیں مل سکی بلکہ اس کی ایک تیسری شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ دونوں کے معیار پر ہے

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

311۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيْمٍ الْقَنْطَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَدَا اِلَى الْمَسْجِدِ لَا يُرِيْدُ اِلَّا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا، اَوْ يَعْلَمَهُ كَانَ لَهٗ اَجْرُ مُعْتَمِرٍ تَامِّ الْعُمْرَةِ، فَمَنْ رَّاحَ اِلَى الْمَسْجِدِ لَا يُرِيْدُ اِلَّا لِيَتَعَلَّمَ خَيْرًا، اَوْ يُعَلِّمَهُ فَلَهٗ اَجْرُ حَاجٍّ تَامِّ الْحِجَّةِ قَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ فِی الْاُصُوْلِ وَخَرَّجَهٗ مُسْلِمٌ فِی الشَّوَاهِدِ، فَاَمَّا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّيْلِيُّ فَاِنَّهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

✧✧ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص مسجد میں صبح کے وقت بھلائی سیکھنے یا سکھانے کے لئے آیا اس کے لئے ایک مقبول عمرہ کا ثواب ہے اور جو شخص بھلائی سیکھتے یا سکھاتے مسجد میں شام کر دے اس کے لئے ایک مقبول حج کا ثواب ہے۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ''اصول'' میں ثور بن یزید کی روایات نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو شواہد میں ذکر کیا ہے اور ''ثور بن یزید الدیلی'' کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے نقل کی ہیں۔

312۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، فِیْ مُسْنَدِ اَنَسٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ الْمُقْرِءُ النَّيْسَابُوْرِيُّ، وَاَخْبَرَنِیْ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاِمَامُ، حَدَّثَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْهُوْمَانِ لَا يَشْبَعَانِ: مَنْهُوْمٌ فِیْ عِلْمٍ لَا يَشْبَعُ، وَمَنْهُوْمٌ فِیْ دُنْيَا لَا يَشْبَعُ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَمْ اَجِدْ لَهٗ عِلَّةً.

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو حریص کبھی سیر نہیں ہوتے (۱) علم کا حریص

حدیث: 312

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دار الکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 331 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 10388 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحدیث: 322

(۲) دنیا کا حریص۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور مجھے اس حدیث میں کوئی علت نہیں مل سکی۔

313۔ حَدَّثَنَا أَبُو عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ السَّمَاكِ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي دَاوُدَ الْمُنَادِي حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ جَآءَ أَبُو هُرَيْرَةَ إِلٰى كَعْبٍ يَسْأَلُ عَنْهُ وَكَعْبٌ فِي الْقَوْمِ فَقَالَ كَعْبٌ مَا تُرِيدُ مِنْهُ فَقَالَ أَمَا إِنِّي لَا أَعْرِفُ أَحَداً مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُونُ أَحْفَظُ لِحَدِيثِهِ مِنِّي فَقَالَ كَعْبٌ أَمَا إِنَّكَ لَمْ تَجِدْ أَحَداً يَطْلُبُ شَيْئاً أَلَّا يَشْبَعُ مِنْهُ يَوْماً مِنَ الدَّهْرِ إِلَّا طَالِبُ عِلْمٍ وَطَالِبُ دُنْيَا فَقَالَ أَنْتَ كَعْبٌ فَإِنِّي لِمِثْلِ هٰذَا جِئْتُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَقَوْلُ الصَّحَابِي إِنِّي لَحَدِيثُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْفَظُ مِنْ غَيْرِي يُخَرَّجُ فِي مَسَانِيدِهِ

❖❖ حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ پوچھنے کے لئے آئے (اس وقت حضرت کعب رضی اللہ عنہ لوگوں میں بیٹھے ہوئے تھے) حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: (اے ابو ہریرہ) تم کیا پوچھنا چاہ رہے ہو؟ انہوں نے کہا: میری نظر میں ایسا کوئی شخص نہیں ہے جس کو مجھ سے زیادہ حدیثیں یاد ہوں۔ اس پر حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: تم کسی بھی حریص شخص کو دیکھ لو، وہ ایک نہ ایک دن سیر ہو جائے گا، سوائے دنیا اور علم کے طلبگار کے (کہ یہ دونوں کبھی سیر نہیں ہوتے)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور صحابی کا یہ قول "میں رسول پاک کی سب سے زیادہ حدیثوں کا حافظ ہوں) مسانید میں منقول ہے۔

314۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَوَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ حَبِيبٍ الزَّيَّاتُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَضْلُ الْعِلْمِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ فَضْلِ الْعِبَادَةِ، وَخَيْرُ دِينِكُمُ الْوَرَعُ

❖❖ حضرت مصعب بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: میرے نزدیک عبادت کی فضیلت سے زیادہ پسندیدہ علم کی فضیلت ہے اور دین کا بہترین عمل "پرہیزگاری" ہے۔

315۔ وَحَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ السَّرَّاجُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ، وَلَمْ يَذْكُرِ الْحَكَمَ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْحَكَمُ هٰذَا وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ ثِقَةٌ، وَقَدْ اَقَامَ الْاِسْنَادَ وَقَدْ اَبْهَمَهٗ بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ،

✧✧ اس حدیث کی سند میں اعمش کے بعد ''حکم'' کا ذکر نہیں ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس کی سند میں ''حکم'' اور حسن بن علی بن عفان ثقہ ہیں۔انہوں نے حکم کا نام ذکر کیا ہے جبکہ بکر بن بکار نے اس کو مبہم رکھا ہے۔

(ان کی ابہام والی سند درج ذیل ہے)

316۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدَانَ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ رَّجُلٍ، عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ نَحْوَهُ، ثُمَّ نَظَرْنَا فَوَجَدْنَا خَالِدَ بْنَ مَخْلَدٍ اَثْبَتَ وَاَحْفَظَ وَاَوْثَقَ مِنْ بَكْرِ بْنِ بَكَّارٍ فَحَكَمْنَا لَهٗ بِالزِّيَادَةِ وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ

✧✧ اس حدیث میں اعمش کے بعد ''رجل'' کے الفاظ ہیں (وہ شخص کون تھا اس کی وضاحت نہیں ہے)

❖ بعد از تحقیق یہ ثابت ہوا کہ خالد بن مخلد، بکر بن بکار سے زیادہ حافظ اور زیادہ ثقہ تھے،اس لئے ہم نے ان کی زیادتی کو قبول کرلیا ہے۔اسی روایت کو عبداللہ بن عبدالقدوس نے اعمش سے ایک دوسری سند کے ساتھ ذکر کیا ہے

(ان کی روایت درج ذیل ہے)

317۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُّطَرِّفِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ الْعِلْمِ خَيْرٌ مِّنْ فَضْلِ الْعِبَادَةِ، وَخَيْرُ دِيْنِكُمُ الْوَرَعُ "

✧✧ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم کی فضیلت، عبادت کی فضیلت سے زیادہ اچھی ہے اور دین کا بہترین عمل ''پرہیزگاری'' ہے۔

318۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، وَاَخْبَرَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيْلِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ: قَدْ يَئِسَ الشَّيْطَانُ بِاَنْ يُّعْبَدَ بِاَرْضِكُمْ وَلٰكِنَّهٗ رَضِيَ اَنْ يُّطَاعَ فِيْمَا سِوٰى ذٰلِكَ مِمَّا تُحَاقِرُوْنَ مِنْ اَعْمَالِكُمْ، فَاحْذَرُوْا يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قَدْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَا اِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهٖ فَلَنْ تَضِلُّوْا اَبَدًا كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّ كُلَّ مُسْلِمٍ اَخُو الْمُسْلِمِ، الْمُسْلِمُوْنَ اِخْوَةٌ، وَلَا يَحِلُّ لِامْرِءٍ مِّنْ مَّالِ

حِبِہٖ اِلَّا مَا اَعْطَاہُ عَنْ طِیبِ نَفْسٍ، وَلَا تَظْلِمُوا، وَلَا تَرْجِعُوا مِنْ بَعْدِی کُفَّارًا یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ
وَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِیُّ بِاَحَادِیْثِ عِکْرِمَۃَ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَبِی اُوَیْسٍ، وَسَائِرُ رُوَاتِہٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْھِمْ، وَھٰذَا الْحَدِیْثُ
لِخُطْبَۃِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلٰی اِخْرَاجِہٖ فِی الصَّحِیْحِ: یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنِّی قَدْ تَرَکْتُ فِیکُمْ مَا لَنْ
تَضِلُّوْا بَعْدَہٗ اِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِہٖ کِتَابَ اللّٰہِ، وَاَنْتُمْ مَسْئُوْلُوْنَ عَنِّی فَمَا اَنْتُمْ قَائِلُوْنَ ؟ وَذِکْرُ الاعْتِصَامِ بِالسُّنَّۃِ فِی
ھٰذِہِ الْخُطْبَۃِ غَرِیبٌ وَّیَحْتَاجُ اِلَیْھَا وَقَدْ وَجَدْتُّ لَہٗ شَاھِدًا مِّنْ حَدِیْثِ اَبِی ھُرَیْرَۃَ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: شیطان اس بات سے مایوس ہو چکا ہے کہ روئے زمین پر کبھی اس کی پوجا کی جائے گی لیکن وہ اس بات سے ابھی بھی پرامید ہے کہ وہ تمہیں ان اعمال میں مبتلا کر دے گا جو تمہاری نظر میں بالکل حقیر ہیں (لیکن حقیقت میں وہ بہت مہلک اعمال ہیں) اس لئے اے لوگو! ہوشیار رہنا، میں تمہارے اندر ایسی چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں کہ اگر تم اس پر سختی سے عمل پیرا ہو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ (۱) کتاب اللہ (۲) تمہارے نبی کی سنت۔ مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے، تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں، کسی شخص کو یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے کسی مسلمان بھائی کا مال کھائے۔ ہاں اگر کوئی اپنی خوشی سے تحفہ دے تو جائز ہے۔ تم ظلم مت کرنا اور میرے بعد کافر مت ہو جانا تاکہ کہیں ایک دوسرے کی گردنیں نہ مارتے پھرو۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عکرمہ کی احادیث نقل کی ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابواویس کی روایات نقل کی ہیں، ان کے علاوہ اس حدیث کی سند کے تمام راوی متفق علیہ ہیں اور یہ درج ذیل حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ کے متعلق ہے اس کو دونوں بزرگوں نے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے (حدیث یہ ہے) اے لوگو! میں تمہارے اندر ایسی چیز چھوڑ کر جا رہا ہوں اگر اس کو مضبوطی سے تھام لو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ وہ ہے کتاب اللہ۔ اور تم سے میرے بارے میں سوال کیا جائے گا تو تم کیا جواب دو گے۔ اس خطبہ میں "اعتصام بالسنتہ" کا ذکر غریب ہے۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

319۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْہُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِیْسٰی بْنِ السَّکَنِ الْوَاسِطِیُّ، حَدَّثَنَا دَاوٗدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّیُّ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوْسَی الطَّلْحِیُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ رُفَیْعٍ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِنِّیْ قَدْ تَرَکْتُ فِیکُمْ شَیْئَیْنِ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَھُمَا: کِتَابَ اللّٰہِ وَسُنَّتِیْ، وَلَنْ یَّتَفَرَّقَا حَتّٰی یَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں (اگر اس پر عمل پیرا ہو گے) تو کبھی گمراہ نہ ہو گے (۱) کتاب اللہ (۲) میری سنت۔ اور یہ دونوں قیامت تک ایک دوسرے

حدیث: 319

اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 11578

سے جدا نہیں ہو سکتے۔

320۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْخُرَاسَانِيِّ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ اَخَوَانِ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اَحَدُهُمَا يَاْتِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ يَحْتَرِفُ، فَشَكَا الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّرُوَاتُهُ عَنْ اٰخِرِهِمْ اَثْبَاتٌ ثِقَاتٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں دو بھائی ہوا کرتے تھے،ان میں سے ایک بارگاہ رسالت ماب صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر رہتا تھا اور دوسرا محنت و مزدوری کیا کرتا تھا۔ایک مرتبہ محنت مزدوری کرنے والے بھائی نے اپنے دوسرے بھائی کی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شکایت کی (کہ وہ کام کاج نہیں کرتا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تجھے جو رزق مل رہا ہے وہ اسی کی برکت سے مل رہا ہو۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اس کے از اول تا آخر تمام راوی ثبت ہیں،ثقہ ہیں۔

321۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ بِمَرْوٍ، وَثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، اَنَّ مُعَاوِيَةَ، خَرَجَ مِنْ حَمَّامِ حِمْصَ، فَقَالَ لِغُلَامِهِ: ائْتِنِيْ لُبْسَتَيَّ فَلَبِسَهُمَا، ثُمَّ دَخَلَ مَسْجِدَ حِمْصَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ، فَلَمَّا فَرَغَ اِذَا هُوَ بِنَاسٍ جُلُوْسٌ، فَقَالَ لَهُمْ: مَا يُجْلِسُكُمْ؟ قَالُوْا: صَلَّيْنَا صَلٰوةَ الْمَكْتُوبَةِ، ثُمَّ قَصَّ الْقَاصُّ، فَلَمَّا فَرَغَ قَعَدْنَا نَتَذَاكَرُ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: مَا مِنْ رَّجُلٍ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَلَّ حَدِيْثًا عَنْهُ مِنِّيْ، اِنِّيْ سَاُحَدِّثُكُمْ بِخَصْلَتَيْنِ حَفِظْتُهُمَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّكُوْنُ عَلَى النَّاسِ فَيَقُوْمُ عَلٰى رَاْسِهِ الرِّجَالُ يُحِبُّ اَنْ تَكْثُرَ الْخُصُومُ عِنْدَهُ فَيَدْخُلَ الْجَنَّةَ، قَالَ: وَكُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَاِذَا هُوَ بِقَوْمٍ فِي الْمَسْجِدِ قُعُوْدٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُقْعِدُكُمْ؟ قَالُوْا: صَلَّيْنَا الصَّلٰوةَ الْمَكْتُوبَةَ، ثُمَّ قَعَدْنَا نَتَذَاكَرُ كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ اِذَا ذَكَرَ شَيْئًا تَعَاظَمَ ذِكْرُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَقَدْ سَمِعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيُّ مِنْ مُعَاوِيَةَ غَيْرَ حَدِيْثٍ.

حدیث 320:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث:2345

❖❖ ابن بریدہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ "حمص" کے ایک حمام سے نکلے اور اپنے غلام سے کہا: کپڑے دو، اس نے کپڑے پیش کئے، آپ کپڑے پہن کر "حمص" کی مسجد میں آئے اور دو رکعتیں ادا کیں۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو دیکھا کہ کچھ لوگ وہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے پوچھا: تم لوگ کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم فرضی نماز پڑھ چکے ہیں۔ پھر ایک شخص نے ایک قصہ سنایا، جب وہ فارغ ہوا تو ہم بیٹھ کر ایک دوسرے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتیں سنانے لگے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ کی صحبت پانے والوں میں سب سے کم حدیثیں میں نے بیان کی ہیں۔ میں تمہیں دو خصلتوں کے متعلق بتاتا ہوں، یہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یاد کی تھیں۔ (۱) ایسا شخص جنت میں نہیں جا سکتا جس کو لوگوں کا حکمران بنایا جائے اور وہ خصومت و جدال چاہے۔ پھر انہوں نے کہا: (۲) میں ایک مرتبہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ کچھ لوگ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم لوگ کیوں بیٹھے ہوئے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہم نے فرضی نماز پڑھ لی ہے، اب ہم کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مذاکرہ کر رہے ہیں، اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کو یاد کرتا ہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی عظمت بٹھا دیتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور عبداللہ بن بریدہ اسلمی نے معاویہ سے اس حدیث کے علاوہ بھی کئی احادیث کا سماع کیا ہے۔

322- حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُ اللّٰهِ الْحَافِظُ إِمْلاءً فِي شَهْرِ رَمَضَانَ سَنَةَ ثَلاثٍ وَسَبْعِينَ وَثَلاثِ مِائَةٍ حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَصْفَهَانِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِى عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَلِي بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَلَسُوا كَانَ حَدِيثُهُمْ يَعْنِي الْفِقْهَ إِلَّا أَنْ يَقْرَأَ رَجُلٌ سُوْرَةً أَوْ يَأْمُرُ رَجُلًا بِقِرَاءَةِ سُوْرَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ مَوْقُوْفٌ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ.

❖❖ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی جب بھی مل کر بیٹھتے تھے تو یا کوئی قرآن کی سورت پڑھ رہا ہوتا تھا یا دوسرے سے پڑھوا کر سن رہا ہوتا تھا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کی ایک موقوف حدیث شاہد موجود ہے جو کہ ابوسعید سے مروی ہے وہ حدیث درج ذیل ہے۔

323- حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدُ الْجُبَّارِ حَدَّثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ جَعْفَرِبْنِ إِيَاسٍ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ تَذَاكَرُوْا الْحَدِيْثَ فَإِنَّ مُذَاكَرَةَ الْحَدِيْثِ تَهَيِّجُ الْحَدِيْثَ وَقَدْ رُوِيَ فِي الْحَدِيْثِ عَلٰى مُذَاكَرَةِ الْحَدِيْثِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ بِأَحَادِيْثَ صَحِيْحَةٍ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ أَمَّا حَدِيْثُ عَلِيٍّ.

❖❖ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دوسرے کو حدیثیں سنایا کرو، اس لئے کہ مذاکرہ حدیث، تحصیل حدیث

پر برانگیختہ کرتا ہے۔

❖❖ مذاکرہ حدیث کے متعلق حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی ایسی صحیح احادیث مروی ہیں جو شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر ہیں۔

ان میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث درج ذیل ہے۔

324۔ فَأَخْبَرَنَاهُ أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَحْبُوبِي حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنْبَأَ كَهْمَسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ تَذَاكَرُوا الْحَدِيثَ فَإِنَّكُمْ أَلَّا تَفْعَلُوا يَنْدَرِسُ وَأَمَّا حَدِيثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ.

❖❖ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپس میں حدیث کا مذاکرہ کیا کرو کیونکہ اگر ایسا نہ کرو گے تو احادیث ناپید ہو جائیں گی۔ اور عبداللہ بن مسعود کی حدیث یہ ہے:

325۔ فَحَدَّثَنَاهُ أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى الْحَمَانِي عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ تَذَاكَرُوا الْحَدِيثَ فَإِنَّ ذِكْرَ الْحَدِيثِ حَيَاتُهُ.

❖❖ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عبداللہ نے فرمایا: حدیثوں کا مذاکرہ کیا کرو اس لئے کہ حدیث کو یاد کرنا اس کی حیات ہے۔

326۔ حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَّاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ مَا كُلُّ الْحَدِيثِ سَمِعْنَا مِنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحَدِّثُنَا أَصْحَابُنَا وَكُنَّا مُشْتَغِلِينَ فِي رِعَايَةِ الْإِبِلِ

هٰذَا حَدِيثٌ لَهُ طُرُقٌ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ وَهُوَ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ.

❖❖ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے ہر حدیث رسول پاک کی زبان اطہر سے نہیں سنی بلکہ ہمارے دوسرے ساتھی ہمیں بتایا کرتے تھے کیونکہ ہم لوگ عموماً اونٹوں وغیرہ کی دیکھ بھال میں مصروف رہتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کے ابواسحاق السبیعی سے متعدد طرق ہیں اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔

327۔ أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ أَبِي أُسَامَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسْمَعُونَ وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ، وَيُسْمَعُ مِنَ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ مِنْكُمْ بَلَّغَهُ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (بلاواسطہ) میری باتیں سنتے ہو کچھ لوگ تم سے سنیں گے اور کچھ لوگ ان سے سنیں گے جنہوں نے تم سے سنا ہے۔

جریر بن عبدالمجید نے اس کی سند اعمش تک پہنچائی ہے۔ (ان کی سند کے ساتھ مروی حدیث درج ذیل ہے)

328۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيرٍ الْخُلْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ هَارُوْنَ، وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسْمَعُوْنَ وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ وَيُسْمَعُ مِمَّنْ يَّسْمَعُ مِنْكُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَيْسَ لَهٗ عِلَّةٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَفِي الْبَابِ اَيْضًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيْ حَدِيْثِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ ذِكْرُ الطَّبَقَةِ الثَّالِثَةِ اَيْضًا

یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔ اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ثابت بن قیس بن شماس کے حوالے سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات منقول ہیں اور ثابت بن قیس کی روایت میں تیسرے طبقے کا بھی ذکر موجود ہے۔

329۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، قَالَ: صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً وَّجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ وَذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَاَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَاَوْصِنَا، قَالَ: اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَاِنْ اُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ، فَاِنَّهٗ مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا، فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ عُضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَيْسَ لَهٗ عِلَّةٌ، وَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو، وَثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، وَرَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثُ فِيْ اَوَّلِ كِتَابِ الْاِعْتِصَامِ بِالسُّنَّةِ وَالَّذِيْ عِنْدِيْ اَنَّهُمَا رَحِمَهُمَا اللّٰهُ تَوَهَّمَا اَنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ رَاوٍ عَنْ

حدیث: 327

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3659 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2947 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 62 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1321 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبوية مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 52

خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ غَيْرِ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، وَقَدْ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ الْمُخَرَّجُ حَدِيثُهُ فِي الصَّحِيحَيْنِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ

✧✧ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، حضور ﷺ نے ہمیں نماز فجر پڑھائی، پھر ہماری طرف متوجہ ہوکر ایسا وعظ فرمایا کہ دل دہل گئے اور آنکھوں سے سیل رواں جاری ہوگئے، ہم نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آج کا وعظ تو کسی رخصت ہونے والے کا وعظ لگتا ہے۔ آپ ہمیں کوئی خصوصی وصیت فرمائیے! آپ ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ سے ڈرنے (کی تاکید کرتا ہوں) اور فرمانبرداری کی (تاکید کرتا ہوں) اگرچہ تم پر کوئی حبشی غلام امیر بنا دیا جائے (پھر بھی فرمانبرداری نہ چھوڑنا) تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ عنقریب بہت شدید اختلافات دیکھے گا (ایسے حالات میں) تم پر لازم ہے کہ میری سنت اور میرے خلفاء راشدین کی سنت پر عمل کرتے رہنا، ان کو مضبوطی سے تھامے رکھنا اور نئے نئے کاموں کی ایجاد سے بچنا، اس لئے کہ ہر بدعت گمراہی ہے۔

✣✣ یہ حدیث ''صحیح'' ہے، اس میں کوئی علت نہیں ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن عمرو اور ثور بن یزید کی روایات نقل کی ہیں اور یہ حدیث ''کتاب الاعتصام بالسنۃ'' کے آغاز میں بیان کی گئی ہے۔ جہاں تک میرا خیال ہے (شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس لئے ترک کردیا ہے کہ انہیں) یہ وہم ہوگیا تھا کہ خالد بن معدان کا ثور بن یزید کے علاوہ کوئی دوسرا راوی نہیں ہے، حالانکہ محمد بن ابراہیم بن الوارث (جن کی روایات صحیحین میں موجود ہیں) نے خالد بن معدان سے روایات لی ہیں۔

330۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْحَنْظَلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ التِّنِّيسِيُّ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ مِّنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَامَ فَوَعَظَ النَّاسَ وَرَغَّبَهُمْ وَحَذَّرَهُمْ وَقَالَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ: اعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاَطِيْعُوْا مَنْ وَلَاهُ اللّٰهُ اَمْرَكُمْ، وَلَا تُنَازِعُوا الْاَمْرَ اَهْلَهُ وَلَوْ كَانَ عَبْدًا اَسْوَدَ، وَعَلَيْكُمْ بِمَا تَعْرِفُوْنَ مِنْ سُنَّةِ نَبِيِّكُمْ وَالْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ، وَعَضُّوا عَلٰى نَوَاجِذِكُمْ بِالْحَقِّ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا، وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً، وَقَدْ تَابَعَ ضَمْرَةُ بْنُ حَبِيْبٍ خَالِدَ بْنَ مَعْدَانَ

حدیث 329:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث:2676 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 42 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحديث: 95 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 17182 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ ' رقم الحديث:66 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 617 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء رقم الحديث:697

عَنِّي رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ

✧✧ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ (جن کا تعلق بنی سلیم سے ہے اور یہ اہل صفہ میں سے ہیں) بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تشریف لائے اور ایسا وعظ فرمایا، جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نیک عمل میں رغبت دلائی اور دوزخ کا ڈر سنایا اور مزید بھی وعظ و نصیحت فرمائی، پھر فرمایا: صرف اللہ کی عبادت کرو، اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہراؤ اور جس کو تمہارا امیر بنا دیا جائے اس کی اطاعت کرو اور اپنے امیر سے جھگڑا مت کرو اگرچہ حبشی غلام ہو اور تم پر لازم ہے کہ تم اپنے نبی اور خلفاء راشدین کی جو سنت پہچانتے ہو، اس پر عمل کرو اور حق کو مضبوطی سے تھامے رکھو۔

✧✧ یہ اسناد امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے اور مجھے اس میں کوئی علت بھی نظر نہیں آئی۔ اور یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عمرو اسلمی سے روایت کرنے میں ضمرہ بن حبیب نے خالد بن معدان کی متابعت کی ہے (ضمرہ بن حبیب کی روایت درج ذیل ہے)

331- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَعْنِي ابْنَ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ، قَالَ: وَعَظَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْعِظَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ، وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ هٰذَا لَمَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَاِذَا تَعْهَدُ اِلَيْنَا. قَالَ: قَدْ تَرَكْتُكُمْ عَلَى الْبَيْضَاءِ لَيْلُهَا كَنَهَارِهَا لَا يَزِيْغُ عَنْهَا بَعْدِيْ اِلَّا هَالِكٌ، وَمَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِمَا عَرَفْتُمْ مِنْ سُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الْمَهْدِيِّيْنَ الرَّاشِدِيْنَ مِنْ بَعْدِيْ، وَعَلَيْكُمْ بِالطَّاعَةِ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ فَكَانَ اَسَدُ بْنُ وَدَاعَةَ يَزِيْدُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ فَاِنَّ الْمُؤْمِنَ كَالْجَمَلِ الْاَنِفِ حَيْثُ مَا قِيْدَ انْقَادَ وَقَدْ تَابَعَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَمْرٍو عَلٰى رِوَايَتِهٖ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الثِّقَاتِ الْاَثْبَاتِ مِنْ اَئِمَّةِ اَهْلِ الشَّامِ مِنْهُمْ حَجَرُ بْنُ حَجَرٍ الْكَلَاعِيُّ.

✧✧ ضمرہ بن حبیب کی سند سے حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ ایسا وعظ فرمایا، جس سے دل دہل گئے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا آج کا وعظ تو کسی بچھڑنے والے کا بیان لگتا ہے، (ایسے موقع پر) آپ ہم سے عہد لے لیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے عہد لیا، فرمایا: میں تمہیں (اسلام کی) روشنی میں چھوڑ کر جا رہا ہوں، اس کی راتیں بھی دنوں کی طرح روشن ہیں، میرے بعد ان سے جو رُوگرداں ہوگا، وہ ہلاک ہو جائے گا اور تم میں سے جو زندہ رہے گا وہ عنقریب بہت شدید اختلافات دیکھے گا (ایسے حالات میں) تم پر لازم ہے کہ میری اور میرے خلفاء راشدین کی جن سنتوں کو تم جانتے ہو، ان پر کاربند رہنا اور اپنے امیر کی اطاعت کرنا اگرچہ وہ کوئی حبشی غلام ہی کیوں نہ

ہو اور حق کو مضبوطی سے تھام کر رکھنا۔

✤✤ اسد بن وداعہ کی روایت میں اس مقام پر ان الفاظ کا اضافہ ہے ''کیونکہ مومن اس اونٹ کی طرح ہے جس کی ناک میں نکیل ہوتی ہے، اس کو نکیل سے پکڑ کر جہاں لے جانا چاہو، وہ چلا جاتا ہے'' اس حدیث کو عرباض بن ساریہ سے روایت کرنے میں عبدالرحمن بن عمرو کی تین ثقہ شامی ائمہ حدیث نے متابعت کی ہے۔ ان میں حجر بن حجر الکلاعی کا نام بھی ہے ان کی روایت درج ذیل ہے۔

332۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اَيُّوْبَ النَّصِيْبِيُّ، وَصَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو السُّلَمِيُّ، وَحُجْرُ بْنُ حُجْرٍ الْكَلَاعِيُّ، قَالَا: اَتَيْنَا الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ وَهُوَ مِمَّنْ نَزَلَ فِيْهِ: وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَا اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ، قُلْتَ: لَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ فَسَلَّمْنَا، وَقُلْنَا: اَتَيْنَاكَ زَائِرِيْنَ وَمُقْتَبِسِيْنَ، فَقَالَ الْعِرْبَاضُ: صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ ذَاتَ يَوْمٍ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ، وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ، فَقَالَ قَائِلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَاَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَمَا تَعْهَدُ اِلَيْنَا؟ فَقَالَ: اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا فَاِنَّهُ مَنْ يَّعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا، فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ، فَتَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، وَاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَّكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

✧✧ حضرت عبدالرحمٰن بن عمر اسلمی رضی اللہ عنہ اور حجر بن حجر الکلاعی کہتے ہیں ہم عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے (عرباض بن ساریہ وہ شخصیت ہیں جن کے بارے میں یہ آیت وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَا اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ، قُلْتَ: لَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ نازل ہوئی) ہم نے سلام کیا اور کہا کہ ہم آپ کی خدمت میں آپ کی زیارت کرنے اور آپ سے اکتساب فیض کرنے کیلئے آئے ہیں۔ حضرت عرباض رضی اللہ عنہ نے کہا: ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز فجر پڑھائی پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر ایسا فصیح و بلیغ وعظ فرمایا، جس سے دل نرم ہو گئے اور لوگ رونے لگے، ایک شخص نے عرض کی: حضور! آج کا وعظ تو کسی عنقریب بچھڑنے والا کا وعظ لگتا ہے۔ آپ ہمیں کیا وصیت فرماتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں اللہ سے ڈرنے اور فرمانبرداری کی وصیت کرتا ہوں اگرچہ تمہارا امیر کوئی حبشی غلام ہی کیوں نہ ہو، تم میں سے جو شخص زندہ رہے گا وہ عنقریب بہت شدید اختلافات دیکھے گا (ایسے حالات میں) تم میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی اتباع اپنے اوپر لازم کر لینا اور اسی پر سختی سے کاربند رہنا اور دین میں نئی اختراعات (جس سے دین کو نقصان ہو) سے بچ کر رہنا اس لئے کہ (اس طرح کا) ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

ان میں یحییٰ بن ابوالمطاع القرشی کا نام بھی ہے (ان کی روایت درج ذیل ہے)

333ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسٰى بْنِ زَيْدٍ التِّنِّيسِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ التِّنِّيسِيُّ، اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلاءِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي الْمُطَاعِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعِرْبَاضَ بْنَ سَارِيَةَ السُّلَمِيَّ، يَقُوْلُ: قَامَ فِينَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ فَوَعَظَنَا مَوْعِظَةً، وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ، وَذَرَفَتْ مِنْهَا الْاَعْيُنُ، قَالَ: فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ وَعَظْتَنَا مَوْعِظَةَ مُوَدِّعٍ فَاعْهَدْ اِلَيْنَا، قَالَ: عَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ اَظُنُّهُ قَالَ: وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَسَتَرَى مِنْ بَعْدِي اخْتِلافًا شَدِيْدًا، اَوْ كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الْمَهْدِيِّينَ، عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْمُحْدَثَاتِ، فَإِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلالَةٌ وَّمِنْهُمْ مَعْبَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِشَامٍ الْقُرَشِيُّ وَلَيْسَ الطَّرِيقُ اِلَيْهِ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ فَتَرَكْتُهُ وَقَدِ اسْتَقْصَيْتُ فِي تَصْحِيحِ هٰذَا الْحَدِيْثِ بَعْضَ الاسْتِقْصَاءِ عَلٰى مَا اَدّٰى اِلَيْهِ اجْتِهَادِي رَكُتِبَ فِيهِ، كَمَا قَالَ اِمَامُ اَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ شُعْبَةُ فِي حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ لَمَّا طَلَبَهُ بِالْبَصْرَةِ وَالْكُوفَةِ وَالْمَدِيْنَةِ وَمَكَّةَ، ثُمَّ عَادَ الْحَدِيْثُ اِلٰى شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ فَتَرَكَهُ، ثُمَّ قَالَ شُعْبَةُ: لانْ يَصِحَّ لِي مِثْلُ هٰذَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ وَالِدِي وَوَلَدِي وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ، وَقَدْ صَحَّ هٰذَا الْحَدِيْثُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ اَجْمَعِيْنَ

✧✧ یحییٰ بن ابوالمطاع کی سند سے بھی یہ حدیث منقول ہے اس میں چند الفاظ کا اختلاف ہے۔

❖❖ معبد بن عبداللہ بن ہشام القرشی کا بھی ان میں نام ہے لیکن چونکہ ان تک جو طریق ہے وہ اس کتاب کے معیار کے مطابق نہیں ہے اس لئے میں نے ان کی روایات کو ترک کر دیا ہے اور میں انتہائی محنت اور کوشش سے اس حدیث کی تصحیح میں کسی حد تک کامیاب ہوا ہوں اور اس کی تہہ تک پہنچا ہوں اور اس کے متعلق میرے وہی جذبات تھے جو امام الحدیث شعبہ کے تھے (ان کا واقعہ یہ ہے کہ) عبداللہ بن عطاء کی عقبہ بن عامر سے روایت حاصل کرنے کے لئے بصرہ گئے، پھر کوفہ، پھر مدینہ اور پھر مکہ تک گئے جب حدیث ملی تو اس کی سند شہر بن حوشب سے جا ملی تو انہوں نے اس حدیث کو چھوڑ دیا۔ پھر شعبہ نے کہا اس طرح کی حدیث کا رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے صحیح ثابت ہو جانا میرے لئے میرے ماں باپ، میری اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ عزیز ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) تو یہ حدیث ''صحیح'' ثابت ہوئی اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے حبیب اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین۔

334ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَانَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ الْفَقِيهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، اَخْبَرَنِي رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلانِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَمِيْرَةَ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، قَالُوْا: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَوْصِنَا، قَالَ: اَجْلِسُونِي، ثُمَّ قَالَ: وَالايْمَانَ مَكَانَهُمَا مَنِ الْتَمَسَهُمَا وَجَدَهُمَا، اِنَّ الْعِلْمَ قَالَ ذٰلِكَ ثَلاثَ مَرَّاتٍ، وَالْتَمِسُوا

الْعِلْمَ عِنْدَ اَرْبَعَةِ رَهْطٍ: عِنْدَ عُوَيْمِرٍ اَبِى الدَّرْدَاءِ، وَعِنْدَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلامٍ، فَاِنِّى سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّهُ عَاشِرُ عَشَرَةٍ فِى الْجَنَّةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَيَزِيْدُ بْنُ عَمِيْرَةَ السَّكْسَكِيُّ صَاحِبُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَّقَدْ شَهِدَ مَكْحُوْلٌ الدِّمَشْقِيُّ لِيَزِيْدَ بِذٰلِكَ، وَهُوَ مِمَّا يَسْتَشْهِدُ مَكْحُوْلٌ عَنْ يَزِيْدَ مُتَابَعَةً لاَبِىْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلانِيِّ.

✧✧ یزید بن عمیرہ کہتے ہیں: جب معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا آخری وقت قریب آیا تو لوگوں نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہمیں کوئی وصیت کریں، آپ نے فرمایا: مجھے (اٹھا کر) بٹھاؤ، پھر آپ نے فرمایا: علم اور ایمان اکٹھے رہتے ہیں جوان کو ڈھونڈتا ہے پا لیتا ہے۔ آپ نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی (پھر آپ نے فرمایا) چار آدمیوں کے پاس علم تلاش کرو (۱) عویمر ابوالدرداء کے پاس (۲) سلمان فارسی کے پاس (۳) عبداللہ بن مسعود کے پاس (۴) اور عبداللہ بن سلام کے پاس۔ اس لئے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ وہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور یزید بن عمرو السکسکی معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے ساتھی ہیں اور مکحول الدمشقی نے یزید کے متعلق اس بات کی شہادت بھی دی ہے اور اس کے ساتھ مکحول نے ابوادریس کی متابعت میں یزید سے استشھاد کیا ہے جبکہ زہری نے ابوادریس کے واسطے سے اس حدیث کا ایک حصہ روایت کیا ہے۔

335۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ أَنْبَأَ الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزِيْدٍ الْبَيْرُوْتِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرَ حَدَّثَنِيْ النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ عَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ وَجِعَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يَوْماً وَعِنْدَهُ يَزِيْدُ بْنُ عُمَيْرَةَ الزُّبَيْدِيُّ فَبَكٰى عَلَيْهِ يَزِيْدُ فَقَالَ لَهُ مُعَاذُ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ يُبْكِيْنِيْ مَا كُنْتُ أَسْأَلُكَ كُلَّ يَوْمٍ يَنْقَطِعُ عَنِّى فَقَالَ مُعَاذٌ إِنَّ الْعِلْمَ وَالإِيْمَانَ بَشَاشَانِ قُمْ فَالْتَمِسْهُمَا قَالَ يَزِيْدُ وَعِنْدَ مَنْ اَلْتَمِسُهُمَا فَقَالَ مُعَاذٌ عِنْدَ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ عِنْدَ عُوَيْمِرٍ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَعِنْدَ سَلْمَانَ الْفَارِسِى وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ فَإِنَّهُ كَانَ يُقَالُ إِنَّهُ عَاشِرُ عَشَرَةٍ فِى الْجَنَّةِ قَالَ يَزِيْدُ فَقُلْتُ وَعِنْدَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ لَا تَسْأَلُهُ عَنْ شَيءٍ فَإِنَّهُ عَنْكَ مَشْغُوْلٌ وَقَدْ رُوِىَ الزُّهْرِىْ عَنْ أَبِى إِدْرِيْسَ طَرَفاً مِّنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

✧✧ مکحول کہتے ہیں: ایک دن حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیمار تھے، ان کے پاس یزید بن عمیرہ الزبیدی موجود تھے (ان

حدیث 334:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى' فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3804 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 22157 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء رقم الحديث: 7165 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 8253 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء رقم الحديث: 8614 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ه/1984ء رقم الحديث: 1932

کی تکلیف دیکھ کر یزید رو پڑے، ان سے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کیوں رو رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: مجھے (یہ حسرت) رلا رہی ہے کہ میں روزانہ کتنے ہی مسائل آپ سے دریافت کیا کرتا تھا لیکن اب میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ سلسلہ ختم ہونے جا رہا ہے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: علم اور ایمان دونوں دوست ہیں، جاؤ ان کو تلاش کرو، یزید نے پوچھا: کس شخص کے پاس جا کر ان کو تلاش کروں؟ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: چار آدمیوں کے پاس (۱) عویمر ابوالدرداء رضی اللہ عنہ (۲) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (۳) حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ (۴) اور حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے پاس۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔ یزید کہتے ہیں: میں نے پوچھا: اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ ان سے کسی چیز کے بارے میں سوال مت کرنا کیونکہ وہ امور سلطنت میں زیادہ مصروف ہوتے ہیں۔

❖ زہری نے ابوادریس کے حوالے سے اس حدیث کا ایک حصہ روایت کیا ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

336۔ حَدَّثَنَاهُ عَلِي بْنُ حَمْشَادَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا بْنُ عَجلانَ حَدَّثَنِى بْنُ شِهَابٍ عَنْ أَبِى إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِى عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الْعِلْمُ وَالإِيْمَانُ مَكَانَهُمَا مَنِ ابْتَغَاهُمَا وَجَدَهُمَا.

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: علم اور ایمان اپنے مقام پر ہوتے ہیں، جو ان کو ڈھونڈتا ہے وہ حاصل کر لیتا ہے۔

337۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيكٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، حَدَّثَنِى اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِى عَبْلَةَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، اَنَّهُ قَالَ: قَالَ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ الْاَشْجَعِىُّ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلَى السَّمَآءِ يَوْمًا، فَقَالَ: هٰذَا اَوَانُ يُرْفَعُ الْعِلْمُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ ابْنُ لَبِيدٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كَيْفَ يُرْفَعُ الْعِلْمُ وَقَدْ اُثْبِتَ فِى الْكِتَابِ وَوَعَتْهُ الْقُلُوبُ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كُنْتُ لَاَحْسَبُكَ مِنْ اَفْقَهِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ثُمَّ ذَكَرَ ضَلَالَةَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى عَلٰى مَا فِىْ اَيْدِيهِمْ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، قَالَ: فَلَقِيتُ شَدَّادَ بْنَ اَوْسٍ فَحَدَّثْتُهُ بِحَدِيْثِ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، فَقَالَ: صَدَقَ عَوْفٌ اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَوَّلِ ذٰلِكَ يُرْفَعُ ؟ قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: الْخُشُوْعُ حَتّٰى لَا تَرٰى خَاشِعًا هٰذَا صَحِيْحٌ وَّقَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ، وَالشَّاهِدُ لِذٰلِكَ فِيْهِ شَدَّادُ بْنُ اَوْسٍ فَقَدْ سَمِعَ جُبَيْرُ بْنُ نُفَيْرٍ الْحَدِيْثَ مِنْهُمَا جَمِيْعًا، وَمِنْ ثَالِثٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَهُوَ اَبُو الدَّرْدَاءِ

✧✧ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی اور فرمایا: یہ وہ وقت ہے، جب علم اٹھا لیا جائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ابن لبید انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! علم کیسے اٹھا لیا جائے گا؟ حالانکہ یہ کتاب اللہ میں موجود ہے اور لوگوں کے سینوں میں محفوظ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تو تجھے تمام اہل مدینہ سے زیادہ سمجھدار سمجھتا تھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود و نصاریٰ کے گمراہ ہونے کا ذکر کیا، حالانکہ ان کے پاس بھی تو کتاب اللہ موجود تھی

(جبیر ابن نفیر) کہتے ہیں: پھر ایک مرتبہ میری ملاقات شداد بن اوس کے ساتھ ہوئی تو میں نے ان کو عوف بن مالک رضی اللہ عنہ والی حدیث سنائی تو وہ کہنے لگے: عوف نے سچ کہا ہے، کیا میں تجھے وہ چیز نہ بتاؤں جو سب سے پہلے اٹھائی جائے گی؟ (جبیر کہتے ہیں) میں نے کہا: بتائیے! شداد نے کہا: سب سے پہلے خشوع اٹھایا جائے گا حتیٰ کہ کوئی آدمی عاجزی وانکساری کا پیکر نہیں ملے گا۔

❖❖ یہ حدیث "صحیح" ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور اس حدیث کی شاہد حدیث بھی ہے جو کہ شداد بن اوس سے مروی ہے۔ انہوں نے (حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ) جبیر حضرت بن نفیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

338۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْقَارِءُ، وَاَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَخَصَ بِبَصَرِهِ اِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا اَوَانُ يُخْتَلَسُ الْعِلْمُ مِنَ النَّاسِ حَتّٰى لَا يَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلٰى شَيْءٍ، قَالَ: فَقَالَ زِيَادُ بْنُ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يُخْتَلَسُ مِنَّا وَقَدْ قَرَاْنَا الْقُرْاٰنَ، فَوَاللّٰهِ لَنَقْرَاَنَّهُ وَلَنُقْرِئَنَّهُ نِسَائَنَا وَاَبْنَائَنَا، فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ يَا زِيَادُ، اِنِّي كُنْتُ لَاَعُدُّكَ مِنْ فُقَهَاءِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، هٰذَا التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيلُ عِنْدَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى فَمَاذَا يُغْنِي عَنْهُمْ؟ قَالَ جُبَيْرٌ: فَلَقِيتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ، فَقُلْتُ لَهُ: اَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ اَخُوكَ اَبُو الدَّرْدَاءِ وَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي قَالَ، قَالَ: صَدَقَ اَبُو الدَّرْدَاءِ اِنْ شِئْتَ لَاُحَدِّثَنَّكَ بِاَوَّلِ عِلْمٍ يُرْفَعُ مِنَ النَّاسِ الْخُشُوعُ، يُوشِكُ اَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَ الْجَمَاعَةِ فَلَا تَرٰى فِيهِ رَجُلًا خَاشِعًا

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ مِنْ حَدِيْثِ الْبَصْرِيِّينَ، وَفِيهِ شَاهِدٌ رَابِعٌ عَلٰى صِحَّةِ الْحَدِيْثِ وَهُوَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ، وَلَعَلَّ مُتَوَهِّمًا اَنَّ جُبَيْرَ بْنَ نُفَيْرٍ، رَوَاهُ مَرَّةً عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، وَمَرَّةً عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ فَيَصِيرُ بِهِ الْحَدِيْثُ مُطَوَّلًا اَنَّهُ سَمِعَهُ مِنَ الصَّحَابِيَّيْنِ جَمِيْعًا، وَالدَّلِيْلُ الْوَاضِحُ عَلٰى مَا ذَكَرْتُهُ اَنَّ الْحَدِيْثَ، قَدْ رُوِيَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ الَّذِي ذُكِرَ مُرَاجَعَتُهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَدِيْثَيْنِ

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی پھر کہنے لگے: یہ وہ وقت ہے جب لوگوں میں سے علم اٹھالیا جائے گا حتیٰ کہ سب جاہل رہ جائیں گے (حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں: زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! علم کیسے اٹھالیا جائے گا؟ حالانکہ ہم قرآن پڑھتے ہیں اور

حدیث 338:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي، في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2653 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحديث: 288 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله، بيروت، لبنان، 1405ھ/1984ء، رقم الحديث: 55

خدا کی قسم! ہم اسے پڑھتے رہیں گے، اور ہم اپنے اہل وعیال کو یہ پڑھاتے رہیں گے، پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اے زیاد! تیری ماں تجھے روئے، میں تو تجھے اہل مدینہ کے فقہاء میں شمار کرتا تھا۔ یہودیوں اور نصرانیوں کے پاس توراۃ اور انجیل بھی تو موجود تھی، پھر ان کو کس چیز نے گمراہ کر دیا؟ جبیر کہتے ہیں: میری ملاقات عبادہ بن صامت سے ہوئی، میں نے ان سے کہا: کیا تم نے وہ بات نہیں سنی جو تمہارے بھائی حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بیان کر رہے ہیں؟ پھر میں نے ان کو ابوالدرداء والی حدیث سنائی۔ جبیر کہتے ہیں: عبادہ بن صامت نے کہا: ابوالدرداء نے سچ کہا۔ اگر تم چاہو تو میں تمہیں بتا سکتا ہوں کہ سب سے پہلے کون سی چیز اٹھائی جائے گی (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) خشوع اٹھالیا جائے گا اور عنقریب وہ وقت آنے والا ہے کہ تم مسجد میں جا کر پوری جماعت کو دیکھو گے تو ان میں (نمازی تو مل جائیں گے لیکن) کوئی خشوع وخضوع والا آدمی نہیں ملے گا۔

✣✣ یہ اسناد صحیح ہے، بصریوں کی اسناد ہے اور اسی سلسلہ میں صحت حدیث پر ایک چوتھی شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ اس کے راوی عبادہ بن صامت ہیں، ہوسکتا ہے کہ کسی کو یہ مغالطہ لگ جائے کہ یہ حدیث جبیر بن نفیر نے ایک مرتبہ تو عوف بن مالک اشجعی کے حوالے سے بیان کی ہے اور ایک مرتبہ ابوالدرداء سے، اس طرح حدیث طویل ہوگئی، حالانکہ ایسی بات نہیں ہے کیونکہ دونوں اسنادوں کے تمام راوی ثقہ ہیں اور جبیر بن نفیر حضرمی شامی اکابر تابعین میں سے ہیں، جب ان سے متعلق دونوں اسنادیں ''صحیح'' ثابت ہیں تو اس سے یہ ظاہر ہوگیا کہ انہوں نے پوری حدیث صحابہ سے سنی ہے اور اس سے بھی واضح دلیل وہ ہے جس کا میں نے ذکر کیا ہے کہ حدیث سند صحیح کے ساتھ زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے، دونوں حدیثوں میں زیاد بن لبید نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا ہے۔

339۔ اَخْبَرَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا اَوَانُ ذَهَابِ الْعِلْمِ، قَالَ شُعْبَةُ، اَوْ قَالَ: اَوَانُ انْقِطَاعِ الْعِلْمِ، قَالُوْا: كَيْفَ وَفِينَا كِتَابُ اللّٰـهِ تُعَلِّمُهُ اَبْنَاؤُنَا اَبْنَائَهُمْ ؟ قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ ابْنَ لَبِيدٍ، مَا كُنْتُ اَحْسِبُكَ اِلَّا مِنْ اَعْقَلِ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، اَلَيْسَ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى فِيهِمْ كِتَابُ اللّٰهِ التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيلُ لَمْ يَنْتَفِعُوْا مِنْهُ بِشَیْءٍ قَدْ ثَبَتَ الْحَدِيْثُ بِلَا رَيْبٍ فِيْهِ بِرِوَايَةِ زِيَادِ بْنِ لَبِيدٍ بِمِثْلِ هٰذَا الْاِسْنَادِ الْوَاضِحِ.

✧✧ حضرت ابن لبید انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ وقت، علم کے اٹھ جانے کا ہے، شعبہ کہتے ہیں: یا (شاید ذہاب العلم کی بجائے) انقطاع العلم کا لفظ ارشاد فرمایا: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی (یا رسول اللہ) ہمارے پاس کتاب اللہ موجود ہے جو کہ ہماری نسل در نسل پڑھا جاتا رہے گا، پھر علم کیسے اٹھ سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تو تجھے تمام اہل مدینہ سے زیادہ عقل مند سمجھتا تھا، کیا یہود ونصاریٰ کے پاس اللہ کی کتاب توراۃ اور انجیل موجود نہ تھی؟ لیکن اس کے باوجود وہ گمراہ ہو گئے۔

✣✣ اس موضوع پر یہ حدیث بلاشک وشبہ ثابت ہو چکی ہے کیونکہ زیاد بن لبید کی اتنی واضح اسناد کے بعد اب اس میں شک

کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔

340۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ أَنْبَأَ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ بُخْتٍ عَنْ زَرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ أَنَّهُ جَاءَ يَسْأَلُهُ عَنْ شَيْءٍ قَالَ مَا أَعْمَلُكَ إِلَى إِلَّا ذٰلِكَ قَالَ مَا أَعْمَلْتُ إِلَيْكَ إِلَّا لِذٰلِكَ قَالَ فَأَبْشِرْ فَإِنَّهُ مَا مِنْ رَجُلٍ يَخْرُجُ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ إِلَّا بَسَطَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَفْعَلُ حَتَّى يَرْجِعَ

هٰذَا إِسْنَادٌ صَحِيحٌ فَإِنَّ عَبْدَ الْوَهَّابِ بْنِ بُخْتٍ مِنْ ثِقَاتِ الْبَصْرِيِّيْنَ وَأَثْبَاتِهِمْ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيثُهُ وَقَدِ احْتَجَّا بِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيثَ وَمَدَارُ هٰذَا الْحَدِيثِ عَلٰى حَدِيثِ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ زَرٍّ وَقَدْ أَعْرَضَا عَنْهُ بِالْكُلِّيَّةِ وَلَهُ عَنْ زَرِّ بْنِ حُبَيْشٍ شُهُودٌ ثِقَاتٌ غَيْرَ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ فَمِنْهُمُ الْمِنْهَالُ بْنُ عَمْرٍو وَقَدِ اتَّفَقَا عَلَيْهِ.

✧✧ زر بن حبیش کہتے ہیں: وہ صفوان بن عسال المرادی کے پاس کوئی مسئلہ پوچھنے گئے، صفوان نے کہا: میں اس کے بتانے کے علاوہ تیرا دوسرا کوئی کام نہیں کروں گا؟ ''زر'' نے جواب دیا: میں دوسری کسی غرض سے آپ کے پاس آیا بھی نہیں ہوں۔ صفوان نے کہا: تو پھر تجھے خوشخبری ہو، اس لئے کہ جو شخص علم کی تلاش میں گھر سے نکلتا ہے، اس کے گھر واپس آنے تک فرشتے اس کے اس عمل سے خوش ہو کر اس کی راہوں میں پر بچھائے رکھتے ہیں۔

❖ یہ اسناد صحیح ہے، کیونکہ عبدالوہاب بن بخت ثقہ بصری راویوں میں سے ہیں، قابل اعتماد ہیں، ان کی مروی احادیث کو جمع کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی روایات نقل بھی کی ہیں، لیکن اس حدیث کو ترک کر دیا ہے جبکہ اس حدیث کا سارا مدار عاصم بن بہدلہ کی اس روایت پر ہے جو انہوں نے ''زر'' سے روایت کی ہے اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کو سرے سے چھوڑ رکھا ہے اور اس حدیث کو زر بن حبیش سے روایت کرنے میں عاصم بن بہدلہ کے علاوہ بھی کئی ثقہ راوی موجود ہیں۔ ان میں ''منہال بن عمر'' بھی ہیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں ہی ان کی روایات نقل کرتے ہیں۔

(ان کی مروی حدیث درج ذیل ہے)

341۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا عَارِمٌ، حَدَّثَنَا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ مِّنْ مُرَادٍ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ: صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ وَّهُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا جَآءَ بِكَ ؟ قَالَ: ابْتِغَاءُ الْعِلْمِ، قَالَ: فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًى بِمَا يَصْنَعُ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ عَارِمٌ هٰذَا هُوَ اَبُو النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَصْرِيُّ حَافِظٌ ثِقَةٌ، اعْتَمَدَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ جُمْلَةٍ مِّنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ رَوَاهَا عَنْهُ فِي الصَّحِيْحِ، وَقَدْ خَالَفَهُ سِنَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، فَرَوَاهُ عَنِ الصَّعْقِ بْنِ حَزْنٍ،

✧✧ منہال بن عمرو کی سند کے ساتھ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

❖❖ اس کی سند میں جو "عارم" (نامی راوی ہیں) یہ ابوالنعمان محمد بن فضل بصری ہیں، یہ حافظ ہیں، ثقہ ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس حدیث کے ایک جملہ پر اعتماد کیا ہے اور انہی کے حوالے سے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ اس سلسلے میں "سنان بن فروخ" نے اختلاف کیا ہے کیونکہ انہوں نے یہ حدیث "صعق بن حزن" کے حوالے سے نقل کی ہے۔

"صعق بن حزن" کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے

342- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْمَعْمَرِيُّ، ومحمد بن سليمان، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: حَدَّثَ صَفْوَانُ بْنُ عَسَّالٍ الْمُرَادِيُّ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَدْ اَوْقَفَهُ اَبُوْ جَنَابٍ الْكَلْبِيُّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، وَاَبُوْ جَنَابٍ مَنْ لَّا يُحْتَجُّ بِرِوَايَتِهٖ فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ.

✧✧ صعق بن حزن کے حوالے سے بھی یہ حدیث منقول ہے۔

❖❖ ابوجناب الکلبی نے بھی اس روایت کی موافقت کی ہے، انہوں نے اسے "طلحہ بن مصرف" کے حوالے سے "زر بن حبیش" سے روایت کیا ہے اور ابوجناب کی روایات اس کتاب میں اندراج کے معیار پر نہیں ہیں۔

343- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِيْ أَبُو جَنَابٍ حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ مُصَرِّفٍ أَنَّ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ أَتٰى صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ فَقَالَ مَا غَدَا بِكَ إِلَيَّ قَالَ غَدَا بِي الْتِمَاسُ الْعِلْمِ قَالَ أَمَا أَنَّهُ لَيْسَ يَصْنَعُ مَا صَنَعْتَ لَهُ أَحَدٌ إِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ أَجْنِحَتَهَا رِضًى بِمَا يَصْنَعُ وَذَكَرْنَا فِي الْحَدِيْثِ هٰذا مِمَّا لَا يُوْهِنُ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَقَدْ أَسْنَدَهُ جَمَاعَةٌ وَأَوْقَفَهُ جَمَاعَةٌ وَالَّذِيْ أَسْنَدَهُ أَحْفَظُ وَالزِّيَادَةُ مِنْهُمْ مَقْبُوْلَةٌ.

حديث 341:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث:3535 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث:158 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:18118 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1319 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 132 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 7349 اخرجه ابوبكر الحميدى فى "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبى بيروت قاهره رقم الحديث: 881 اخرجه ابوبكر الكوفى فى "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودى عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 1867 اخرجه ابوالحسن الجوهرى فى "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ھ/1990ء رقم الحديث: 2587 اخرجه ابوبكر الصنعانى فى "مصنفه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان (طبع ثانى) 1403ھ رقم الحديث:795

✧✧ ابوجناب کی سند سے بھی یہ حدیث مروی ہے تاہم اس میں چند الفاظ کا تغیر ہے۔

✣✣ اس حدیث کی تقویت کے لئے ہم نے جو بھی اسنادوغیرہ ذکر کی ہیں ان میں سے کوئی بھی ایسی نہیں ہے جو اس حدیث کونقصان دے رہی ہو کیونکہ ایک جماعت محدثین ﷭ نے اس کو موقوف رکھا ہے اور ایک جماعت نے اس کی سند کو متصل کیا ہے اور جنہوں نے اس کی سند کو متصل کیا ہے وہ اَحفَظ ہیں اور ان کی زیادتی قبول ہوتی ہے۔

344۔ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ، اِمْلاءً بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: جَآءَ الْاَعْمَشُ اِلٰى عَطَاءٍ فَسَاَلَهٗ عَنْ حَدِيْثٍ فَحَدَّثَهٗ، فَقُلْنَا لَهٗ تُحَدِّثُ هٰذَا وَهُوَ عِرَاقِيٌّ ؟ قَالَ: لِاَنِّيْ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهٗ جِيْءَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقَدْ اُلْجِمَ بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ تَدَاوَلَهُ النَّاسُ بِاَسَانِيْدَ كَثِيْرَةٍ تُجْمَعُ وَيُذَاكَرُ بِهَا، وَهٰذَا الْاِسْنَادُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، ذَاكَرْتُ شَيْخَنَا اَبَا عَلِيٍّ الْحَافِظَ بِهٰذَا الْبَابِ ثُمَّ سَاَلْتُهٗ هَلْ يَصِحُّ شَيْءٌ مِّنْ هٰذِهِ الْاَسَانِيْدِ، عَنْ عَطَاءٍ، فَقَالَ: لَا، قُلْتُ: لِمَ ؟ قَالَ: لِاَنَّ عَطَاءً لَّمْ يَسْمَعْهُ مِنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

✧✧ ایک مرتبہ اعمش، عطاء کے پاس آئے اور ان سے ایک حدیث کے بارے میں پوچھا، انہوں نے ان کو حدیث بیان کردی، ہم نے ان سے کہا: تم یہ حدیث بیان کیسے کر رہے ہو؟ جبکہ وہ عراقی ہیں، تو انہوں نے جواب دیا: اس لئے کہ میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی زبانی سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس سے کوئی مسئلہ پوچھا گیا، اس نے اس کو چھپا لیا تو قیامت کے دن اس کو آگ کی لگام ڈال کر لایا جائے گا۔

✣✣ اس حدیث کو محدثین ﷭ عموماً کثیر جامع اسنادوں کے ساتھ روایت کرتے ہیں۔ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم ﷫ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ (امام حاکم ﷫ کہتے ہیں) میں نے اپنے شیخ ابوعلی حافظ سے اس باب سے متعلق پوچھا کہ عطاء کی ان اسنادوں میں سے کوئی ''سند'' صحیح بھی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ میں نے پوچھا: کیوں؟ انہوں نے جواب دیا: اس لئے کہ عطاء کا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع ثابت نہیں ہے بلکہ عطاء اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ایک واسطے سے یہ حدیث منقول ہے (جیسا کہ درج ذیل اسناد سے ظاہر ہے)

345۔ اَخْبَرَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ رَّجُلٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهٗ اَلْجَمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ فَقُلْتُ لَهٗ قَدْ اَخْطَاَ فِيْهِ اَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ، اَوْ شَيْخُكُمُ ابْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، وَغَيْرُ مُسْتَبْعَدٍ مِّنْهُمَا الْوَهْمُ

فَقَدْ حَدَّثَنَا بِالْحَدِيْثِ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ رَّجُلٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْ

هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عِنْدَهُ فَكَتَمَهُ اَلْجَمَهُ اللّٰهُ بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَاسْتَحْسَنَهُ اَبُوْ عَلِيٍّ وَّاعْتَرَفَ لِيْ بِهٖ، ثُمَّ لَمَّا جَمَعْتُ الْبَابَ وَجَدْتُ جَمَاعَةً ذَكَرُوْا فِيْهِ سَمَاعَ عَطَاءٍ مِّنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَوَجَدْنَا الْحَدِيْثَ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ لَا غُبَارَ عَلَيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

❖ میں نے ان سے کہا: اس میں ازہر بن مروان یا تمہارے شیخ ابن احمد الواسطی سے خطاء ہوئی ہے اور ان سے وہم کا ہونا کوئی بعید از قیاس بات نہیں ہے کیونکہ یہی حدیث ہمیں مسلم بن ابراہیم پھر عبدالوارث بن سعید پھر علی بن الحکم پھر ایک شخص پھر عطاء نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی بیان کی ہے اور اس حدیث کو ابوعلی نے مستحسن سمجھا ہے اور اس سلسلہ میں انہوں نے میرا اعتراف بھی کیا ہے پھر جب میں نے باب جمع کر لیا تو محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک تعداد کو پایا جنہوں نے عطاء کے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع کا ذکر کیا ہے علاوہ ازیں یہ حدیث ہمیں ایک دوسری صحیح سند کے ہمراہ عبداللہ بن عمرو کے حوالے سے بھی مل گئی جس پر کسی قسم کا کوئی غبار نہیں ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

346- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ كَتَمَ عِلْمًا اَلْجَمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ الْمِصْرِيِّيْنَ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَيْسَ لَهٗ عِلَّةٌ، وَفِي الْبَابِ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ غَيْرِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ.

◇◇ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔

❖ یہ اسناد صحیح ہے، مصری ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے اور اس موضوع پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ بھی صحابہ کی ایک پوری جماعت سے روایات منقول ہیں۔

347- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ اَنْبَاَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ اَنْبَاَ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ

حدیث 345:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3658 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2649 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 264 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 7561 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 95 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2585 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی دارعمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحدیث: 160 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 8251 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/1986ء رقم الحدیث: 432 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 26543

سَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ يُحَدِّثُ عَنْ بَيَانَ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنْ قُرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ قَالَ خَرَجْنَا نُرِيْدُ الْعِرَاقَ فَمَشٰى مَعَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِلٰى صِرَارٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ قَالَ أَتَدْرُوْنَ لِمَ مَشَيْتُ مَعَكُمْ قَالُوْا نَعَمْ نَحْنُ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشَيْتَ مَعَنَا قَالَ إِنَّكُمْ تَأْتُوْنَ أَهْلَ قَرْيَةٍ لَّهُمْ دَوِيٌّ بِالْقُرْآنِ كَدَوِيِّ النَّحْلِ فَلَا تُبْدُوْنَهُمْ بِالْأَحَادِيْثِ فَيُشْغِلُوْنَكُمْ جَرِّدُوا الْقُرْآنَ وَأَقِلُّوا الرِّوَايَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَامْضُوْا وَأَنَا شَرِيْكُكُمْ فَلَمَّا قَدِمَ قُرَظَةُ قَالُوْا حَدِّثْنَا قَالَ نَهَانَا ابْنُ الْخَطَّابِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ لَهُ طُرُقٌ تَجْمَعُ وَيُذَاكَرُ بِهَا وَقُرَظَةُ بْنُ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيُّ صَحَابِيٌّ سَمِعَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ شَرْطِنَا فِي الصَّحَابَةِ أَنْ لَّا نَطْوِيَهُمْ وَأَمَّا سَائِرُ رُوَاتِهِ فَقَدِ احْتَجَّا بِهِ.

✧✧ حضرت قرظہ بن کعب فرماتے ہیں: ہم عراق کی طرف جانے کے ارادے سے نکلے تو مقام صرار تک حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی ہمارے ساتھ تھے۔ ایک مقام پر آپ نے وضو کیا اور فرمانے لگے: تمہیں معلوم ہے کہ میں تمہارے ساتھ کیوں آیا ہوں؟ صحابہ نے جواب دیا: اس لئے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں۔ آپ نے فرمایا: (میرے تمہارے ساتھ آنے کی وجہ ایک نصیحت کرنا ہے اور وہ یہ ہے کہ) تم ایسی بستی میں جا رہے ہو، جہاں کے رہنے والے قرآن پاک کی تلاوت (اتنے خوبصورت انداز سے) کرتے ہیں جیسے شہد کی مکھی کی بھنبھناہٹ ہوتی ہے، تم ان کو احادیث سنا کر ان کی توجہ قرآن سے نہ ہٹانا۔ وہاں پر صرف قرآن ہی پڑھنا اور ان کے ہاں زیادہ احادیث نہیں پڑھنا اور یاد رکھنا میں بھی تمہارا شریک ہوں۔ پھر جب یہ لوگ قرظہ میں پہنچے تو انہوں نے ان سے حدیث سنانے کی فرمائش کی تو انہوں نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ ہمیں ''ابن خطاب رضی اللہ عنہ'' نے منع کیا ہے۔

❖ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے، اس کے متعدد طرق ہیں اور محدثین کرام رحمۃ اللہ علیہم اس حدیث کو عموماً بیان کرتے ہیں اور قرظہ بن کعب انصاری رضی اللہ عنہ صحابی رسول ہیں۔ ان کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع ثابت ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں ہماری شرط یہ تھی کہ ہم انہیں نظر انداز نہیں کریں گے اور اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں (قرظہ کی روایت درج ذیل ہے)

348۔ حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ، وَأَبِيْ مَسْعُوْدٍ، وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَإِذَا عِنْدَهُمْ جَوَارِيْ يُغَنِّيْنَ، فَقُلْتُ لَهُمْ: أَتَفْعَلُوْنَ هٰذَا وَأَنْتُمْ أَصْحَابُ أَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: إِنْ كُنْتَ تَسْمَعُ وَإِلَّا فَامْضِ، فَإِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لَنَا فِي اللَّهْوِ فِي الْعُرْسِ، وَفِي الْبُكَاءِ عِنْدَ الْمَيِّتِ

✧✧ عامر بن سعد البجلی کہتے ہیں: میں حضرت قرظہ بن کعب اور حضرت ابو مسعود اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم کے پاس

حدیث 347:

اخرجه ابو محمد الدارمي في "سننه" طبع دار الكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 279

گیا تو ان کے پاس چھوٹی بچیاں گانا گا رہی تھیں۔ میں نے ان سے کہا: تم رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہو کر گانے سن رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: اگر تم سننا چاہتے ہو تو سنو، ورنہ چپ کر کے چلے جاؤ۔ کیونکہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشی کے موقع پر ''لہو'' کی اور فوتگی کے وقت ''رونے'' کی اجازت دی ہے۔

349- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ نُعَيْمَةَ، عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، بِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ، فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنِ اسْتَشَارَهُ اَخُوْهُ فَاَشَارَ عَلَيْهِ بِغَيْرِ رِشْدَةٍ فَقَدْ خَانَهُ، وَمَنْ اَفْتٰى بِفُتْيَا غَيْرِ ثَبْتٍ فَاِنَّمَا اِثْمُهُ عَلٰى مَنْ اَفْتَاهُ تَابَعَهُ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے میرے حوالے سے ایسی بات کہی جو (حقیقت میں) میں نے نہیں کہی، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے اور جس سے مشورہ مانگا گیا ہو، وہ اگر غلط مشورہ دے تو اس نے خیانت کی اور جو بلا تحقیق غلط فتویٰ جاری کرے، اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہے۔

❖❖ بکر سے روایت کرنے میں ''یحییٰ بن ایوب'' نے ''سعید بن ابی ایوب'' کی متابعت کی ہے (جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ظاہر ہے)

350- اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ نُعَيْمَةَ، رَضِيعِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ وَكَانَ امْرَاً صِدْقٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ، فَلْيَتَبَوَّاْ بُنْيَانَهُ فِىْ جَهَنَّمَ، وَمَنْ اَفْتٰى بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ اِثْمُهُ عَلٰى مَنْ اَفْتَاهُ، وَمَنْ اَشَارَ عَلٰى اَخِيهِ بِاَمْرٍ يَّعْلَمُ اَنَّ الرُّشْدَ فِىْ غَيْرِهٖ فَقَدْ خَانَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِرُوَاتِهٖ غَيْرِ هٰذَا، وَقَدْ وَثَّقَهُ بَكْرُ بْنُ عَمْرٍو الْمَعَافِرِيُّ وَهُوَ اَحَدُ اَئِمَّةِ اَهْلِ مِصْرَ وَالْحَاجَةُ بِنَا اِلٰى لَفْظَةِ التَّثَبُّتِ فِى الْفُتْيَا شَدِيْدَةٌ

✧✧ یحییٰ بن ایوب کی سند سے بھی یہی حدیث مروی ہے تاہم اس کے الفاظ میں کچھ تغیر ہے۔

❖❖ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل کی ہیں۔ سوائے اس کے اور بکر بن عمرو المعافری نے اس کی توثیق کی ہے اور یہ اہل مصر کے ائمہ میں سے ہیں اور فتویٰ کے حوالے سے لفظ ''ثبت'' کی شدید حاجت ہوتی ہے۔

351- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِىْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَيَكُوْنُ فِىْ اٰخِرِ الزَّمَانِ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِىْ يُحَدِّثُوْنَكُمْ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوْا اَنْتُمْ وَلَا

آبَاؤُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ ذَكَرَهُ مُسْلِمٌ فِي خِطْبَةِ الْكِتَابِ مَعَ الْحِكَايَاتِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ فِي اَبْوَابِ الْكِتَابِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيعًا، وَمُحْتَاجٌ اِلَيْهِ فِي الْجَرْحِ وَالتَّعْدِيلِ وَلَا اَعْلَمُ لَهُ عِلَّةً.

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آخری زمانے میں میری امت کے کچھ لوگ تمہیں ایسی حدیثیں سنائیں گے جو نہ تم نے کبھی سنی ہونگی، نہ تمہارے آباؤ اجداد نے سنی ہونگی۔ ایسے لوگوں سے بچ کر رہنا۔

❖ اس حدیث کو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حکایات کے ساتھ ذکر کیا ہے، کتاب کے ابواب میں اس کو کہیں درج نہیں کیا حالانکہ یہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار پر ہیں اور جرح وتعدیل میں اسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے اور اس حدیث میں مجھے کوئی علت بھی نہیں ملی۔

352۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ عَمَّارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ وَمَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الْاِقْتِصَادُ فِي السُّنَّةِ أَحْسَنُ مِنَ الْاِجْتِهَادِ فِي الْبِدْعَةِ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ.

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' سنت پر سختی سے کاربند رہنا، بدعت میں اجتہاد سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔

❖ اس حدیث کو ثوری نے ''اعمش'' کی سند سے ''مالک بن الحارث'' کے حوالے سے روایت کیا ہے۔

(وہ روایت درج ذیل ہے)

353۔ أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْمَحْبُوبِي حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُسْنَدٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ إِنَّمَا أَخْرَجَا فِي هٰذَا النَّوْعِ حَدِيْثُ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَإِنَّمَا هُمَا اثْنَتَانِ الْهَدْيُ وَالْكَلَامُ فَأَفْضَلُ الْكَلَامِ كَلَامُ اللّٰهِ وَأَحْسَنُ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَدِيْثَ.

حديث 351:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 6 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 8250 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 6766 اخرجه ابويعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 6384 اخرجه ابن راهويه الحنظلی فی "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحديث: 332

حديث 352:

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 217

✧✧ حضرت اعمش رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی یہ روایت منقول ہے۔

❖ یہ حدیث مسند ہے "صحیح" ہے، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار پر ہے لیکن دونوں میں سے کسی نے بھی اسے روایت نہیں کیا۔ تاہم اس موضوع پر ابواسحاق کی وہ روایت نقل کی ہے، جس کی سند "ابوالاحوص" کے ذریعے "عبداللہ" تک پہنچتی ہے (حدیث یہ ہے) چیزیں دو ہی ہیں، ہدایت اور کلام۔ سب سے اچھا کلام "اللہ کا کلام" ہے اور سب سے اچھی ہدایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت ہے (اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی ہے)

354۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، وَاَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ الْعَدْلُ، وَاَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوْسِیُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِیٍّ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، اَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیُّ، عَنْ اَخِيْهِ عَبَّادِ بْنِ اَبِیْ سَعِيْدٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو فَيَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاَرْبَعِ: مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا عَبَّادَ بْنَ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیَّ، لَا لِجَرْحٍ فِيْهِ بَلْ لِقِلَّةِ حَدِيْثِهِ وَقِلَّةِ الْحَاجَةِ اِلَيْهِ، وَقَدْ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ اَخَاهُ عَبَّادًا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم یوں دعا مانگا کرتے تھے "اے اللہ! میں چار چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (۱) ایسے علم سے، جس سے نفع حاصل نہ ہو (۲) ایسے دل سے، جس میں تیرا خوف نہ ہو (۳) ایسے نفس سے، جو کبھی

حدیث 354:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1548 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 3482 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 5442 اخرجه ابوعبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 250 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6557 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 83 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 7869 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 2845 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 2270 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2007 اخرجه ابن راهويه الحنظلی فی "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 426 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحديث: 1466 اخرجه ابوبكر الكوفی فی "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 29128

سیر نہ ہو(۴)اور ایسی دعا سے، جوقبول نہ ہو۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عباد بن ابی سعید المقبر ی کی روایات نقل نہیں کی ہیں (اور اس حدیث میں انہی کا نام آتا ہے) اس کی وجہ یہ نہیں کہ ''عباد'' پر کسی نے جرح کی ہے بلکہ صرف اس لئے کہ ان کی مرویات بہت کم ہیں اور حدیث کے سلسلہ میں ان کی محتاجی بہت کم ہے۔ اسی حدیث کو ''محمد بن عجلان'' نے ''سعید المقبر ی'' کے حوالے سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے لیکن اس میں اپنے بھائی عباد کا ذکر نہیں کیا۔

355- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ، وَهَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ سُلَيْمَانُ بْنُ حِبَّانَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو فَيَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ مِّنْ رِوَايَةِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ محمد بن عجلان رضی اللہ عنہ کی سند سے بھی یہ حدیث منقول ہے۔اس حدیث کی ایک صحیح حدیث شاہد بھی ہے جو کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے

(حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

356- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيْفَةَ، عَنْ حَفْصِ بْنِ اَخِي اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ، وَيَقُوْلُ فِيْ اٰخِرِ ذٰلِكَ: اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ وَقَدْ بَلَغَنِيْ اَنَّ مُسْلِمَ بْنَ الْحَجَّاجِ اَخْرَجَهُ مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❖❖ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی یہ حدیث مروی ہے، تاہم اس کے آخر میں یہ الفاظ زائد ہیں ''اے اللہ! میں ان چاروں چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

❖❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) مجھے یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے زید بن ارقم کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا نقل کی ہے۔

357- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الضَّرِيْرِ بِالرِّيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيْسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ فَضْلٍ الْاٰدَمِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَاجِيَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ

سَعْدٍ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَتْ لِي قُرَيْشٌ: تَكْتُبُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّمَا هُوَ بَشَرٌ يَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ، فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّ قُرَيْشًا، تَقُوْلُ: تَكْتُبُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّمَا هُوَ بَشَرٌ يَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ، قَالَ: فَأَوْمَى لِي شَفَتَيْهِ، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا يَخْرُجُ مِمَّا بَيْنَهُمَا إِلَّا حَقٌّ فَاكْتُبْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ أَصْلٌ فِي نَسْخِ الْحَدِيْثِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهِ إِلَّا عَبْدَ الْوَاحِدِ بْنَ قَيْسٍ وَّهُوَ شَيْخٌ مِّنْ أَهْلِ الشَّامِ، وَابْنُهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الدِّمَشْقِيُّ أَحَدُ أَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ مِنْهُمْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَأَبُوْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ، وَوَاثِلَةُ بْنُ الْأَسْقَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَرَوَى الْأَوْزَاعِيُّ أَحَادِيْثَ وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى إِخْرَاجِهِ عَلٰى سَبِيْلِ الْاخْتِصَارِ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: لَيْسَ أَحَدٌ مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرَ حَدِيْثًا مِّنِّيْ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، فَإِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ وَكُنْتُ لَا أَكْتُبُ، وَعَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَخِيْهِ هَمَّامٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ نَحْوَهُ، فَأَمَّا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ قَيْسٍ، وَحَدِيْثُهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَدْ وَجَدْتُ لَهُ فِيْهِ شَاهِدًا مِّنْ حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، وَقَدْ سَمِعْتُ أَبَا الْوَلِيْدِ حَسَّانَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ سُفْيَانَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ إِسْحَاقَ بْنَ إِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيَّ، يَقُوْلُ: إِذَا كَانَ الرَّاوِيُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ثِقَةً، فَهُوَ كَأَيُّوْبَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، فَأَمَّا حَدِيْثُ الشَّاهِدِ.

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ قریش نے مجھے کہا: تم رسول اللہ ﷺ کی ہر بات نوٹ کر لیتے ہو حالانکہ ایک عام انسان کی طرح ان کو بھی تو غصہ آتا ہے (اور کبھی غصہ میں غلط بات بھی منہ سے نکل سکتی ہے) (عبداللہ کہتے ہیں) میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور قریش کی بات آپ کو کہہ سنائی۔ آپ ﷺ نے اپنے ہونٹوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، ان (یعنی ہونٹوں) سے صرف حق ہی نکلتا ہے، اس لئے (بے خوف ہوکر ہر بات) لکھ لیا کرو۔

✣✣ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی احادیث نقل کرنے میں اصل ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا حالانکہ دونوں نے اس حدیث کے عبدالواحد بن قیس کے سوا تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور

حدیث: 358

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 6930 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ه' 1987ء' رقم الحديث: 484 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب (طبع اول) 1409ه' رقم الحديث: 26428

یہ اہل شام میں سے ہیں، شیخ الحدیث ہیں۔ اور ان کے بیٹے عبدالواحد الدمشقی کا شمار ائمہ حدیث میں ہوتا ہے اور عبدالواحد بن قیس نے متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حدیث روایت کی ہے، ان میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ اور واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کے اسمائے گرامی شامل ہیں اور اوزاعی نے ان سے متعدد احادیث روایت کی ہیں۔ اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جس کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ہمام بن منبہ کے حوالے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مختصراً نقل کیا ہے (ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں عبداللہ بن عمرو کے علاوہ اور کسی نے بھی مجھ سے زیادہ حدیثیں روایت نہیں کی ہیں کیونکہ وہ حدیث لکھ لیا کرتے تھے اور میں لکھا نہیں کرتا تھا اور عمرو بن دینار پھر وہب بن منبہ پھر ان کے بھائی ہمام اور پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے اور عبدالواحد بن قیس اور ان کی عبداللہ بن عمرو سے روایت کردہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی مجھے مل گئی جو کہ عمرو بن شعیب سے مروی ہے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ابوالولید حسان بن محمد الفقیہ، وہ حسن بن سفیان اور وہ اسحاق بن ابراہیم الحنظلی کا بیان نقل کرتے ہیں کہ جب عمرو بن شعیب سے روایت کرنے والا ثقہ ہو تو اس سند کی قوت ''ایوب عن نافع عن ابن عمر'' کی سند والی حدیث جیسی ہو جاتی ہے۔

358۔ فَحَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ أَنْبَأَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ أَنْبَأَ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمَانَ عَنْ عَقِيْلِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ أَنَّ شُعَيْباً حَدَّثَهُ وَمُجَاهِداً أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو حَدَّثَهُمْ أَنَّهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَكْتُبُ مَا أَسْمَعُ مِنْكَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَعِنْدَ الرِّضَا قَالَ نَعَمْ إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِي أَنْ أَقُوْلَ إِلَّا حَقّاً فَلْيَعْلَمْ طَالِبُ هٰذَا الْعِلْمِ أَنَّ أَحَداً لَمْ يَتَكَلَّمْ قَطُّ فِي عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ وَإِنَّمَا تَكَلَّمَ مُسْلِمٌ فِي سِمَاعِ شُعَيْبٍ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَإِذَا جَاءَ الْحَدِيْثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَإِنَّهُ صَحِيْحٌ عَلٰى أَنِّي إِنَّمَا ذَكَرْتُهُ شَاهِداً لِحَدِيْثِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ بِعَيْنِهِ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهِلِكٍ.

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے ایک مرتبہ عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں جو کچھ آپ سے سنتا ہوں، کیا لکھ لیا کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں (لکھ لیا کرو) میں نے عرض کی: عام حالت اور غصہ کی حالت کی تمام باتیں لکھا کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں۔ میں حق کے بغیر کچھ بولتا ہی نہیں ہوں (خواہ حالت کیسی بھی ہو)

❖❖ اس علم کے طلبگار کو پتہ ہونا چاہئے کہ ''عمرو بن شعیب'' پر کسی نے اعتراض نہیں کیا، ہاں امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شعیب کے عبداللہ بن عمرو سے سماع پر کلام کیا ہے لیکن جب عمرو بن شعیب کی روایت مجاہد کے واسطے سے عبداللہ بن عمرو سے ثابت ہو چکی ہے تو یہ ''صحیح'' ہے۔ ویسے بھی میں نے یہ حدیث، عبدالواحد بن قیس کی حدیث کے شاہد کے طور پر نقل کی ہے اور بعینہ یہی حدیث ''یوسف بن مالک'' کے حوالے سے بھی منقول ہے

(یوسف بن مالک کی روایت درج ذیل ہے)

359۔ أَخْبَرَنَا أَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ

الْحَارِثِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَخْنَسِ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: كُنْتُ اَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ اَسْمَعُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُرِيْدُ حِفْظَهُ فَنَهَتْنِيْ قُرَيْشٌ، وَقَالُوْا: تَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ تَسْمَعُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشَرٌ يَتَكَلَّمُ فِي الرِّضَاءِ وَالْغَضَبِ ؟ قَالَ: فَاَمْسَكْتُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اُكْتُبْ فَوَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ مَا خَرَجَ مِنْهُ اِلَّا حَقٌّ وَّاَشَارَ بِيَدِهِ اِلٰى فِيْهِ

رُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ قَدِ احْتَجَّا بِهِمْ، عَنْ اٰخِرِهِمْ غَيْرِ الْوَلِيْدِ هٰذَا، وَاَظُنُّهُ الْوَلِيْدُ بْنُ اَبِي الْوَلِيْدِ الشَّامِيُّ، فَاِنَّهُ الْوَلِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَقَدْ عَلِمْتُ عَلٰى اَبِيْهِ الْكَتَبَةَ، فَاِنْ كَانَ كَذٰلِكَ فَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِهِ، وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ قَالَ: قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ.

✧✧ یوسف بن مالک کے حوالے سے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا یہ بیان منقول ہے (آپ کہتے ہیں) میں جو کچھ بھی رسول اللہ ﷺ سے سنتا، اس کو لکھ لیا کرتا تھا بلکہ اس کو یاد کرنے کی بھی کوشش کیا کرتا تھا۔ اس پر قریش نے مجھے ٹوکا اور کہنے لگے: تم جو کچھ بھی رسول اللہ ﷺ سے سنتے ہو، وہ سب کچھ لکھ لیتے ہو حالانکہ رسول اللہ ﷺ ایک انسان ہیں کبھی وہ عام حالت میں ہوتے ہیں اور کبھی غصہ کی حالت میں ہوتے ہیں (عبداللہ کہتے ہیں) انہوں نے مجھے روک دیا، میں نے یہ سارا ماجرا آپ ﷺ کو کہہ سنایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: لکھا کرو۔ پھر آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اپنے منہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، اس سے حق کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔

❖❖ ولید کے علاوہ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کی ہیں اور میرا یہ خیال ہے کہ یہ ولید ابو ولید شامی کا بیٹا ہے اور وہ ولید بن عبداللہ ہے اور میں جانتا ہوں کہ ان کا والد حدیث لکھا کرتا تھا اگر ولید سے یہی ولید مراد ہیں تو امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی روایات نقل کی ہیں اور امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان تو پایہ صحت تک پہنچا ہوا ہے کہ ''علم کو لکھ کر قید کرلو'' (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں واضح ہے)۔

360۔ حَدَّثَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ قَيِّدُوْا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ وَكَذٰلِكَ الرِّوَايَةُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ صَحِيْحٌ مِنْ قَوْلِهِ وَقَدْ اُسْنِدَ مِنْ وَجْهٍ غَيْرِ مُعْتَمِدٍ فَأَمَّا الرِّوَايَةُ مِنْ قَوْلِهِ.

❖❖ یونہی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا ایک ''صحیح'' قول بھی منقول ہے۔ اس کو ایک غیر معتمد طریقے سے مسند بھی قرار دیا گیا ہے۔ (ان کا قول درج ذیل ہے)

361۔ فَحَدَّثَنَاهُ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّاجِرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيْسَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ لِبَنِيهِ قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ أَسْنَدَهُ بَعْضُ الْبَصْرِيِّينَ عَنِ الْأَنْصَارِيِّ وَكَذٰلِكَ أَسْنَدَهُ شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ غَيْرُ مُعْتَمِدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ.

✧✧ حضرت ثمامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے بچوں سے کہا کرتے تھے: علم کو لکھ کر قید کر لو۔

✣ بعض بصری راویوں نے اس کی سند کو عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کے ذریعے متصل کیا ہے، یونہی ایک مکی شیخ نے غیر معتمد طریق سے اس کو ابن جریج سے متصل کیا ہے۔ (ابن جریج والی سند درج ذیل ہے)

362۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ، وَأَخْبَرَنِي أَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيهُ بِبُخَارِي، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيبٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَيِّدُوا الْعِلْمَ، قُلْتُ: وَمَا تَقْيِيدُهُ؟ قَالَ: كِتَابَتُهُ

✧✧ حضرت ابن جریج، عطاء رضی اللہ عنہ کے ذریعے، عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں (آپ نے فرمایا) علم کو قید کرو (عبداللہ کہتے ہیں) میں نے عرض کی: اس کو کیسے قید کریں؟ فرمایا: لکھ کر۔

363۔ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي بِمَرْوَ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَنْبَأَ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لِرَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ هَلُمَّ فَلْنَسْأَلْ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّهُمُ الْيَوْمَ كَثِيرٌ فَقَالَ وَاعَجَباً لَكَ يَا بْنَ عَبَّاسٍ أَتَرَى النَّاسَ يَفْتَقِرُونَ إِلَيْكَ وَفِي النَّاسِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فِيهِمْ قَالَ فَتَرَكْتُ ذَاكَ وَأَقْبَلْتُ أَسْأَلُ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنْ كَانَ يَبْلُغُنِي الْحَدِيثُ عَنِ الرَّجُلِ فَآتِي بَابَهُ وَهُوَ قَائِلٌ فَأَتَوَسَّدُ رِدَائِي عَلَى بَابِهِ يَسْفِي الرِّيحُ عَلَيَّ مِنَ التُّرَابِ فَيَخْرُجُ فَيَرَانِي فَيَقُولُ يَا بْنَ عَمِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا جَاءَ بِكَ هَلَّا أَرْسَلْتَ إِلَيَّ فَآتِيَكَ فَأَقُولُ لَا أَنَا أَحَقُّ أَنْ آتِيَكَ قَالَ فَأَسْأَلُهُ عَنِ الْحَدِيثِ فَعَاشَ هٰذَا الرَّجُلُ الْأَنْصَارِيُّ حَتَّى رَآنِي وَقَدِ اجْتَمَعَ النَّاسُ حَوْلِي يَسْأَلُونِي فَيَقُولُ هٰذَا الْفَتَى كَانَ أَعْقَلَ مِنِّي

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الْبُخَارِي وَهُوَ أَصْلٌ فِي طَلَبِ الْحَدِيثِ وَتَوْقِيرِ الْمُحَدِّثِ.

✧✧ حضرت (عبداللہ) ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد، میں نے ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ سے کہا: آج تو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی کثیر تعداد میں موجود ہیں، میرے ساتھ چلو، ان سے دین کے متعلق کچھ پوچھ

حدیث 363:

اخرجه ابو محمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء رقم الحديث: 570 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 10592

لیتے ہیں اس نے جواب دیا: اے ابن عباس! تیرے اوپر بڑا تعجب ہے، تیرا کیا خیال ہے؟ (دین کے معاملہ میں) لوگ تیرے محتاج ہونگے، حالانکہ لوگوں میں اور بھی بہت سارے صحابی رسول موجود ہیں (ابن عباس رضی اللہ عنہما) کہتے ہیں: میں نے اسے چھوڑا اور خود ہی اصحاب رسول سے، رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث پوچھنا شروع کر دیں، مجھے کسی صحابی کے بارے میں پتہ چلتا کہ اس کے پاس رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث موجود ہے تو میں اس کے دروازے پر جا کر، اپنی چادر کا تکیہ بنا کر بیٹھا رہتا۔ ہواؤں کی وجہ سے گرد وغبار اڑ کر میرے اوپر پڑتی رہتی (پھر جب وہ اپنی مرضی سے) گھر سے باہر نکلتا تو مجھے دروازے پر دیکھ کر کہتا: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بھتیجے! تم یہاں کیوں چلے آئے؟ آپ مجھے حکم کرتے، میں خود آپ کے در دولت پر حاضر ہو جاتا (ابن عباس کہتے ہیں) میں اس سے کہتا: نہیں۔ میرا آپ کے پاس آنے کا زیادہ حق بنتا تھا، پھر میں اس سے حدیث پوچھتا۔ وہ انصاری صحابی رضی اللہ عنہ بھی بعد میں کافی عرصے تک زندہ رہا، وہ دیکھا کرتا کہ لوگ میرے اردگرد جمع ہوتے اور دین کے متعلق مسائل دریافت کرتے ہیں تو وہ شخص یہ دیکھ کر کہا کرتا تھا: یہ نوجوان مجھ سے زیادہ عقل مند ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے اور یہ حدیث طلب حدیث اور احترام محدث کے حوالے سے دلیل بھی ہے۔

364 - حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، اَخْبَرَنِى ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: تَفَرَّقَ النَّاسُ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، فَقَالَ لَهُ نَاتِلٌ اَخُو اَهْلِ الشَّامِ: يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، حَدِّثْنَا مَا سَمِعْتَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اَوَّلَ النَّاسِ يُقْضٰى فِيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةٌ: رَجُلٌ اسْتُشْهِدَ فَاُتِىَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: قَاتَلْتُ فِىْ سَبِيْلِكَ حَتّٰى اسْتُشْهِدْتُ، قَالَ: كَذَبْتَ، اِنَّمَا اَرَدْتَ اَنْ يُقَالَ فُلَانٌ جَرِىْءٌ، فَقَدْ قِيْلَ، فَيُؤْمَرُ بِهٖ فَيُسْحَبُ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِىَ فِى النَّارِ، وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ وَقَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَاُتِىَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: تَعَلَّمْتُ الْعِلْمَ وَقَرَاْتُ الْقُرْاٰنَ وَعَمِلْتُهُ فِيْكَ، قَالَ: كَذَبْتَ، اِنَّمَا اَرَدْتَ اَنْ يُقَالَ فُلَانٌ عَالِمٌ، وَفُلَانٌ قَارِءٌ، فَقَدْ قِيْلَ، فَاُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِىَ فِى النَّارِ، وَرَجُلٌ اٰتَاهُ اللّٰهُ مِنْ اَنْوَاعِ الْمَالِ، فَاُتِىَ بِهٖ فَعَرَّفَهُ نِعَمَهُ فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: مَا عَمِلْتَ فِيْهَا؟ قَالَ: مَا تَرَكْتُ مِنْ شَىْءٍ تُحِبُّ اَنْ اُنْفِقَ فِيْهِ اِلَّا اَنْفَقْتُ فِيْهِ لَكَ، قَالَ: كَذَبْتَ، اِنَّمَا اَرَدْتَ اَنْ يُقَالَ فُلَانٌ جَوَادٌ، فَقَدْ قِيْلَ، فَاُمِرَ بِهٖ فَسُحِبَ عَلٰى وَجْهِهٖ حَتّٰى اُلْقِىَ فِى النَّارِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ، وَيُوْنُسُ بْنُ يُوْسُفَ هُوَ ابْنُ

حدیث 364:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 3137

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 4345

اخرجه ابن راهويه الحنظلی فی "مسنده" طبع مكتبه الايمان' مدينه منوره' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء رقم الحديث: 309

عَمْرِو بْنِ حِمَاسٍ الَّذِيْ يَرْوِيْ عَنْهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ فِي الْمُوَطَّأِ، وَمَالِكٌ الْحَكَمُ فِيْ كُلِّ مَنْ رَوٰى عَنْهُ، وَقَدْ خَرَّجَهُ مُسْلِمٌ.

جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَآءِ وَمَا يَنُوبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ وَقَدْ صَحَّ وَثَبَتَ بِهٰذِهِ الرِّوَايَةِ صِحَّةُ الْحَدِيْثِ وَظَهَرَ اَنَّ اَبَا اُسَامَةَ سَاقَ الْحَدِيْثَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْهُمَا جَمِيْعًا، فَاِنَّ شُعَيْبَ بْنَ اَيُّوْبَ الصَّرِيْفِيْنِيُّ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ، وَكَذٰلِكَ الطَّرِيْقُ اِلَيْهِ، وَقَدْ تَابَعَ الْوَلِيْدَ بْنَ كَثِيْرٍ عَلٰى رِوَايَتِهٖ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ الْقُرَشِيُّ

✧✧ یہی روایت ولید بن کثیر نے محمد بن جعفر بن زبیر اور محمد بن عباد بن جعفر دونوں کے حوالے سے عبداللہ بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔

❖❖ اس روایت سے حدیث کی صحت ثابت ہوگئی اور یہ بات واضح ہوگئی کہ ابواسامہ نے ولید بن کثیر کے ذریعے دونوں سے روایات نقل کی ہیں، اس سند میں شعیب بن ایوب الصریفینی ثقہ ہیں، مامون ہیں، اوران تک طریق بھی صحیح ہے اور یہ حدیث محمد بن جعفر بن زبیر سے روایت کرنے میں ولید بن کثیر کی محمد بن اسحاق بن یسار القرشی نے متابعت کی ہے۔

(جیسا کہ درج ذیل حدیث سے واضح ہے)

462۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خَلِيٍّ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيْهِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُئِلَ عَنِ الْمَآءِ يَكُوْنُ بِاَرْضِ الْفَلَاةِ وَمَا يَنُوبُهُ مِنَ الدَّوَابِّ وَالسِّبَاعِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ الْمَاءُ قَدْرَ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ وَهٰكَذَا رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَزَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَيَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ اَخُو حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَدْ حَدَّثَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَبْدُ اللّٰهِ جَمِيْعًا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْتُهُ

❖❖ اس حدیث کو درج ذیل محدثین کرام رحمہم اللہ نے بھی عبداللہ بن عبیداللہ بن عبداللہ اور عبداللہ سے روایت کیا ہے جس سے اس کی صحت مزید پختہ ہو جاتی ہے۔ سفیان الثوری، زائدہ بن قدامہ، حماد بن سلمہ، ابراہیم بن سعد، عبداللہ بن المبارک، یزید بن زریع، حماد بن زید کے بھائی سعید بن زید، ابومعاویہ اور عبدہ بن سلیمان رحمہم اللہ تعالیٰ نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔

463۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بُسْتَانًا فِيْهِ مَقْرُ مَاءٍ فِيْهِ جِلْدُ بَعِيْرٍ مَيِّتٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهُ، فَقُلْتُ: اَتَتَوَضَّاُ مِنْهُ وَفِيْهِ جِلْدُ بَعِيْرٍ مَيِّتٍ؟ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا لَّمْ

يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ" هٰكَذَا حَدَّثَنَا عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سُفْيَانَ، وَقَدْ رَوَاهُ عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَغَيْرُهُ مِنَ الْحُفَّاظِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ اَوْ ثَلاثًا

✧✧ عاصم بن المنذر بن الزبیر کا بیان ہے میں ایک دفعہ عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ ایک باغ میں گیا وہاں پانی کھڑا ہوا تھا، جس میں مرے ہوئے جانوروں کی کھالیں پڑی ہوئی تھیں، عبید اللہ نے اس جوہڑ سے وضو کر لیا، میں نے کہا: اس جوہڑ میں مردہ جانوروں کی کھالیں پڑی ہوئی ہیں اور آپ نے یہاں سے وضو کر لیا؟ تو انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا: جب پانی دو یا تین مشکوں تک پہنچ جائے تو کوئی چیز اس کو ناپاک نہیں کر سکتی۔

❖❖ یہ حدیث حسن بن سفیان سے بھی اسی طرح منقول ہے اور عفان بن مسلم اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے حماد بن سلمہ کی روایت والے لفظوں میں حدیث بیان کی ہے اور اس میں (اوثلاثا) کے الفاظ نہیں ہیں۔

464۔ اَخْبَرَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ السِّجْزِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا بَيَانٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنِيْ عِيَاضٌ، قَالَ: سَاَلْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، فَقُلْتُ: اَحَدُنَا يُصَلِّيْ فَلَا يَدْرِيْ كَمْ صَلّٰى، قَالَ: فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا صَلّٰى اَحَدُكُمْ فَلَمْ يَدْرِ كَمْ صَلّٰى، فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ وَّاِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ: اِنَّكَ اَحْدَثْتَ فَلْيَقُلْ كَذَبْتَ اِلَّا مَا وَجَدَ رِيحًا بِاَنْفِهِ اَوْ سَمِعَ صَوْتًا بِاُذُنِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَاِنَّ عِيَاضًا هٰذَا هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ سَرْحٍ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِهِ وَلَمْ يُخَرِّجَا هٰذَا الْحَدِيْثَ لِخِلَافٍ مِّنْ اَبَانَ بْنِ يَزِيْدَ الْعَطَّارِ فِيْهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، فَاِنَّهُ لَمْ يَحْفَظْهُ، فَقَالَ: عَنْ يَحْيٰى، عَنْ هِلَالِ بْنِ عِيَاضٍ اَوْ عِيَاضِ بْنِ هِلَالٍ، وَهٰذَا لَا يُعَلِّلُهُ الْاِجْمَاعُ، يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَلٰى اِقَامَةِ هٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْهُ، وَمُتَابَعَةِ حَرْبِ بْنِ شَدَّادٍ فِيْهِ كَذٰلِكَ رَوَاهُ هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّسْتُوَائِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَغَيْرُهُمْ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، اَمَا حَدِيْثُ هِشَامٍ،

✧✧ حضرت عیاض رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے ابو سعید سے ایک مسئلہ پوچھا: اگر کوئی نماز پڑھتے ہوئے یہ بھول جائے کہ کتنی رکعتیں پڑھ چکا ہے (تو وہ کیا کرے؟) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے جواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سنایا: جب کوئی نماز پڑھتے ہوئے بھول جائے کہ کتنی رکعتیں پڑھی ہیں تو آخر میں دو سجدے کر لے اور جب کبھی شیطان یہ وسوسہ ڈالے کہ تمہارا وضو ٹوٹ گیا ہے تو جب تک اس کی بو نہ سونگھ لو یا اس کی آواز نہ سن لو شیطان کو جھٹلاتے رہو (اور یہی سمجھو کہ وضو قائم ہے)

❖❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس سند میں موجود "عیاض" عبد اللہ بن سعد بن سرح کے بیٹے ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس کی روایات نقل کی ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث اس لئے ترک کر دی ہے کہ اس میں ابان بن یزید العطار کا یحییٰ بن ابی کثیر سے اختلاف ہے، لگتا ہے کہ ان کو حدیث کی سند صحیح طور پر یاد نہیں کیونکہ انہوں نے سند یوں بیان کی ہے عن یحییٰ عن ہلال بن

عیاض رضی اللہ عنہ اور عیاض بن ہلال رضی اللہ عنہ۔ اور اس طرح کا اختلاف حدیث کو معلل نہیں بناتا کیونکہ یحییٰ بن ابوکثیر کی اس حدیث کی تمام اسنادیں اسی سے مروی ہیں۔ یونہی حرب بن شداد کی اس میں متابعت بھی موجود ہے، یونہی ہشام بن ابی عبداللہ الدستوائی، علی بن مبارک، معمر بن راشد اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کی ہے۔

ہشام کی حدیث درج ذیل ہے۔

465۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ عِيَاضٍ، اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ فَذَكَرَ بِنَحْوِهٖ، وَاَمَّا حَدِيْثُ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ

علی بن مبارک کی حدیث درج ذیل ہے۔

466۔ فَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَمْدُوْنَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ جُنَادَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عِيَاضٍ، فَذَكَرَ بِنَحْوِهٖ وَاَمَّا حَدِيْثُ مَعْمَرٍ

467۔ فَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ عِيَاضٍ، فَذَكَرَ بِنَحْوِهٖ، وَقَدِ اتَّفَقَ الْبُخَارِيُّ وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِ اَحَادِيْثَ مُتَفَرِّقَةٍ فِي الْمُسْنَدَيْنِ الصَّحِيْحَيْنِ يُسْتَدَلُّ بِهَا عَلٰى اَنَّ اللَّمْسَ مَا دُوْنَ الْجِمَاعِ مِنْهَا، حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَالْيَدُ زِنَاهَا اللَّمْسُ، وَحَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ لَعَلَّكَ مَسِسْتَ، وَحَدِيْثُ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ، وَقَدْ بَقِيَ عَلَيْهِمَا اَحَادِيْثُ صَحِيْحَةٌ فِي التَّفْسِيْرِ وَغَيْرِهٖ مِنْهَا

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اپنی مسند میں ایسی متفرق احادیث نقل کی ہیں جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ ''لمس'' سے مراد ''جماع'' نہیں ہے۔ ان میں سے ایک حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (جس میں ہے کہ) ہاتھ کا زنا ''لمس'' ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے جس میں لَعَلَّكَ مَسِسْتَ کے الفاظ ہیں اور تیسری عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی وہ روایت جس میں اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ کے الفاظ ہیں۔ اب کچھ صحیح احادیث تفسیر کے حوالے سے باقی ہیں جن کو یہاں ذکر کرنا فائدہ سے خالی نہیں ہوگا۔ ان میں سے ایک حدیث تو یہ ہے۔

468۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، وَاَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّاجِرُ، قَالَا: حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا الْعَقَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا كَانَ يَوْمٌ اَوْ قَلَّ يَوْمٌ اِلَّا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ عَلَيْنَا جَمِيْعًا

حدیث 468:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 2135 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 9... اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث: 5254 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 81

فَيُقَبِّلُ وَيَلْمِسُ مَا دُوْنَ الْوِقَاعِ، فَإِذَا جَآءَ إِلَى الَّتِي هِيَ يَوْمُهَا ثَبَتَ عِنْدَهَا

✧✧ حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تقریباً روزانہ ہم سب (ازواج) کے پاس تشریف لاتے اور جماع کے علاوہ صرف بوس وکنارہ وغیرہ کرتے اور جب اس زوجہ کے پاس جاتے جس کی اس دن باری ہوتی تو اس کے ساتھ جماع بھی کرتے۔

469- وَمِنْهَا مَا حَدَّثَنَاهُ أَبُوْ بَكْرِ بْنِ إِسْحَاقَ أَنْبَأَ الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ قَالَ هُوَ مَا دُوْنَ الْجِمَاعِ وَفِيْهِ الْوُضُوْءُ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس آیت أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا: اس سے مراد جماع کے علاوہ (بوس وکنار وغیرہ) ہے اور اس میں وضو کرنا لازم ہو جاتا ہے۔

اور دوسری حدیث یہ ہے۔

470- وَمِنْهَا مَا أَخْبَرَنِي إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَدِّيْ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ إِنَّ الْقُبْلَةَ مِنَ اللَّمْسِ فَتَوَضَّئُوا مِنْهَا

✧✧ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بوسہ بھی "لمس" میں شمار ہوتا ہے، اس لئے اس کے بعد وضو کیا کرو۔

471- وَمِنْهَا مَا اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَانَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، وَيَحْيَى بْنُ الْمُغِيْرَةِ، قَالَا: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، اَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَائَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ اَصَابَ مِنَ امْرَاَةٍ لَا تَحِلُّ لَهُ فَلَمْ يَدَعْ شَيْئًا ــــــــــــ وُضُوءً ا حَسَنًا ثُمَّ قُمْ فَصَلِّ، قَالَ: وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ الْاٰيَةَ، قَالَ: فَقَالَ: هِيَ لِيْ خَاصَّةً اَمْ لِلْمُسْلِمِيْنَ عَامَّةً؟ قَالَ: بَلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عَامَّةً هٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ وَالَّتِيْ ذَكَرْتُهَا اَنَّ الشَّيْخَيْنِ اتَّفَقَا عَلَيْهَا غَيْرَ اَنَّهَا مُخَرَّجَةٌ فِي الْكِتَابَيْنِ بِالتَّفَارِيْقِ، وَكُلُّهَا صَحِيْحَةٌ دَالَّةٌ عَلٰى: اَنَّ اللَّمْسَ الَّذِيْ يُوْجِبُ الْوُضُوْءَ دُوْنَ الْجِمَاعِ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ وہ ایک دفعہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھے کہ ایک شخص آیا اور آ کر کہنے لگا: یا رسول اللہ! آپ کا اس شخص کے بارے میں کیا فیصلہ ہے جو ایسی عورت سے جماع کر بیٹھا جو اس کے لئے حلال نہیں تھی۔ اس نے اس عورت کے ساتھ کوئی کسر نہیں چھوڑی (.............. اصل کتاب میں یہاں جگہ خالی ہے ....) اچھا وضو کرو

حديث 471:

اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 278 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 605

پھر نماز پڑھو۔ آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ الآيَةَ (ھود ۱۱۶) نازل فرمائی۔ اس نے پوچھا: کیا یہ حکم خاص طور پر میرے لئے ہے یا تمام مسلمانوں کے لئے حکم عام ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ حکم تمام مومنین کے لئے عام ہے

❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: یہ احادیث اور جو میں نے ان سے پہلے ذکر کی ہیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے یہ روایات نقل کی ہیں البتہ یہ احادیث دونوں کتابوں میں متفرق طور پر موجود ہیں اور تمام احادیث صحیح ہیں اور اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ وہ لمس جس سے وضو ٹوٹتا ہے اس سے مراد جماع نہیں ہے (بلکہ مطلق چھونا مراد ہے)

472۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ عارم، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ الْحَافِظُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَانَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، اَنَّ عُرْوَةَ، كَانَ عِنْدَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ فَسُئِلَ عَنْ مَّسِّ الذَّكَرِ، فَلَمْ يَرَ بِهٖ بَاْسًا، فَقَالَ عُرْوَةُ: اِنَّ بُسْرَةَ بِنْتَ صَفْوَانٍ حَدَّثَتْنِيْ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَفْضٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى ذَكَرِهٖ فَلَا يُصَلِّ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ فَبَعَثَ مَرْوَانُ حَرَسِيًّا اِلٰى بُسْرَةَ فَرَجَعَ الرَّسُوْلُ، فَقَالَ: نَعَمْ، قَالَ هِشَامٌ: قَدْ كَانَ اَبِيْ يَقُوْلُ: اِذَا مَسَّ ذَكَرَهٗ اَوْ اُنْثَيَيْهِ اَوْ فَرْجَهٗ فَلَا يُصَلِّيْ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ هٰكَذَا سَاقَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَذَكَرَ فِيْهِ سَمَاعَ عُرْوَةَ بْنِ بُسْرَةَ، وَخَلَفُ بْنُ هِشَامٍ ثِقَةٌ، وَهُوَ اَحَدُ اَئِمَّةِ الْقُرَّاءِ، وَمِمَّا يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ رِوَايَةِ الْجُمْهُوْرِ مِنْ اَصْحَابِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ بُسْرَةَ ابْنُ اَبِيْ تَمِيْمَةَ السَّخْتِيَانِيُّ، وَقَيْسُ بْنُ سَعْدٍ الْمَكِّيُّ، وَابْنُ جُرَيْجٍ وَّابْنُ عُيَيْنَةَ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ عَلْقَمَةَ، وَعَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ الْبَارِقِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ ثَعْلَبَةَ الْمَازِنِيُّ، وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الْهُنَائِيُّ، وَاَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ، وَعَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، وَيَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ الْجَزَرِيُّ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَحَارِثَةُ بْنُ هَرِمَةَ الْفُقَيْمِيُّ، وَاَبُوْ مَعْمَرٍ، وَعَبَّادُ بْنُ صُهَيْبٍ، وَغَيْرُهُمْ، وَقَدْ خَالَفَهُمْ فِيْهِ جَمَاعَةٌ فَرَوَوْهُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَّرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ مِنْهُمْ سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الثَّوْرِيُّ، وَرِوَايَةً عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، وَرِوَايَةً عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَوَهْبُ بْنُ خَالِدٍ، وَسَلَامُ بْنُ اَبِيْ مُطِيْعٍ، وَعُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ وَعَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَّاَبِيْ اُسَامَةَ، وَغَيْرُهُمْ، وَقَدْ ذُكِرَ الْخِلَافُ فِيْهِ عَلٰى هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بَيْنَ اَصْحَابِهٖ، فَنَظَرْنَا فَاِذَا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ اَثْبَتُوْا سَمَاعَ عُرْوَةَ مِنْ بُسْرَةَ اَكْبَرُ، وَبَعْضُهُمْ اَحْفَظُ مِنَ الَّذِيْنَ جَعَلُوْهُ عَنْ مَّرْوَانَ اِلَّا اَنَّ جَمَاعَةً مِّنَ الْاَئِمَّةِ الْحُفَّاظِ اَيْضًا ذَكَرُوْا فِيْهِ مَرْوَانَ مِنْهُمْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَّالثَّوْرِيُّ وَنُظَرَاؤُهُمَا فَظَنَّ جَمَاعَةٌ مِّمَّنْ لَّمْ يُنْعِمِ النَّظَرَ فِيْ هٰذَا

الاخْتِلافِ أَنَّ الْخَبَرَ وَاهٍ لِطَعْنِ أَئِمَّةِ الْحَدِيْثِ عَلَى مَرْوَانَ، فَنَظَرْنَا فَوَجَدْنَا جَمَاعَةً مِّنَ الثِّقَاتِ الْحُفَّاظِ رَوَوْا هٰذَا عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَّرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ، ثُمَّ ذَكَرُوْا فِيْ رِوَايَاتِهِمْ اَنَّ عُرْوَةَ، قَالَ: ثُمَّ لَقِيتُ بَعْدَ ذٰلِكَ بُسْرَةَ، فَحَدَّثَتْنِيْ بِالْحَدِيْثِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا حَدَّثَنِيْ مَرْوَانُ عَنْهَا، فَدَلَّنَا ذٰلِكَ عَلٰى صِحَّةِ الْحَدِيْثِ وَثُبُوْتِهِ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَزَالَ عَنْهُ الْخِلافُ وَالشُّبْهَةُ، وَثَبَتَ سَمَاعُ عُرْوَةَ مِنْ بُسْرَةَ فَمَنْ بَيَّنَ مَا ذَكَرْنَا مِنْ سَمَاعِ عُرْوَةَ مِنْ بُسْرَةَ شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ الدِّمَشْقِيُّ

✧✧ حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عروۃ رضی اللہ عنہ، مروان بن حکم کے پاس موجود تھے ان کی موجودگی میں ''مس ذکر'' سے متعلق مسئلہ پوچھا گیا تو مروان نے کہا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اس پر حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھے حضرت سبرۃ بنت صفوان رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا ہے: جب تم میں سے کوئی اپنے ذکر کو چھوئے تو وضو کئے بغیر نماز نہ پڑھے۔ مروان نے ایک شاہی فوجی کو تصدیق کے لئے حضرت سبرۃ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا۔ وہ حضرت سبرۃ رضی اللہ عنہا سے مل کر واپس آئے تو حضرت عروہ رضی اللہ عنہا کی بات کی تصدیق کی۔ ہشام نے کہا: میرے والد کا بھی یہی موقف تھا کہ ذکر، خصیتین یا فرج کو چھوئے، تو وضو کئے بغیر نماز نہ پڑھے۔

❖❖ حماد بن زید نے بھی یہ حدیث اسی طرح بیان کی ہے اور انہوں نے اس میں بسرہ سے عروہ کے سماع کا بھی ذکر کیا ہے اور (اس سند میں موجود) خلف بن ہشام، ثقہ راوی ہیں اور ان کا شمار ائمہ قراء میں ہوتا ہے اور ہشام بن عروہ کے وہ اصحاب جن کی روایت جمہور کی روایت کی صحت پر دلالت کرتی ہیں اور ان کی سند ہشام پھر ان کے والد سے ہو کر سبرہ تک پہنچتی ہے، ان کے اسمائے گرامی درج ذیل ہیں (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......)۔ ابن ابی تمیمہ السختیانی، قیس بن سعد المکی، ابن جریج، ابن عیینہ، عبدالعزیز بن ابی حازم، یحییٰ بن سعید، حماد بن سلمہ، معمر بن راشد، ہشام بن حسان، عبداللہ بن محمد ابوعلقمہ، عاصم بن ہلال البارقی، یحییٰ بن ثعلبہ المازنی، سعید بن عبدالرحمٰن الجمحی، علی بن المبارک الھنائی، ابان بن یزید العطار، محمد بن عبدالرحمٰن الطفاوی، عبدالحمید بن جعفر الانصاری (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......) عبدالعزیز بن محمد الدراوری، یزید بن سنان الجزری، عبدالرحمٰن بن ابی الزناد، عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز، حارثہ بن ہرمہ الفقیمی، ابومعمر، عباد بن صہیب اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم۔ اس سند میں بعض محدثین رحمۃ اللہ علیہم کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک اس حدیث کی سند یوں ہے۔ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَّرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ،

اختلاف کرنے والے راویوں کے نام درج ذیل ہیں۔

سفیان بن سعد الثوری، ان کی ایک روایت ہشام بن حسان سے ہے اور ایک روایت حماد بن سلمہ سے۔ اور مالک بن انس رضی اللہ عنہ، وہب بن خالد، سلام ابن ابی مطیع، عمر بن علی المقدمی، عبداللہ بن ادریس، علی بن مسہر، ابواسامہ اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم۔
یہاں تک ہشام بن عروہ کے حوالے سے اس کے شاگردوں میں جو اختلاف تھا اس کا ذکر ہوا ہے، ان دونوں فریقوں کی شخصیات پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ جنہوں نے سبرہ سے عروہ کا سماع ثابت کیا ہے، وہ زیادہ بزرگ لوگ ہیں اور ان میں سے بعض راوی

زیادہ حافظے کے مالک ہیں بہ نسبت ان راویوں کے جنہوں نے عروہ کی سند مروان سے بیان کی ہے، تاہم مروان سے سند بیان کرنے والوں میں بھی ائمہ حفاظ کے اسماء گرامی موجود ہیں۔ جن میں مالک بن انس رضی اللہ عنہ اور ثوری خاص طور پر قابل ذکر ہیں، ان کے علاوہ بھی ان کے ہم پلہ محدثین رحمۃ اللہ علیہ نے مروان کا نام لیا ہے۔ چنانچہ جن لوگوں کی سند کے اس اختلاف پر گہری نظر نہیں ہے وہ اس کو اس وجہ سے ضعیف سمجھنے لگے کہ اس میں مروان پر ائمہ حدیث کا طعن پایا جاتا ہے۔ لیکن مزید غور و خوض اور تحقیق کرنے سے ہم پر یہ عقدہ کھلا کہ ثقہ حفاظ راویوں کی پوری ایک جماعت ہے، جس نے یہی حدیث ہشام بن عروہ سے پھر ان کے والد (عروہ) سے پھر مروان سے اور پھر بسرہ سے روایت کی ہے۔ اس کے بعد انہوں نے اپنی روایات میں عروہ کا یہ بیان بھی ذکر کیا کہ: میں نے اس کے بعد بسرہ سے ملاقات کی تو انہوں نے مجھے یہ حدیث خود سنا دی جیسا کہ مروان نے بسرہ کے حوالے سے بتائی تھی۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) اس روایت کے بعد یہ حدیث صحیح قرار پائی ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق ثابت ہوتی ہے اور اس حدیث کی سند میں پایا جانے والا اختلاف اور شکوک وشبہات ختم ہو جاتے ہیں اور عروہ کا بسرہ سے سماع ثابت ہوتا ہے اور جن لوگوں نے عروہ کے بسرہ سے سماع کی تصریح کی ہے ان میں شعیب بن اسحاق الدمشقی ہیں۔ جیسا کہ درج ذیل ہے۔

473۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبُوشَنْجِيُّ،

حدیث 473:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 181 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 82 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 163 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 481 اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي) رقم الحديث: 89 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 724 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 27335 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1112 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 159 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 610 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي دارعمار بيروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحديث: 1113 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 485 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1657 اخرجه ابوبكر الحميدي في "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبي بيروت قاهره رقم الحديث: 352 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان مدينه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحديث: 1716 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 1516 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 411

حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ مَرْوَانَ، حَدَّثَهُ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، وَكَانَتْ قَدْ صَحِبَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ، قَالَ عُرْوَةُ: فَسَاَلْتُ بُسْرَةَ فَصَدَّقَتْهُ بِمَا قَالَ وَمِنْهُمْ رَبِيْعَةُ بْنُ عُثْمَانَ التَّيْمِيُّ

✧✧ حضرت ہشام بن عروہ رضی اللہ عنہ اپنے والد عروہ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ مروان نے یہ حدیث بسرہ بنت صفوان (بسرہ کو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت حاصل تھی) کے حوالے سے بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضو کرے۔ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے خود حضرت بسرہ رضی اللہ عنہا سے اس حدیث کے حوالے سے پوچھا: تو انہوں نے مروان کی بات کی تصدیق کی۔ ربیعہ بن عثمان نے بھی مروان کے بسرہ سے سماع کی تصریح کی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ثابت ہے۔

474- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَسَّانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهُ فِيْ اٰخَرِيْنَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ، حَدَّثَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ، قَالَ عُرْوَةُ: فَسَاَلْتُ بُسْرَةَ فَصَدَّقَتْهُ، وَمِنْهُمُ الْمُنْذِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحِزَامِيُّ الْمَدِيْنِيُّ

✧✧ ربیعہ بن عثمان، ہشام بن عروہ کے حوالے سے ان کے والد عروہ کا بیان نقل کرتے ہیں کہ مروان بن حکم نے حضرت بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جو شخص اپنے ذکر کو چھوئے وہ وضو کرے۔ عروہ کہتے ہیں: میں نے بسرہ سے (اس حدیث کے متعلق) پوچھا تو انہوں نے تصدیق کی۔ منذر بن عبداللہ الحزامی المدینی نے بھی مروان کے بسرہ سے سماع کی تصریح کی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ثابت ہے۔

475- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَطَّةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَصْبَغَ بْنِ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحِزَامِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ فَاَنْكَرَ عُرْوَةُ فَسَاَلَ بُسْرَةَ فَصَدَّقَتْهُ، وَمِنْهُمْ عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْقُرَشِيُّ

✧✧ منذر بن عبداللہ الخزامی ہشام بن عروہ کے حوالے سے ان کے والد عروہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ مروان نے بسرہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جو اپنے ذکر کو چھوئے وہ وضو کرے، عروہ کو اس بات کا یقین نہیں آیا اس لئے انہوں نے بذات خود "بسرہ" سے اس کی بابت پوچھا تو انہوں نے تصدیق کردی۔ عبسہ بن عبدالواحد القرشی کی روایت میں بھی مروان کے بسرہ سے سماع کی تصریح کی ہے۔ جیسا کہ درج ذیل حدیث کی سند سے ظاہر ہے۔

476- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ الْخَوَّاصُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ

مَرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَسَّ فَرْجَهُ فَلَا يُصَلِّ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ، قَالَ: فَاَتَيْتُ بُسْرَةَ فَحَدَّثَتْنِي كَمَا حَدَّثَنِي مَرْوَانُ عَنْهَا، اَنَّهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ وَمِنْهُمْ اَبُو الْاَسْوَدِ حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ الْبَصْرِيُّ الثِّقَةُ الْمَامُوْنُ

✧✧ عبسہ بن عبدالواحد، ہشام کے حوالے سے ان کے والد عروہ کا بیان نقل کرتے ہیں کہ مروان نے بسرہ کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: جو اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضو کیے بغیر نماز مت پڑھے۔عروہ کہتے ہیں: میں بسرہ کے پاس آیا تو انہوں نے بالکل وہی حدیث سنائی جو مروان نے سنائی تھی کہنے لگی: میں نے خود رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے۔

❖❖ ابوالاسود حمید بن الاسود البصری کی روایت بھی اسی طرح ہے اور یہ راوی ثقہ ہیں، مامون ہیں۔

477۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِيْنِيِّ، وَذَكَرَ حَدِيْثَ شُعَيْبِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ الَّذِيْ يَذْكُرُ فِيْهِ سَمَاعَ عُرْوَةَ مِنْ بُسْرَةَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: هٰذَا مِمَّا يَدُلُّكَ عَلٰى اَنَّ يَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ الْقَطَّانَ قَدْ حَفِظَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَرْوَانَ، عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، وَقَدْ كَانَتْ صَحِبَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا مَسَّ اَحَدُكُمْ ذَكَرَهُ فَلَا يُصَلِّ حَتّٰى يَتَوَضَّاَ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عُرْوَةُ فَسَاَلَ بُسْرَةَ فَصَدَّقَتْهُ حَزْمِ الْاَنْصَارِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيُّ، وَاَبُو الزِّنَادِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ذَكْوَانَ الْقُرَشِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ، وَاَبُو الْاَسْوَدِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ الْقُرَشِيُّ، وَعَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ يَنَّاقٍ، وَغَيْرِهِمْ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَاَتْبَاعِهِمْ، فَاَمَّا بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ فَاِنَّهَا مِنْ سَيِّدَاتِ قُرَيْشٍ،

✧✧ ابوجعفر محمد بن محمد بن عبداللہ البغدادی اسماعیل بن اسحاق کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے علی بن المدینی سے سنا ہے پھر شعیب بن اسحاق کی ہشام بن عروہ سے روایت کردہ وہ حدیث سنائی جس میں عروہ کے بسرہ سے سماع کی تصریح موجود ہے اس پر علی نے کہا: یہ وہ روایت ہے جو تجھے یہ ثابت کر رہی ہے کہ یحییٰ بن سعید القطان نے ہشام بن عروہ کی وہ روایت یاد کی ہے جو انہوں نے اپنے باپ، انہوں نے مروان سے اور مروان نے بسرہ بنت صفوان سے سنی ہے اور بسرہ کو رسول اللہ ﷺ کی صحبت حاصل ہے۔آپ فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی اپنے ذکر کو چھوئے تو وضو کیے بغیر نماز مت پڑھے۔عروہ نے اس بات کا انکار کیا پھر انہوں نے خود بسرہ سے پوچھا تو انہوں نے اس بات کی تصدیق کی (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......) حزم الانصاری، محمد بن مسلم الزہری، ابوالزناد، عبداللہ بن ذکوان القرشی محمد بن عبداللہ بن عروہ، ابوالاسود محمد بن عبدالرحمٰن بن نوفل القرشی، عبدالحمید بن جعفر الانصاری، حسن بن مسلم بن یناق اور دیگر تابعین و تبع تابعین اور بسرہ بنت صفوان سادات قریش سے تعلق رکھنے والی خاتون تھیں۔

478۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ،

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: قَالَ لَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ: اَتَدْرُوْنَ مَنْ بُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ ؟ هِيَ جَدَّةُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ اُمُّ اُمِّهٖ فَاعْرِفُوْهَا،

✧✧ منصور بن سلمہ خزاعی کہتے ہیں: ہمیں مالک بن انس رحمہ اللہ نے کہا: تمہیں معلوم ہے کہ بسرہ بنت صفوان کون تھی؟ یہ عبدالملک بن مروان کی نانی ہیں، اس لئے ان کو پہچانو۔

479۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ النَّسَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: وَبُسْرَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ اَسَدٍ مِّنَ الْمُبَايِعَاتِ، وَوَرَقَةُ بْنُ نَوْفَلٍ عَمُّهَا، وَلَيْسَ لِصَفْوَانَ بْنِ نَوْفَلٍ عَقِبٌ اِلَّا مِنْ قِبَلِ بُسْرَةَ، وَهِيَ زَوْجَةُ مُعَاوِيَةَ بْنِ مُغِيْرَةَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ، عَنْ بُسْرَةَ مِنْهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَعَمْرَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيَّةُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، وَمَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ وَسُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى، وَقَدْ رَوَيْنَا عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسَةَ اَحَادِيْثَ غَيْرِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَقَدْ ثَبَتَ بِمَا ذَكَرْنَاهُ اشْتِهَارُ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، وَارْتَفَعَ عَنْهَا اسْمُ الْجَهَالَةِ بِهٰذِهِ الرِّوَايَاتِ، وَقَدْ رَوَيْنَا اِيْجَابَ الْوُضُوْءِ مِنْ مَّسِّ الذَّكَرِ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ وَالصَّحَابِيَّاتِ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ، وَجَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاُمُّ حَبِيْبَةَ، وَاُمُّ سَلَمَةَ وَاَرْوَى حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ اَبِيْ نُعَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَّسَّ فَرْجَهُ فَلْيَتَوَضَّاْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَشَاهِدُهُ الْحَدِيْثُ الْمَشْهُوْرُ: عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّهَا قَالَتْ: اِذَا مَسَّتِ الْمَرْاَةُ فَرْجَهَا تَوَضَّاَتْ "

✧✧ مصعب بن عبداللہ الزبیری کہتے ہیں: حضرت بسرہ بنت صفوان بن نوفل بن اسد بیعت کرنے والی خواتین میں سے ہیں اور ورقہ بن نوفل ان کے چچا ہیں اور صفوان بن نوفل کی ان کے علاوہ اور کوئی اولاد نہیں ہے اور یہ معاویہ بن مغیرہ بن ابی العاص کی زوجہ ہیں۔

✧✧ اس حدیث کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کی ایک جماعت نے بسرہ سے روایت کیا ہے ان میں: عبداللہ بن عمر بن خطاب، عبداللہ بن عمرو بن العاص، سعید بن المصیب، عمرو بنت عبدالرحمن الانصاریہ، عبداللہ بن ابی ملیکہ، مروان بن الحکم اور سلیمان بن موسیٰ (رضی اللہ عنہم) کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) ہم نے بسرہ بنت صفوان کے حوالے سے اس حدیث کے علاوہ ۵ احادیث نبویہ روایت کی ہیں

اس سے روایت حدیث میں بسرہ بنت صفوان کی شہرت ثابت ہوتی ہے اوران پر جہالت کی جو چھاپ لگی ہوئی تھی وہ ختم ہوگئی ہے اور ہم نے ذکر کے چھونے سے وضو لازم ہونے کے متعلق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صحابیات کے حوالے سے بھی رسول اکرم ﷺ کے ارشادات نقل کئے ہیں، ان میں حضرت عبداللہ بن عمر، ابوہریرہ، زید بن خالد الجھنی، سعد بن ابی وقاص، جابر بن عبداللہ، اُمّ حبیبہ، اُمّ سلمہ، اردق (رضی اللہ عنہم) (..........اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے..........) اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نافع ابن نعیم نے سعید بن ابی سعید المقبری کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنی شرمگاہ کو چھوئے وہ وضو کرے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور اس کی شاہد حدیث یزید بن عبدالملک کی روایت کردہ وہ حدیث مشہور ہے جوانہوں نے سعید بن ابی سعید کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ اور اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ بنت الصدیق رضی اللہ عنہا کی یہ روایت "جب عورت شرمگاہ کو چھوئے تو وضو کرے" درجہ صحت کو پہنچی ہوئی ہے (یہ روایت درج ذیل ہے)

480- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرَوِيّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو وحَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ أَنْبَأَ الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَنْبَأَ الشَّافِعِيُّ أَنْبَأَ الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِذَا مَسَّتِ الْمَرْأَةُ فَرْجَهَا بِيَدِهَا فَعَلَيْهَا الْوُضُوءُ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں، جب عورت اپنا ہاتھ اپنی شرمگاہ کو لگائے تو وضو کرے۔

481- حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَطَّةَ الْاَصْبَهَانِيُّ مِنْ اَصْلِ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَكَرِيَّا الْاَصْبَهَانِيُّ، عَنْ مُّحْرِزِ بْنِ سَلَمَةَ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: اِذَا مَسَّتِ الْمَرْاَةُ فَرْجَهَا تَوَضَّاَتْ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب عورت اپنی شرمگاہ کو ہاتھ لگائے تو وضو کرے۔

وَهٰذِهِ مُنَاظَرَةٌ جَرَتْ بَيْنَ اَئِمَّةِ الْحُفَّاظِ فِيْ هٰذَا الْبَابِ

مس ذکر سے وضو ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے کے متعلق ائمہ حفاظ کے درمیان پیش آنے والا مناظرہ

482- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ الْعَدْلُ الْحَافِظُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْقَاضِي السَّرْخَسِيُّ، حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ مُرَجَّى الْحَافِظُ، قَالَ: اجْتَمَعْنَا فِيْ مَسْجِدِ الْخَيْفِ اَنَا وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَّعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَيَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ فَتَنَاظَرُوْا فِيْ مَسِّ الذَّكَرِ، فَقَالَ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ: يَتَوَضَّأُ مِنْهُ، وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ بِقَوْلِ الْكُوفِيِّيْنَ وَتَقَلَّدَ قَوْلَهُمْ، وَاحْتَجَّ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ بِحَدِيْثِ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، وَاحْتَجَّ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ بِحَدِيْثِ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، عَنْ اَبِيْهِ وَقَالَ لِيَحْيَى بْنِ مَعِيْنٍ: كَيْفَ تَتَقَلَّدُ اِسْنَادَ بُسْرَةَ وَمَرْوَانُ اِنَّمَا اَرْسَلَ شُرْطِيًّا حَتّٰى رَدَّ جَوَابَهَا اِلَيْهِ، فَقَالَ يَحْيٰى: ثُمَّ لَمْ يُقْنِعْ ذٰلِكَ عُرْوَةَ حَتّٰى اَتٰى بُسْرَةَ فَسَاَلَهَا وَشَافَهَتْهُ بِالْحَدِيْثِ، ثُمَّ قَالَ يَحْيٰى: وَلَقَدْ اَكْثَرَ النَّاسُ فِيْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ وَّاَنَّهُ لَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهِ، فَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ

عَنْهُ: كِلَا الْاَمْرَيْنِ عَلٰى مَا قُلْتُمَا، فَقَالَ يَحْيٰى مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ تَوَضَّاَ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: لَا يُتَوَضَّاُ مِنْهُ وَاِنَّمَا هُوَ بَضْعَةٌ مِنْ جَسَدِكَ فَقَالَ يَحْيٰى عَنْ مَنْ، فَقَالَ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِىْ قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاِذَا اجْتَمَعَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَابْنُ عُمَرَ وَاخْتَلَفَا فَابْنُ مَسْعُوْدٍ اَوْلٰى اَنْ يُتَّبَعَ، فَقَالَ لَهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: نَعَمْ، وَلٰكِنْ اَبُوْ قَيْسٍ الْاَوْدِيُّ لَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: حَدَّثَنِىْ اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، قَالَ: مَا اُبَالِىْ مَسِسْتُهُ اَوْ اَنْفِىْ، فَقَالَ اَحْمَدُ: عَمَّارُ وَابْنُ عُمَرَ اسْتَوَيَا فَمَنْ شَاءَ اَخَذَ بِهٰذَا وَمَنْ شَاءَ اَخَذَ بِهٰذَا، فَقَالَ يَحْيٰى: بَيْنَ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ وَعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ مَفَازَةٌ

✧✧ رجاء بن مرجی الحافظ بیان کرتے ہیں: ایک دفعہ مسجد خیف میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ میں، علی بن المدینی اور یحییٰ بن معین جمع ہوئے اور ان کے درمیان "مسِ ذکر" کے موضوع پر مناظرہ ہوا۔

یحییٰ بن معین کا موقف یہ تھا کہ اس سے وضوٹوٹ جاتا ہے۔

علی بن المدینی نے احناف کا موقف اختیار کیا اور انہی کے قول کی تقلید کی۔

یحییٰ بن معین نے بسرہ بن صفوان کی حدیث سے دلیل دی اور علی بن المدینی نے قیس بن طلق کی ان کے والد سے روایت کردہ حدیث بطور دلیل پیش کی اور یحییٰ بن معین سے کہا: آپ بسرہ کی روایت سے استدلال کیسے کر سکتے ہیں کیونکہ مروان نے ایک فوجی بھیج کر معلوم کیا تھا اور اس نے آ کر بسرہ کا جواب ان کو سنایا تھا؟ یحییٰ نے جواب دیا: تو عروہ نے صرف اسی پر اکتفاء نہیں کیا تھا بلکہ وہ خود بسرہ سے جا کر ملے تھے اور وہ حدیث بالمشافہ خود ان سے حاصل کی تھی۔ پھر یحییٰ نے کہا: اکثر لوگوں کو قیس بن طلق پر اعتراض ہے اور ان کی حدیث کو بطور دلیل پیش نہیں کیا جا سکتا۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بولے: تم دونوں کا موقف درست ہے اور پھر یحییٰ نے مالک کے حوالے سے نافع کا یہ قول نقل کیا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے "مسِ ذکر" سے وضو کیا تھا۔ علی نے جواب دیا: عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ (مس ذکر) سے وضو لازم نہیں ہوتا کیونکہ وہ بھی تو تمہارے جسم ہی کا ایک حصہ ہے۔ یحییٰ نے کہا: اس کی سند کیا ہے؟ علی نے جواب دیا: عن سفیان عن ابی قیس عن ھزیل عن عبداللہ اور جب کسی مسئلہ میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما میں اختلاف ہو تو اولیٰ یہ ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول اختیار کیا جائے۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: ہاں (یہ بات تو ٹھیک ہے لیکن) ابوقیس الاودی کی حدیث کو دلیل نہیں بنا سکتے۔ علی نے جواب دیا: مجھے ابونعیم نے مسعر کے حوالے سے عمیر بن سعید کی روایت سنائی کہ عمار بن یاسر کہا کرتے ہیں: میں ذکر کو چھونے سے کوئی حرج محسوس نہیں کرتا ہوں۔ اس پر احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بولے: عمار اور ابن عمر رضی اللہ عنہما درجہ میں برابر ہیں، جو چاہے عمار کی روایت اختیار کرے اور جو چاہے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت اختیار کر لے۔ یحییٰ نے جواب دیا: عمیر بن سعید اور عمار بن یاسر کے درمیان بہت فرق ہے۔

483- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، وَحَدَّثَنِىْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّیْ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا نَتَوَضَّاُ مِنْ مَّوْطِءٍ قَالَ: تَابَعَهٗ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ اَمَا حَدِيْثُ اَبِیْ مُعَاوِيَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز پڑھا کرتے تھے تو ہم ذکر کو ہاتھ لگانے کے باعث، وضو نہیں کرتے تھے۔

❖ اعمش سے روایت کرنے میں ابومعاویہ اور عبداللہ بن ادریس نے بھی سفیان کی متابعت کی ہے۔

ابومعاویہ کی روایت درج ذیل ہے۔

484- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، فَذَكَرَهٗ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ، وَاَمَّا حَدِيْثُ اَبِیْ اِدْرِيْسَ،

ابوادریس کی روایت یہ ہے

485- فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، فَذَكَرَهٗ نَحْوَهٗ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

486- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ عِصْمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا السَّرِیُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، وَاَنْبَاَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنّٰى الْاَنْصَارِیُّ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَخْلَعْ نَعْلَيْهِ فِی الصَّلٰوةِ قَطُّ اِلَّا مَرَّةً وَّاحِدَةً خَلَعَ فَخَلَعَ النَّاسُ، فَقَالَ: مَا لَكُمْ، قَالُوْا: خَلَعْتَ فَخَلَعْنَا، فَقَالَ: اِنَّ جِبْرِيْلَ اَخْبَرَنِیْ اَنَّ فِيْهِمَا قَذَرًا، اَوْ اَذًى

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنّٰى وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ الْحَدِيْثُ الْمَشْهُوْرُ عَنْ مَّيْمُوْنٍ الْاَعْوَرِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے لئے کبھی بھی نعلین مبارک نہیں اتارے۔صرف

حدیث 483:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 37 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰي" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 646 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث:10458

حدیث 486:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰي" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث:3894

ایک مرتبہ اتارے تھے تو لوگوں نے بھی اتار دیئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں نے جوتے کیوں اتارے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جواب دیا: (یارسول اللہ ﷺ) آپ نے اپنے نعلین اتارے تو ہم نے بھی اتار دیئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا مجھے ... تو ... ان میں نجاست ... گندگی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری ... نے عبداللہ بن المثنیٰ کی روایات نقل کی ہیں اور اس کی ایک شاہد حدیث مشہور بھی موجود ہے ... الاعور سے منقول ہے۔ (وہ روایت درج ذیل ہے)

487۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ عِصْمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ خُزَيْمَةَ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: خَلَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعْلَهُ، فَقَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ اَخْبَرَنِي

✧✧ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنے نعلین مبارک اتارے (..........اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے.....) آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے جبرائیل نے بتایا (..........اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے.....)

488۔ حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ اُنَيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ الْمَذْهَبَ اَبْعَدَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ حَدِيْثُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ

✧✧ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب قضائے حاجت کے لئے نکلتے تو کافی دور تک چلے جاتے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور اس حدیث کی شاہد حدیث بھی ہے جو کہ اسماعیل بن عبدالملک نے ابوالزبیر سے روایت کی ہے (وہ حدیث درج ذیل ہے)

حدیث 488:

اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 331 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 50 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 1063

489- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّقْضِيَ حَاجَتَهٗ اَبْعَدَ حَتّٰى لَا يَرَاهُ اَحَدٌ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عادت کریمہ تھی کہ جب قضائے حاجت کرنا ہوتی تو اتنا دور نکل جاتے کہ لوگوں کی آنکھوں سے اوجھل ہو جایا کرتے تھے۔

490- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ مُّوْسٰى بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ، فَقَالَ: مَاءُ الْبَحْرِ طَهُوْرٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَشَوَاهِدُهٗ كَثِيْرَةٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ فَاَوَّلُ شَوَاهِدِهٖ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریا کے پانی کے متعلق پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دریا کا پانی پاک ہے۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کی پہلی شاہد حدیث درج ذیل ہے۔

491- مَا حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، كُلُّهُمْ، عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ مَوْلًى لِآلِ الْاَزْرَقِ، اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ اَبِيْ بُرْدَةَ، رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ، اَخْبَرَهٗ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا

حدیث 491:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 83 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 69 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 332 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 386 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 729 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 9088 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1243 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 112 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 58 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 18744 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 1759

نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيلَ مِنَ الْمَآءِ، فَإِنْ تَوَضَّاْنَا بِهِ عَطِشْنَا اَفَنَتَوَضَّأُ بِمَآءِ الْبَحْرِ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ وَقَدْ تَابَعَ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ عَلٰى رِوَايَتِهِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَنِيُّ، اَمَا حَدِيْثُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَيُّوْبَ بْنِ زَاذَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: وَاَنْبَاَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم سمندر میں سفر کرتے ہیں تو اپنے ساتھ زیادہ پانی نہیں لے جا پاتے (وہ اتنا ہی ہوتا ہے کہ) اگر اس سے وضو کرلیں تو پیاسے رہ جانے کا خوف ہوتا ہے، تو کیا ہمیں سمندر کے پانی سے وضو کرنے کی اجازت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سمندر کا پانی پاک ہے اور اس کا شکار حلال ہے۔

✣✣ یہ حدیث صفوان بن سلیم سے روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن اسحاق اور اسحاق بن ابراہیم المزنی نے مالک بن انس رضی اللہ عنہ کی متابعت کی ہے، ان میں سے عبدالرحمٰن بن اسحاق کی روایت درج ذیل ہے۔

492- الْكُلَيْنِيُّ بِالرِّيِّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ، وَهُوَ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِمَّنْ يَّرْكَبُ الْبَحْرَ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَتَزَوَّدُ شَيْئًا مِّنَ الْمَآءِ، فَاِنْ تَوَضَّاْنَا بِهِ عَطِشْنَا فَهَلْ يَصْلُحُ لَنَا اَنْ نَتَوَضَّاَ مِنْ مَّآءِ الْبَحْرِ ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ وَقَدْ تَابَعَ الْجُلَاحُ اَبُوْ كَثِيْرٍ صَفْوَانَ بْنَ سُلَيْمٍ عَلٰى رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کچھ لوگ آئے، جو اکثر سمندر کا سفر کیا کرتے تھے، وہ کہنے لگے: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم لوگ سمندر میں سفر کرتے ہیں اور اپنے ساتھ تھوڑا بہت پانی رکھ لیتے ہیں (لیکن اس کی مقدار اتنی ہی ہوتی ہے کہ) اگر اس پانی کے ساتھ ہم وضو کرلیں تو پینے کے لئے کچھ نہیں بچے گا، تو کیا ہمیں سمندر کے پانی سے وضو کرنے کی اجازت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سمندر کا پانی پاک اور اس کا میتہ حلال ہے۔

✣✣ اس حدیث کو سعید ابن سلمہ المخزومی سے روایت کرنے میں الجلاح ابوکثیر نے صفوان بن سلیم کی متابعت کی ہے (ان کی حدیث درج ذیل ہے)

493- حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، اَنْبَاَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بَكْرٍ،

حَدَّثَنِی اللَّیْثُ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ، حَدَّثَنِی الْجُلاحُ اَبُوْ کَثِیْرٍ، اَنَّ ابْنَ سَلَمَةَ الْمَخْزُوْمِیَّ، حَدَّثَهُ اَنَّ الْمُغِیْرَةَ بْنَ اَبِیْ بُرْدَةَ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَیْرَةَ، یَقُوْلُ: کُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا فَجَائَهُ صَیَّادٌ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا نَنْطَلِقُ فِی الْبَحْرِ نُرِیْدُ الصَّیْدَ فَیَحْمِلُ مَعَهُ اَحَدُنَا الاِدَاوَةَ وَهُوَ یَرْجُوْ اَنْ یَّاْخُذَ الصَّیْدَ قَرِیْبًا، فَرُبَّمَا وَجَدَهُ کَذٰلِكَ، وَرُبَّمَا لَمْ یَجِدِ الصَّیْدَ حَتّٰی یَبْلُغَ مِنَ الْبَحْرِ مَکَانًا لَّمْ یَظُنَّ اَنْ یَّبْلُغَهُ، فَلَعَلَّهُ یَحْتَلِمُ اَوْ یَتَوَضَّاُ، فَاِنِ اغْتَسَلَ اَوْ تَوَضَّاَ بِهٰذَا الْمَآءِ، فَلَعَلَّ اَحَدُنَا یُهْلِکُهُ الْعَطَشُ، فَهَلْ تَرٰی فِیْ مَآءِ الْبَحْرِ اَنْ نَّغْتَسِلَ اَوْ نَتَوَضَّاَ بِهٖ اِذَا خِفْنَا ذٰلِكَ ؟ فَزَعَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اغْتَسِلُوْا مِنْهُ وَتَوَضَّئُوا بِهٖ فَاِنَّهُ طَهُوْرٌ مَّاؤُهُ الْحِلُّ مَیْتَتُهُ وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِالْجُلاحِ اَبِیْ کَثِیْرٍ وَّقَدْ تَابَعَ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدِ الْاَنْصَارِیُّ، وَیَزِیْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِیُّ سَعِیْدَ بْنَ سَلَمَةَ الْمَخْزُوْمِیَّ عَلٰی رِوَایَةِ هٰذَا الْحَدِیْثِ وَاخْتُلِفَ عَلَیْهِ فِیْهِ

✧✧ جلاح ابوکثیر کی سعید ابن سلمہ کی سند سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک دن ہم بارگاہ رسالت میں حاضر تھے تو ایک مچھیرا آپ کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم شکار کی غرض سے سمندروں کا سفر کرتے ہیں۔ اس لئے چھوٹے سے برتن میں پانی بھر کر ساتھ رکھ لیتے ہیں کیونکہ ہمیں امید ہوتی ہے کہ قریب ہی کہیں شکار مل جائے گا۔ کبھی ایسا ہو بھی جاتا ہے (کہ قریب ہی شکار مل جاتا ہے) لیکن کئی مرتبہ شکار کی تلاش میں ہم اتنی دور دور تک نکل جاتے ہیں کہ خود ہمارے وہم وگمان میں نہیں ہوتا کہ ہم ایسی جگہ پہنچ جائیں گے۔ ایسی صورت میں کسی کو غسل یا وضو کی حاجت ہوتی ہے تو اگر ہم اس رکھے ہوئے پانی سے نہائیں یا وضو کریں تو یہ خدشہ ہوتا ہے کہ کوئی آدمی پیاس کی تاب نہ لاکر ہلاک ہو جائے۔ حضور! جب حالات اس قدر سخت ہوں تو کیا ہمیں سمندر کے پانی سے نہانے یا وضو کرنے کی اجازت ہے؟ (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا خیال ہے کہ) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سمندر کے پانی سے نہا بھی سکتے ہو اور وضو بھی کر سکتے ہو کیونکہ اس کا پانی پاک کنندہ ہے اور اس کا میتہ حلال ہے۔

•✧• امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے الجلاح ابوکثیر کی روایات نقل کی ہیں۔ اس حدیث کی روایت میں یحییٰ بن سعید الانصاری اور یزید بن محمد القرشی نے سعید بن سلمہ المخزومی کی متابعت کی ہے لیکن لفظوں میں تھوڑی تبدیلی ہے۔

(یحییٰ بن سعید کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

494- اَخْبَرَنِیْهِ اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ زِیَادٍ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا جَدِّیْ، اَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، عَنْ یَّحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ رَّجُلٍ، مِنْ بَنِیْ مُدْلِجٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

اس میں مغیرہ نے بنی مدلج کے ایک شخص کا ذکر کیا ہے۔

495- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، اَنْبَاَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ یَّحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، وَقَالَ سُلَیْمَانُ بْنُ بِلالٍ، عَنْ یَّحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِیْرَةِ، عَنْ اَبِیْهِ

✧✧ اس حدیث میں انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کیا ہے۔

✣✣ سلیمان بن بلال نے اس حدیث کی سند یحییٰ بن سعید کے بعد عبداللہ بن مغیرہ کے حوالے سے ان کے والد تک پہنچائی ہے۔(یزید بن محمد القرشی کی روایت درج ذیل ہے)

496- فَحَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، اَنْ يَّزِيدَ بْنَ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيَّ، حَدَّثَهُ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: اَتٰى نَفَرٌ اِلٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: اِنَّا نَصِيدُ فِي الْبَحْرِ وَمَعَنَا مِنَ الْمَآءِ الْعَذْبِ، فَرُبَّمَا تَخَوَّفْنَا الْعَطَشَ، فَهَلْ يَصْلُحُ اَنْ نَتَوَضَّاَ مِنَ الْبَحْرِ الْمَالِحِ ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، تَوَضَّئُوا مِنْهُ الْبُخَارِيُّ، يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ هٰذَا فِي التَّارِيخِ، وَاَنَّهُ قَدْ رَوٰى عَنْهُ اللَّيْثُ بْنُ اَبِي بُرْدَةَ فَمِنْهُمْ سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ

✣✣ (.........اصل نسخہ میں اس مقام پر جگہ خالی ہے.........) اور یہ کہ ان سے لیث بن ابی بردہ نے روایت کی ہے۔ ان میں سے ایک سعید ابن المسیب ہیں ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔

497- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْقُوبَ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يُونُسَ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَهْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَبِيعَةَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ: اَنَتَوَضَّاُ مِنْهُ ؟ فَقَالَ: الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ، وَالْحِلُّ مَيْتَتُهُ

ان میں ایک ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن ہیں (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

498- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَجَاءِ بْنِ السِّنْدِيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَيُّوبَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوُضُوءِ مِنْ مَّآءِ الْبَحْرِ، فَقَالَ: هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ،

قَالَ الْحَاكِمُ: قَدْ رَوَيْتُ فِي مُتَابَعَاتِ الْاِمَامِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ فِي طُرُقِ هٰذِهِ الْحَدِيثِ عَنْ ثَلَاثَةٍ لَّيْسُوا مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ وَهُمْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمُزَنِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُدَامِيُّ، وَاِنَّمَا حَمَلَنِي عَلٰى ذٰلِكَ بِاَنْ يَّعْرِفَ الْعَالِمُ اَنَّ هٰذِهِ الْمُتَابَعَاتِ وَالشَّوَاهِدَ لِهٰذَا الْاَصْلِ الَّذِي صَدَّرَ بِهٖ مَالِكٌ كِتَابَهُ الْمُوَطَّاَ وَتَدَاوَلَهُ فُقَهَاءُ الْاِسْلَامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مِنْ عَصْرِهٖ اِلٰى وَقْتِنَا هٰذَا وَاَنَّ مِثْلَ هٰذَا الْحَدِيثِ لَا يُعَلَّلُ بِجَهَالَةِ سَعِيدِ بْنِ سَلَمَةَ وَالْمُغِيرَةِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَلٰى اَنَّ اسْمَ الْجَهَالَةِ مَرْفُوعٌ عَنْهُمَا بِهٰذِهِ الْمُتَابَعَاتِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ،

اَمَّا حَدِيثُ عَلِيٍّ

❖❖ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں نے امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کردہ اس حدیث کی طرف میں متابعت کے طور پر عبدالرحمن بن اسحاق، اسحاق بن ابراہیم المزنی اور عبداللہ بن محمد القدامی کی روایات نقل کی ہیں حالانکہ یہ راوی اس کتاب کے معیار کے نہیں ہیں۔ یہ متابعات پیش کرنے کا میرا مقصد یہ تھا کہ عالم حدیث جان لے کہ یہ متابعات اور شواہد امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کردہ اس حدیث کے ہیں جو انہوں نے اپنی مؤطا کے بالکل آغاز میں نقل کی ہے اور فقہاء اسلام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے سے لیکر آج تک اس حدیث کو کثرت سے روایت کرتے چلے آرہے ہیں اور یہ بھی جان لے کہ سعید بن سلمہ اور مغیرہ بن ابوبردہ کی جہالت کی وجہ سے اس حدیث کو معلل قرار نہیں دیا جاسکتا اور وہ بھی ایسے حالات میں کہ ان ذکر کردہ متابعات وشواہد کی وجہ سے ان سے جہالت کی چھاپ بھی ختم ہو چکی ہے۔ نیز علی بن ابی طالب، عبداللہ بن عباس، جابر بن عبداللہ، عبداللہ بن عمرو اور انس بن مالک (رضوان اللہ علیہم اجمعین) نے بھی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی طرح کی احادیث روایت کی ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث درج ذیل ہے:

499۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّسَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَّاءِ الْبَحْرِ، فَقَالَ: هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحَلَالُ مَيْتَتُهُ

وَاَمَّا حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَدْ ذَكَرْنَاهُ

ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت کردہ حدیث ہم بیان کر چکے ہیں۔

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت یہ ہے:

500۔ فَحَدَّثَنَاهُ عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ نَافِعٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ فِي الْبَحْرِ: هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ

حدیث 500:

اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي) رقم الحديث: 41 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 83 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 69 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 59 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 386 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8720 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1244 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 8657 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1127 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 58

عبداللہ بن عمرو کی روایت یہ ہے:

501۔ فَحَدَّثَنَاهُ الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا هِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَيْتَةُ الْبَحْرِ حَلَالٌ، وَمَاؤُهُ طَهُورٌ

502۔ أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى، حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا بِأَرْضِ قَوْمٍ أَهْلِ كِتَابٍ يَشْرَبُونَ الْخُمُورَ، وَيَأْكُلُونَ الْخَنَازِيرَ، فَمَا تَرَى فِي آنِيَتِهِمْ وَقُدُورِهِمْ ؟ فَقَالَ: دَعُوهَا مَا وَجَدْتُمْ عَنْهَا بُدًّا، فَإِذَا لَمْ تَجِدُوا عَنْهَا بُدًّا فَاغْسِلُوهَا بِالْمَاءِ، أَوْ قَالَ انْضَحُوهَا بِالْمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: اطْبُخُوا فِيهَا وَكُلُوا، قَالَ حَمَّادٌ: وَأَحْسِبُهُ قَالَ: وَاشْرَبُوا وَهٰكَذَا رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ أَيُّوبَ

✧✧ حضرت ابوثعلبہ الخشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ (ایک دفعہ) نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمارے علاقے میں اہل کتاب (کثرت سے رہتے ہیں اور وہ) شرابیں پیتے ہیں، خنزیر کا گوشت کھاتے ہیں تو حضور! ان کے استعمال شدہ برتنوں کے استعمال کے بارے میں آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جن کے بغیر گزارا ہوسکتا ہو، انہیں استعمال مت کرو اور جن کو استعمال کرنے کے علاوہ اور کوئی صورت نہ ہو تو ان کو پانی سے دھو کر یا (شاید) فرمایا ان پر پانی بہا کر پھر فرمایا: ان کے اندر پکا بھی سکتے ہو اور کھا بھی سکتے ہو۔ حماد کہتے ہیں: مجھے لگتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا: پی سکتے ہو۔

شعبہ نے ایوب کے حوالے سے یہی روایت نقل کی ہے، ان کی نقل کردہ روایت درج ذیل ہے۔

503۔ أَخْبَرَنَاهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمُثَنَّى، وَمُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ، وَأَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، أَنَّهُ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّا بِأَرْضِ عَامَّةِ أَهْلِ كِتَابٍ فَكَيْفَ نَصْنَعُ بِآنِيَتِهِمْ ؟ فَقَالَ: دَعُوا مَا

حدیث 502:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3839 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1797 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 17766 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 131 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 584 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 1014 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 783

وَجَدْتُمْ مِنْهَا بُدًّا، فَإِذَا لَمْ تَجِدُوْا مِنْهَا بُدًّا فَاغْسِلُوهَا بِالْمَآءِ، ثُمَّ اطْبُخُوا وَهٰكَذَا رَوَاهُ خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِي قِلابَةَ

اسی حدیث کوخالد الحذاء نے ابوقلابہ کے حوالے سے روایت کیا ہے۔ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔

504۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي قِلابَةَ، عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، قَالَ: سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اٰنِيَةِ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالَ: اغْسِلُوهَا ثُمَّ اطْبُخُوا فِيْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاِنْ عَلَّلاهُ بِحَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَهُشَيْمٍ، عَنْ خَالِدٍ حَيْثُ زَادَ اَبَا اَسْمَاءَ الرَّحَبِيَّ فِي الاِسْنَادِ فَاِنَّهُ اَيْضًا صَحِيْحٌ، يَلْزَمُ اِخْرَاجُهُ فِي الصَّحِيْحِ عَلٰى اَنَّ اَبَا قِلابَةَ قَدْ سَمِعَ مِنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ حماد بن سلمہ اور ہشیم کی خالد سے روایت کردہ اس حدیث کی بناء پر جس میں ابواسماء الرجبی کا نام زائد ہے، معلل قرار نہیں دے سکتے، کیونکہ ابواسماء الرجبی والی حدیث خود بھی صحیح ہے۔شیخین رحمۃ اللہ علیہما پر یہ حدیث اپنی صحیح میں نقل کرنا بھی ضروری تھی۔مزید برآں یہ بھی کہ ابوقلابہ نے ابوثعلبہ سے یہ حدیث سنی ہے۔

(مذکورہ تبصرہ کے دوران حماد بن سلمہ اور ہیثم کی جن روایات کا تذکرہ کیا گیا ہے ان میں سے)حماد بن سلمہ کی حدیث درج ذیل ہے۔

505۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهُ بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، وَحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِي قِلابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضِ اَهْلِ الْكِتَابِ فَنَطْبُخُ فِيْ قُدُوْرِهِمْ، وَنَشْرَبُ فِيْ اٰنِيَتِهِمْ؟ قَالَ: فَاِنْ لَمْ تَجِدُوْا غَيْرَهَا فَارْحَضُوهَا

❖❖ حضرت حماد بن سلمہ رضی اللہ عنہ کی سند (جس میں ابوقلابہ کے بعد ابواسماء الرجبی کا نام ہے) کے ساتھ ابوثعلبہ کا بیان ہے کہ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! ہم اہل کتاب کے علاقے میں رہتے ہیں تو کیا ہمیں ان کے برتنوں میں کھانا پکانے کی اور (کھانے) پینے کی اجازت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگراس کے علاوہ اورکوئی صورت نہ ہوتو اس کو دھوکر استعمال کرلیا کرو۔

(ہشیم نے خالد سے اس حدیث کوروایت کیا ہے اور اس میں بھی ابوقلابہ کے بعد ابواسماء الرجبی کا نام ہے۔ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

506۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اِنَّا نَغْزُو وَنَسِيْرُ فِي اَرْضِ الْمُشْرِكِيْنَ فَنَحْتَاجُ اِلٰى اٰنِيَةٍ مِّنْ اٰنِيَتِهِمْ فَنَطْبُخُ فِيْهَا، فَقَالَ: اغْسِلُوْهَا بِالْمَآءِ، ثُمَّ اطْبُخُوا فِيْهَا، وَانْتَفِعُوْا بِهَا كِلَا الْاِسْنَادَيْنِ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

✧✧ مذکورہ دونوں اسنادیں، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہیں۔

507۔ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ جُلُوْدِ السِّبَاعِ

✧✧ ابوالملیح اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درندوں کی کھال استعمال کرنے سے منع کیا ہے۔

508۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، وَيُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهٖ رَوَاهُ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمِنْهَالِ، فَقَالَ فِيْهِ عَنْ شُعْبَةَ، وَهُوَ وَهْمٌ مِّنْهُ، وَهٰذَا الْاِسْنَادُ صَحِيْحٌ فَاِنَّ اَبَا الْمَلِيْحِ اسْمُهُ عَامِرُ بْنُ اُسَامَةَ، وَاَبُوْهُ اُسَامَةُ بْنُ عُمَيْرٍ صَحَابِيٌّ مِّنْ بَنِيْ لِحْيَانَ مُخَرَّجٌ حَدِيْثُهُ فِي الْمَسَانِيْدِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ یزید بن زریع کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث منقول ہے۔

✧✧ اسی حدیث کو ایک بصری شیخ الحدیث نے محمد بن المنہال کی سند سے روایت کیا ہے لیکن انہوں نے اس سند میں شعبہ کا ذکر کیا ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) یہ ان کی غلط فہمی ہے۔ تاہم اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔ اس کی سند میں ابوالملیح جو ہیں ان کا نام "عامر بن اسامہ" ہے اور ان کے والد کا نام "اسامہ بن عمیر" ہے اور یہ صحابی رسول ہیں، بنی لحیان سے ان کا تعلق تھا۔ ان کی روایات، مسانید میں لکھی جاتی ہیں۔

حدیث 507:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 4132 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 1771 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 4253 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 20725 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1983 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 508 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 221 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 36417 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 60 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 4579

509- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوبَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِثُلُثَيْ مُدٍّ مِنْ مَاءٍ فَتَوَضَّاَ فَجَعَلَ يَدْلُكُ ذِرَاعَيْهِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ عبداللہ بن زید فرماتے ہیں حضور ﷺ کو ایک مد (ایک پیمانہ ہے) کے دوتہائی (کے برابر) پانی پیش کیا گیا، آپ ﷺ نے اس کے ساتھ وضو کیا اور آپ اپنے بازوؤں پر پانی ملتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

510- اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ: صُبُّوا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَّمْ تُحْلَلْ اَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّي اَعْهَدُ اِلَى النَّاسِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَاَجْلَسْنَاهُ فِي مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ مِنْ نُحَاسٍ، وَسَكَبْنَا عَلَيْهِ الْمَاءَ، فَطَفِقَ يُشِيرُ اِلَيْنَا اَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ ثُمَّ خَرَجَ

حدیث 509:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث:1083 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث:118 ذکره ابوبکر البیہقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث:896

حدیث 510:

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحدیث: 81 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث:25220 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 6596 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 123 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 7082 ذکره ابوبکر البیہقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 120 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان' مدینه منوره' (طبع اول) 1412ھ/1991ء' رقم الحدیث: 645 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین' قاهره' مصر 1415ھ' رقم الحدیث:6714 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحدیث:179 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحدیث:3130

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِاَنَّ هِشَامَ بْنَ يُوْسُفَ الصَّنْعَانِيَّ وَمُحَمَّدَ بْنَ حُمَيْدٍ الْمَعْمَرِيَّ لَمْ يَذْكُرَا عَمْرَةَ فِيْ اِسْنَادِهِ

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض الموت میں فرمایا: میرے اوپر سات مشکیزے پانی بہاؤ۔ شاید کہ میرا وقت قریب آ گیا ہے۔ اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے ایک تانبے کے ٹب میں بٹھایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر پانی ڈالا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف اشارہ کرنے لگے کہ میں نے جو کہا تھا، تم نے وہ کر دیا۔ پھر اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم (ٹب سے) باہر نکل آئے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ ہشام بن یوسف الصنعانی اور محمد بن حمید المعمری دونوں نے اس حدیث کی سند میں "عمرة" کا ذکر نہیں کیا۔

(دوران تبصرہ ہشام بن یوسف الصنعانی کی روایت کا ذکر کیا تھا ان کی حدیث سند کے ہمراہ درج ذیل ہے۔)

511۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ: صُبُّوْا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ

✧✧ حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض الموت میں کہا: میرے اوپر سات مشکیزے (پانی) بہاؤ۔

ابوسفیان المعمری کی روایت کردہ حدیث

512۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ مَّعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ: صُبُّوْا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ كِلَا الْاِسْنَادَيْنِ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ

❖ مذکورہ دونوں اسنادیں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہیں۔

513۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ،

حدیث 513:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دارابن كثير، يمامه، بيروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحديث: 850 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 24262 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 6617 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 169 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين، قاهره، مصر، 1415ھ، رقم الحديث: 1797 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 81 اخرجه ابن راهويه الحنظلي في "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) 1412ھ/1991ء، رقم الحديث: 1254

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، قَالَا: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، أَخْبَرَنِي أَبِي، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ وَمَعَهُ سِوَاكٌ يَسْتَنُّ بِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: أَعْطِنِي هٰذَا السِّوَاكَ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَأَعْطَانِيهِ، فَقَضَمْتُهُ، ثُمَّ مَضَغْتُهُ، فَأَعْطَيْتُهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنَّ بِهِ، وَهُوَ مُسْتَنِدٌ إِلٰى صَدْرِي

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: عبدالرحمٰن بن ابوبکر تشریف لائے تو ان کے پاس مسواک تھی۔ میں نے ان سے کہا: اے عبدالرحمٰن! یہ مسواک مجھے دیجئے۔ انہوں نے وہ مسواک مجھے دی۔ میں نے اس کو چبا کر نرم کر کے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش کی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سینے سے ٹیک لگا کر وہ مسواک کی۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

514ـ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، أَنْبَأَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ عَلَّانَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ مِنَ اللَّيْلِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَسْتَاكُ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات میں دو نوافل پڑھ کر فارغ ہوتے تو مسواک کرتے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

515ـ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، وَأَخْبَرَنَا أَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: ذَكَرَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيُّ،

حدیث 514:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث:405 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2485 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث:12337

حدیث 515:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 26383 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 137 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:158 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث:4738

عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ الصَّلٰوةِ الَّتِيْ يُسْتَاكُ لَهَا عَلَى الصَّلٰوةِ الَّتِيْ لَا يُسْتَاكُ لَهَا سَبْعِيْنَ ضِعْفًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو نماز، مسواک کر کے پڑھی جائے وہ بغیر مسواک کے پڑھی ہوئی نماز سے ۷۰ گنا زیادہ فضیلت رکھتی ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

516- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا عَارِمُ بْنُ الْفَضْلِ، وَحَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ السَّرَّاجُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ لَفَرَضْتُ عَلَيْهِمُ السِّوَاكَ مَعَ الْوُضُوْءِ، وَلَا خَّرْتُ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ اِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ، وَلَمْ يُخَرِّجَا لَفْظَ الْفَرْضِ فِيْهِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا، وَلَيْسَ لَهُ عِلَّةٌ وَّلَهُ شَاهِدٌ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر میری امت کی مشقت میرے پیش نظر نہ ہوتی تو میں ہر وضو کے ساتھ مسواک فرض کر دیتا اور عشاء کی نماز آدھی رات تک موخر کرنے کا حکم دیتا۔

✣✣ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے لیکن اس میں شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے لفظ ''فرض'' کا ذکر نہیں کیا ہے جبکہ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے اور اس میں کوئی علت بھی نہیں ہے۔

درج ذیل لفظوں میں مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جو کہ عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

حدیث 516:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 46 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 23 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 690 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 7338 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ه/1993ء رقم الحديث: 1539 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 139 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 143 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ه-1984ء رقم الحديث: 6270 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 2328 اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه مكتبه المتنبی بيروت قاهره رقم الحديث: 965 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 3046 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی بيروت لبنان 1407ه/ 1987ء رقم الحديث: 1484

517- اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰی، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَیُّوْبَ، اَنْبَاَنَا خَلِیْفَةُ بْنُ خَیَّاطٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِدْرِیْسَ الْبَصْرِیُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَبَّارُ، حَدَّثَنِیْ مَنْصُوْرٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ تَمَّامٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰی اُمَّتِیْ لَفَرَضْتُ عَلَیْهِمُ السِّوَاكَ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ كَمَا فَرَضْتُ عَلَیْهِمُ الْوُضُوْءَ

✧✧ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، کہ اگر میں اپنی امت پر یہ عمل گراں نہ سمجھتا تو ہر نماز کے ساتھ مسواک فرض کر دیتا جیسا کہ ان پر وضو فرض کیا ہے۔

518- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَیْمٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، وَاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَی الْمَخْزُوْمِیُّ، حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَهُ، وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ یَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهِ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِیْ فُدَیْكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسَی الْمَخْزُوْمِیِّ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کا وضو نہیں، اس کی نماز نہیں اور جس نے بسم اللہ نہیں پڑھی اس کا وضو نہیں۔

اس حدیث کو اسماعیل بن ابی فدیک نے محمد بن موسیٰ المخزومی سے روایت کیا ہے۔ ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔

519- اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوْسٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ فُدَیْكٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ یَعْقُوْبَ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّا وُضُوْءَ لَهُ، وَلَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَمْ یَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَیْهِ

حدیث 518:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 101 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 398 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 9408 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 183 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 6409 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 1115 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 5699 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 243 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحادوالمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 873 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 910

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِيَعْقُوْبَ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُوْنِ، وَاسْمُ اَبِىْ سَلَمَةَ دِيْنَارٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ

✤✤ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یعقوب بن ابوسلمہ الماجشون کی روایات نقل کی ہیں اور ابوسلمہ کا نام ''دینار'' ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا ہے۔

520۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ رُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّا وُضُوءَ لَهُ، وَلَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَاَخْبَرَنِىْ عَلِيُّ بْنُ بُنْدَارٍ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْاَثْرَمُ، وَقَالَ: سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ، وَسُئِلَ عَمَّنْ يَّتَوَضَّاُ وَلَا يُسَمِّىْ، فَقَالَ اَحْمَدُ: اَحْسَنُ مَا يُرْوٰى فِىْ هٰذَا الْحَدِيْثِ كَثِيْرُ بْنُ زَيْدٍ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کا وضو نہیں، اس کی نماز نہیں اور اس کا وضو نہیں جس نے بسم اللہ نہ پڑھی۔

(امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) علی بن بندار الزاہد نے عمر بن محمد بن جبیر کے حوالے سے ابوبکر الاثرم کا یہ بیان مجھے سنایا کہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے جب یہ مسئلہ پوچھا گیا کہ ایک شخص نے وضو کیا، لیکن بسم اللہ نہ پڑھی (اس کے وضو کا کیا حکم ہے؟) آپ نے جواب دیا: اس سلسلے میں کثیر بن زید کی حدیث احسن ہے۔ (یعنی بسم اللہ کے بغیر وضو نہیں ہوتا)

521۔ اَخْبَرَنِىْ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوْسٍ الْعَبْدُوْسِيُّ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ نَجْدَةَ الْقُرَشِيُّ، وَحَدَّثَنِىْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسَى الْاَسَدِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا خَلَادُ بْنُ يَحْيَى السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَتُحِبُّوْنَ اَنْ اُرِيَكُمْ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ، فَدَعَا بِاِنَاءٍ فِيْهِ مَاءٌ فَاَغْرَفَ غَرْفَةً فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، ثُمَّ اَخَذَ اُخْرٰى فَجَمَعَ بِهَا يَدَيْهِ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ، ثُمَّ اَخَذَ اُخْرٰى فَغَسَلَ يَدَهُ الْيُمْنٰى، ثُمَّ اَخَذَ غَرْفَةً اُخْرٰى فَغَسَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى، ثُمَّ قُبِضَ قَبْضَةً مِّنَ الْمَآءِ فَنَفَضَ يَدَهُ، فَمَسَحَ بِهَا رَاْسَهُ وَاُذُنَيْهِ، ثُمَّ اَغْرَفَ غَرْفَةً اُخْرٰى فَرَشَّ عَلٰى رِجْلِهِ الْيُمْنٰى وَفِيْهَا النَّعْلُ، وَالْيُسْرٰى مِثْلُ ذٰلِكَ، وَمَسَحَ بِاَسْفَلِ النَّعْلَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا وُضُوءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ،

حدیث 521:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دارابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ/1987ء رقم الحدیث: 140؛ اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 137 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 10759

عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ مَرَّةً مَّرَّةً، وَهُوَ مُجْمِلٌ، وَحَدِيْثُ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ هٰذَا مُفَسَّرٌ

✧✧ عطاء بن یسار کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: کیا تم یہ چاہتے ہو کہ میں تمہیں اس طرح وضو کر کے دکھاؤں جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کیا کرتے تھے؟ پھر آپ نے پانی کا ایک برتن منگوایا، ایک چلو بھر کر اس سے کلی کی اور ناک میں پانی چڑھایا پھر چلو بھرا اور دونوں ہاتھوں کو ملا کر چہرے کو دھویا پھر پانی کا چلو بھرا اور اس سے دایاں بازو دھویا پھر چلو بھرا اور اس سے بایاں بازو دھویا پھر چلو بھرا اور ہاتھ کو جھاڑا پھر اپنے سر اور کانوں کا مسح کیا پھر چلو بھرا اور اسے دائیں پاؤں پر بہایا پھر چلو بھر کر بائیں پاؤں کو دھویا اور آپ نے نعلین کے نیچے سے مسح کیا پھر فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہی وضو کیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا البتہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عطا کی سند سے ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایک مرتبہ اعضاء کو دھویا کرتے تھے۔ یہ حدیث مجمل ہے جبکہ (ہماری نقل کردہ) ہشام کی یہ حدیث تفصیلی ہے۔

522- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَسَارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيْطِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ اَشْيَاءَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْبِغِ الْوُضُوءَ وَخَلِّلِ الْاَصَابِعَ، وَاِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَبَالِغْ، اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَهِيَ فِي جُمْلَةِ مَا قُلْنَا: اِنَّهُمَا اَعْرَضَا، عَنِ الصَّحَابِيِّ الَّذِيْ لَا يَرْوِيْ عَنْهُ غَيْرُ الْوَاحِدِ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِبَعْضِ هٰذَا النَّوْعِ، فَاَمَّا اَبُوْ هَاشِمٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ كَثِيْرٍ الْقَارِءُ فَاِنَّهُ مِنْ كِبَارِ الْمَكِّيِّيْنَ، رَوٰى عَنْهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ بِعَيْنِهِ غَيْرُ الثَّوْرِيِّ جَمَاعَةٌ مِّنْهُمُ ابْنُ جُرَيْجٍ، وَدَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ،

حديث 522:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 788 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 87 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 407 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 2604 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1087 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 150 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 117 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 229 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 481 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بيروت لبنان رقم الحديث: 1341

وَيَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، وَغَيْرُهُمْ

✧✧ عاصم بن لقیط بن صبرہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ وہ رسول پاک ﷺ کی بارگاہ میں آئے، کافی باتیں کیں، حضور ﷺ نے ان سے فرمایا: وضو کو خوب کامل طریقے سے کیا کرو اور انگلیوں کا خلال کیا کرو اور جن دنوں وضو کرنے میں دشواری ہو، ان دنوں زیادہ اچھے طریقے سے وضو کرو، ہاں اگر روزہ دار ہو تو وضو میں زیادہ دیر مت لگاؤ۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس کی وجہ وہی ہے جو ہم پہلے بھی کئی مرتبہ ذکر کر چکے ہیں کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اس صحابی کی روایت نقل نہیں کی جس سے روایت لینے والا صرف ایک شخص ہو، حالانکہ اس جیسی کئی احادیث کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے دلیل کے طور پر نقل کیا ہے۔

ابو ہاشم بن کثیر القاری کبار مکیین میں سے ہیں، بعینہ یہی حدیث ان سے ثوری کے علاوہ بھی ایک جماعت نے روایت کی ہے، ان میں ابن جریج، داؤد بن عبدالرحمٰن العطار، یحیٰی بن سلیم اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے نام شامل ہیں۔

ابن جریج کی روایت کردہ حدیث:

523- فَأَخْبَرَنَاهُ أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو الْبَزَّارُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، وَكَانَ وَافِدَ بَنِي الْمُنْتَفِقِ، أَنَّهُ أَتَى عَائِشَةَ هُوَ وَصَاحِبٌ لَهُ يَطْلُبَانِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجِدَاهُ فَأَطْعَمَتْهُمَا عَائِشَةُ تَمْرًا وَعَصِيدًا، فَلَمْ يَلْبَثَا أَنْ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَقَلَّعُ يَتَكَفَّأُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ أَطْعَمَكُمَا أَحَدٌ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثُمَّ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخْبِرْنَا عَنِ الصَّلٰوةِ، قَالَ: أَسْبِغِ الْوُضُوءَ، وَخَلِّلِ الْأَصَابِعَ، وَإِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَبَالِغْ، إِلَّا أَنْ تَكُونَ صَائِمًا

✧✧ عاصم بن لقیط بن صبرۃ اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں کہ وہ اور ان کے ایک ساتھی رسول پاک ﷺ سے ملاقات کی غرض سے اُمّ المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے۔ رسول پاک ﷺ اس وقت گھر پر موجود نہ تھے۔ اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے ان کو کھجوریں اور عصید (ایک قسم کا کھانا ہے جو آٹے اور گھی وغیرہ کے ساتھ تیار کیا جاتا ہے) کھلایا۔ ابھی زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ رسول پاک ﷺ لڑکھڑاتے ہوئے اور جھک کر چلتے ہوئے تشریف لے آئے۔ آپ ﷺ نے آتے ہی پوچھا: تم نے کسی نے کچھ کھانے کو بھی دیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ! پھر میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ہمیں نماز کے متعلق کچھ بتائیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وضو کو خوب اچھے طریقے سے کرو اور انگلیوں کا خلال کیا کرو اور جب وضو کرنا دشوار ہو تب وضو میں اور بھی مبالغہ کرو، ہاں اگر روزہ دار ہو تو زیادہ مبالغہ مت کرو۔

داؤد بن عبدالرحمٰن العطار کی روایت کردہ حدیث:

524- فَأَخْبَرَنَاهُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ الْخُلْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بُرْدَيْهِ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا

سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ كَثِيْرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اسْتَنْشَقْتَ فَبَالِغْ، اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا، وَلَا تَضْرِبْ ظَعِيْنَتَكَ كَمَا تَضْرِبُ اَمَتَكَ .

✧✧ عاصم بن لقیط بن صبرۃ نے اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے: جب وضو کرنا دشوار ہو تو وضو میں خوب مبالغہ کرو، سوائے اس حالت کے کہ تم روزے سے ہو، اور اپنی بیوی سے لونڈیوں والا سلوک مت کرو۔

یحییٰ بن سلیم کی روایت کردہ حدیث:

525۔ فَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ كَثِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَاصِمَ بْنَ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: كُنْتُ وَافِدَ بَنِي الْمُنْتَفِقِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِيْ عَنِ الْوُضُوْءِ، فَقَالَ: اَسْبِغِ الْوُضُوْءَ، وَخَلِّلْ بَيْنَ الْاَصَابِعِ، وَبَالِغْ فِي الاسْتِنْشَاقِ، اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .

✧✧ یحییٰ بن سلیم کی سند کے ساتھ بھی یہ حدیث لقیط بن صبرہ سے منقول ہے۔

مذکورہ حدیث کے لئے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی شاہد حدیث:

526۔ اَخْبَرَنَاهُ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ قَارِظِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ غَطَفَانَ الْمُرِّيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اسْتَنْثِرُوْا مَرَّتَيْنِ بَالِغَتَيْنِ، اَوْ ثَلَاثًا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ناک میں دو یا تین دفعہ خوب اچھی طرح پانی چڑھاؤ۔

527۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَطِيْعِيُّ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ عَامِرِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: رَاَيْتُ عُثْمَانَ، تَوَضَّاَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَاسْتَنْشَقَ، وَمَضْمَضَ ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ ظَاهِرِهِمَا وَبَاطِنِهِمَا، وَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ ثَلَاثًا حِيْنَ

حدیث 526:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 141 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 2011 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 97 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول 1409ھ) رقم الحدیث: 277

غَسَلَ وَجْهَهُ قَبْلَ اَنْ يَّغْسِلَ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ الَّذِيْ رَاَيْتُمُوْنِيْ فَعَلْتُ وَقَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ طُرُقٍ لِحَدِيْثِ عُثْمَانَ فِيْ دُبُرِ وُضُوْئِهٖ، وَلَمْ يَذْكُرَا فِيْ رِوَايَاتِهِمَا تَخْلِيْلَ اللِّحْيَةِ ثَلَاثًا،

وَهٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ، قَدِ احْتَجَّا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ غَيْرِ عَامِرِ بْنِ شَقِيْقٍ، وَلَا اَعْلَمُ فِيْ عَامِرِ بْنِ شَقِيْقٍ طَعْنًا بِوَجْهٍ مِّنَ الْوُجُوْهِ، وَلَهٗ فِيْ تَخْلِيْلِ اللِّحْيَةِ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، وَاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَعَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

✧✧ حضرت شقیق بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا، انہوں نے اپنا چہرہ دھویا، ناک میں پانی چڑھایا، تین مرتبہ کلی کی، اپنے سر کا اور کانوں کا اندر، باہر مسح کیا اور چہرہ دھونے کے دوران قدم دھونے سے پہلے اپنی داڑھی کا تین مرتبہ خلال کیا پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یونہی وضو کرتے دیکھا ہے۔

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اس وضو والی حدیث کے طرق نقل کئے ہیں لیکن انہوں نے اپنی روایات میں داڑھی کے تین مرتبہ خلال کا ذکر نہیں کیا ہے اور یہ اسناد صحیح ہے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے عامر بن شقیق کے علاوہ اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) عامر بن شقیق کے حوالے سے کسی قسم کا طعن میرے علم میں نہیں ہے۔

تخلیل لحیہ کے متعلق مذکورہ حدیث کی صحیح شاہد حدیثیں موجود ہیں جو کہ عمار بن یاسر، انس بن مالک رضی اللہ عنہ اور اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہیں۔

عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ شاہد حدیث:

528۔ فَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَنْصُوْرِيُّ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ يُوْسُفَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ بِلَالٍ، اَنَّهٗ رَاٰى عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَّتَوَضَّاُ فَخَلَّلَ اللِّحْيَةَ فَقِيْلَ لَهٗ: تُخَلِّلُ لِحْيَتَكَ؟ فَقَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِيْ وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَلِّلُ لِحْيَتَهٗ؟ قَالَ سُفْيَانُ: وَحَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عَمَّارٍ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ

✧✧ حسان بن بلال کہتے ہیں: انہوں نے عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو وضو کے دوران داڑھی کا خلال کرتے دیکھا تو ان سے کہا: آپ داڑھی کا خلال کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: مجھے اس میں رکاوٹ کیا ہے؟ میں نے خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو داڑھی کا خلال کرتے دیکھا ہے۔ سفیان نے یہی حدیث ایک اور سند کے ہمراہ بھی روایت کی ہے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ شاہد حدیث:

529۔ فَحَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: رَاَيْتُ

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ بِاَصَابِعِهِ مِنْ تَحْتِهَا، وَقَالَ: بِهٰذَا اَمَرَنِيْ رَبِّي

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے دیکھا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیوں کے ساتھ داڑھی کے نیچے سے اس کا خلال کیا اور فرمایا: میرے اللہ نے مجھے یہی حکم دیا ہے۔

530۔ وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَزَارِيُّ، عَنْ مُوسٰى بْنِ اَبِيْ عَآئِشَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ، وَقَالَ: بِهٰذَا اَمَرَنِيْ رَبِّي "

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کے دوران داڑھی کا خلال کرتے ہوئے دیکھا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اللہ نے مجھے یہی حکم دیا ہے۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کردہ حدیث:

531۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ فَيَّاضٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِيْ وَهْبٍ، عَنْ مُوسٰى بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَرِيزٍ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَوَضَّاَ خَلَّلَ لِحْيَتَهُ وَهٰذَا شَاهِدٌ صَحِيْحٌ فِيْ مَسْحِ بَاطِنِ الْاُذُنَيْنِ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کیا کرتے تھے تو اپنی داڑھی کا خلال کرتے تھے۔

کانوں کے اندرونی جانب مسح کرنے کے بارے میں یہ صحیح حدیث شاہد ہے:

532۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ فَمَسَحَ بَاطِنَ اُذُنَيْهِ وَظَاهِرَهُمَا، قَالَ: وَكَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَّاْمُرُ بِذٰلِكَ، زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ ثِقَةٌ مَّاْمُوْنٌ قَدْ اَسْنَدَهُ عَنِ الثَّوْرِيِّ وَاَوْقَفَهُ غَيْرُهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کے دوران کانوں کے اندر اور باہر (دونوں طرف) مسح کیا۔ (آپ فرماتے ہیں) ابن مسعود رضی اللہ عنہ بھی یہی حکم دیا کرتے تھے (کہ کانوں کے اندر اور باہر دونوں جانب مسح کیا کرو)

اس کی سند میں جو زائدہ ہیں یہ "زائدہ بن قدامہ" ہیں۔ثقہ ہیں،اصحاب جرح والتعدیل کے طعن سے بھی بچے ہوئے ہیں۔

حدیث 532:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:442

انہوں نے ثوری کی سند کے ساتھ مکمل سند بیان کی ہے اور دیگر رواۃ کے ذریعے جو روایتیں ہیں وہ موقوف ہیں۔

533۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ الْهَاشِمِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

وَشَاهِدُهُ الْحَدِيْثُ الْمُرْسَلُ الْمَشْهُوْرُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ مَرَّةً مَرَّةً، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا وَظِيفَةُ الْوُضُوْءِ، ثُمَّ تَوَضَّاَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ: هٰذَا الْوَسِيْطُ مِنَ الْوُضُوْءِ الَّذِيْ يُضَاعِفُ اللّٰهُ الْاَجْرَ لِصَاحِبِهٖ مَرَّتَيْنِ الْحَدِيْثُ بِطُوْلِهٖ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دو مرتبہ اعضاء وضو کو دھویا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

اس حدیث کی ایک مرسل مشہور حدیث شاہد ہے جو کہ معاویہ بن قرہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے وہ یہ ہے کہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک مرتبہ وضو کیا پھر فرمایا: اتنا وضو کرنا ضروری ہے پھر دو دو مرتبہ وضو کیا اور فرمایا کہ یہ درمیانے درجے کا وضو ہے، جس پر اللہ تعالیٰ دوگنا اجر دیتا ہے۔ اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

534۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ هِشَامُ

حدیث 533:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دارا بن کثیر' یمامه' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء' رقم الحدیث: 157 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 136 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 43 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 420 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 8747 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 170 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 1094 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1924 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 1543 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 5598 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 81 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 380 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحدیث: 125

بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَوَضَّاَ مَرَّةً مَرَّةً، وَجَمَعَ بَيْنَ الْمَضْمَضَةِ وَالاسْتِنْشَاقِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایک مرتبہ وضو کیا اور ایک ہی چلّو سے کلی بھی کی اور اسی سے ناک میں بھی پانی چڑھایا۔

535۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السَّكَنِ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ بِغَرْفَةٍ غَرْفَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایک چلو لے کر وضو کیا کرتے تھے۔

✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

536۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُعَمَّرِيُّ بِالْمَدِيْنَةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: دَخَلْتُ الْاَسْوَاقَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبَ لِحَاجَتِهِ، قَالَ: فَجَآءَ فَنَاوَلْتُهُ مَاءً فَتَوَضَّاَ ثُمَّ ذَهَبَ لِيُخْرِجَ ذِرَاعَيْهِ مِنْ جَيْبِهِ فَلَمْ يَقْدِرْ، فَاَخْرَجَهُمَا مِنْ تَحْتِ الْجُبَّةِ، فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ وَّهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَفِيْهِ فَائِدَةٌ كَبِيْرَةٌ وَّهِيَ: اَنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا حَدِيْثَ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ فِيْ مَسْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُفَّيْنِ فِي الْحَضَرِ، وَذِكْرَ التَّوْقِيتِ فِيْهِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى اِخْبَارِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، وَالْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَاِنَّ الْاَسْوَاقَ مَحِلَّةٌ مَّشْهُوْرَةٌ مِّنْ مَّحَالِّ الْمَدِيْنَةِ، وَالْحَدِيْثُ مَشْهُوْرٌ بِدَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ الْفَرَّاءِ

✧✧ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ (مدینہ کے ایک علاقہ) اسواق میں گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے بعد واپس تشریف لائے تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پانی پیش کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا، اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کہنیاں قمیص کے بازو سے نکالنا چاہیں، لیکن نہ نکل سکیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبہ کے نیچے سے ہی نکال لیں اور ان کو دھولیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے موزوں پر مسح کیا۔

✤ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ یہ حدیث مالک بن انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے صحیح ہے۔ (امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے رسول اللہ کے موزوں پر مسح

کرنے اور اس کے وقت کے تعین کرنے کے متعلق صفوان بن عسال کی حدیث نقل نہیں کی لیکن دونوں نے علی ابن ابی طالب اور مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہما کی مسح علی الخفین کے متعلق احادیث نقل کی ہیں۔ (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......) اور ''اسواق'' مدینے کے محلوں میں سے ایک محلّہ ہے۔

537- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَسْوَاقَ فَذَهَبَ لِحَاجَتِهٖ وَمَعَهُ بِلَالٌ، ثُمَّ خَرَجَا فَسَاَلْتُ بِلَالًا مَاذَا صَنَعَ؟ قَالَ: تَوَضَّاَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَيَدَيْهِ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهٖ، وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِدَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ

✧✧ داؤد بن سلیمان اپنی سند کے ساتھ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسواق (محلّہ) میں گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ اس دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے پھر دونوں واپس تشریف لے آئے (اسامہ کہتے ہیں) میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا (وضو کے دوران) اپنا چہرہ اور ہاتھ دھوئے، سر کا مسح کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

538- وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، ثُمَّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ مِقْلَاصٍ، وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَا: اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ حَبَّانَ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَتَوَضَّاُ فَاَخَذَ مَاءً لِاُذُنَيْهِ خِلَافَ الْمَآءِ الَّذِيْ مَسَحَ بِهٖ رَاْسَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ اِذَا سَلِمَ مِنَ ابْنِ اَبِيْ عُبَيْدِ اللّٰهِ هٰذَا فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِجَمِيْعِ رُوَاتِهٖ، وَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، عَنْ اَبِيْ عَلِيٍّ وَّشَاهِدُهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کا مسح کر کے، کانوں کے مسح کے لئے الگ پانی لیا۔

539- مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حَبَّانَ بْنَ وَاسِعٍ، اَنَّ اَبَاهُ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ اُذُنَيْهِ بِغَيْرِ الْمَآءِ الَّذِيْ مَسَحَ بِهٖ رَاْسَهُ

وَهٰذَا يُصَرِّحُ بِمَعْنَى الْاَوَّلِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ مِثْلُهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کانوں کا مسح اسی پانی سے نہیں کیا جس کے ساتھ سر کا مسح کیا بلکہ کانوں کے لئے نیا پانی لیا۔

❖❖ یہ حدیث گزشتہ حدیث کے مفہوم کی ہی وضاحت کرتی ہے اور ''صحیح'' بھی ہے۔

540۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ اُذُنَيْهِ بَاطِنَهُمَا وَظَاهِرَهُمَا

وَلَمْ يَحْتَجَّا بِابْنِ عَقِيْلٍ وَّهُوَ مُسْتَقِيْمُ الْحَدِيْثِ مُقَدَّمٌ فِي الشَّرَفِ

❖❖ حضرت ربیع بنت معوذ فرماتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کانوں کا اندر اور باہر سے مسح کیا۔

❖❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابن عقیل کی روایات نقل نہیں کی ہیں حالانکہ ان کی احادیث ''صحیح'' ہوتی ہیں اور رتبہ میں بھی یہ دوسروں سے مقدم ہیں۔

541۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، وَاَبُوْ دَاوُدَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَحَفْصُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَا وَرَجُلَانِ رَجُلٌ مِّنَّا، وَرَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ اَسَدٍ، قَالَ: فَبَعَثَهُمَا لِحَاجَةٍ، وَقَالَ: اِنَّكُمَا عِلْجَانِ فَعَالِجَا عَنْ دِيْنِكُمَا، قَالَ: ثُمَّ دَخَلَ الْمَخْرَجَ ثُمَّ خَرَجَ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ يَدَيْهِ، ثُمَّ جَعَلَ يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ، فَكَاَنَّا اَنْكَرْنَا، فَقَالَ: كَاَنَّكُمَا اَنْكَرْتُمَا، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي الْحَاجَةَ، وَيَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ، وَيَاْكُلُ اللَّحْمَ، وَلَمْ يَكُنْ يَّحْجُبُهُ عَنْ قِرَائَتِهٖ شَيْءٌ لَّيْسَ الْجَنَابَةُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَالشَّيْخَانِ لَمْ يَحْتَجَّا بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ، فَمَدَارُ الْحَدِيْثِ عَلَيْهِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلِمَةَ غَيْرُ مَطْعُوْنٍ فِيْهِ

❖❖ حضرت عبداللہ بن سلمہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے (کہتے ہیں) میں اور دو آدمی (جن میں سے ایک ہمارے قبیلے کا تھا اور دوسرا بنواسد سے تعلق رکھتا تھا) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے (عبداللہ کہتے ہیں) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو کسی کام سے بھیجا اور فرمایا: تم دونوں مضبوط آدمی ہو، اس لئے تم اپنے دین کا دفاع کرو (عبداللہ کہتے ہیں) پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ بیت الخلاء میں جا کر واپس آئے پھر آپ نے پانی منگوا کر اس سے اپنے ہاتھوں کو دھویا پھر آپ قرآن پاک پڑھنے لگے: ہمیں یہ بات اچھی نہیں لگی۔ آپ نے فرمایا: لگتا ہے تمہیں میرا یہ عمل اچھا نہیں لگا۔ رسول اکرم ﷺ بھی قضائے حاجت کے بعد (بغیر وضو کئے) قرآن پاک پڑھا کرتے تھے اور گوشت بھی کھالیا کرتے تھے۔ آپ کو سوائے جنابت کے اور کوئی چیز قرآن پاک کی تلاوت سے نہیں

حدیث 541:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 229 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 840 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت سنن 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 208 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 418 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 101

روکی تھی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبداللہ بن سلمہ کی روایات نقل نہیں کی ہیں اور اس حدیث کا مدار، انہی پر ہے اور عبداللہ بن سلمہ پر کسی کا طعن بھی ثابت نہیں ہے۔

542۔ اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ، وَاَبُوْ عَوْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَرَازُ بِمَكَّةَ فِيْ اٰخَرِيْنَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِى الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ اَهْلَهٗ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يُعَاوِدَ فَلْيَتَوَضَّاْ، فَاِنَّهٗ اَنْشَطُ لِلْعَوْدِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَاهُ اِلٰى قَوْلِهٖ فَلْيَتَوَضَّاْ فَقَطْ، وَلَمْ يَذْكُرَا فِيْهِ فَاِنَّهٗ اَنْشَطُ لِلْعَوْدِ وَهٰذِهٖ لَفْظَةٌ تَفَرَّدَ بِهَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، وَالتَّفَرُّدُ مِنْ مِثْلِهٖ مَقْبُوْلٌ عِنْدَهُمَا

❖❖ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص اپنی بیوی سے ایک دفعہ ہمبستری کرنے کے بعد دوبارہ ہمبستری کرنا چاہتا ہو، تو اس کو وضو کر لینا چاہئے کیونکہ وضو کرنے سے دوبارہ ہمبستری کرنے میں زیادہ لذت اور سرور حاصل ہوتا ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ لیکن دونوں نے اس حدیث کو ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا ہے۔ انہوں نے صرف **فليتوضا** کے الفاظ نقل کئے ہیں (**فانه انشط للعود**) کے الفاظ ذکر نہیں کئے ہیں اور اس لفظ کو شعبہ، عاصم سے روایت کرنے میں متفرد ہیں اور ان جیسے محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے تفردات، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے نزدیک مقبول ہیں۔

543۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَتَّابٍ اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا

حدیث 542:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 308 اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 220 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 141 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 587 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1211 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 219 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 9038 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 13865

سَعِيْدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ عُفَيْرٍ، وَيَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَيْسٍ، قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ، قُلْتُ: كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ فِي الْجَنَابَةِ اَكَانَ يَغْتَسِلُ قَبْلَ اَنْ يَّنَامَ، اَوْ يَنَامُ قَبْلَ اَنْ يَّغْتَسِلَ ؟ قَالَتْ: كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ يَفْعَلُ، رُبَّمَا اغْتَسَلَ فَنَامَ، وَرُبَّمَا تَوَضَّاَ فَنَامَ، قُلْتُ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً

رَوَاهُ مُسْلِمٌ فِي الصَّحِيحِ، عَنْ قُتَيْبَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ شَوَاهِدَهُ بِاَلْفَاظِهَا، وَقَدْ تَابَعَهُ غُضَيْفُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَائِشَةَ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن ابی قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل جنابت کب کیا کرتے تھے؟ سونے سے پہلے یا سونے کے بعد اٹھ کر؟ انہوں نے فرمایا: اکثر سونے سے پہلے ہی غسل کر لیتے تھے لیکن کبھی کبھی صرف وضو کر کے سو جاتے تھے، میں نے کہا: اللہ کا شکر ہے، جس نے شرعی امور میں گنجائش رکھی ہے۔

✣✣ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں قتیبہ سے یہی حدیث نقل کی ہے لیکن انہوں نے اس کے شواہد انہی لفظوں کے ہمراہ ذکر نہیں کئے۔

اس حدیث کو عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرنے میں ''غضیف بن الحارث'' نے ''عبداللہ ابن ابی قیس'' کی متابعت کی ہے۔ ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے:

544- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِيّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَاَبُوْ حُذَيْفَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، عَنْ غُسْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَقَالَتْ: رُبَّمَا اغْتَسَلَ قَبْلَ

حدیث **543**:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 307 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 223 اخرجه ابن راهويه الحنظلی فی "مسنده" طبع مكتبه الايمان، مدينه منوره، (طبع اول) 1412ھ / 1991ء، رقم الحديث: 1676 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 1437 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودی عرب، 1414ھ / 1994ء، رقم الحديث: 917 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 24497

حدیث **544**:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 223 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ / 1991ء، رقم الحديث: 226 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله، بيروت، لبنان، 1405ھ / 1984ء، رقم الحديث: 393

اَنْ يَّنَامَ، وَرُبَّمَا نَامَ قَبْلَ اَنْ يَّغْتَسِلَ تَابَعَهُ كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ بُرْدٍ

✧✧ غضیف بن الحارث کہتے ہیں: میں نے اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل جنابت کے متعلق پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواباً ارشاد فرمایا: کبھی آپ سونے سے پہلے غسل کر لیتے تھے اور کبھی غسل کرنے سے پہلے سوجاتے تھے۔

اس حدیث کو برد بن سنان سے روایت کرنے میں کھمس بن سنان نے سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کی متابعت کی ہے (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

545- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا كَهْمَسٌ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: قُلْتُ لِعَآئِشَةَ: اَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَهُ الْجَنَابَةُ اغْتَسَلَ مِنْ اَوَّلِهٖ، اَوْ مِنْ اٰخِرِهٖ ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اَوَّلِهٖ، وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اٰخِرِهٖ، قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

✧✧ کھمس اپنی سند کے ساتھ غضیف بن الحارث سے روایت کرتے ہیں (حارث کہتے ہیں) میں نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم غسل جنابت فوراً کر لیتے تھے یا دیر سے؟ انہوں نے جواب دیا: کبھی فوراً کر لیتے تھے اور کبھی دیر سے۔ میں نے کہا: شکر ہے اس پاک ذات کا، جس نے شرعی امور میں وسعت رکھی ہے اور اللہ تعالیٰ ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کی آل اور آپ کے تمام اصحاب پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ (آمین)

546- وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، وَثنا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَآئِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ، وَلَا اَرَاهُ يُحْدِثُ وُضُوءً ا بَعْدَ الْغُسْلِ

حدیث 546:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 250 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 107 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث:252 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 579 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 24434 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث:249 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 817 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 4531 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 1390 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان مدینه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحدیث:1521

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ مُلَخَّصٌ مُفَسَّرٌ، وَلَمْ يَشُكَّ فِيْهِ الرَّاوِیْ

✧✧ حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر سے پہلے دو رکعت ادا کیا کرتے تھے، میں نے آپ کو غسل کے بعد نیا وضو کرتے نہیں دیکھا۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔
مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر ہے جو اس حدیث سے زیادہ ملخص اور مفسر ہے اور اس حدیث میں اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا کے الفاظ میں تردد بھی نہیں ہے۔ (وہ حدیث درج ذیل ہے)

547۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: قَرَاْتُ عَلٰى شَرِيْكٍ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَتَوَضَّاُ بَعْدَ الْغُسْلِ وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

✧✧ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کے بعد وضو نہیں کیا کرتے تھے۔

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی مذکورہ حدیث کی شاہد حدیث:

548۔ حَدَّثَنِیْ عُمَرُ بْنُ جَعْفَرٍ الْبَصْرِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْوُضُوْءِ بَعْدَ الْغُسْلِ، فَقَالَ: وَاَیُّ وُضُوْءٍ اَفْضَلُ مِنَ الْغُسْلِ ؟ قَالَ الْحَاكِمُ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ ثِقَةٌ، وَقَدْ اَوْقَفَهُ غَيْرُهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے غسل کے بعد وضو کے متعلق مسئلہ پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غسل سے بہتر کون سا وضو ہے؟

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: محمد بن عبداللہ بن بزیع ''ثقہ'' ہیں۔ ان کے علاوہ جن راویوں نے بھی یہ حدیث نقل کی ہے انہوں نے اسے موقوف رکھا ہے۔

549۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: قَرَاْتُ عَلٰى شَرِيْكٍ. وَاَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، قَالَا: حَدَّثَنَا حُرَيْثُ بْنُ اَبِیْ مَطَرٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث: 549

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 1970 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحدیث: 1068

وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَدْفِءُ بِهَا بَعْدَ الْغُسْلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَوَاهِدُهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَعُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَالطَّرِيْقُ اِلَيْهِمَا فَاسِدٌ

✧✧ حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرنے کے بعد (میرے ساتھ لحاف میں لیٹ کر) گرمائش حاصل کیا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اس حدیث کی شاہد حدیثیں بھی موجود ہیں، جو کہ سعید بن المسیب اور عروہ نے عائشہ سے روایت کی ہیں، تاہم ان تک سند ذرا کمزور ہے۔

550۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ اَبِيْ مُعَاذٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهُ خِرْقَةٌ يُنَشِّفُ بِهَا بَعْدَ الْوُضُوْءِ اَبُوْ مُعَاذٍ هٰذَا هُوَ الْفَضْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ بَصْرِيٌّ، رَوٰى عَنْهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَّاَثْنٰى عَلَيْهِ، وَهُوَ حَدِيْثٌ قَدْ رُوِيَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَغَيْرِهٖ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک رومال ہوتا تھا جس کے ساتھ آپ وضو کرنے کے بعد پانی خشک کیا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے روایت نہیں کیا ہے۔

اس کی سند میں جو ابو معاذ ہیں، ان کا نام فضل بن میسرۃ ہے۔ یہ بصری ہیں اور یحییٰ بن سعید نے ان سے حدیث روایت کی ہے۔

551۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ الْقَاضِيْ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ مَرْوَانَ الْاَصْفَرِ، قَالَ: رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ اَنَاخَ رَاحِلَتَهُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، ثُمَّ جَلَسَ يَبُوْلُ اِلَيْهَا، فَقُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَلَيْسَ قَدْ نُهِيَ عَنْ هٰذَا؟ قَالَ: اِنَّمَا نُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ فِي الْفَضَاءِ، فَاِذَا كَانَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ شَيْءٌ يَسْتُرُكَ فَلَا بَاْسَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، فَقَدِ احْتَجَّ بِالْحَسَنِ بْنِ ذَكْوَانَ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ عَنْ جَابِرٍ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ مروان الاصفر کہتے ہیں: میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا، انہوں نے اپنا اونٹ قبلہ کی سمت بٹھایا اور پھر قبلہ کی طرف

حدیث 551:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 60

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 443

رخ کر کے پیشاب کرنے بیٹھ گئے (جب فارغ ہوئے تو) میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا رسول اکرم ﷺ نے اس سے منع نہیں کیا؟ انہوں نے فرمایا: کھلی فضا میں (قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ کرنے سے) منع کیا ہے اور جب تمہارے اور قبلہ کے درمیان کوئی چیز حائل ہو تو کوئی حرج نہیں۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حسن بن ذکوان کی روایات نقل کی ہیں۔

مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ جابر سے مروی ہے اور یہ حدیث امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

552- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِیْ اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَهَانَا اَنْ نَسْتَدْبِرَ الْقِبْلَةَ اَوْ نَسْتَقْبِلَهَا بِفُرُوجِنَا اِذَا اَهْرَقْنَا الْمَاءَ، ثُمَّ رَاَيْنَاهُ قَبْلَ مَوْتِهٖ وَهُوَ يَبُوْلُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ

❖❖ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ہمیں پیشاب کے وقت قبلہ کی طرف رخ اور پیٹھ کرنے سے منع کیا کرتے تھے پھر ہم نے آپ کی وفات سے پہلے آپ ﷺ کو قبلہ کی طرف رخ کر کے پیشاب کرتے دیکھا۔

553- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبِيْبٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ وَّهُوَ اَخْبَثُ مِنْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ رُوَاتُهٗ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ، فَاِنْ سَلِمَ مِنْ يُوْسُفَ بْنِ خَالِدٍ السَّمْتِيِّ فَاِنَّهٗ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَقَدْ خَرَّجْتُهٗ لِشِدَّةِ الْحَاجَةِ اِلَيْهِ، وَقَدِ اسْتَعْمَلَ مِثْلَهُ الشَّيْخَانِ فِیْ غَيْرِ مَوْضِعٍ يَّطُوْلُ بِشَرْحِهِ الْكِتَابُ

❖❖ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: کتے کی کمائی خبیث ہے اور وہ خود اس سے بھی زیادہ خبیث ہے۔

❖❖ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں اگر (اس کے ایک راوی) یوسف بن خالد السمتی (محدثین رحمۃ اللہ علیہم کے طعن سے) محفوظ رہیں تو یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کی ہے اور میں نے اس حدیث کو شدید ضرورت کی وجہ سے نقل کیا ہے اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے کئی مقامات پر ایسے کیا ہے اگر ان سب کا یہاں پر ذکر کروں تو بہت طوالت ہو جائے گی۔

554- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوْتِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرَ، حَدَّثَنِیْ عُتْبَةُ بْنُ اَبِیْ حَكِيْمٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُوْ اَيُّوْبَ، وَجَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّوْنَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ هٰذِهٖ

الْآيَةَ: فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَثْنٰى عَلَيْكُمْ خَيْرًا فِي الطُّهُوْرِ فَمَا طُهُوْرُكُمْ هٰذَا؟ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، نَتَوَضَّأُ لِلصَّلٰوةِ، وَالْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَلْ مَعَ ذٰلِكَ غَيْرُهُ؟ قَالُوْا: لَا، غَيْرَ اَنَّ اَحَدَنَا اِذَا خَرَجَ مِنَ الْغَائِطِ اَحَبَّ اَنْ يَّسْتَنْجِيَ بِالْمَآءِ، قَالَ: هُوَ ذَاكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ كَبِيْرٌ صَحِيْحٌ فِيْ كِتَابِ الطَّهَارَةِ، فَاِنَّ مُحَمَّدَ بْنَ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرَ، وَعُتْبَةَ بْنَ اَبِيْ حَكِيْمٍ مِّنْ اَئِمَّةِ اَهْلِ الشَّامِ، وَالشَّيْخَانِ اِنَّمَا اَخَذَا مُخَّ الرِّوَايَاتِ، وَمِثْلُ هٰذَا الْحَدِيْثِ لَا يُتْرَكُ لَهُ، قَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ: مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ اَعْرَفُ النَّاسِ بِحَدِيْثِ الشَّامِيِّيْنَ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ، جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ اس آیت (: فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ)(التوبہ:۱۰۸) کے متعلق بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے انصاریو! اللہ تعالیٰ نے تمہاری طہارت پسندی کی تعریف کی ہے۔ تو تمہاری طہارت کا طریقہ کیا ہے؟ انہوں نے جواباً عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم نماز کے لئے وضو کرتے ہیں اور جنابت کا غسل کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے علاوہ کوئی اور عمل؟ انہوں نے جواب دیا: اور کوئی خاص عمل تو نہیں ہے البتہ ہم لوگ جب بول و براز سے فارغ ہوتے ہیں تو پانی کے ساتھ استنجاء کرنے کو پسند کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہی ہے۔

✣✣ کتاب الطہارت میں اس حدیث کا بہت مقام ہے کیونکہ اس کی سند میں محمد بن شعیب بن شابور اور عتبہ بن ابی حکیم اہل شام کے ائمہ حدیث میں سے ہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے روایات کے اصل مغز نقل کئے ہیں اور اس طرح کی حدیث کو ترک نہیں کرنا چاہئے۔ ابراہیم بن یعقوب کہتے ہیں: شامیوں کی حدیث کے سلسلے میں محمد بن شعیب سب سے زیادہ مشہور ہیں۔

ایک سند صحیح کے ساتھ مذکورہ حدیث کی شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

555۔ اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عُوَيْمِ بْنِ سَاعِدَةَ الْاَنْصَارِيِّ، ثُمَّ الْعِجْلِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَهْلِ قُبَاءَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحْسَنَ الثَّنَاءَ عَلَيْكُمْ فِي الطُّهُوْرِ، وَقَالَ: فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا حَتّٰى انْقَضَتِ الْاٰيَةُ، فَقَالَ لَهُمْ: مَا هٰذَا الطُّهُوْرُ

حدیث 554:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 355 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 515 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "مسند الشاميين" طبع موسسة الرسالة بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 729 اخرجه ابوبكر الكوفى فى "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودى عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 1630 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 23884

✧✧ حضرت عویف بن ساعدہ انصاری العجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل قباء سے کہا: اللہ تعالیٰ نے تمہاری ستھرائی اور پاکیزگی کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا ہے: فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا (آخر آیت تک آپ نے پڑھا) پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا: تمہاری وہ کون سی طہارت ہے؟

556۔ اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ الْاَنْصَارِيُّ، ثُمَّ الْمَازِنِيُّ مَازِنُ بَنِي النَّجَّارِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: اَرَاَيْتَ وُضُوءَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ لِكُلِّ صَلٰوةٍ طَاهِرًا كَانَ، اَوْ غَيْرَ طَاهِرٍ، عَنْ مَّنْ هُوَ؟ قَالَ: حَدَّثَتْهُ اَسْمَاءُ بِنْتُ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِي عَامِرٍ الْغَسِيلَ، حَدَّثَهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ طَاهِرًا كَانَ، اَوْ غَيْرَ طَاهِرٍ، فَلَمَّا شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّوَضَعَ عَنْهُمُ الْوُضُوءَ اِلَّا مِنْ حَدَثٍ وَّكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَرٰى اَنَّ بِهٖ قُوَّةً عَلٰى ذٰلِكَ فَفَعَلَهُ حَتّٰى مَاتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَوَضَّاُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ، فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ صَلَّى الصَّلَوَاتِ كُلَّهَا بِوُضُوءٍ وَّاحِدٍ

✧✧ محمد بن یحییٰ بن حبان انصاری المازنی رضی اللہ عنہ نے عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا: آپ نے غور کیا ہے؟ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہر نماز کے لئے نیا وضو کیا کرتے تھے خواہ ان کو وضو کی حاجت ہو یا نہ ہو، وہ کس حوالے سے ایسا کرتے تھے؟ (عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بیٹے عبیداللہ نے ان کو جواب دیا) ان کو اسماء بنت زید بن الخطاب نے عبداللہ بن حنظلہ بن ابی عامر کے حوالے سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عادت کریمہ بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لئے تازہ وضو کیا کرتے تھے خواہ وضو کی ضرورت ہوتی یا نہ ہوتی۔ پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عمل میں (امت کے لئے) مشقت محسوس کی تو ہر نماز کے لئے مسواک کا حکم دے دیا اور وضو صرف اس شخص کے لئے لازم رکھا جس کا وضو نہ ہو اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ یہ سمجھتے تھے کہ وہ ہر نماز کے لئے تازہ وضو کرنے کی استطاعت رکھتے ہیں، اس لئے انہوں نے آخری وقت تک ہر نماز کے لئے تازہ وضو ہی کیا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے علقمہ بن مرثد کی وہ روایت نقل کی ہے جس میں انہوں نے سلمان بن بریدہ پھر ان کے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمل بیان کیا ہے کہ آپ ہر نماز کے لئے تازہ وضو کیا کرتے تھے اور فتح کا سال آیا تو آپ نے پانچوں نمازیں ایک وضو کے ساتھ ادا کی ہیں۔

557۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِيْ صَدَقَةُ بْنُ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ جَابِرٍ وَّهُوَ عَقِيْلُ بْنُ جَابِرٍ سَمَّاهُ سَلَمَةُ الْاَبْرَشُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ ذَاتِ الرِّقَاعِ مِنْ نَخْلٍ فَاَصَابَ رَجُلٌ

مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ امْرَاَةً مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَافِلا اَتٰى زَوْجُهَا وَكَانَ غَائِبًا، فَلَمَّا اُخْبِرَ الْخَبَرَ حَلَفَ لا يَنْتَهِى حَتّٰى يُهْرِيقَ فِيْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَمًا، فَخَرَجَ يَتْبَعُ اَثَرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلا فَقَالَ: مَنْ رَّجُلٌ يَكْلَؤُنَا لَيْلَتَنَا هٰذِهِ فَانْتَدِبَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَرَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالا: نَحْنُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَكُوْنَا بِفَمِ الشِّعْبِ، قَالَ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ قَدْ نَزَلُوْا اِلَى الشِّعْبِ مِنَ الْوَادِىْ، فَلَمَّا اَنْ خَرَجَ الرَّجُلانِ اِلٰى فَمِ الشِّعْبِ، قَالَ الْاَنْصَارِيُّ لِلْمُهَاجِرِيِّ: اَىُّ اللَّيْلِ اَحَبُّ اِلَيْكَ اَنْ اَكْفِيَكَهُ ؟ قَالَ: اكْفِنِيْ اَوَّلَهُ، فَاضْطَجَعَ الْمُهَاجِرِيُّ، وَقَامَ الْاَنْصَارِيُّ يُصَلِّيْ، قَالَ: وَاَتٰى زَوْجُ الْمَرْاَةِ فَلَمَّا رَاٰى شَخْصَ الرَّجُلِ عَرَفَ اَنَّهُ رَبِيَّةُ الْقَوْمِ، قَالَ: فَرَمَاهُ بِسَهْمٍ فَوَضَعَهُ فِيْهِ، قَالَ: فَنَزَعَهُ فَوَضَعَهُ وَثَبَتَ قَائِمًا يُّصَلِّيْ، ثُمَّ رَمَاهُ بِسَهْمٍ اٰخَرَ فَوَضَعَهُ فِيْهِ، فَنَزَعَهُ فَوَضَعَهُ وَثَبَتَ قَائِمًا يُّصَلِّيْ، ثُمَّ عَادَ الثَّالِثَةَ فَوَضَعَهُ فِيْهِ فَنَزَعَهُ فَوَضَعَهُ، ثُمَّ رَكَعَ ثُمَّ اَهَبَّ صَاحِبَهُ، فَقَالَ: اجْلِسْ فَقَدْ اُثْبِتُّ فَوَثَبَ، فَلَمَّا رَاٰهُمَا الرَّجُلُ عَرَفَ اَنَّهُ قَدْ نَذَرَ بِهٖ، فَهَرَبَ، فَلَمَّا رَاَى الْمُهَاجِرِيُّ مَا بِالْاَنْصَارِيِّ مِنَ الدِّمَآءِ، قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَفَلا اَهْبَبْتَنِيْ اَوَّلَ مَا رَمَاكَ، قَالَ: كُنْتُ فِيْ سُوْرَةٍ اَقْرَؤُهَا فَلَمْ اُحِبَّ اَنْ اَقْطَعَهَا حَتّٰى اُنْفِذَهَا، فَلَمَّا تَابَعَ عَلَيَّ الرَّمْىَ رَكَعْتُ فَاٰذَنْتُكَ، وَايْمُ اللّٰهِ لَوْلا اَنْ اُضَيِّعَ ثَغْرًا، اَمَرَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحِفْظِهٖ لَقُطِعَ نَفَسِى قَبْلَ اَنْ اَقْطَعَهَا، اَوْ اُنْفِذَهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، فَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِاَحَادِيْثِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، فَاَمَّا عَقِيْلُ بْنُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ فَاِنَّهُ اَحْسَنُ حَالا مِنْ اَخَوَيْهِ مُحَمَّدٍ وَّعَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَهٰذِهِ سُنَّةٌ ضَيِّقَةٌ قَدِ اعْتَقَدَ اَئِمَّتُنَا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنَّ خُرُوْجَ الدَّمِ مِنْ غَيْرِ مَخْرَجِ الْحَدَثِ لا يُوْجِبُ الْوُضُوْءَ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: غزوۂ ذات الرقاع کے موقع پر ایک مرتبہ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک باغ میں گئے تو ایک مسلمان شخص نے ایک مشرک کی بیوی کو تیر مارا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوٹ کر قافلے میں آئے تو اس عورت کا شوہر جو اس وقت وہاں موجود نہیں تھا آ گیا اور جب اس کو واقعہ کی خبر ملی تو اس نے قسم کھائی کہ جب تک اصحاب رسول میں سے کسی کا خون نہیں بہائے گا، چین سے نہیں بیٹھے گا۔ چنانچہ وہ آدمی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کے نشانات ڈھونڈتا ہوا ان نشانوں کے پیچھے پیچھے چل دیا (ادھر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مقام پر پڑاؤ ڈالا اور فرمایا: اس رات کون کون پہرہ دے گا؟ ایک مہاجر اور ایک

حدیث 557:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث:198 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث:14745 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث:1096 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 36 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:647

انصاری صحابی رضی اللہ عنہ نے اس کام کے لئے اپنے آپ کو پیش کر دیا اور کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم پہرہ دیں گے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہدایت کی کہ تم دونوں درۂ کوہ کے درمیان کھڑے رہنا (حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کے ساتھ وادی سے درہ کی طرف اتر گئے۔ پھر جب وہ دونوں صحابی درہ کے آغاز میں (پہرہ دینے کے لئے) آ گئے انصاری نے مہاجر سے کہا: آپ رات کے کون سے حصے میں آرام کرنا چاہتے ہیں؟ اس نے جواب دیا: پہلے حصے میں۔تو مہاجر لیٹ گیا اور انصاری کھڑا ہو کر نماز پڑھنے لگا (یہ نماز پڑھ رہا تھا کہ) اس عورت کا خاوند وہاں پر آن پہنچا۔ جب اس نے ایک آدمی کی پرچھائی سی دیکھی تو سمجھ گیا کہ یہی ان کا محافظ ہے۔ چنانچہ اس نے ایک تیر پھینکا جو اس انصاری صحابی کو آ لگا انہوں نے تیر نکال کر پھینکا اور نماز جاری رکھی، اس نے ایک اور تیر مارا، یہ بھی ان کو لگا، لیکن انہوں نے تیر نکال کر پھینک دیا اور نماز جاری رکھی، اس نے تیسرا تیر مارا، انہوں نے اس کو بھی نکال کر پھینک دیا لیکن اس کے بعد نماز مکمل کر کے اپنے ساتھی کو آواز دی، اس نے کہا: تم بیٹھے رہو، میں آ رہا ہوں۔ پھر وہ اٹھ کر آ گیا۔ جب اس آدمی نے ان دونوں کو دیکھا تو سمجھ گیا کہ یہ لوگ چوکنے ہو گئے ہیں، اس لئے وہ وہاں سے بھاگ کھڑا ہوا۔ مہاجر نے جب انصاری کی خون سے لت پت یہ حالت دیکھی تو کہنے لگے: جب اس نے تمہیں پہلا تیر مارا تھا آپ نے اسی وقت مجھے آواز کیوں نہیں دی؟ اس نے جواب دیا: میں نے ایک سورۃ شروع کر رکھی تھی، مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ سورۃ چھوڑ دوں لیکن جب اس نے مسلسل تیر برسانا شروع کر دیئے تو میں نے نماز مکمل کر کے آپ کو آواز دی۔ اور اگر یہ خدشہ نہ ہوتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے جس مقام کی حفاظت پر مامور کیا ہے، وہ پوری نہ ہو پائے گی تو خدا کی قسم! میں مرتو جاتا لیکن سورۃ درمیان میں نہ چھوڑتا۔

❖❖ یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن اسحاق کی روایات نقل کی ہیں۔ اس حدیث کی سند میں عقیل بن جابر بن عبداللہ الانصاری رضی اللہ عنہما اپنے دونوں بھائیوں محمد اور عبدالرحمٰن سے کہیں زیادہ بہتر مقام رکھتے ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) یہ وہ کمزور طرز عمل ہے جس کا اعتقاد ہمارے ائمہ نے اس حدیث کی بنیاد پر رکھا ہے کہ غیر سبیلین سے نکلنے والا خون ناقص وضو نہیں ہے۔

558۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ، اَنْبَاَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْحَاقَ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنِيْ صَدَقَةُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ عَقِيْلِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ لَقَبُهُ حَمْدَانُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَسَّانَ الْمَرْوَذِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ يَزِيْدَ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عِيَاضٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَغَوِّطِيْنَ اَنْ يَّتَحَدَّثَا، فَاِنَّ اللّٰهَ يَمْقُتُ عَلٰى ذٰلِكَ

❖❖ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی اسی طرح کی ایک حدیث مروی ہے۔

559- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ، وَزَيْدُ بْنُ اَبِي الزَّرْقَاءِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِيَاضٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الْمُتَغَوِّطِينَ اَنْ يَتَحَدَّثَا، وَقَالَ: فَاِنَّ اللّٰهَ يَمْقُتُ عَلَى ذٰلِكَ هٰذَا عِيَاضُ بْنُ هِلَالٍ الْاَنْصَارِيُّ شَيْخٌ مِّنَ التَّابِعِينَ مَشْهُورٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ وَقَعَ اِلَى الْيَمَامَةِ وَبِصِحَّةِ مَا ذَكَرْتُهُ

✧✧ ابویحییٰ عبدالصمد بن حسان المروذی، قاسم بن یزید الجرمی اور زید بن ابوالزرقاء نے سفیان کی سند سے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ نبی اکرم نے پیشاب اور پاخانہ کرنے والوں کو گفتگو سے منع فرمایا ہے اور فرمایا: اللہ تعالیٰ اس عمل کو پسند نہیں کرتا۔

یہ عیاض بن ہلال انصاری رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں، اہل مدینہ سے تعلق رکھتے ہیں اور مشہور بزرگ تابعی ہیں۔ بعد میں یہ یمامہ چلے گئے تھے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ حدیث کی صحت ثابت کرنے کے لئے ایک حدیث نقل کی ہے جو کہ درج ذیل ہے۔

560- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَفِيدُ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْوَرَّاقُ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ هِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَا يَخْرُجُ الرَّجُلَانِ يَضْرِبَانِ الْغَائِطَ كَاشِفَانِ عَوْرَتَهُمَا فَاِنَّ اللّٰهَ يَمْقُتُ عَلَى ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ مِّنْ حَدِيثِ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ هِلَالٍ الْاَنْصَارِيِّ، وَاِنَّمَا اَهْمَلَاهُ لِخِلَافٍ بَيْنَ اَصْحَابِ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ فِيهِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: هِلَالُ بْنُ عِيَاضٍ، وَقَدْ حَكَمَ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ فِي التَّارِيخِ اَنَّهُ عِيَاضُ بْنُ هِلَالٍ الْاَنْصَارِيُّ، سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ، سَمِعَ مِنْهُ يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، قَالَهُ

حدیث 559:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث:32

حدیث 560:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 15 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 11328 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 71 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 33 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 487 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث:1264

هِشَامٌ، وَمَعْمَرٌ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَحَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، وَسَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ حَمْشَادٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ مُوسَى بْنَ هَارُونَ، يَقُولُ: رَوَاهُ الْاَوْزَاعِيُّ مَرَّتَيْنِ، فَقَالَ مَرَّةً عَنْ يَحْيَى، عَنْ هِلَالِ بْنِ عِيَاضٍ، وَقَدْ حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا، وَقَدْ كَانَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ يُحَدِّثُ بِهِ عِيَاضَ بْنَ هِلَالٍ ثُمَّ شَكَّ فِيهِ، فَقَالَ: اَوْ هِلَالُ بْنُ عِيَاضٍ رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، فَاتَّفَقُوا عَلٰى عِيَاضِ بْنِ هِلَالٍ وَّهُوَ الصَّوَابُ قَالَ الْحَاكِمُ: قَدْ حَكَمَ بِهِ اِمَامَانِ مِنْ اَئِمَّتِنَا مِثْلُ الْبُخَارِيِّ، وَمُوسَى بْنُ هَارُونَ بِالصِّحَّةِ لِقَوْلِ مَنْ اَقَامَ هٰذَا الْاِسْنَادَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ هِلَالٍ الْاَنْصَارِيِّ، وَذَكَرَ الْبُخَارِيُّ فِيهِ شَوَاهِدَ فَصَحَّ بِهِ الْحَدِيثُ، وَقَدْ خَرَّجَ مُسْلِمٌ مَّعْنٰى هٰذَا الْحَدِيثِ

618۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْمُزَكِّي، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ اَبِيْ حُبَيْشٍ، اَنَّهَا كَانَتْ تُسْتَحَاضُ، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ دَمُ الْحَيْضَةِ فَاِنَّهُ دَمٌ اَسْوَدُ يُعْرَفُ، فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَاَمْسِكِي عَنِ الصَّلٰوةِ، وَاِذَا كَانَ الْاٰخَرُ فَتَوَضَّئِي وَصَلِّيْ، فَاِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ

✧✧ حضرت فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا کے بارے میں روایت ہے کہ ان کو مسلسل حیض آتا رہتا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو فرمایا: حیض کا خون سیاہ ہوتا ہے، جو پہچان میں آ جاتا ہے، اس لئے جب حیض کا خون آئے تو نماز مت پڑھو اور جب کسی اور رنگ کا خون ہو تو وضو کرو اور نماز پڑھو، کیونکہ یہ کسی رگ کا خون ہوتا ہے۔

619۔ وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ الْقَطَّانُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِيْ صَالِحٍ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، قَالَتْ: قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِيْ حُبَيْشٍ اسْتُحَاضَتْ مِنْ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَلَمْ تُصَلِّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَسُبْحَانَ اللّٰهِ هٰذَا مِنَ الشَّيْطَانِ لِتَجْلِسْ فِيْ مِرْكَنٍ، فَاِذَا رَاَتْ صُفْرَةً فَوْقَ الْمَآءِ فَلْتَغْتَسِلْ لِلظُّهْرِ وَالْعَصْرِ غُسْلًا وَاحِدًا، وَتَغْتَسِلْ لِلْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ غُسْلًا وَاحِدًا، وَتَغْتَسِلُ لِلْفَجْرِ وَتَتَوَضَّأُ فِيْمَا بَيْنَ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذِهِ الْاَلْفَاظِ

حدیث 618:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بیروت لبنان رقم الحديث: 286 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 215 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1450 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 220 اخرجه ابوبكر الشيبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالراية رياض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحديث: 3483

✧✧ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا بڑے لمبے عرصے سے حیض میں مبتلا ہیں، جس کی وجہ سے وہ نماز نہیں پڑھ پاتی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سبحان اللہ یہ شیطان کی طرف سے ہے۔ ان کو ایک ٹب میں بٹھا دو اگر پانی پر زردی غالب ہو تو اس کو چاہئے ظہر اور عصر کے لئے ایک غسل کر لے، یوں ہی مغرب اور عشاء کے لئے بھی ایک غسل کر لے اور ایک غسل فجر کے لئے اور ان کے درمیان (اگر طہارت کی حاجت ہو تو) وضو کر لیا کریں۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

620- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي طَالِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ وَأَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ أَنْبَأَ أَبُو الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ جَمِيعاً عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنَّا لَا نَعُدُّ الْكُدْرَةَ وَالصُّفْرَةَ شَيْئاً

✧✧ حضرت اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم (خون میں) گدلے پن کو اور زرد پن کو حیض میں شمار نہیں کرتی تھیں۔

621- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أُمِّ الْهُذَيْلِ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ وَكَانَتْ بَايَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كُنَّا لَا نَعُدُّ الْكُدْرَةَ وَالصُّفْرَةَ بَعْدَ الطُّهْرِ شَيْئاً

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَأُمُّ الْهُذَيْلِ هِيَ حَفْصَةُ بِنْتُ سِيرِينَ فَإِنَّ اسْمَ ابْنِهَا الْهُذَيْلُ وَاسْمُ زَوْجِهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَقَدْ أَسْنَدَ الْهُذَيْلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أُمِّهِ

✧✧ حضرت اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا (وہ خاتون ہیں جنہوں نے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ بیعت کی ہے، آپ فرماتی ہیں: طہر کے بعد اگر گدلا یا زرد پانی آتا تو ہم اسے حیض میں شمار نہیں کرتی تھیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کی سند میں جو اُمّ الھذیل ہیں، یہ حفصہ بنت سیرین ہیں، ان کے بیٹے کا نام ہذیل ہے اور شوہر کا نام عبدالرحمان ہے۔ حذیل بن عبدالرحمان نے بھی اپنی والدہ کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔

622- أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَلِيمٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُوَجِّهِ أَنْبَأَ عَبْدَانُ أَنْبَأَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ زِيَادٍ أَبِي سَهْلٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي مُسَّةُ الْأَزْدِيَّةُ قَالَتْ حَجَجْتُ فَدَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَقُلْتُ يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ يَأْمُرُ النِّسَاءَ يَقْضِينَ صَلَاةَ الْحَيْضِ فَقَالَتْ لَا يَقْضِينَ كَانَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقْعُدُ فِي النِّفَاسِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً لَا يَأْمُرُهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث 620:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دارا بن کثیر یمامه بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 320 اخرجه ابوداؤد [illegible] فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 307 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 368

بِقَضَاءِ صَلَاةِ النِّفَاسِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَا أَعْرِفُ فِي مَعْنَاهُ غَيْرَ هٰذا وَشَاهِدُهُ

✧✧ حضرت مسہ الازدیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی اور عرض کیا: اے اُمّ المومنین، سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ عورتوں کو ایام حیض کی نمازیں قضا کرنے کا حکم دیتے ہیں، اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ نمازیں قضا نہیں کی جائیں گی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج چالیس دن تک نفاس میں بیٹھی رہتیں، لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کو ایام نفاس کی نمازیں قضا کرنے کا حکم نہیں دیتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اور اس مفہوم کی کوئی دوسری حدیث میرے علم میں نہیں۔

622أ۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، عَنْ اَبِىْ سَهْلٍ، عَنْ مُسَّةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَتِ النُّفَسَاءُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقْعُدُ بَعْدَ نِفَاسِهَا اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، اَوْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، وَكُنَّا نَطْلِىْ عَلٰى وُجُوهِنَا الْوَرْسَ يَعْنِىْ مِنَ الْكَلَفِ

✧✧ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عورتیں چالیس دن نفاس میں گزارتی تھیں اور ہم چھائیوں کی وجہ سے چہرے پر ورس ملا کرتی تھیں۔

623۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ تَمِيْمٍ الْقَنْطَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: جَائَتْ خَالَتِىْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِىْ حُبَيْشٍ اِلٰى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: اِنِّىْ اَخَافُ اَنْ اَقَعَ فِى النَّارِ اِنِّىْ اَدَعُ الصَّلٰوةَ السَّنَةَ وَالسَّنَتَيْنِ لَا اُصَلِّىْ، فَقَالَتِ: انْتَظِرِىْ حَتّٰى يَجِىءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: هٰذِهِ فَاطِمَةُ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُوْلِىْ لَهَا فَلْتَدَعِ الصَّلٰوةَ فِىْ كُلِّ شَهْرٍ اَيَّامَ قُرْئِهَا، ثُمَّ لِتَغْتَسِلْ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ غُسْلًا وَاحِدًا، ثُمَّ الطُّهُوْرَ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ، وَلْتَنَظَّفْ وَلْتَحْتَشِ، فَاِنَّمَا هُوَ دَاءٌ عَرَضٌ، اَوْ رَكْضَةٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ، اَوْ عِرْقٌ انْقَطَعَ

حدیث 622:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 311 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 648 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 26603 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 7023 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:1502

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَعُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ الْكَاتِبُ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ عَزِيْزُ الْحَدِيْثِ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ

✧✧ حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میری پھوپھی فاطمہ بنت ابی حبیش رضی اللہ عنہا اُمّ المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئیں اور کہنے لگیں: مجھے اس بات کا خوف رہتا ہے کہ میں کہیں جہنمی نہ ہو جاؤں، کیونکہ گزشتہ ایک دو سالوں سے میں نماز نہیں پڑھ سکی۔ اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آنے کا انتظار کرو پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں فاطمہ رضی اللہ عنہا کی تمام صورتحال بیان کر دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُمّ المومنین رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اس کو کہہ دو کہ ہر مہینے اپنے حیض کے دنوں کی مقدار میں نماز نہ پڑھا کرے پھر روزانہ ایک غسل کر لیا کرے اور ہر نماز کے لئے تازہ وضو کیا کرے اور خوب صفائی حاصل کیا کرے اور گھاس استعمال کیا کرے کیونکہ یہ یا تو کوئی بیماری ہے یا شیطان کی حرکت ہے یا کوئی رگ کٹی ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان الفاظ کے ہمراہ اسے نقل نہیں کیا اور اس کی سند میں عثمان بن سعد الکاتب بصری ہیں، ثقہ ہیں، عزیز الحدیث ہیں اور ان کی حدیث کو جمع کیا جاتا ہے۔

624۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ دَارِمٍ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوْسَى التَّمِيْمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: وُقِّتَ لِلنِّسَاءِ فِيْ نِفَاسِهِنَّ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا هٰذِهِ سُنَّةٌ عَزِيْزَةٌ، فَاِنَّ هٰذَا الْاِسْنَادَ مِنْ اَبِيْ بِلَالٍ، فَاِنَّهُ مُرْسَلٌ صَحِيْحٌ، فَاِنْ سَلِمَ هٰذَا الْاِسْنَادُ، فَاِنَّ الْحَسَنَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ مِثْلِهِ

✧✧ حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں کے لئے نفاس کی مدت چالیس دن ہے۔

✣✣ یہ سنت عزیزہ ہے، اگر اس اسناد کو ابو بلال کے حوالے سے تحفظ مل جائے تو یہ حدیث مرسل صحیح ہے، کیونکہ حسن نے عثمان بن ابی العاص سے حدیث کا سماع نہیں کیا۔

مذکورہ حدیث کی شاہد اسی کی مثل سند کے ہمراہ منقول ہے (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

625۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتُرِيُّ، وثنا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِيْ لُبَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَنْتَظِرُ النُّفَسَاءُ اَرْبَعِيْنَ، فَمَنْ رَاَتِ الطُّهْرَ قَبْلَ ذٰلِكَ فَهِيَ طَاهِرٌ، وَاِنْ جَاوَزَتِ الْاَرْبَعِيْنَ فَهِيَ بِمَنْزِلَةِ الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ وَتُصَلِّيْ، فَاِنْ غَلَبَهَا الدَّمُ تَوَضَّاَتْ لِكُلِّ صَلٰوةٍ عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُلَاثَةَ لَيْسَا مِنْ شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَاِنَّمَا ذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ شَاهِدًا مُتَعَجِّبًا

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نفاس والی عورتیں چالیس راتیں انتظار کریں، اگر اس سے پہلے پاک ہو جائیں تو نماز پڑھیں اور اگر خون چالیس دن سے زیادہ تک آتا رہے تو یہ مستحاضہ کی طرح ہو گی۔ غسل کر کے نماز پڑھتی رہے گی اور اگر خون کا غلبہ ہو تو ہر نماز کے لئے وضو کرے گی۔

عمرو بن الحصین اور محمد بن علاثہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے راوی نہیں ہیں، میں نے اس حدیث کو یہاں پر شاہد کے طور پر ذکر کیا۔

626۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّحْوِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحِمْصِيُّ، وَبَقِيَّةُ بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، اَخْبَرَنِي الْاَسْوَدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا مَضٰى لِلنُّفَسَاءِ سَبْعٌ، ثُمَّ رَاَتِ الطُّهْرَ فَلْتَغْتَسِلْ وَلْتُصَلِّ وَقَدِ اسْتَشْهَدَ مُسْلِمٌ بِبَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيْدِ، وَاَمَّا الْاَسْوَدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ فَاِنَّهُ شَامِيٌّ مَّعْرُوْفٌ، وَالْحَدِيْثُ غَرِيْبٌ فِي الْبَابِ

✧✧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نفاس والی عورت کا خون اگر صرف سات دن میں بند ہو جائے تو وہ غسل کر کے نماز شروع کر لے۔

✣✣ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بقیہ بن ولید کی روایت کو بطور شاہد پیش کیا ہے اور اس کے سند کے راوی اسود بن ثعلبہ شامی ہیں اور معروف ہیں اور یہ حدیث اس باب میں غریب ہے۔

627۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: اجْتَمَعَتْ غُنَيْمَةٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ ابْدُ فِيْهَا فَبَدَوْتُ اِلَى الرَّبَذَةِ فَكَانَتْ تُصِيبُنِي الْجَنَابَةُ، فَاَمْكُثُ الْخَمْسَةَ وَالسِّتَّةَ، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَبُوْ ذَرٍّ فَسَكَتُّ، فَقَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ اَبَا ذَرٍّ لِاُمِّكَ الْوَيْلُ فَدَعَا بِجَارِيَةٍ فَجَائَتْ بِعُسٍّ مِّنْ مَّاءٍ فَسَتَرَتْنِي بِثَوْبٍ وَّاسْتَتَرْتُ بِالرَّاحِلَةِ، فَاغْتَسَلْتُ فَكَاَنِّي اَلْقَيْتُ عَنِّي جَبَلًا، فَقَالَ: الصَّعِيْدُ الطَّيِّبُ وَضُوْءُ الْمُسْلِمِ وَلَوْ اِلٰى عَشْرِ سِنِيْنَ، فَاِذَا وَجَدْتَّ الْمَاءَ فَاَمِسَّهُ جِلْدَكَ فَاِنَّ ذٰلِكَ خَيْرٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اِذْ لَمْ نَجِدْ لِعَمْرِو بْنِ بُجْدَانَ رَاوِيًا غَيْرَ اَبِيْ قِلَابَةَ الْجَرْمِيِّ وَهٰذَا مِمَّا شَرَطْتُ فِيْهِ، وَثَبَتَ اَنَّهُمَا قَدْ خَرَّجَا مِثْلَ هٰذَا فِيْ مَوَاضِعَ مِنَ الْكِتَابَيْنِ

✧✧ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کافی سارا مال غنیمت آیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم شروع کرو، میں نے ربذہ (وہ چیتھڑا جس سے اونٹ کو تارکول ملتے ہیں) کی طرف سے آغاز کیا (حضرت ابوذر کہتے ہیں) کیونکہ میں اس وقت حالت جنابت میں تھا، اس لئے میں نے وہاں سے (جلدی جلدی) پانچ چھ (ربذات) اٹھائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آ گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوذر! میں خاموش رہا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا: اے ابوذر!

تیری ماں تجھے روئے (خاموش کیوں کھڑے ہو) پھر آپ ﷺ نے ایک لونڈی کو بلایا، وہ لونڈی ایک ٹب میں پانی لے کر آئی، پھر اس نے مجھے ایک کپڑے سے پردہ کیا اور میں نے اونٹ کی آڑ میں چھپ کر غسل کیا (غسل کے بعد) مجھے یوں لگتا تھا جیسے میرے اوپر ایک پہاڑ تھا جو ہٹ گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پاک مٹی مسلمان کے وضو کا سامان ہے اگرچہ دس سال تک کرتا رہے پھر جب پانی مل جائے تو جسم کو اس سے دھولے کہ یہ بہتر عمل ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، عمرو بن بجدان سے ابوقلابہ کے علاوہ اور کسی نے حدیث روایت نہیں کی جبکہ یہ حدیث ہمارے معیار پر پوری ہے اور یہ بات بھی ثابت ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرح کی احادیث اپنی کتابوں میں کئی مقامات پر نقل کی ہیں۔

628۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، وَرَجُلٌ اٰخَرُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي قَيْسٍ مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، كَانَ عَلٰى سَرِيَّةٍ وَّاَنَّهُمْ اَصَابَهُمْ بَرْدٌ شَدِيْدٌ لَّمْ يَرَ مِثْلَهُ، فَخَرَجَ لِصَلٰوةِ الصُّبْحِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدِ احْتَلَمْتُ الْبَارِحَةَ، وَلٰكِنِّي وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ بَرْدًا مِثْلَ هٰذَا هَلْ مَرَّ عَلٰى وُجُوهِكُمْ مِثْلُهُ؟ قَالُوْا: لَا، فَغَسَلَ مَغَابِنَهُ، وَتَوَضَّاَ وُضُوْئَهُ لِلصَّلٰوةِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِمْ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ وَجَدْتُّمْ عَمْرًا وَصَحَابَتَهُ لَكُمْ؟ فَاَثْنَوْا عَلَيْهِ خَيْرًا، وَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، صَلّٰى بِنَا وَهُوَ جُنُبٌ، فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَمْرٍو فَسَاَلَهُ، فَاَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ وَبِالَّذِي لَقِيَ مِنَ الْبَرْدِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ، قَالَ: وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ وَلَوِ اغْتَسَلْتُ مُتُّ، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَمْرٍو

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِي عِنْدِي اَنَّهُمَا عَلَّلَاهُ، بِحَدِيْثِ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ الَّذِي

✧✧ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے غلام ابوقیس بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ ایک جنگی مہم پر تھے کہ ان کو اس قدر شدید سردی کا سامنا کرنا پڑا کہ اس سے پہلے کبھی اتنی سردی نہ دیکھی تھی، آپ نماز فجر کے لئے نکلے تو کہنے لگے: اللہ کی قسم! مجھے تو گزشتہ رات احتلام ہو گیا ہے، لیکن میں نے اتنی سردی بھی کبھی نہیں دیکھی تھی، کیا تمہارے ساتھ کبھی ایسا واقعہ پیش آیا؟ انہوں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے صرف بازو دھوئے اور وضو کر کے فجر کی نماز پڑھا دی پھر جب یہ لوگ واپس رسول اللہ ﷺ

حدیث 629:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 334 اخرجه ابو عبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17845 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1315 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1011

کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے ان لوگوں سے "عمرو" اور اس کے حسنِ سلوک کے متعلق دریافت کیا، ان لوگوں نے حضرت عمرو بن العاص کی بڑی تعریف کی اور کہنے لگے: یارسول اللہ ﷺ! انہوں نے ہمیں حالت جنابت میں نماز پڑھادی۔ نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو بلوالیا، انہوں نے اس بات کی وضاحت کی اور اس سخت سردی کا حال بھی بتایا (جس کی وجہ سے ان کو بغیر غسل کے نماز پڑھانا پڑی) اور کہنے لگے: یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اپنے آپ کو قتل نہ کرو، اگر میں (اس دن) غسل کر لیتا تو مرجاتا، اس پر نبی اکرم ﷺ عمرو کی طرف دیکھ کر مسکرادیئے اور کچھ نہ بولے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور جہاں تک میرا خیال ہے شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو جریر بن حازم کی اس حدیث کی وجہ سے معلل سمجھا ہے جو انہوں نے یحییٰ بن ایوب کے ذریعے سے یزید بن ابی حبیب سے روایت کی ہے

(وہ حدیث درج ذیل ہے)

629- اَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، قَالَ: قُرِءَ عَلَى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوْبَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِيْ اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: احْتَلَمْتُ فِيْ لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ فِيْ غَزْوَةِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ فَاَشْفَقْتُ اِنِ اغْتَسَلْتُ اَنْ اَهْلِكَ، فَتَيَمَّمْتُ، ثُمَّ صَلَّيْتُ بِاَصْحَابِي الصُّبْحَ، فَذَكَرُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا عَمْرُو صَلَّيْتَ بِاَصْحَابِكَ وَاَنْتَ جُنُبٌ ؟ فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِيْ مَنَعَنِيْ مِنَ الاغْتِسَالِ، وَقُلْتُ: اِنِّيْ سَمِعْتُ اَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: وَلَا تَقْتُلُوْا اَنْفُسَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا

حَدِيْثُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ هٰذَا لَا يُعَلِّلُ حَدِيْثَ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ الَّذِيْ وَصَلَهُ بِذِكْرِ اَبِيْ قَيْسٍ فَاِنَّ اَهْلَ مِصْرَ اَعْرَفُ بِحَدِيْثِهِمْ مِنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ

✧ حضرت یحییٰ بن ایوب رضی اللہ عنہ کی سند سے عمرو بن العاص کی اپنی زبانی بھی یہ واقعہ منقول ہے، تاہم اس میں کچھ الفاظ مختلف ہیں۔

❖ جریر بن حازم کی یہ حدیث عمرو بن الحارث کی اس حدیث کو معلل نہیں کرتی، جس میں "ابوقیس" کا نام مذکور ہے کیونکہ اہل مصر، ان کی حدیثوں کو "اہل بصرہ" کی حدیثوں کی بہ نسبت زیادہ اچھے طریقے سے جانتے تھے۔

630- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ سَعِيْدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوْخِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ اَبِيْ رَبَاحٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، يُخْبِرُ اَنَّ رَجُلًا، اَصَابَهُ جَرْحٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَصَابَهُ احْتِلَامٌ، فَاغْتَسَلَ فَمَاتَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ اَلَمْ يَكُنْ شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالَ فَبَلَغَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: لَوْ غَسَلَ جَسَدَهٗ، وَتَرَكَ رَاْسَهٗ حَيْثُ اَصَابَهُ الْجَرْحُ وَقَدْ رَوَاهُ الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ وَّهُوَ مِنْ اَثْبَتِ اَصْحَابِ الْاَوْزَاعِيِّ، وَلَمْ يَذْكُرْ سَمَاعَ الْاَوْزَاعِيِّ مِنْ عَطَاءٍ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک شخص کو زخم لگا پھر اس کو احتلام ہوا، اس نے غسل کرلیا (زخموں کی شدت کی تاب نہ لاتے ہوئے) وہ مرگیا۔ یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں نے اس کو قتل کیا۔ اللہ انہیں قتل کرے، کیا عاجز شخص کی شفاء سوال نہیں ہے (ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں) ہمیں یہ اطلاع ملی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے متعلق مسئلہ پوچھا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ اپنا جسم دھولیتا اور سر کا وہ حصہ چھوڑ دیتا جہاں زخم تھا (تو بھی ٹھیک تھا)

❖❖ اس حدیث کو ہقل بن زیاد نے بھی اوزاعی سے روایت کیا ہے اور یہ اوزاعی کے معتمد علیہ شاگردوں میں سے ہیں، لیکن انہوں نے اوزاعی کے عطاء سے سماع کا ذکر نہیں کیا

(جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ثابت ہے)

631۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَخْلَدٍ الْجَوْهَرِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا هِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا هِقْلٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، قَالَ: قَالَ عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا اَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَصَابَتْهُ جَنَابَةٌ فَاسْتَفْتٰى فَاُمِرَ بِالْغُسْلِ فَاغْتَسَلَ فَمَاتَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ، اَلَمْ يَكُنْ شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالَ، قَالَ عَطَاءٌ: فَبَلَغَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَقَالَ: لَوْ غَسَلَ جَسَدَهٗ، وَتَرَكَ حَيْثُ اَصَابَهُ الْجِرَاحُ اَجْزَاَهٗ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک زخمی شخص پر غسل لازم ہوگیا، اس نے کسی سے مسئلہ پوچھا تو اسے بتایا گیا کہ غسل ضروری ہے، اس نے غسل کرلیا، جس کی وجہ سے وہ مرگیا۔ یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے لوگوں نے مارا، اللہ ان کو مارے۔ کیا پوچھ لینا عاجز کے لئے شفا نہیں ہے۔ عطا کہتے ہیں: مجھ تک یہ اطلاع بھی پہنچی ہے کہ بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں مسئلہ دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ اپنا جسم دھولیتا اور زخم کی جگہ چھوڑ دیتا تو بھی اس کو کافی ہوتا۔

632۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَسَنِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ الْاَسَدِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا عُمَيْرُ بْنُ مِرْدَاسٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: خَرَجَ رَجُلَانِ فِيْ سَفَرٍ فَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ وَلَيْسَ مَعَهُمَا مَاءٌ فَتَيَمَّمَا صَعِيْدًا طَيِّبًا، فَصَلَّيَا ثُمَّ وَجَدَا الْمَاءَ فِي الْوَقْتِ فَاَعَادَ اَحَدُهُمَا الصَّلٰوةَ وَالْوُضُوءَ وَلَمْ يُعِدِ الْاٰخَرُ، ثُمَّ اَتَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ لِلَّذِي لَمْ يُعِدْ: اَصَبْتَ السُّنَّةَ وَاَجْزَاَتْكَ صَلَاتُكَ، وَقَالَ لِلَّذِي تَوَضَّاَ وَعَادَ: لَكَ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَاِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ نَافِعٍ ثِقَةٌ، وَقَدْ وَصَلَ هٰذَا الْاِسْنَادَ عَنِ اللَّيْثِ وَقَدْ اَرْسَلَهُ غَيْرُهُ،

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دو آدمی ایک سفر پر گئے، نماز کا وقت ہوگیا، ان کے پاس پانی نہیں تھا، اس لئے انہوں نے تیمم کر کے نماز ادا کی، ابھی نماز کا وقت باقی تھا کہ انہیں پانی مل گیا، ان میں سے ایک نے دوبارہ وضو کر کے نماز دہرالی اور دوسرے نے نہ دہرائی پھر یہ دونوں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور یہ واقعہ سنایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کو مخاطب کر کے، جس نے نماز نہیں دہرائی تھی، فرمایا: تو نے سنت ادا کی، تیری وہ ہی نماز تیرے لئے کافی ہے اور جس نے وضو کر کے نماز دہرائی تھی، اس سے فرمایا: تیرے لئے دگنا اجر ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس کے ایک راوی عبداللہ بن رافع ثقہ ہیں، یہ حدیث لیث کی سند کے اعتبار سے متصل ہے اور ان کے علاوہ دیگر محدثین رحمہم اللہ کی سند کے اعتبار سے مرسل ہے

(لیث کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

633۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عَمِيْرَةَ بْنِ اَبِيْ نَاجِيَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ لیث کی سند سے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا فرمان منقول ہے۔

634۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْحِيْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ ظَبْيَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: التَّيَمُّمُ ضَرْبَتَانِ: ضَرْبَةٌ لِّلْوَجْهِ، وَضَرْبَةٌ لِّلْيَدَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ

حديث 632:

اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي' بيروت' لبنان' 1407ه' 1987ء' رقم الحديث: 744 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 1031 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ه' رقم الحديث: 1842 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 338

حديث 634:

اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 13366

قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى حَدِيْثِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ فِي التَّيَمُّمِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَلَا اَعْلَمُ اَحَدًا اَسْنَدَهُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، غَيْرَ عَلِيِّ بْنِ ظَبْيَانَ وَهُوَ صَدُوْقٌ، وَقَدْ اَوْقَفَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَّهُشَيْمُ بْنُ بَشِيْرٍ وَّغَيْرُهُمَا، وَقَدْ اَوْقَفَهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ نَّافِعٍ فِي الْمُوَطَّأِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ غَيْرَ اَنَّ شَرْطِيْ فِيْ سَنَدِ الصَّدُوْقِ الْحَدِيْثَ اِذَا وَقَفَهُ غَيْرُهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیمّم دو ضربیں ہیں، ایک ضرب چہرے کے لئے اور ایک ضرب کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لئے۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے تیمّم کے حوالے سے ''حکم'' کی وہ حدیث نقل کی ہے جس کی سند ''ذر'' پھر سعید بن عبدالرحمان بن ابذیٰ پھر ان کے والد سے ہوتی ہوئی ابن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا اور میری معلومات کے مطابق اس حدیث کی سند عبیداللہ کے حوالے سے علی بن ظبیان کے علاوہ کسی نے بیان نہیں کی اور یہ صدوق ہیں۔ اسی حدیث کو یحییٰ بن سعید اور ہشیم بن بشیر اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے موقوف رکھا ہے۔ مالک بن انس رضی اللہ عنہ نے بھی اس حدیث کو اپنے مؤطا میں نافع کے حوالے سے موقوفاً بیان کیا ہے لیکن الفاظ ذرا مختلف ہیں تاہم جس حدیث کو دیگر محدثین موقوف قرار دیں اس کو نقل کرنے کے لئے میرا یہ معیار تھا کہ وہ صدوق کی سند کے ہمراہ مروی ہو۔

635- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مَنْصُوْرٍ، اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ دَارِ الْمَنْصُوْرِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَرْقَمَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: تَيَمَّمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبْنَا بِاَيْدِيْنَا عَلَى الصَّعِيْدِ الطَّيِّبِ، ثُمَّ نَفَضْنَا اَيْدِيَنَا فَمَسَحْنَا بِهَا وُجُوْهَنَا ثُمَّ ضَرَبْنَا ضَرْبَةً اُخْرَى الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ، ثُمَّ نَفَضْنَا اَيْدِيَنَا، فَمَسَحْنَا بِاَيْدِيْنَا مِنَ الْمِرْفَقِ اِلَى الْكَفِّ عَلٰى نَابِتِ الشَّعْرِ مِنْ ظَاهِرٍ وَّبَاطِنٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ مُّفَسَّرٌ وَّاِنَّمَا ذَكَرْتُهُ شَاهِدًا لِاَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ اَرْقَمَ لَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ، وَقَدِ اشْتَرَطْنَا اِخْرَاجَ مِثْلِهِ فِي الشَّوَاهِدِ

✧✧ سالم اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تیمّم کیا، تو ہم نے اپنے ہاتھ پاک مٹی پر ملے اور جھاڑ کر چہروں پر مل لئے پھر دوبارہ مٹی پر ہاتھ مارے اور جھاڑ کر کہنیوں سے ہتھیلیوں تک بالوں کی جانب، اندر اور باہر سے مسح کیا۔

❖ یہ حدیث مفسر ہے، میں نے اس کو شاہد کے طور پر نقل کیا ہے کیونکہ سلیمان بن ارقم اس کتاب کے معیار کے راوی نہیں ہیں اور ہمارے بیان کئے ہوئے اصول کے مطابق ایسی احادیث شاہد کے طور پر پیش کی جاسکتی ہے۔

636- اَخْبَرَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْعَقَبِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى الْمَدَايِنِيُّ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا

شَبَابَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِى دَاوُدَ الْحَرَّانِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، وَنَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ فِى التَّيَمُّمِ: ضَرْبَتَانِ: ضَرْبَةٌ لِّلْوَجْهِ، وَضَرْبَةٌ لِّلْيَدَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِى دَاوُدَ اَيْضًا لَّمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاِنَّمَا ذَكَرْنَاهُ فِى الشَّوَاهِدِ، وَقَدْ رَوِينَا مَعْنَى هٰذَا الْحَدِيثِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِاِسْنَادٍ صَحِيحٍ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیمّم میں دوضربیں ہیں، ایک چہرے کے لئے اور ایک کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لئے۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے سلیمان بن ابی داؤد کی حدیث بھی نقل نہیں کی اور میں نے اس کو شاہد کے طور پر نقل کیا اور ہم نے اس حدیث کا مفہوم سند صحیح کے ساتھ جابر بن عبداللہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔(جیسا کہ درج ذیل ہے)

637- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَرْبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَآءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَصَابَتْنِى جَنَابَةٌ، وَاِنِّى تَمَعَّكْتُ فِى التُّرَابِ، فَقَالَ: اضْرِبْ هٰكَذَا وَضَرَبَ بِيَدَيْهِ الْاَرْضَ فَمَسَحَ وَجْهَهُ، ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدَيْهِ فَمَسَحَ بِهِمَا اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور بولا: مجھے غسل کی حاجت تھی اور میں نے مٹی میں لوٹ لیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یوں ہاتھ مارو، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور اپنے چہرے کا مسح کیا پھر دونوں ہاتھ زمین پر مار کر دونوں ہاتھوں کا مسح کیا۔

638- وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذٍ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْمَاطِيُّ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّيَمُّمُ ضَرْبَتَانِ: ضَرْبَةٌ لِّلْوَجْهِ، وَضَرْبَةٌ لِّلْيَدَيْنِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیمّم دوضربیں ہیں، ایک چہرے کے لئے اور ایک ہاتھوں کے لئے۔

639- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى رَزِينٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَيَمَّمَ بِمَوْضِعٍ يُقَالُ لَهُ: مِرْبَدُ النَّعَمِ وَهُوَ يَرَى بُيُوتَ الْمَدِينَةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ تَفَرَّدَ بِهٖ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى رَزِينٍ وَّهُوَ صَدُوقٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدْ اَوْقَفَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ وَغَيْرُهُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ

✧✧ حضرت ابن عمر روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو "مربد النعم" (نامی جگہ) پر تیمّم کرتے ہوئے دیکھا، وہاں سے مدینے کی آبادی نظر آتی ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے، جس کو صرف "عمرو بن محمد بن ابی رزین" نے روایت کیا ہے اور وہ صدوق ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا جبکہ یحییٰ بن سعید انصاری رضی اللہ عنہ اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے اس حدیث کو نافع کے حوالے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے موقوفاً بیان کیا ہے۔

640- أَخْبَرَنَاهُ أَبُو إِسْحَاقَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الزَّاهِدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَيْثَمٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ نَافِعٍ قَالَ تَيَمَّمَ بْنُ عُمَرَ عَلَى رَأْسِ مِيلٍ أَوْ مِيلَيْنِ مِنَ الْمَدِينَةِ فَصَلَّى الْعَصْرَ فَقَدِمَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ وَلَمْ يُعِدِ الصَّلَاةَ

✧✧ حضرت نافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما مدینے سے ایک یا دو میل کے فاصلے پر تھے تو انہوں نے تیمّم کر کے نماز عصر ادا کی پھر مدینے کی طرف آئے (جب مدینے پہنچے تو) ابھی سورج بلند تھا (یعنی نماز عصر کا وقت ابھی باقی تھا) لیکن انہوں نے نماز نہیں دہرائی۔

641- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِي حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ خَرَجْتُ مِنَ الشَّامِ إِلَى الْمَدِينَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَدَخَلْتُ الْمَدِينَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَدَخَلْتُ عَلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ لِي مَتَى أَوْلَجْتَ خُفَّيْكَ فِي رِجْلَيْكَ قُلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ فَهَلْ نَزَعْتَهُمَا قُلْتُ لَا فَقَالَ أَصَبْتَ السُّنَّةَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں جمعہ کے دن شام سے مدینہ کی طرف روانہ ہوا اور جمعہ ہی کو مدینہ پہنچا، میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گیا، تو مجھے انہوں نے کہا: تو نے موزے کب پہنے تھے؟ میں نے کہا: جمعہ کے دن۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا اس دوران ان کو اتارا بھی تھا؟ میں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے فرمایا: تیرا عمل سنت کے مطابق ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

اس حدیث کی ایک دوسری شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ عقبہ بن عامر سے منقول ہے۔

642- حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدُ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ الْإِسْفَرَائِينِي حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِي حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فُضَالَةَ قَالَ سَأَلْتُ يَزِيدَ بْنَ أَبِي حَبِيبٍ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَكَمِ الْبَلَوِيّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ وَفَدَ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَاماً قَالَ عُقْبَةُ وَعَلَيَّ خِفَافٌ مِنْ تِلْكَ الْخِفَافِ الْغِلَظِ فَقَالَ لِي

عُمَرُ مَتٰى عَهْدُكَ بِلِبَاسِهِمَا فَقُلْتُ لَبِسْتُهُمَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَهٰذَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ فَقَالَ لِي أَصَبْتَ السُّنَّةَ وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ لَا يُوَقِّتُ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَقْتاً وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِسْنَادٍ صَحِيْحٍ رُوَاتُهُ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ إِلَّا أَنَّهُ شَاذٌّ بِمُرَّةَ

✧✧ مفضل بن فضالہ بیان کرتے ہیں، میں نے یزید بن ابی حبیب سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا تو انہوں نے عبداللہ بن حکم کے واسطے سے علی بن رباح کے حوالے سے عقبہ بن عامر کا یہ بیان سنایا کہ ایک مرتبہ وہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں وفد کی صورت میں حاضر ہوئے، عقبہ کہتے ہیں: میں نے ان موزوں سے بھی موٹے موزے پہنے ہوئے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے پوچھا: تم نے یہ کب سے پہنے ہوئے ہیں؟ میں نے کہا: جمعہ کے دن پہنے تھے اور آج جمعہ کا دن ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرا عمل سنت کے مطابق ہے۔

✣✣ عبیداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی سند سے نافع کے حوالے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ عمل بھی درجہ صحت کو پہنچا ہوا ہے کہ وہ موزوں پر مسح کے لئے کوئی وقت مقرر نہیں کرتے تھے اور یہی حدیث اسناد صحیح کے ساتھ انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے، اس کے تمام راوی از اول تا آخر ثقہ ہیں البتہ مرہ کی وجہ سے یہ حدیث شاذ قرار پائی ہے۔

643- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ تَلِيْدٍ الرُّعَيْنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، وَثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ وَلَبِسَ خُفَّيْهِ فَلْيُصَلِّ فِيْهِمَا، وَلْيَمْسَحْ عَلَيْهَا، ثُمَّ لَا يَخْلَعْهُمَا اِنْ شَاءَ اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَعَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ ثِقَةٌ غَيْرَ اَنَّهُ لَيْسَ عِنْدَ اَهْلِ الْبَصْرَةِ عَنْ حَمَّادٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی وضو کر کے موزے پہن لے تو ان میں نماز پڑھ سکتا ہے اور ان پر مسح کر سکتا ہے پھر اگر وہ چاہے تو جنابت کے سوا کسی حالت میں اسے نہ اتارے۔

✣✣ یہ اسناد امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے اور عبدالغفار بن عبدالداؤد ثقہ ہے۔ اِلّا یہ کہ اہل بصریٰ کے نزدیک ان کی روایت حماد سے ثابت نہیں ہے۔

644- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَكْرٍ الْعَدْلُ، وَاَبُوْ مَنْصُوْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَتَكِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ نَجْدَةَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ

حدیث 643:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1242

بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحِ بْنِ هَانِءٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: مَا بَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا مُنْذُ اُنْزِلَ عَلَيْهِ الْفُرْقَانُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ قَائِمًا

✧✧ اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل ہونا شروع ہوا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کھڑے ہوکر پیشاب نہیں کیا۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اعمش کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے ابووائل کے حوالے سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبیلہ کے کچرے کے ڈھیر کے پاس آئے اور کھڑے ہوکر پیشاب کیا۔ عبیداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نافع کے حوالے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ فرمان نقل کیا ہے "میں جب سے اسلام لایا ہوں کبھی کھڑے ہوکر پیشاب نہیں کیا" اور ابراہیم نے علقمہ کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا فرمان روایت کیا ہے کہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا بھی ظلم ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کے سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے عذر بھی منقول ہے (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں ہے)

645- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عِمْرَانَ مُوْسٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْحَنْظَلِيُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَاهَانَ الْكَرَابِيسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ غَسَّانَ الْجُعْفِيُّ، حَدَّثَنَا مَعَنِ ابْنِ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ اَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ قَائِمًا مِّنْ جُرْحٍ كَانَ بِمَابِضِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ تَفَرَّدَ بِهِ حَمَّادُ بْنُ غَسَّانَ وَرُوَاتُهُ كُلُّهُمْ ثِقَاتٌ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس زخم کی وجہ سے کھڑے ہوکر پیشاب کیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زانوں میں تھا۔

✧✧ یہ حدیث صحیح ہے، اس کو روایت کرنے میں حماد بن غسان منفرد ہیں اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

646- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ مِنْ كَفٍّ وَّاحِدٍ، فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، وَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ

حدیث 645:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 492

يَعْقُوبَ، عَنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الشَّافِعِيِّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، قَالَ: اِنْ جَمَعَهُمَا مِنْ كَفٍّ وَّاحِدٍ فَهُوَ جَائِزٌ، وَاِنْ فَرَّقَهُمَا فَهُوَ اَحَبُّ اِلَيْنَا

✧✧ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک چلو سے کلی اور ناک میں پانی چڑھاتے دیکھا۔ یہ عمل آپ نے تین بار کیا۔

✣✣ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ''ایک چلو سے دونوں کام کرنا بھی جائز ہے لیکن اگر کلی کے لئے الگ اور ناک کے لئے الگ پانی لے تو زیادہ بہتر ہے''۔

647- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي هَاشِمٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَوَضَّاْتَ فَخَلِّلِ الْاَصَابِعَ

هٰذَا حَدِيثٌ قَدِ احْتَجَّا بِاَكْثَرِ رُوَاتِهِ ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِتَفَرُّدِ عَاصِمِ بْنِ لَقِيطِ بْنِ عَامِرِ بْنِ صَبِرَةَ، عَنْ اَبِيهِ بِالرِّوَايَةِ، وَقَدْ قَدَّمْنَا الْقَوْلَ فِيهِ وَلَهُ شَاهِدٌ

✧✧ عاصم بن لقیط بن صبرہ اپنے والد کے حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب تم وضو کرو تو انگلیوں کا خلال کرلو۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے اکثر راویوں کی روایات نقل کی ہیں لیکن اس حدیث کو صرف اس لئے چھوڑ دیا کہ اس میں عاصم بن لقیط بن عامر بن صبرہ اپنے باپ سے روایت کرنے میں منفرد ہیں اور اس سلسلہ میں ہماری گفتگو پہلے گزر چکی ہے۔

648- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوسٰى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا تَوَضَّاْتَ فَخَلِّلْ اَصَابِعَ يَدَيْكَ وَرِجْلَيْكَ صَالِحٌ هٰذَا اَظُنُّهُ مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، فَاِنْ كَانَ كَذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنْ شَرْطِ هٰذَا الْكِتَابِ، وَاِنَّمَا اَخْرَجْتُهُ شَاهِدًا

حدیث 647:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 38 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 448 اخرجه ابومحمد الدارمى فى "سننه" طبع دارالكتاب العربى بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 705 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 16428

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وضو کے دوران ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرو۔

✤•✤ (ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرنے والے اس) صالح کے متعلق میرا خیال ہے کہ یہ تو ئمہ کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ اگر یہ بات درست ہے تو پھر یہ حدیث اس کتاب کے معیار کی نہیں ہے، میں نے اس کو شاہد کے طور پر نقل کیا ہے۔

649۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْ دَارَ قَوْمٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَدُوْنَهُمْ دُوْرٌ لَّا يَاْتِيهَا، فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، تَاْتِيْ دَارَ فُلَانٍ وَّلَا تَاْتِيْ دَارَنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِيْ دَارِكُمْ كَلْبًا، قَالُوْا اِنَّ فِيْ دَارِهِمْ سِنَّوْرًا، فَقَالَ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلسِّنَّوْرُ سَبُعٌ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری کے گھر میں تشریف لایا کرتے تھے، ان کے قریب بھی کئی گھر تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں نہیں جاتے تھے، یہ بات ان کو ناگوار گزری اور کہنے لگے: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ فلاں کے گھر جاتے ہیں لیکن ہمارے گھر نہیں آتے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے گھر میں کتا ہے، وہ کہنے لگے: ان کے گھر میں بلی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلی گھریلو جانور ہے۔

650۔ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَاَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ عِيْسَى بْنِ الْمُسَيَّبِ، بِنَحْوِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَعِيْسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ تَفَرَّدَ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ اِلَّا اَنَّهٗ صَدُوْقٌ وَّلَمْ يُجْرَحْ قَطُّ

✧✧ عیسیٰ بن میسّب سے بھی اسی طرح کی حدیث منقول ہے۔

✤•✤ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور ابوزرعہ سے صرف عیسیٰ بن میسّب نے روایت کی ہے مگر یہ کہ عیسیٰ صدوق ہیں اور کسی سے ان پر جرح ثابت نہیں ہے۔

651۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ

حدیث 649:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 8324 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1108

حدیث 651:

ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 426 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 1100

حَدَّثَنَا أَبُو الاَحْوَصِ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ فِي سَفَرٍ فَقَضَى حَاجَتَهُ فَقُلْنَا لَهُ تَوَضَّأ حَتّٰى نَسْئَلُكَ عَنْ آيَةٍ مِّنَ الْقُرْآنِ فَقَالَ سَلُوْنِي إِنِّي لَسْتُ اَمَسُّهُ فَقَرَأَ عَلَيْنَا مَا أَرَدْنَا وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ مَاءٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِتَوْقِيْفِهِ وَقَدْ رَوَاهُ أَيْضاً جَمَاعَةٌ مِّنَ الثِّقَاتِ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ

✧✧ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ہم ایک سفر میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ تھے، انہوں نے قضائے حاجت کی۔ بعد میں ہم نے ان سے کہا: آپ وضو کرلیں، ہم آپ سے قرآن کی ایک آیت کے متعلق پوچھنا چاہتے ہیں۔ آپ نے کہا: میں قرآن کو چھوؤں گا نہیں۔ پھر انہوں نے ہماری مطلوبہ آیت پڑھ کر سنائی، اس وقت ہمارے پاس پانی نہیں تھا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے موقوف ہونے کی وجہ سے اس حدیث کو ترک کیا جبکہ اس حدیث کو ثقہ راویوں کی ایک پوری جماعت نے روایت کیا ہے، جس کی سند یوں ہے۔ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ

652۔ حَدَّثَنَاهُ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا أَبُو بَدْرٍ شُجَاعٌ عَنِ الأَعْمَشِ وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْوَلِيْدِ الْفَقِيْهُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي وَأَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَلْمَانَ فَذَكَرَهُ بِنَحْوِهِ

✧✧ حضرت اعمش رضی اللہ عنہ کی سند سے سلمان کے حوالے سے بھی یہ روایت منقول ہے۔

653۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا وَلَقَبُهُ حَمْدَانُ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْثَرُ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْبَوْلِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَا اَعْرِفُ لَهُ عِلَّةً وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَبِيْ يَحْيَى الْقَتَّاتِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عذابِ قبر عموماً پیشاب (میں احتیاط نہ کرنے) کی وجہ سے ہوتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور

حدیث 653:
ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء رقم الحديث: 1644

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَهُوَ غَرِيبٌ مِّنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ، فَإِنِّي سَمِعْتُ اَبَا عَلِيِّ الْحَافِظَ، يَقُولُ: تَفَرَّدَ بِهِ اَبُوْ عَاصِمِ النَّبِيْلُ عَنِ الثَّوْرِيِّ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایک ایسی بات کی رہنمائی نہ کروں جو تمہاری خطاؤں کو مٹا دے اور نیکیوں میں اضافہ کرے؟۔ لوگوں نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب وضو کرنا مشکل ہو، اس وقت اچھے طریقے سے وضو کرنا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔ تم میں سے کوئی شخص گھر سے نکلتا ہے اور امام کے ساتھ نماز ادا کرتا ہے پھر وہ بیٹھ کر دوسری نماز کا انتظار کرتا ہے تو ایسے شخص کے لئے فرشتے دعا مانگتے ہوئے کہتے ہیں: یا اللہ اس کی مغفرت فرما، یا اللہ اس پر رحم فرما۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ یہ حدیث ثوری کی حدیث سے غریب ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) میں نے ابوعلی حافظ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ یہ حدیث ثوری سے روایت کرنے میں ابوعاصم نبیل منفرد ہیں۔

690- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ الْجَلَابُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا الْمَعْلَى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِي عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذُرَيْحٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّخْعِيِّ قَالَ كُنَّا جُلُوْساً مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمَسْجِدِ الْأَعْظَمِ وَالْكُوْفَةُ يَوْمَئِذٍ

حدیث 689:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 251 اخرجه ابو عيسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 51 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء رقم الحديث: 143 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" ' طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 427 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "الموطا" طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی) رقم الحديث: 384 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 698 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 7208 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت ' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1038 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری' فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 5 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبریٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 139 اخرجه ابويعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 6503 اخرجه ابومحمد الكسی فی "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث: 984 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث: 153 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبریٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2098 اخرجه ابوبكر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحديث: 1993

إِخْصَاصٌ فَجَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ فَقَالَ الصَّلَاةُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ لِلْعَصْرِ فَقَالَ اِجْلِسْ فَجَلَسَ ثُمَّ عَادَ فَقَالَ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلِيٌّ هٰذَا الْكَلْبُ يُعَلِّمُنَا بِالسُّنَّةِ فَقَامَ عَلِيٌّ فَصَلّٰى بِنَا الْعَصْرَ ثُمَّ انْصَرَفْنَا فَرَجَعْنَا إِلَى الْمَكَانِ الَّذِي كُنَّا فِيْهِ جُلُوْساً فَجَثَوْنَا لِلرُّكَبِ فَتَزَوَّرُ الشَّمْسُ لِلْمَغِيْبِ نَتَرَاءَ هَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بَعْدِ احْتِجَاجِهِمَا بِرُوَاتِهِ

حضرت زیاد بن ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم کوفہ کی جامعہ مسجد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ان دنوں کوفہ "دارالخلافہ ہوا کرتا تھا" موذن آیا اور کہنے لگا: اے امیر المومنین! نماز عصر کا وقت ہوگیا ہے۔آپ نے فرمایا: "بیٹھ جاؤ" وہ بیٹھ گیا۔موذن نے پھر یاد دلایا۔آپ نے اس کو پھر بٹھا دیا۔پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "یہ کتا ہمیں سنت سکھا رہا ہے" پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور ہمیں نماز عصر پڑھائی۔اس کے بعد ہم دوبارہ اسی جگہ آ گئے، جہاں بیٹھے تھے۔ہم انگلیوں کے بل کھڑے ہو کر سورج کی طرف دیکھنے لگے تو غروب ہونے کے مقام کے قریب سورج دکھائی دے رہا تھا۔

یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، حالانکہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں۔

691- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُو النَّجَاشِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ ثُمَّ نَنْحَرُ الْجَزُوْرَ، فَنَقْسِمُ عَشَرَ قِسَمٍ، ثُمَّ نَطْبُخُ فَنَاْكُلُ لَحْمًا نَضِيْجًا قَبْلَ اَنْ تَغِيْبَ الشَّمْسُ قَدِ اتَّفَقَ الْبُخَارِيُّ، وَمُسْلِمٌ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اَبِي النَّجَاشِيِّ، عَنْ رَّافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْمَغْرِبَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَنْصَرِفُ وَاَحَدُنَا يُبْصِرُ مَوَاقِعَ نَبْلِهِ، وَلَهُ شَاهِدَانِ صَحِيْحَانِ فِيْ تَعْجِيْلِ الصَّلٰوةِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَالشَّاهِدُ الْاَوَّلُ مِنْهُمَا

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز عصر ادا کیا کرتے تھے۔اس کے بعد اونٹ ذبح کرتے،اس کے گوشت کو دس حصوں میں تقسیم کرتے، پھر اس کو پکا کر سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے پکا ہوا گوشت کھا کر فارغ ہو جاتے تھے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اوزاعی کی وہ حدیث نقل کی ہے جو انہوں نے ابونجاشی کے واسطے سے رافع بن خدیج سے روایت کی ہے (رافع بن خدیج کہتے ہیں) ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مغرب کی نماز پڑھا کرتے تھے،نماز سے فارغ ہونے کے بعد بھی ہم اپنے قدموں کے نشانات دیکھ سکتے تھے۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

نماز جلدی پڑھنے سے متعلق اس حدیث کی ۲ صحیح حدیثیں شاہد ہیں،جن کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کیا۔

پہلی شاہد حدیث:

692۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ الْغُبَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ بَشِيرَ بْنَ اَبِي مَسْعُودٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ مُرْتَفِعَةٌ ثُمَّ يَسِيرُ الرَّجُلُ حَتّٰى يَنْصَرِفَ مِنْهَا اِلٰى ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَهِيَ سِتَّةُ اَمْيَالٍ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ

قَدِ اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيثِ بَشِيرِ بْنِ اَبِي مَسْعُودٍ فِي اٰخِرِ حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ، وَاَمَّا الشَّاهِدُ الثَّانِي

✧✧ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز، اتنی جلدی پڑھ لیتے تھے کہ سورج ابھی بہت بلند اور روشن ہوتا تھا۔ عصر کی نماز پڑھ کے کوئی شخص ذوالحلیفہ کی طرف جاتا تو وہ مغرب سے پہلے پہنچ جاتا حالانکہ وہاں سے ذوالحلیفہ چھ میل کی مسافت پر ہے۔

✣✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے بشیر بن عبدالمسعود پر زہری کی اس حدیث کے آخر میں اتفاق کیا ہے جو انہوں نے عروہ سے روایت کی۔ تاہم الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

دوسری شاہد حدیث

693۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، وَمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَمَّ جِبْرَائِيلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْبَيْتِ

حدیث 692:

اخرجه ابوالحسن الدارقطنی فی "سننه" طبع دارالمعرفة 'بیروت' لبنان' 1966ء / 1386ھ رقم الحدیث: 9 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ / 1983ء رقم الحدیث: 716

حدیث 693:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 393 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 149 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 3081 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ / 1970ء رقم الحدیث: 325 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ / 1994ء رقم الحدیث: 1590 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ - 1984ء رقم الحدیث: 2750 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ / 1983ء رقم الحدیث: 10752 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ / 1988ء رقم الحدیث: 703

مَرَّتَيْنِ فَصَلّٰى بِهِ الظُّهْرَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَانَتْ قَدْرَ الشِّرَاكِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ بِقَدْرِهٖ، وَصَلّٰى بِهِ الْمَغْرِبَ حِيْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْفَجْرَ حِيْنَ حَرُمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَى الصَّائِمِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الظُّهْرَ مِنَ الْغَدِ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ بِقَدْرِهٖ كَوَقْتِ الْعَصْرِ بِالْاَمْسِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَيْهِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْمَغْرِبَ حِيْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْعِشَاءَ لِثُلُثِ اللَّيْلِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ صَلّٰى بِهِ الْفَجْرَ حِيْنَ اَسْفَرَ، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ، هٰذَا وَقْتُ الْاَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِكَ، وَالْوَقْتُ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ

وَاَمَّا حَدِيْثُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ،

✧✧ حضرت ابن عباس ﷠ روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے نبی اکرم ﷺ کو بیت اللہ میں دو مرتبہ نمازیں پڑھائیں، ایک مرتبہ ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج ڈھل گیا اور دھوپ ایک تسمے کے برابر تھی اور عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہوگیا اور مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جب روزہ دار روزہ افطار کرتے ہیں اور عشاء اس وقت پڑھائی جب آسمان سے شفق غائب ہوگئی اور فجر اس وقت پڑھائی جب روزہ دار پر کھانا پینا حرام ہو جاتا ہے۔ پھر اگلے دن ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہوگیا۔ جس وقت گزشتہ روز عصر کی نماز پڑھی تھی۔ پھر عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ دوگنا ہوگیا، پھر مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جب روزہ دار روزہ افطار کرتے ہیں پھر عشاء کی نماز رات کا ایک تہائی حصہ گزرنے پر پڑھائی، پھر آپ نے فجر کی نماز اس وقت پڑھائی جب دن خوب روشن ہو چکا تھا۔ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام کہنے لگے: اے محمد ﷺ یہ وقت آپ سے پہلے انبیاء کا ہے اور ان دونوں وقتوں کے درمیان (جتنا وقت ہے اس میں کسی بھی وقت نماز پڑھ سکتے ہیں)

عبدالعزیز بن محمد کی حدیث:

694۔ فَاَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ نَّافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

✧✧ حضرت ابن عباس ﷠ سے بھی رسول اللہ ﷺ کا ایسا ہی فرمان منقول ہے۔

695۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى الْبِرْنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْلٰى مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ التُّوْزِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَمِرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ عَمِّهٖ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ

حدیث 695

اخرجه ابو الحسن الدارقطني في "سننه" طبع دار المعرفة 'بيروت' لبنان' 1966ء / 1386ھ رقم الحديث: 16

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ مَّوَاقِيتِ الصَّلٰوةِ فَقَدَّمَ ثُمَّ اَخَّرَ، وَقَالَ: بَيْنَهُمَا وَقْتٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ هٰذَا هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ اَبِيْ صُعَيْرٍ الْعُذْرِيُّ

✧✧ حضرت مجمع بن جاریہ فرماتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے نمازوں کے اوقات کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے نمازوں کے ابتدائی اور آخری اوقات بیان کرنے کے بعد فرمایا: ان کے درمیان پورا وقت نمازوں کا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس کی سند میں جو عبید اللہ ہے وہ عبد اللہ بن ثعلبہ بن ابی صعیر العذری کے بیٹے ہیں۔

696- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اُسَيْدٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمُؤَذِّنِ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يُخْبِرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ اَنَّ جِبْرَائِيْلَ اَتَاهُ فَصَلّٰى بِهِ الصَّلٰوةَ فِيْ وَقْتَيْنِ اِلَّا الْمَغْرِبَ، قَالَ: فَجَائَنِيْ فَصَلّٰى بِيْ سَاعَةَ غَابَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ جَائَنِيْ مِنَ الْغَدِ فَصَلّٰى بِيْ سَاعَةَ غَابَتِ الشَّمْسُ لَمْ يُغَيِّرْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، وَقَدْ قَدَّمْتُ لَهٗ شَاهِدَيْنِ وَوَجَدْتُ لَهٗ شَاهِدًا اٰخَرَ صَحِيْحًا عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ان کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے اور مغرب کے علاوہ باقی تمام نمازیں دو وقتوں میں پڑھائیں جبکہ مغرب کی نماز دونوں دن غروب آفتاب کے وقت پڑھائی اس کے وقت میں کوئی تبدیلی نہ تھی۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے محمد بن عباد بن جعفر کی روایات نقل کی ہیں اور ان کی دو شاہد حدیثیں گزر چکی ہیں اور اس کی ایک مزید شاہد حدیث مجھے ملی ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار پر صحیح ہے۔

697- اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّيَّارِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا جِبْرَائِيْلُ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ فَذَكَرَ مَوَاقِيْتَ الصَّلٰوةِ ثُمَّ ذَكَرَ اَنَّهٗ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ لَمَّا جَائَهٗ مِنَ الْغَدِ صَلَّى الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ فِيْ وَقْتٍ وَّاحِدٍ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ہیں، جو تمہیں دین کی تعلیم دیتے ہیں پھر نمازوں کے اوقات ذکر کئے اور بتایا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے ایک دن مغرب کی نماز

غروب آفتاب کے بعد پڑھائی اور اگلے دن بھی اسی وقت میں مغرب کی نماز پڑھائی۔

698- اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ، صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ تَابَعَهُ رَقَبَةُ بْنُ مَصْقَلَةَ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ هٰكَذَا اتَّفَقَ رَقَبَةُ وَهُشَيْمٌ عَلٰى رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ وَّهُوَ اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ، وَخَالَفَهُمَا شُعْبَةُ وَاَبُوْ عَوَانَةَ. فَقَالَا عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اس نماز کا وقت سب سے زیادہ اچھے طریقے سے جانتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز تیسری رات کا چاند غروب ہو جانے کے بعد پڑھا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث ابوبشر سے روایت کرنے میں ''رقبہ بن مصقلہ'' نے ''ہشیم'' کی متابعت کی ہے اور رقبہ اور ہشیم اس حدیث کو ابوبشر کے واسطے سے حبیب بن سالم سے روایت کرنے میں متفق ہیں اور یہ اسناد صحیح ہے جبکہ شعبہ اور ابوعوانہ نے ان کی مخالفت کرتے ہوئے ابوبشر کی روایت، بشر بن ثابت کے واسطے حبیب بن سالم سے نقل کی ہے۔

شعبہ کی حدیث:

699- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ، اَوْ رَابِعَةٍ شَكَّ شُعْبَةُ

✧✧ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عشاء کی نماز کا وقت سب سے بہتر میں جانتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث 698:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث:165 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 528 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 529 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحدیث: 1211 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحدیث: 18439 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 1526 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1510 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1511 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1624 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1949 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 797

عشاء کی نماز تیسری یا چوتھی رات کا چاند غروب ہونے کے بعد پڑھا کرتے تھے۔اس میں شعبہ کو شک ہے۔

ابوعوانہ کی حدیث:

700۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: اِنِّيْ لَاَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الْاٰخِرَةِ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ

✧✧ ابوعوانہ کی سند سے بھی نعمان بن بشیر کا یہ فرمان منقول ہے۔

701۔ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ اُصَلِّي الظُّهْرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰخُذُ قَبْضَةً مِّنَ الْحَصٰى لِيَبْرُدَ فِيْ كَفِّيْ اَضَعُهَا لِجَبْهَتِيْ اَسْجُدُ عَلَيْهَا لِشِدَّةِ الْحَرِّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، میں ظہر کی نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ پڑھا کرتا تھا۔ایک مٹھی کنکریاں اپنے ہاتھ میں لے لیا کرتا تھا تا کہ وہ ٹھنڈی ہو جائے تو ان کو زمین پر رکھ کر ان کے اوپر سجدہ کروں کیونکہ ان دنوں گرمی بہت شدید ہوتی تھی۔

✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا:

702۔ اَنْبَانَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اَعْيَنَ،

حدیث 701:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 399 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1081 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14546 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 14547 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 668 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1906 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2490 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1916 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 4196 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 3275

عَنْ اَبِی النَّجَاشِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَافِعَ بْنَ خَدِیْجٍ، یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَلا اُخْبِرُکُمْ بِصَلٰوۃِ الْمُنَافِقِ، اَنْ یُؤَخِّرَ الْعَصْرَ حَتّٰی کَانَتِ الشَّمْسُ کَثَرْبِ الْبَقَرَۃِ صَلاھَا اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِیْثَ الْعَلاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تِلْکَ صَلٰوۃُ الْمُنَافِقِ یَجْلِسُ اَحَدُھُمْ حَتّٰی اِذَا اصْفَرَّتِ الشَّمْسُ اَلْحَدِیْثَ

✧✧ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں منافقوں کی نماز کے بارے میں بتاؤں؟ وہ عصر کی نماز اتنی لیٹ کرتے کہ سورج گائے کی چربی کی طرح ہوجاتا، تب وہ نماز پڑھتے۔

✣✣ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے العلاء بن عبدالرحمان کی وہ حدیث نقل کی ہے جس میں انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے: کہ یہ منافق کی نماز ہے کہ کوئی شخص بیٹھا رہے اور جب سورج زرد پڑ جائے (اس کے بعد پوری حدیث بیان کی)

703۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَھْبِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ، قَالَ: کَانَ اَبْعَدُ رَجُلَیْنِ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَارًا اَبُوْ لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ وَاَھْلُهٗ بِقُبَاءَ، وَاَبُوْ عَبْسِ بْنِ جَبْرٍ وَّمَسْکَنُهٗ فِیْ بَنِیْ حَارِثَةَ، فَکَانَا یُصَلِّیَانِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ، ثُمَّ یَاْتِیَانِ قَوْمَهُمَا وَمَا صَلَّوْا لِتَعْجِیلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهَا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ابولبابہ بن عبدالمنذر اور ابوعبس بن جبر سب سے زیادہ دور کے رہنے والے تھے۔ ابولبابہ کا گھر قباء میں تھا اور ابوعبس کا بنی حارثہ میں۔ یہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عصر کی نماز پڑھا کرتے تھے اور پھر اپنے گھر چلے جاتے تھے (یہ اس لئے ممکن تھا) کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جلدی نماز عصر جلدی پڑھادیا کرتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

704۔ أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ الْقَاسِمُ بْنُ الْقَاسِمِ السَّیَّارِیُّ وَأَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ الْحَلِیْمِ الْمَرْزُوْبَانُ بِمَرْوَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو الْمُوَجِّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْفَزَارِیُّ أَنْبَأَ عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَکِ أَنْبَأَ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ حَدَّثَنِیْ وَھْبُ بْنُ کَیْسَانَ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِیُّ قَالَ جَاءَ جِبْرَائِیْلُ إِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ قُمْ یَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الظُّهْرَ فَقَامَ فَصَلَّی الظُّهْرَ حِیْنَ

حدیث: 703

اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 7946 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث:4515

زَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ لِلْعَصْرِ مِثْلَهُ فَجَاءَ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الْعَصْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْمَغْرِبَ فَقَامَ فَصَلَّاهَا حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ سَوَاءً ثُمَّ مَكَثَ حَتّٰى ذَهَبَ الشَّفَقُ فَجَاءَهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْعِشَاءَ فَقَامَ فَصَلَّاهَا ثُمَّ جَاءَهُ حِيْنَ صَدَعَ الْفَجْرُ بِالصُّبْحِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ فَقَامَ فَصَلَّى الصُّبْحَ ثُمَّ جَاءَهُ مِنَ الْغَدِ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَهُ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الظُّهْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ جَاءَهُ حِيْنَ كَانَ فَيْءُ الرَّجُلِ مِثْلَيْهِ فَقَالَ قُمْ يَا مُحَمَّدُ فَصَلِّ الْعَصْرَ فَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ جَاءَهُ الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ وَقْتًا وَاحِدًا لَّمْ يَزَلْ عَنْهُ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الْمَغْرِبَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ جَاءَهُ الْعِشَاءَ حِيْنَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْأَوَّلِ فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ فَصَلَّى الْعِشَاءَ ثُمَّ جَاءَهُ الصُّبْحَ حِيْنَ أَسْفَرَ جِدًّا فَقَالَ قُمْ فَصَلِّ الصُّبْحَ ثُمَّ قَالَ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ كُلُّهُ وَقْتٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ مَشْهُوْرٌ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ وَالشَّيْخَانِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ لِعِلَّةِ حَدِيْثِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْأَصْغَرِ وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي الْمَوَالِ وَغَيْرُهُ وَقَدْ أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعُقَيْلِيُّ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنِي أَبِي وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِّنْ أَهْلِ بَيْتِنَا قَالُوْا كَانَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ أَشْبَهَ وَلَدِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِهِ فِي التَّأَلُّهِ وَالتَّعَبُّدِ قَالَ الْحَاكِمُ لِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَاهِدَانِ مِثْلُ أَلْفَاظِهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَمَّا الشَّاهِدُ الْأَوَّلُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت جرائیل علیہ السلام، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت تشریف لائے جب سورج ڈھل چکا تھا۔ کہنے لگے: اے محمد! "اٹھئے اور نماز ظہر ادا کیجئے" آپ صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے اور زوال کے بعد نماز ظہر ادا کی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم رکے رہے یہاں تک کہ عصر کے وقت جبکہ آدمی کا سایہ اس کے برابر ہو گیا پھر حضرت جرائیل علیہ السلام آئے اور کہا: "اے محمد" نماز عصر ادا کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عصر ادا کی۔ پھر غروب آفتاب تک رکے رہے، جب سورج غروب ہو گیا تو حضرت جرائیل علیہ السلام نے کہا: "نماز مغرب ادا کیجیے" تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غروب آفتاب کے بعد نماز مغرب ادا کی۔ پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ شفق غائب ہو گئی پھر حضرت جرائیل علیہ السلام نے عرض کی: "نماز عشاء ادا کر لیجیے" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت عشاء کی نماز ادا کی۔ پھر حضرت جرائیل علیہ السلام اس وقت آئے جب صبح کی پو پھوٹی۔ انہوں نے کہا: "اے محمد" اٹھئے اور نماز ادا کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھی۔ پھر اگلے دن حضرت جرائیل علیہ السلام اس وقت آئے جب آدمی کا سایہ اس کے برابر

حدیث: 704

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحديث: 526 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 14578 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1472 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 1508 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1598

ہو گیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: اے محمد! ظہر کی نماز ادا کیجیے۔ آپ ﷺ نے نماز ظہر ادا کی۔ اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ کے پاس اس وقت آئے جب آدمی کا سایہ دگنا ہو گیا اور کہا: اے محمد! اٹھ کر نماز عصر ادا کریں تو آپ ﷺ نے نماز عصر ادا کی، پھر مغرب کے وقت آئے جبکہ سورج غروب ہو چکا تھا۔ جس وقت پچھلے دن آئے تھے، کہنے لگے: مغرب کی نماز پڑھ لیجیے۔ آپ ﷺ نے مغرب کی نماز پڑھی پھر عشاء کے لئے اس وقت آئے جب رات کا ایک تہائی حصہ گزر چکا تھا اور کہا: نماز عشاء ادا کیجیے پھر اگلے دن صبح کے وقت جب آئے تو دن خوب روشن ہو چکا تھا۔ کہنے لگے: نماز فجر ادا کر لیجیے۔ پھر کہنے لگے: ان دونوں وقتوں کے درمیان تمام وقت نماز کا ہے۔

✣✣ یہ حدیث عبداللہ بن مبارک کی سند کے ہمراہ صحیح مشہور ہے، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے حسین بن علی اصغر کے ضعف کی وجہ سے نقل نہیں کیا۔ حالانکہ عبدالرحمان بن ابی الموال اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے ان سے روایات نقل کی ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ موسیٰ بن عبداللہ بن حسن کے حوالے سے ان کے والد اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ حسین بن علی بن حسین، علی بن حسین کی تمام اولاد میں عبادت اور پرہیزگاری میں اپنے والد کے ساتھ سب سے زیادہ مشابہت رکھتے ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: اس حدیث کی دو شاہد حدیثیں بھی موجود ہیں جن کے الفاظ ملتے جلتے ہیں اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہیں۔

پہلی شاہد حدیث:

فَحَدَّثَنِي اَبُوعَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ اَنْبَا عَبْدَانُ الاهْوَازِي ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ ثَنَا عَمْرُوبْنُ بَشْرِ الْحَارِثِي ثَنَا بَرْدُبْنُ سِنَانٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رِبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ جِبْرَئِيلَ اَتَى النَّبِيَّ ﷺ يُعَلِّمُهُ الصَّلَاةَ فَسَاقَ الْمَتْنَ بِمِثْلِ حَدِيْثِ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ سَوَاءً وَاَمَّا الشَّاهِدُ الثَّانِي

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم ﷺ کے پاس نماز کی تعلیم دینے کے لئے آئے (اس کے بعد وہب بن کیسان کی حدیث کی طرح روایت نقل کی)

دوسری شاہد حدیث:

706۔ فَاَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمَاجِشُوْنِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّنِيْ جِبْرَائِيْلُ بِمَكَّةَ مَرَّتَيْنِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهٖ عَبْدُ الْكَرِيْمِ هٰذَا هُوَ ابْنُ اَبِي الْمُخَارِقِ بِلا شَكٍّ، وَاِنَّمَا خَرَّجْتُهُ شَاهِدًا

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام نے مجھے مکہ میں دو مرتبہ نمازیں پڑھائیں (پھر اس کے بعد سابقہ حدیث کی طرح پوری حدیث روایت کی)

✣✣ اس حدیث کی سند میں جو عبدالکریم ہیں، یہ بلاشک وشبہ ابوالمخارق کے بیٹے ہیں۔ میں نے ان کی حدیث شاہد کے

طور پر نقل کی ہے۔

707۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ جِبْرَائِيْلَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِهِ الصَّلَوَاتِ وَقْتَيْنِ، اِلَّا الْمَغْرِبَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَهٗ شَاهِدٌ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بِطُوْلِهٖ وَاخْتَصَرَ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ فَائِدَةَ الْحَدِيْثِ بِهٰذَا اللَّفْظِ، فَاَمَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ فَاِنَّهُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ اَبِي رَبِيْعَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ مِنْ اَشْرَافِ قُرَيْشٍ وَّالْمَقْبُوْلِيْنَ فِي الرِّوَايَةِ، وَحَكِيْمُ بْنُ حَكِيْمٍ هُوَ ابْنُ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ الْاَنْصَارِيُّ وَكِلَاهُمَا مَدَنِيَّانِ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور مغرب کے علاوہ بقیہ تمام نمازیں دو (الگ الگ) وقتوں میں پڑھائیں۔

✣✣ اس حدیث کی اسناد صحیح ہے اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی ہے جو کہ سفیان ثوری رضی اللہ عنہ اور عبدالعزیز بن محمد دراوردی نے عبدالرحمان بن حارث سے روایت کی ہے۔ یہ طویل حدیث ہے جبکہ سلیمان بن بلال نے یہ حدیث اختصار کے ساتھ نقل کی ہے، اس کی سند میں عبدالرحمان بن حارث، عیاش بن ابی ربیعہ المخزومی کے بیٹے عبداللہ کے بیٹے ہیں، یہ قریش کے باعزت لوگوں میں شمار ہوتے ہیں اور یہ مقبول فی الروایت ہیں اور حکیم بن حکیم بن عباد بن حنیف کے بیٹے ہیں۔ انصاری ہیں اور یہ دونوں مدنی ہیں۔

ثوری کی حدیث:

708۔ فَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا

حديث: 708

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 494 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 407 اخرجه ابومحمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 1431 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 6689 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1002 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2086 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 6546 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 106 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث: 3482

الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّقَّاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ دَاوُدَ اَبُوْ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُرُوا الصِّبْيَانَ بِالصَّلٰوةِ لِسَبْعِ سِنِيْنَ، وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَيْهَا فِيْ عَشْرِ سِنِيْنَ، وَفَرِّقُوا بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ سَمِعْتُ اَبَا الْعَبَّاسِ مُحَمَّدَ بْنَ يَعْقُوْبَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُوْلُ: عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ ثِقَةٌ، قَالَ الْحَاكِمُ: وَاِنَّمَا قَالُوْا فِيْ هٰذِهِ لِلْاِرْسَالِ، فَاِنَّهُ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَشُعَيْبٌ لَّمْ يَسْمَعْ مِنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو سَمِعْتُ الْاُسْتَاذَ اَبَا الْوَلِيْدِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ سُفْيَانَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اِسْحَاقَ بْنَ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيَّ، يَقُوْلُ: اِذَا كَانَ الرَّاوِيْ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ ثِقَةً فَهُوَ كَاَيُّوْبَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

✧✧ عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے بچوں کو سات سال کی عمر میں نماز کا حکم دینے لگ جاؤ اور دس سال کی عمر میں اس حوالے سے ان پر سختی کرو اور ان کو الگ بستر پر سلاؤ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ) یحییٰ بن معین کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ امر بن شعیب ثقہ ہیں۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: بعض محدثین رحمۃ اللہ علیہم کو اس حدیث پر ارسال کی وجہ سے کلام ہے کیونکہ عمرو، شعیب کے بیٹے ہیں، شعیب محمد کے اور محمد عبداللہ بن عمرو کے بیٹے ہیں اور شعیب نے اپنے دادا عبداللہ بن عمرو سے حدیث کا سماع نہیں کیا اور میں نے اپنے استاد ابوولید سے حسن بن سفیان کے حوالے سے اسحاق بن ابراہیم حنظلی کا یہ فرمان سنا ہے ''جب عمرو بن شعیب سے کوئی ثقہ راوی روایت کرے تو اس سند کا درجہ اس سند جیسا ہو جاتا ہے جو ایوب سے نافع کے واسطے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما تک پہنچتی ہے۔

ومن ابواب الاذان والاقامة

اذان واقامت کا بیان

709۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّرَسُوسِيُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَيْرَانَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ اَبِي نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِيِّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ بَالَوَيْهِ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ وَّهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيِّ، عَنْ مُّسْلِمٍ اَبِي الْمُثَنَّى الْقَارِءِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: كَانَ الْاَذَانُ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، وَالْاِقَامَةُ مَرَّةً مَرَّةً، غَيْرَ اَنَّهُ يَقُولُ: قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ مَرَّتَيْنِ، فَاِذَا سَمِعْنَا الْاِقَامَةَ تَوَضَّانَا ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَى الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ، فَاِنَّ اَبَا جَعْفَرٍ هٰذَا عُمَيْرُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ حَبِيبٍ الْخَطْمِيُّ، وَقَدْ رَوٰى عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَعُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، وَقَدْ رَوٰى عَنْهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَشُعْبَةُ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَغَيْرُهُمْ مِنْ اَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ، وَاَمَّا اَبُو الْمُثَنَّى الْقَارِءُ فَاِنَّهُ مِنْ اُسْتَاذِي نَافِعِ بْنِ اَبِي نُعَيْمٍ وَّاسْمُهُ مُسْلِمُ بْنُ الْمُثَنَّى رَوٰى عَنْهُ اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ وَّسُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ وَغَيْرُهُمَا مِنَ التَّابِعِينَ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اذان (کے الفاظ) دو دو مرتبہ اور اقامت (کے الفاظ) ایک ایک مرتبہ کہے جاتے تھے، تاہم اقامت میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ دو مرتبہ بولا جاتا تھا، ہم جب اقامت سنتے تو وضو کر کے نماز کیلئے نکل پڑتے۔

حدیث 709:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 628 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1193 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1677 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1593 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 1813 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 1923

✧✧ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور اس کے راوی ابوجعفر، یزید بن حبیب اُنظمی کے بیٹے عمیر ہیں۔ انہوں نے سعید بن مسیّب اور عمارہ بن خزیمہ بن ثابت سے بھی احادیث نقل کی ہیں اور ان سے روایت لینے والوں میں سفیان ثوری، شعبہ، حماد بن سلمہ اور دیگر آئمہ مسلمین کے نام شامل ہیں اور ابوالمثنیٰ القاری جو ہیں، یہ میرے استاد نافع بن ابی نعیم ہیں۔ ان کا نام مسلم بن المثنیٰ ہے۔ اسماعیل بن ابوخالد اور سلیمان تیمی اور دیگر تابعین نے ان سے احادیث روایت کی ہیں:

710 ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَّشْفَعَ الْاَذَانَ، وَيُوْتِرَ الْاِقَامَةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ اَسْنَدَهُ اِمَامُ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَمُزَكِّي الرُّوَاةِ بِلَا مُدَافَعَةٍ، وَقَدْ اَنَّ تَابَعَهُ عَلَيْهِ الثِّقَةُ الْمَامُوْنُ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اذان دو دو مرتبہ اور اقامت ایک ایک مرتبہ کہیں۔

✧✧ راویوں پر جرح اور طعن کرنے والوں کے اور محدثین رحمہم اللہ کے امام نے اس حدیث کو مسند قرار دیا ہے اور کسی نے اس کی مخالفت نہیں کی۔

حدیث: 710

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير، يمامه بيروت، لبنان، 1407ھ 1987ء، رقم الحديث: 580 اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع دار احياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 378 اخرجه ابو داؤد السجستانی فی "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 508 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی، فی "جامعه" طبع دار احياء التراث العربی، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 193 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 627 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دار الفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 730 اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دار الكتاب العربی، بيروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحديث: 1194 اخرجه ابو عبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 12994 اخرجه ابو حاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 1675 اخرجه ابو بكر بن خزيمة النيسابوری، فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 366 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دار الكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 1592 ذكره ابو بكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دار الباز، مكه مكرمه، سعودی عرب، 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 1801 اخرجه ابو يعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء، رقم الحديث: 2792 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامی، دار عمار، بيروت، لبنان/عمان، 1405ھ 1985ء، رقم الحديث: 1073 اخرجه ابو داؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دار المعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 2095

اس حدیث کو عبدالوہاب ثقفی سے روایت کرنے میں قتیبہ بن سعید جیسے ثقہ اور مامون راوی نے یحییٰ بن معین کی متابعت کی ہے۔(ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے۔)

711۔ كَمَا حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ الْخَضِرِ الشَّافِعِيُّ، وَاَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْهَرَوِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَافِظُ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَّشْفَعَ الْاَذَانَ، وَيُوْتِرَ الْاِقَامَةَ وَالشَّيْخَانِ لَمْ يُخَرِّجَا بِهٰذِهِ السِّيَاقَةِ وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا

✧✧ قتیبہ بن سعید نے عبدالوہاب ثقفی، ایوب پھر ابوقلابہ کے حوالے سے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دو دو مرتبہ اور اقامت ایک ایک بار کہنے کا حکم دیا۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

712۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ يَعْقُوْبَ الزَّمْعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ اَخْبَرَهٗ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ اَوْ قَلَّمَا تُرَدَّانِ: الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ، وَعِنْدَ الْبَاْسِ حِيْنَ يُلْحِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا هٰذَا حَدِيْثٌ يَنْفَرِدُ بِهٖ مُوْسٰى بْنُ يَعْقُوْبَ، وَقَدْ يُرْوٰى عَنْ مَّالِكٍ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، وَمُوْسٰى بْنِ يَعْقُوْبَ، مِمَّنْ يُوْجَدُ عَنْهُ التَّفَرُّدُ، وَلَهٗ شُهُوْدٌ مِّنْهَا حَدِيْثُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، وَحَدِيْثُ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، وَحَدِيْثُ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ اَنَسٍ

✧✧ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو دعائیں کبھی رد نہیں ہوتیں یا (شاید یہ فرمایا) بہت کم رد کی جاتی ہیں (۱) اذان کے وقت کی دعا (۲) جنگ کے وقت جب لوگ ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہوں (اس وقت کی دعا)

✧✧ اس حدیث کو صرف موسیٰ بن یعقوب نے روایت کیا ہے اور مالک کی ابوحازم اور موسیٰ بن یعقوب کے حوالے سے ایسے روایات ملتی ہیں جن میں ان کی طرف سے تفرد پایا جاتا ہے۔ اس حدیث کے کئی شواہد موجود ہیں جن میں سلیمان تیمی کی انس سے روایت، معاویہ بن قرہ کی حدیث اور یزید بن ابومریم کی انس کے حوالے سے حدیث قابل ذکر ہیں۔

حدیث 712:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2540 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالكتاب العربی' بيروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء' رقم الحديث: 1200 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 419 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6251 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 5756

713- وَقَدْ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُنْقِذٍ الْخَوْلَانِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنِي اِدْرِيسُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الدُّعَاءُ مُسْتَجَابٌ مَّا بَيْنَ النِّدَاءِ

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اذان کے وقت مانگی ہوئی دعا قبول ہوتی ہے۔

714- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْهِلَالِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ الْعَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ اَبِيْ كَثِيْرٍ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ: عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَقُوْلَ عِنْدَ اَذَانِ الْمَغْرِبِ: اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ، وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ، وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْ لِي

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالْقَاسِمُ بْنُ مَعْنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مِنْ اَشْرَافِ الْكُوفِيِّيْنَ وَثِقَاتِهِمْ مِمَّنْ يُجْمَعُ حَدِيْثُهُ، وَلَمْ اَكْتُبْهُ اِلَّا عَنْ شَيْخِنَا اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ رَحِمَهُ اللّٰهُ

✧✧ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تعلیم دی ہے کہ اذان مغرب کے وقت یوں دعا مانگو" یا اللہ یہ وقت تیری رات کے آنے کا ہے اور دن کے جانے کا اور تیرے منادیوں کی آواز کا ہے، یا اللہ تو میری مغفرت فرما"

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، اس کی سند میں قاسم بن معن، عبداللہ بن مسعود کے بیٹے عبدالرحمان کے بیٹے ہیں جو کہ اشرافِ کوفہ میں سے ہیں اور ثقہ لوگوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ ان کی احادیث کو جمع کیا جاتا ہے، میں نے ان کی احادیث اپنے شیخ ابوعبداللہ کے حوالے سے نقل کی ہے۔

715- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، قِرَائَةً عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَاَنَا اَسْمَعُ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، وَاَبُوْ رَبِيْعَةَ قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اِيَاسٍ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ،

حدیث 714:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 530 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 3589 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1792 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 680 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 1543 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 6896

اجْعَلْنِيْ إِمَامَ قَوْمِي، قَالَ: أَنْتَ إِمَامُهُمْ، وَاقْتَدِ بِأَضْعَفِهِمْ، وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَأْخُذُ عَلٰى أَذَانِهِ أَجْرًا عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے میری قوم کا امام بنادیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنی قوم کا امام ہے۔ ان میں سے کمزور لوگوں کا لحاظ کرنا اور اذان کی ذمہ داری کسی ایسے شخص کو دینا جو اذان پر اجرت نہ لے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

716- أَخْبَرَنِي أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيمٍ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ أَبِي غَرْزَةَ، وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عِيسَى الْحِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ سَعِيدِ بْنِ طَارِقٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُدْرِكٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ قَدْرُ صَلٰوةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةَ أَقْدَامٍ، وَفِي الشِّتَاءِ خَمْسَةُ أَقْدَامٍ إِلٰى سَبْعَةِ أَقْدَامٍ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ فَقَدِ احْتَجَّ بِأَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ فِي الصَّيْفِ، وَكَثِيرِ بْنِ مُدْرِكٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی مقدار تین قدموں کے برابر اور سردیوں

حدیث 715:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 531 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 209 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 672 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 16314 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث: 1636 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1865 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 8365

حدیث 716:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 400 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 503 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1492 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1588 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 10204

میں ۵ سے ۷ قدموں کی مقدار ہوا کرتی تھی۔

✥✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ابو مالک اشجعی اور کثیر بن مدرک کی روایات نقل کی ہیں۔

717۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عِیسٰی، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَنْصُورٍ یَحْیَی بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زِیَادٍ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مَعِیْنٍ، حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، اَنْبَانَا دَاوُدُ بْنُ اَبِیْ هِنْدٍ، وَاَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِیَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِیْ حَرْبِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِیْهِ، قَالَ: عَلَّمَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَانَ مِمَّا عَلَّمَنِیْ حَافِظْ عَلَی الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، فَقُلْتُ: اِنَّ هٰذِهِ سَاعَاتٌ لِّیْ فِیْهَا اَشْغَالٌ فَمُرْنِیْ بِاَمْرٍ جَامِعٍ اِذَا اَنَا فَعَلْتُهُ اَجْزَاَ عَنِّیْ، فَقَالَ: حَافِظْ عَلَی الْعَصْرَیْنِ وَمَا کَانَتْ مِنْ لُغَتِنَا، فَقُلْتُ: وَمَا الْعَصْرَانِ ؟ قَالَ: صَلٰوةٌ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ، وَصَلٰوةٌ قَبْلَ غُرُوبِهَا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ فَضَالَةَ بْنِ عُبَیْدٍ وَّقَدْ خَرَّجَ لَهُ فِی الصَّحِیْحِ حَدِیْثَانِ

✧✧ عبداللہ بن فضالہ اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں تعلیم دی ہے، آپ کی تعلیمات میں یہ بات بھی تھی کہ پانچوں نمازیں پابندی سے ادا کرو، میں نے عرض کیا: یہ اوقات میری مصروفیت کے ہیں، اس لئے مجھے کوئی ایسا جامع حکم ارشاد فرمادیں کہ اس پر عمل کرنا ہی میرے لئے کافی ہو، آپ ﷺ نے فرمایا: عصرین کی حفاظت کرو۔ (فضالہ کہتے ہیں) چونکہ یہ لفظ ''عصرین'' ہماری زبان کا لفظ نہیں تھا، اس لئے میں نے پوچھا: یارسول اللہ ﷺ ''عصران'' کا کیا مطلب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب سے پہلے کی نمازیں۔

✥✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔اس کی سند میں موجود عبداللہ نامی راوی ''فضالہ بن عبید'' کے بیٹے ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں ان کی دو حدیثیں نقل کی ہیں۔

حدیث 717:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 428 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 15742 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 826 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء رقم الحدیث: 939 ذکره ابوبکر البیہقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2020

بَاب: فِی فَضْلِ الصَّلٰوةِ الْخَمْسِ

پانچ نمازوں کی فضیلت

718- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ ابْنُ اَخِي رِشْدِيْنَ، وَاَبُو الطَّاهِرِ، قَالَا: اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدًا، وَنَاسًا، مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُوْنَ: كَانَ رَجُلَانِ اَخَوَانِ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اَحَدُهُمَا اَفْضَلَ مِنَ الْاٰخَرِ، فَتُوُفِّيَ الَّذِيْ هُوَ اَفْضَلُهُمَا ثُمَّ عُمِّرَ الْاٰخَرُ بَعْدَهُ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، ثُمَّ تُوُفِّيَ فَذَكَرُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضِيْلَةَ الْاَوَّلِ عَلَى الْاٰخَرِ، فَقَالَ: اَلَمْ يَكُنِ الْاٰخَرُ يُصَلِّيْ ؟ قَالُوْا: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَانَ لَا بَاْسَ بِهٖ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا يُدْرِيكُمْ مَاذَا بَلَغَتْ بِهٖ صَلَوَاتُهُ، اِنَّمَا مَثَلُ الصَّلٰوةِ كَمَثَلِ نَهْرٍ جَارٍ بِبَابِ رَجُلٍ غَمْرٍ عَذْبٍ يَقْتَحِمُ فِيْهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ فَمَاذَا تَرَوْنَ يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهٖ ؟ لَا تَدْرُوْنَ مَاذَا بَلَغَتْ بِهٖ صَلَاتُهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، فَاِنَّهُمَا لَمْ يُخَرِّجَا مَخْرَمَةَ بْنَ بُكَيْرٍ وَالْعِلَّةُ فِيْهِ اَنَّ طَائِفَةً مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ ذَكَرُوْا اَنَّهُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِيْهِ لِصِغَرِ سِنِّهِ، وَاَثْبَتَ بَعْضُهُمْ سَمَاعَهُ مِنْهُ

◇◇ حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ اور دیگر کئی اصحابِ رسول سے یہ بات سنی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دو بھائی ہوتے تھے، ان میں سے ایک دوسرے سے افضل تھا۔ ان میں سے جو افضل تھا وہ مر گیا اور اس کے چالیس دن بعد دوسرا فوت ہو گیا، صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہلے کی دوسرے پر فضیلت کا ذکر کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ دوسرا نماز نہیں پڑھتا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! لیکن اس کو کبھی آزمائش

حدیث 718:

اخرجه ابوعبدالله الاصبحي في "الموطا" طبع داراحياء التراث العربي (تحقيق فواد عبدالباقي) رقم الحديث: 420 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 1534 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 310 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 6476

نہیں آئی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیا معلوم؟ اس کی نمازوں نے اس کو کہاں تک پہنچا دیا، نماز کی مثال تو ایسی ہے جیسے کسی شخص کے دروازے کے قریب نہر بہتی ہو جو کہ صاف ستھرے پانی سے بھری ہو اور وہ بندہ روزانہ پانچ مرتبہ اس میں نہاتا ہو، تو تمہارا کیا خیال ہے اس کے جسم پر کوئی میل باقی رہ جائے گی؟ تم نہیں جانتے کہ اس کی نمازوں نے اسے کہاں تک پہنچا دیا ہے۔

✥ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے روایت نہیں کیا۔ دراصل امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے مخرمہ بن بکیر کی روایات نقل نہیں کیں اور اس میں علت یہ ہے کہ اہل مصر کی ایک جماعت ہے جنہوں نے یہ بات کہی ہے کہ کیونکہ "مخرمہ" بہت چھوٹے تھے، اس لئے انہوں نے اپنے والد سے حدیث کا سماع نہیں کیا جبکہ بعض محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے مخرمہ کا ان کے والد سے سماع ثابت کیا ہے۔

719- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ نُعَيْمًا الْمُجْمِرَ، حَدَّثَهُ اَنَّ صُهَيْبًا مَوْلَى الْعُتْوَارِيِّينَ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ: وَاَبَا هُرَيْرَةَ يُخْبِرَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ سَكَتَ، فَاَكَبَّ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا يَبْكِي حَزِينًا لِيَمِينِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَّاْتِي الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ، وَيَصُومُ رَمَضَانَ، وَيَجْتَنِبُ الْكَبَائِرَ السَّبْعَ، اِلَّا فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حَتّٰى اَنَّهَا لَتَصْطَفِقُ ثُمَّ تَلَا اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَالَّذِي عِنْدِي اَنَّهُمَا اَهْمَلَاهُ لِذِكْرِ صُهَيْبٍ مَوْلَى الْعُتْوَارِيِّ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِي هُرَيْرَةَ، فَاِنَّهُمَا قَدِ اتَّفَقَا عَلَى صِحَّةِ رِوَايَةِ نُعَيْمٍ عَنِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ منبر پر بیٹھے اور تین مرتبہ یوں قسم کھائی "اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے" پھر آپ ﷺ خاموش ہو گئے، رسول اللہ ﷺ کے اس طرح قسم کھانے پر ہم میں سے ہر شخص غمزدہ ہو کر رونے لگا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص پانچ وقت کی نماز ادا کرے، رمضان کے روزے رکھے اور سات بڑے بڑے کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے، اس کے لئے قیامت کے دن جنت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے حتیٰ کہ جنت خود اس کے لئے بے چین ہوگی۔ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: "اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ

حدیث 719:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 2438 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1748 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 315 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دار الكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 2218 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دار الباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 20549

سَيِّئَاتِكُمْ"

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور میرا یہ خیال ہے کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو اس لئے چھوڑ دیا ہے کیونکہ اس کی سند میں عتواری کے آزاد کردہ غلام صہیب نے نعیم بن عبداللہ کا ذکر کیا ہے۔ نعیم بن عبداللہ (......اصل کتاب میں یہاں پر جگہ خالی ہے......) اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہ وہ دونوں نعیم کی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے روایت کی صحت پر متفق ہیں۔ (......اصل کتاب میں یہاں پر جگہ خالی ہے......)

720- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ اَخِيهِ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَمِ افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهِ مِنَ الصَّلَوَاتِ ؟ قَالَ: خَمْسَ صَلَوَاتٍ، قَالَ: هَلْ قَبْلَهُنَّ اَوْ بَعْدَهُنَّ شَيْءٌ ؟ قَالَ: افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهِ صَلَوَاتٍ خَمْسًا فَحَلَفَ الرَّجُلُ بِاللّٰهِ لَا يَزِيدُ عَلَيْهِنَّ وَلَا يَنْقُصُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ صَدَقَ دَخَلَ الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ حَدَّثَ مُسْلِمٌ فِي الصَّحِيحِ بِثَلَاثَةِ اُصُولٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر کتنی نمازیں فرض کی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ نمازیں۔ اس نے پوچھا: کیا ان سے پہلے اور بعد میں بھی کچھ چیز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں ہی فرض کی ہیں۔ اس شخص نے اللہ کی قسم کھا کر کہا: میں ان میں کچھ بھی کمی و زیادتی نہ کروں گا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس شخص نے سچ کہا تو یہ جنتی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں تین اصول اسی سند کے ساتھ بیان کئے ہیں۔

721- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا بَلَغَ اَوْلَادُكُمْ سَبْعَ سِنِينَ فَفَرِّقُوا بَيْنَ فُرُشِهِمْ، وَاِذَا بَلَغُوا عَشْرَ سِنِينَ فَاضْرِبُوهُمْ عَلَى الصَّلٰوةِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ آبَائِهِ، ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا هٰذَا الْحَدِيثَ

حدیث 720:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 459

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1447 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2939

✧✧ عبدالملک بن ربیع بن سبرہ اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں ''جب تمہاری اولاد سات سال کی عمر کو پہنچ جائے تو ان کے بستر الگ کر دو اور جب دس سال کی عمر کو پہنچے تو نماز کے حوالے سے ان پر سختی کرو''۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالملک بن ربیع بن سبرہ کی روایات ان کے باپ دادا کے حوالے سے نقل کی ہیں۔

722۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ وَّاَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِى الْعَلَاءِ، عَنْ مُّطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى الْعَاصِ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اجْعَلْنِىْ اِمَامَ قَوْمِى، قَالَ: أَنْتَ اِمَامُهُمْ وَاقْتَدِ بِاَضْعَفِهِمْ وَاتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لَا يَتَّخِذُ عَلٰى اَذَانِهِ اَجْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا وَاِنَّمَا اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِيْثَ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِذَا اَمَمْتَ قَوْمًا اَلْحَدِيْثَ

✧✧ حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! مجھے میری قوم کا امام بنا دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو ان کا امام ہے۔ ان کے سب سے کمزور آدمی کا لحاظ رکھنا ہے اور موذن ایسے شخص کو بنانا، جو اذان کی مزدوری نہ مانگے۔

✤✤ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شعبہ کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے عمرو بن مرہ پھر سعید بن مسیّب کے واسطے سے عثمان بن ابوالعاص کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تو کسی قوم کی امامت کرے (اس کے بعد مکمل حدیث بیان کی)

723۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِي وَأَخْبَرَنَا أَبُو جَعْفَرَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيمِ الشَّيْبَانِي بِالْكُوفَةِ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ أَبِي عَزْرَةَ حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ

حديث 1723:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 537 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 202 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 20823 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1525 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1912

بِلَالٌ يُؤَذِّنُ ثُمَّ يَمْهَلُ فَإِذَا رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَرَجَ فَأَقَامَ الصَّلَاةَ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ إِنَّمَا ذَكَرَ مُسْلِمٌ حَدِيثَ زُهَيْرٍ عَنْ سِمَاكٍ كَانَ بِلَالٌ يُؤَذِّنُ إِذَا دَحَضَتِ الشَّمْسُ

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان پڑھ کر انتظار کرتے رہتے تھے، جب وہ دیکھتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے ہیں، تو نماز کے لئے اقامت کہتے۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے زہیر کے واسطے سے سماک کی یہ حدیث نقل کی ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اس وقت اذان دیتے تھے جب وہ دیکھتے کہ سورج ڈھل چکا ہے۔

724۔ حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، وَدَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مَسْعُودٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُونُ فِي الْمَسْجِدِ حِينَ تُقَامُ الصَّلٰوةُ، فَإِذَا رَآهُمْ قَلِيلًا جَلَسَ ثُمَّ صَلَّى، وَإِذَا رَآهُمْ جَمَاعَةً صَلَّى

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَمَسْعُودٌ هٰذَا أَبُو الْحَكَمِ الزُّرَقِيُّ

✧✧ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے وقت مسجد میں ہوتے تھے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے کہ لوگ کم ہیں، تو کچھ دیر انتظار کرتے پھر نماز پڑھتے اور جب دیکھتے کہ جماعت مکمل ہے (تو مزید انتظار کئے بغیر) نماز پڑھا دیتے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس کی سند میں جو مسعود (نامی راوی) ہیں یہ ابوالحکم زرقی ہیں۔

725۔ حَدَّثَنَا الْحَاكِمُ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ، إِمْلَاءً فِي شَهْرِ رَجَبٍ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَّتِسْعِينَ وَثَلَاثِ مِائَةٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا أَسِيدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَأَخْبَرَنَا وَاللَّفْظُ لَهُ، أَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيعِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ بِلَالًا يُؤَذِّنُ وَيَدُورُ وَيَتَبَعُ فَاهُ هَاهُنَا، وَهَاهُنَا، وَأُصْبُعَيْهِ فِي أُذُنَيْهِ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قُبَّةٍ حَمْرَاءَ مِنْ أَدَمٍ، فَخَرَجَ بِلَالٌ بَيْنَ يَدَيْهِ بِالْعَنَزَةِ، فَرَكَزَهَا بِالْبَطْحَاءِ، فَصَلَّى إِلَيْهَا إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ الْكَلْبُ وَالْحِمَارُ، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَرِيقِ سَاقَيْهِ

حدیث: 724

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 545

✧✧ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ اذان دیتے ہوئے گھوما کرتے تھے اور اپنا چہرہ اِدھر اُدھر پھیرتے تھے اور اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیا کرتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چمڑے کے بنے ہوئے سرخ خیمے میں ہوتے تھے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بڑے کھالے میں کدال ڈال دیتے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے جانور گزر جایا کرتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سرخ رنگ کا جبہ ہوتا تھا، مجھے یوں محسوس ہوتا ہے گویا کہ آج بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پنڈلیوں کی چمک دیکھ رہا ہوں۔

726۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَمَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ بِالْاَبْطَحِ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِنَحْوِهٖ

قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، وَعُمَرَ بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ فِي ذِكْرِ نُزُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَبْطَحَ غَيْرَ اَنَّهُمَا لَمْ يَذْكُرَا فِيهِ اِدْخَالَ الْاُصْبُعِ فِي الْاُذُنَيْنِ وَالْاِسْتِدَارَةِ فِي الْاَذَانِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا جَمِيْعًا وَهُمَا سُنَّتَانِ مَسْنُوْنَتَانِ

✧✧ عون بن ابوجحیفہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو (مسجد نبوی کے قبلہ کی جانب واقع بارش کے) نالے میں اترتے دیکھا۔ اس کے بعد سابقہ حدیث کی طرح مکمل حدیث درج ہے۔

✥✥ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے مالک بن مغول اور عمر بن ابوزائدہ کی حدیث عون بن ابوجحیفہ کے واسطے سے ان کے والد سے نقل کی ہے، جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نالے میں اترنے کا ذکر ہے، تاہم انہوں نے اس میں کانوں میں

حدیث: 725

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامه' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء' رقم الحدیث: 5521 اخرجه ابوالحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 503 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 197 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 5378 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 2382 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 388 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 9827 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1721 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث: 1459 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 307 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 887

انگلیاں ڈالنے اور اذان کے دوران گھومنے کا ذکر نہیں کیا ہے، جبکہ یہ حدیث دونوں کے معیار پر صحیح ہے اور یہ دونوں عمل سنت ہیں۔

727- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَرَّاحِ الْعَدْلُ بِمَرْوَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَاسَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّكَرِي قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ يَقُولُ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ إِذَا رَأَى الْمُؤَذِّنَ لَا يُدْخِلُ إِصْبَعَيْهِ فِي أُذُنَيْهِ يَصِيحُ بِهِ أَنْفَسْتَ بِكُوش أَنْفَسْتَ بِكُوش

❖❖ حضرت علی بن حسن بن شقیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ عبداللہ بن مبارک جب کسی موذن کو دیکھتے کہ اس نے کانوں میں انگلیاں نہیں ڈالیں تو چلا کر کہتے "أَنْفَسْتَ بِكُوش أَنْفَسْتَ بِكُوش" (کانوں میں انگلیاں ڈالو)

728- حَدَّثَنَا أَبُو زَكَرِيَّا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْدِيُّ، وَحَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَسَّانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ الْمَدَائِنِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عن رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ قَالَ حِينَ سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ: وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، غُفِرَ لَهُ ذَنْبُهُ صَحِيحٌ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ. وَالْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ هُوَ أَخُو مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ الْقُرَشِيُّ وَفِي الثَّبْتِ فَوْقَ عَلِيِّ بْنِ عَبَّاسٍ الْحِمْصِيِّ

❖❖ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص موذن کی آواز سن کر کہے ": وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، (اور میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ میں اللہ کے رب ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوں) اس

حدیث: 728

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوري في "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 386 اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 525 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 679 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 729 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 1565 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1693 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 421 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 1643 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1791 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 722 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 29249

کے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس کی سند میں جو حکم بن عبداللہ ہیں، وہ عبداللہ بن قیس بن مخرمہ قرشی کے بیٹے، محمد کے بھائی ہیں اور قابل اعتماد ہونے میں علی بن عباس رضی اللہ عنہما حمصی سے بڑھ کر ہیں۔

729۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَمِعَ اَحَدُكُمُ النِّدَاءَ وَالْاِنَاءُ عَلٰى يَدِهِ فَلَا يَضَعُهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ مِنْهُ وَفِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمَّارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ بِمِثْلِهِ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی اذان سنے اور اس وقت وہ کچھ کھا پی رہا ہو تو اپنا ہاتھ نہ روکے، جب تک کہ سیر نہ ہو جائے۔

✣ ابوبکر بن اسحاق کی ایک حدیث کی سند حماد پھر عمار کے واسطے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے، یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

730۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ جُمَيْعٍ، عَنْ لَيْلٰى بِنْتِ مَالِكٍ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اُمِّ وَرَقَةَ الْاَنْصَارِيَّةِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ: انْطَلِقُوا بِنَا اِلَى الشَّهِيْدَةِ فَنَزُوْرُهَا وَاَمَرَ اَنْ يُؤَذَّنَ لَهَا وَتُقَامَ، وَتَؤُمَّ اَهْلَ دَارِهَا فِي الْفَرَائِضِ قَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِالْوَلِيْدِ بْنِ جُمَيْعٍ وَّهٰذِهِ سُنَّةٌ غَرِيْبَةٌ لَّا اَعْرِفُ فِي الْبَابِ حَدِيْثًا مُسْنَدًا غَيْرَ هٰذَا، وَقَدْ رَوَيْنَا عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا كَانَتْ تُؤَذِّنُ، وَتُقِيْمُ، وَتَؤُمُّ النِّسَاءَ

حدیث: 729

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 2350 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 9468 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 7809

حدیث: 730

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1676 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 1768 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 5137

✧✧ حضرت اُمّ ورقہ انصاریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (اپنے اصحاب سے) فرمایا کرتے تھے: ہمارے ساتھ چلو، شہداء کی زیارت کرنے چلیں، پھر آپ ﷺ حکم دیتے کہ اذان دی جائے اور اقامت کہی جائے اور تمام گھر والوں کو شامل کر کے فرضی نمازوں کی جماعت کرائی جائے۔

❖ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ ولید بن جمیع کی روایات نقل کی ہیں، یہ سنت غریبہ ہے، اس موضوع پر اس ایک حدیث کے علاوہ اور کوئی مسند حدیث میرے علم میں نہیں اور ہم نے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے کہ وہ اذان دیا کرتی تھیں اور عورتوں کی امامت بھی کرایا کرتی تھیں (جیسا کہ درج ذیل حدیث سے ظاہر ہے)

731- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْأَصَمُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعُطَارِدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ تُؤَذِّنُ وَتُقِيمُ وَتَؤُمُّ النِّسَاءَ وَتَقُومُ وَسْطَهُنَّ

✧✧ حضرت عطاء رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ وہ اذان دیتی تھیں، اقامت کہتی تھیں اور عورتوں کو نماز پڑھاتی تھیں اور ان کے درمیان کھڑی ہوتی تھیں۔

732- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، أَنْبَأَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمَّادِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ نُعَيْمٍ الرِّيَاحِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ فَائِدٍ الْأُسْوَارِيّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَعَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِبِلَالٍ: إِذَا أَذَّنْتَ فَتَرَسَّلْ فِي أَذَانِكَ، وَإِذَا أَقَمْتَ فَاحْدُرْ، وَاجْعَلْ بَيْنَ أَذَانِكَ وَإِقَامَتِكَ قَدْرَ مَا يَفْرُغُ الْآكِلُ مِنْ أَكْلِهِ، وَالشَّارِبُ مِنْ شُرْبِهِ وَالْمُعْتَصِرُ إِذَا دَخَلَ لِقَضَاءِ حَاجَتِهِ

هٰذَا حَدِيثٌ لَيْسَ فِي إِسْنَادِهِ مَطْعُونٌ فِيهِ غَيْرُ عَمْرِو بْنِ فَائِدٍ وَالْبَاقُونَ شُيُوخُ الْبَصْرَةِ وَهٰذِهِ سُنَّةٌ غَرِيبَةٌ لَا أَعْرِفُ لَهَا إِسْنَادًا غَيْرَ هٰذَا، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا: جب اذان کہو، تو ٹھہر ٹھہر کر کہو اور جب اقامت کہو، تو جلدی کرو اور اذان اور اقامت کے درمیان اتنا وقفہ کرو کہ کھانا کھانے والا شخص کھانے پینے سے فارغ ہو جائے اور قضائے حاجت کرنے والا استنجا سے فارغ ہو جائے۔

حدیث: 731

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1781

حدیث: 732

اخرجہ ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعہ" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 195 ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبریٰ" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 1858 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 1952 اخرجہ ابومحمد الکسی فی "مسندہ" طبع مکتبہ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحدیث: 1008

✤ اس حدیث کی اسناد میں عمرو بن فائد کے علاوہ اور کسی راوی پر طعن ثابت نہیں اور باقی راوی بصرہ کے شیخ ہیں اور یہ سنت غریبہ ہے، اس کی اسناد اس حدیث کے علاوہ میرے علم میں نہیں اور شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس کو نقل نہیں کیا۔

733- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، وَاَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْمَلِيْحِ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ، قَالَ: كَمَا يَقُوْلُ حَتّٰى يَسْكُتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اذان سنتے تو وہی کچھ کہتے جو موذن کہتا حتیٰ کہ اذان ختم ہو جاتی۔

✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔
مذکورہ حدیث کی ایک سند صحیح کے ساتھ شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

734- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ الْعَسْكَرِيُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ، قَالَ: وَاَنَا وَاَنَا

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اذان سنتے تو فرماتے اور میں اور میں۔

735- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ خَالِدٍ الدُّؤَلِيِّ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ بِلَالٌ يُنَادِيْ فَلَمَّا سَكَتَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ مِثْلَ هٰذَا يَقِيْنًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حدیث 723:

اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 121

حدیث 735:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 674 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحديث: 8609 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 1667 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 1641

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْإِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ هٰكَذَا

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہوکر اذان دی، جب وہ اذان سے فارغ ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوشخص وہ ہی کچھ پڑھے، جو اِس نے پڑھا، یقیناً جنت میں داخل ہوگا۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

736۔ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْاَدَمِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَبُو اِسْمَاعِيلَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَذَّنَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَكُتِبَ لَهُ بِتَاْذِيْنِهِ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ سِتُّوْنَ حَسَنَةً، وَبِاِقَامَتِهِ ثَلَاثُوْنَ حَسَنَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ لَهِيعَةَ، وَقَدِ اسْتَشْهَدَ بِهِ مُسْلِمٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جوشخص بارہ سال اذان دے، وہ جنتی ہے اس کی ہر اذان کے عوض ساٹھ اور ہر اقامت کے عوض تیس نیکیاں لکھی جائیں گی۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحیح ہے، اور اس کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ عبداللہ بن لہیعہ سے مروی ہے۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ان کی حدیث شاہد کے طور پر نقل کی ہے۔ (وہ حدیث یہ ہے)

737۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِئٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، وَاَبُو الرَّبِيعِ، قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَذَّنَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَكُتِبَ لَهُ بِكُلِّ اَذَانٍ سِتُّوْنَ حَسَنَةً وَّبِكُلِّ اِقَامَةٍ ثَلَاثُوْنَ حَسَنَةً

✧✧ حضرت ابن لہیعہ کی سند کے ہمراہ بھی نبی اکرم ﷺ کا سابقہ فرمان منقول ہے۔

738۔ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الشَّعْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَدِّيْ، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُؤَذِّنُ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الصَّلَوَاتِ فِي السَّفَرِ، وَلَا يُقِيْمُ اِلَّا لِلصُّبْحِ، فَاِنَّهُ كَانَ يُؤَذِّنُ وَيُقِيْمُ

حدیث 736:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 728 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 1881 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين' قاهره' مصر' 1415ھ' رقم الحديث: 8733

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ فَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَاحْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِنُعَيْمِ بْنِ حَمَّادٍ، وَالْمَشْهُوْرُ مِنْ فِعْلِ ابْنِ عُمَرَ بِهِ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران فجر کے علاوہ اور کسی نماز کے لئے نہ اذان کہتے، نہ اقامت۔ صرف فجر کے لئے خود اذان اور اقامت کہتے۔

❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالعزیز بن محمد اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے نعیم بن حماد کی روایات نقل کی ہیں اور اس سلسلے میں ابن عمر رضی اللہ عنہما کا فعل مشہور ہے (جیسا کہ درج ذیل ہے)

739۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بَطَّةَ الْأَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَكَرِيَّا الْأَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا مِحْرَزُ بْنُ سَلَمَةَ الْعَدَنِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ بْنَ عُمَرَ كَانَ لَا يُؤَذِّنُ فِي السَّفَرِ وَلَا يُقِيْمُ فِي شَيْءٍ مِّنْ صَلَوَاتِهِ

✧✧ حضرت نافع رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سفر میں کسی نماز کے لئے نہ اذان دیتے، نہ اقامت کہتے۔

740۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ حَمَّادٌ وَّحَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ اَبِيْ عَمَّارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَمِعَ اَحَدُكُمُ النِّدَاءَ، وَالْاِنَاءُ عَلٰى يَدِهِ فَلَا يَضَعُهُ حَتّٰى يَقْضِيَ حَاجَتَهُ مِنْهُ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص کھانا کھاتے ہوئے یا پانی پیتے ہوئے اذان کی آواز سنے تو وہ سیر ہونے تک اپنا عمل جاری رکھے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

741۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاِسْفَرَائِنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ يَعْقُوْبُ بْنُ يُوْسُفَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ

حدیث 741:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث:342 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذى فى "جامعه" طبع داراحياء التراث العربى بيروت لبنان رقم الحديث: 344 اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1011 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودى عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2062 اخرجه ابو القاسم الطبرانى فى "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمين قاهره مصر 1415ھ رقم الحديث:790

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَإِنَّ شُعَيْبَ بْنَ اَيُّوبَ ثِقَةٌ وَّقَدْ اَسْنَدَهُ، وَرَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُجَبَّرٍ وَّهُوَ ثِقَةٌ، عَنْ نَّافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مُسْنَدًا

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مشرق سے لے کر مغرب تک (اہل مدینہ اور گرد ونواح کے لوگوں کے لئے) پوری سمت قبلہ ہے۔

✥✥ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ اور شعیب بن ایوب ثقہ راوی ہیں۔ انہوں نے اس کی سند کو متصل کیا ہے اور محمد بن عبدالرحمان بن مجبر نے اس حدیث کو نافع کے واسطے سے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مسنداً روایت کیا ہے (ان کی روایت درج ذیل ہے)

742۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَسْعُودٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُجَبَّرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ قَدْ اَوْقَفَهُ جَمَاعَةٌ مِّنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

✥✥ یہ حدیث صحیح ہے اور محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی ایک جماعت نے اس کو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے موقوفاً نقل کیا ہے۔

743۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَزَّازُ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرٍ، اَوْ سَيْرٍ فَاَظَلَّنَا غَيْمٌ، فَتَحَيَّرْنَا فَاخْتَلَفْنَا فِي الْقِبْلَةِ فَصَلّٰى كُلُّ وَاحِدٍ مِّنَّا عَلٰى حِدَةٍ، فَجَعَلَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنَّا يَخُطُّ بَيْنَ يَدَيْهِ لِنَعْلَمَ اَمْكِنَتَنَا فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَاْمُرْنَا بِالْاِعَادَةِ، وَقَالَ: قَدْ اَجْزَاَتْ صَلَاتُكُمْ

هٰذَا حَدِيثٌ مُّحْتَجٌّ بِرُوَاتِهِ، كُلُّهُمْ غَيْرَ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ فَاِنِّي لَا اَعْرِفُهُ بِعَدَالَةٍ وَّلَا جَرْحٍ، وَقَدْ تَاَمَّلْتُ كِتَابَ الشَّيْخَيْنِ فَلَمْ يُخَرِّجَا فِي هٰذَا الْبَابِ شَيْئًا

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں نماز پڑھنے لگے تو بادل چھا جانے کی وجہ سے ہم پریشان ہو گئے اور سمت قبلہ کے حوالے سے ہمارا اختلاف ہو گیا، ہم میں سے ہر شخص نے (اپنی مرضی سے) ایک جانب رخ کر کے نماز پڑھی اور ہر شخص نے اپنے آگے ایک لکیر کھینچ لی تاکہ اپنی اپنی جگہ کی پہچان رہے، ہم نے اس بات کا تذکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نمازیں لوٹانے کا حکم نہیں دیا بلکہ فرمایا: یہ نماز تمہارے لئے کافی ہے۔

✥✥ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی جاتی ہیں۔ سوائے محمد بن سالم کے۔ کہ ان کے متعلق مجھے عدالت اور جرح کا کوئی علم نہیں۔ میں نے شیخین رحمۃ اللہ علیہما کی کتابوں میں بہت چھان بین کی لیکن انہوں نے اس موضوع پر کوئی حدیث نقل نہیں کی۔

حدیث 743

اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسيرة النبوية مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث:136

ذکرہ ابوبکر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث:2067

ومن كتاب الإمامة وصلوة الجماعة

امامت اور نماز باجماعت کا بیان

744۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ، وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ حَفْصٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ فِيْ بَيْتِهٖ ثُمَّ اَتَى الْمَسْجِدَ كَانَ فِيْ صَلٰوةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ، فَلَا يَقُلْ هٰكَذَا، وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ تَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

❖❖ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص اپنے گھر میں وضو کر لے اور پھر مسجد میں چلا آئے، وہ واپس آنے تک گویا کہ نماز میں ہے، لہٰذا اس طرح نہ کرو، یہ کہتے ہوئے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اس حدیث کو مقبری سے روایت کرنے میں محمد بن عجلال نے عبدالوارث کی متابعت کی ہے

(متابع حدیث درج ذیل ہے)

745۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ،

حدیث 745:

اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی، بیروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحدیث: 1405 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 18128 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 18139 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 2036 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 440 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز، مکه مکرمه، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 5677 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین، قاهره، مصر، 1415ھ، رقم الحدیث: 838 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم، موصل، 1404ھ/1983ء، رقم الحدیث: 332 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 1063 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة، قاهره، مصر، 1408ھ/1988ء، رقم الحدیث: 369

وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: اِذَا تَوَضَّاْتَ ثُمَّ دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ فَلَا تُشَبِّكَنَّ بَيْنَ اَصَابِعِكَ

رَوَاهُ شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ فَوَهِمَ فِيْ اِسْنَادِهِ

✧✧ ابن عجلان نے سعید کے واسطے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جب تم وضو کرلو اور مسجد میں داخل ہو جاؤ تو اپنی انگلیوں میں تشبیک مت کرو (ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنے کو تشبیک کہتے ہیں) اسی حدیث کو شریک بن عبداللہ نے محمد بن عجلان سے روایت کیا ہے لیکن ان کو اس کی سند میں غلطی لگی ہے (جیسے کہ درج ذیل حدیث ہے)

746- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الشَّيْبَانِيُّ بِالْكُوْفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمِ بْنِ اَبِيْ غَرْزَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كُنْتَ فِي الْمَسْجِدِ فَلَا تَجْعَلْ اَصَابِعَكَ هٰكَذَا يَعْنِيْ شَبَّكَهَا

✧✧ شریک نے محمد بن عجلان کی یہ حدیث ان کے والد کے واسطے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسجد میں ہوتے ہوئے اپنی انگلیوں کو یوں مت کرو یعنی ان میں تشبیک مت کرو۔

747- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ الْكَبِيْرِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِيْ سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی مسجد میں داخل ہو تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور کہے: "اللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ"۔ (اے اللہ مجھے شیطان مردود کے شر سے بچا)

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

748- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلٍ الدَّبَّاسُ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ

حدیث 748:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 4640 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 453 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 9921 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 697

زَيْدٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيهِ سَعْدٍ، اَنَّ رَجُلا جَآءَ اِلَى الصَّلٰوةِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِنَا، فَقَالَ: حِيْنَ انْتَهَى اِلَى الصَّفِّ: اَللّٰهُمَّ اٰتِنِيْ اَفْضَلَ مَا تُؤْتِي عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ، فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ، قَالَ: مَنِ الْمُتَكَلِّمُ اٰنِفًا ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذًا يُّعْقَرُ جَوَادُكَ، وَتُسْتَشْهَدُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عامر بن سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے والد سعد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ ایک شخص نماز کے لئے آیا، اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا رہے تھے، اس نے صف میں شامل ہوتے ہوئے یہ دعا مانگی ''اے اللہ تو مجھے اس سے بھی بہتر اجر عطا فرما جو تو نے اپنے نیک بندوں کو عطا فرمایا'' جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو پوچھا: ابھی کس کی آواز آ رہی تھی؟ وہ شخص بولا ''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ہوں'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تو اس ثواب کا حقدار تب ہوگا) جب تو اپنے تیز رفتار گھوڑے کی کونچ کو کاٹ ڈالے گا اور اللہ کی راہ میں شہید ہو جائے گا۔

✥✥ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

749۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، وَهَمْزِهِ، وَنَفْخِهِ، وَنَفْثِهِ، قَالَ: فَهَمْزُهُ: الْمَوْتَةُ، وَنَفْثُهُ: الشِّعْرُ، وَنَفْخُهُ: الْكِبْرِيَاءُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَقَدِ اسْتَشْهَدَ الْبُخَارِيُّ بِعَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ

✧✧ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع کرتے تو یوں دعا مانگتے ''اے اللہ میں شیطان مردود سے، اس کی چوبھ، پھونک اور اس کی بلغم سے تیری پناہ مانگتا ہوں'' ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: شیطان کی چوبھ

حدیث 749:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 808 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 3828 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1779 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 472 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب' 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2186 اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 4994 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 9302 اخرجه ابوبكر الكوفى فى "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودى عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 29123

(سے مراد) مرگی ہے۔ اس کی پھونک (سے مراد) شعر ہے اور اس کی بلغم (سے مراد) تکبر ہے۔

❊ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عطاء بن سائب کی حدیث بطور شاہد نقل کی ہے۔

750۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ صَالِحِ الْوَزَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْهَرُ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِسَالِمٍ هٰذَا وَهُوَ ابْنُ عَجْلَانَ الْاَفْطَسُ، وَاحْتَجَّ مُسْلِمٌ بِشَرِيْكٍ، وَ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ وَّلَيْسَ لَهٗ عِلَّةٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ،

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز سے ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پڑھا کرتے تھے۔

❊ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس سند کے سالم (نامی راوی) کی احادیث نقل کی ہیں اور یہ عجلان افطس کے بیٹے ہیں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے شریک کی روایات نقل کی ہیں اور یہ اسناد صحیح ہے۔ اس میں کوئی ضعف نہیں ہے لیکن اس کے باوجود امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا۔

751۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَحِيْمٍ الشَّيْبَانِيُّ ——————

——————، هٰذَا صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ (......اس مقام پر اصل کتاب میں جگہ خالی ہے......)

❊ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

752۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى يَعْنِي ابْنَ سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْاَبْعَدُ فَالْاَبْعَدُ مِنَ الْمَسْجِدِ اَعْظَمُ اَجْرًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ رُوَاتُهٗ مَدَنِيُّوْنَ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ الْاِمَامُ فِي انْتِقَادِ الرِّجَالِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ اِذْ لَمْ يُرْوَ بِغَيْرِ هٰذَا الْاِسْنَادِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جتنی زیادہ دور سے مسجد میں آتا ہے

حدیث 752:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث:556 اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 782 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث:9527 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث:4762 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث:1458 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد رياض سعودي عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحديث:6004

وہ اتنے ہی زیادہ ثواب کا مستحق ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے، اس کے تمام راوی مدنی ہیں اور یحییٰ بن سعید راویوں پر جرح کرنے والوں کے امام ہیں، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا کیونکہ یہ حدیث اس کے علاوہ کسی اور سند سے مروی نہیں ہے۔

753- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِىْ مَيْمُوْنَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلصَّلٰوةُ فِى الْجَمَاعَةِ تَعْدِلُ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ صَلٰوةً، فَاِذَا صَلَاهَا فِى الْفَلَاةِ فَاَتَمَّ رُكُوْعَهَا وَسُجُوْدَهَا بَلَغَتْ خَمْسِيْنَ صَلٰوةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ اتَّفَقَا عَلَى الْحُجَّةِ بِرِوَايَاتِ هِلَالِ بْنِ اَبِىْ هِلَالٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ اَبِىْ مَيْمُوْنَةَ، وَيُقَالُ: ابْنُ عَلِيٍّ، وَيُقَالُ: ابْنُ اُسَامَةَ، وَكُلُّهُ وَاحِدٌ

❖❖ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کا ثواب، ۲۵ نمازوں کے برابر ہے اور اگر کوئی شخص میدان و بیابان میں نماز ادا کرے اور اس کے رکوع و سجود مکمل کرے، اس کا ثواب بھی پچیس نمازوں کے برابر ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے ہلال بن ابی ہلال کی روایات نقل کی ہیں۔ انہی کو ''ابن ابی میمونہ'' بھی کہتے ہیں اور انہی کو ''ابن علی'' بھی کہتے ہیں، ان ہی کو ''ابن اسامہ'' بھی کہتے ہیں، یہ تمام نام ایک ہی شخص کے ہیں۔

754- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نَصْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ عِصْمَةَ سَهْلُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبُخَارِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَحْلَاءَ، عَنْ مِحْصَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ وُضُوْئَهُ، ثُمَّ رَاحَ فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا اَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِثْلَ اَجْرِ مَنْ صَلَاهَا، وَحَضَرَهَا لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا

حدیث 753:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 560 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 788 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 11546 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1749 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4742 اخرجه ابو یعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1011 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 976 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 8390

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عوف بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوشخص اچھے طریقے سے وضو کرے اور خوشی محسوس کرے اور مسجد کی طرف چل پڑے لیکن اس سے پہلے جماعت ختم ہو چکی ہو، اللہ تعالیٰ اس کو اس شخص کے برابر اجر دے گا، جس نے جماعت کے ساتھ نماز پڑھی ہے اور ان کے اپنے اجر میں بھی کمی نہیں کرے گا۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

755 - حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِيْ حَبِيْبُ بْنُ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَمْنَعُوْا نِسَائَكُمُ الْمَسَاجِدَ، وَبُيُوْتُهُنَّ خَيْرٌ لَّهُنَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، فَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، وَقَدْ صَحَّ سَمَاعُ حَبِيْبٍ مِّنِ ابْنِ عُمَرَ، وَلَمْ يُخَرِّجَا فِيْهِ الزِّيَادَةَ وَبُيُوْتُهُنَّ خَيْرٌ لَّهُنَّ وَشَاهِدُهُ

✧✧ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں کو مسجد میں آنے سے منع مت کرو اور ان کے گھر ان کے لئے بہتر ہیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صحیح ہے، لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس میں ''اور ان کے گھر ان کے لئے بہتر ہیں'' کہ الفاظ نقل نہیں کئے جبکہ دونوں نے عوام بن حوشب کی روایات نقل کی ہیں اور حبیب بن ابی ثابت کا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سماع ثابت ہے۔

756 - مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ

حديث 754

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 564 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه حلب شام 1406ه 1986ء رقم الحديث: 855 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 8934 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ه/ 1991ء رقم الحديث: 928 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ه/1994ء رقم الحديث: 4789 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ه/1988ء رقم الحديث: 1455

حديث 755

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 567 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 5468 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ه/1970ء رقم الحديث: 1684 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر بيروت لبنان 1410ه/1990ء رقم الحديث: 1182

وَهْبٍ، اَنْبَانَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ دَرَّاجًا اَبَا السَّمْحِ، حَدَّثَهُ عَنِ السَّائِبِ مَوْلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ مَسَاجِدِ النِّسَاءِ قَعْرُ بُيُوتِهِنَّ

✧✧ حضرت ام المومنین اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کے لئے ان کے اپنے گھر کے کمرے ہی بہترین مسجد ہیں۔

757۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَحْمَدَ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَهْدِيِّ بْنِ رُسْتُمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُّوَرِّقٍ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: صَلٰوةُ الْمَرْاَةِ فِيْ بَيْتِهَا اَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِيْ حُجْرَتِهَا، وَصَلَاتُهَا فِيْ مَخْدَعِهَا اَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِيْ بَيْتِهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّا جَمِيْعًا بِالْمُوَرِّقِ بْنِ مُشَمْرِخٍ الْعِجْلِيِّ

✧✧ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت کا چھوٹے کمرے میں نماز پڑھنا بڑے کمرے میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے اور کوٹھڑی میں نماز پڑھنا چھوٹے کمرے میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے مورق بن مشمرخ العجلی کی روایات نقل کی ہیں۔

758۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلًا يُصَلِّيْ وَحْدَهُ، فَقَالَ: اَلَا رَجُلٌ يَتَصَدَّقُ عَلٰى هٰذَا فَيُصَلِّيَ مَعَهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، سُلَيْمَانُ الْاَسْوَدُ هٰذَا هُوَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُحَيْمٍ قَدِ

حديث 756:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 26584 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 1683 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 5134 اخرجه ابوعبدالله القضاعي في "مسنده" طبع موسسة الرسالة' بيروت' لبنان 1407ه/ 1986ء' رقم الحديث: 1252

حديث 757:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 570 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 1688 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ه/1994ء' رقم الحديث: 5144 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 9482

احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِهِ، وَبِاَبِي الْمُتَوَكِّلِ، وَهٰذَا الْحَدِيْثُ اَصْلٌ فِيْ اِقَامَةِ الْجَمَاعَةِ فِي الْمَسَاجِدِ مَرَّتَيْنِ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اکیلے نماز پڑھتے دیکھا تو فرمایا: کوئی شخص اس پر مہربانی کرے اور اس کے ساتھ جا کر نماز پڑھ لے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اس سند میں جو سلیمان اسود ہیں، وہ سلیمان بن سحیم ہیں۔ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی اور ابوالمتوکل کی روایات نقل کی ہیں۔ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) یہ حدیث مسجد میں دوسری جماعت قائم کرنے کی اصل ہے۔

759۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، اَنْبَانَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، وَاَخْبَرَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَحْمَدَ التَّاجِرُ، وَاللَّفْظُ لَهُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ اَبِيْ عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَمَّ قَوْمًا فَاَصَابَ الْوَقْتَ فَلَهُ وَلَهُمْ، وَمَنِ انْتَقَصَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعَلَيْهِ وَلَا عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاه

حدیث 758:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 574 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1369 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 11631 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2397 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1632 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4791 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1057 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الصغیر" طبع المکتب الاسلامی دارعمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ 1985ء رقم الحدیث: 606 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 6140

حدیث 759:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 580 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 17343 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2221 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1513 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5114 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 910 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 1004

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کو کسی قوم کا امام بنایا جائے اور وہ بروقت نماز ادا کرائے تو یہ اس کے لئے اور قوم کے لئے بہتر ہے اور اگر اس میں کوتاہی کرے تو اس کا گناہ امام پر ہے، قوم پر نہیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

760۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِي حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هُمَّامٍ أَنَّ حُذَيْفَةَ أَمَّ النَّاسَ بِالْمَدَائِنِ عَلٰى دُكَّانٍ فَأَخَذَ أَبُو مَسْعُودٍ بِقَمِيصِهِ فَجَبَذَهُ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَنْهَوْنَ عَنْ ذٰلِكَ أَوْ قَالَ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّهُ كَانَ يَنْهٰى عَنْ ذٰلِكَ قَالَ بَلٰى قَدْ ذَكَرْتُ حِيْنَ مَدَدْتَنِي

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ہمام روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو مدائن میں ایک دکان کی چھت پر نماز پڑھائی۔ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے ان کی قمیض پکڑ کر کھینچی، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: تجھے معلوم نہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس سے منع کیا گیا تھا؟ یا (شاید) یہ فرمایا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) اس سے منع کیا کرتے تھے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں! جب آپ نے میری قمیض کھینچی تھی تو مجھے یاد آ گیا تھا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

761۔ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: صَلّٰى حُذَيْفَةُ بِالنَّاسِ بِالْمَدَائِنِ فَتَقَدَّمَ فَوْقَ دُكَّانٍ، فَأَخَذَ أَبُو مَسْعُودٍ بِمَجَامِعِ ثِيَابِهِ فَمَدَّهُ فَرَجَعَ، فَلَمَّا قَضَى الصَّلٰوةَ، قَالَ لَهُ أَبُو مَسْعُودٍ: أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى أَنْ يَقُومَ الْإِمَامُ فَوْقُ وَيَبْقَى النَّاسُ خَلْفَهُ؟ قَالَ: فَلِمَ تَرَانِي أَجَبْتُكَ حِيْنَ مَدَدْتَنِي؟

✧✧ ہمام کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مدائن میں لوگوں کو دکان کے اوپر نماز پڑھائی، حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ نے ان کا دامن کھینچا، وہ (حذیفہ) واپس (پیچھے ہٹ) گئے۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو ابومسعود رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ امام چھت پر کھڑا ہو اور اس کے مقتدی نیچے کھڑے ہوں۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: آپ نے دیکھا نہیں کہ جب آپ نے میرا دامن کھینچا تھا تو میں نے آپ کی بات مان لی تھی۔

762۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا أُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَأَخْبَرَنَا أَبُو إِسْحَاقَ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُعْشُمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَأَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، أَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا أَبُو

حدیث 760:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 597 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 5014

حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هَانِءِ بْنِ عُرْوَةَ الْمُرَادِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ مَحْمُوْدٍ، قَالَ: صَلَّيْنَا خَلْفَ اَمِيْرٍ مِّنَ الْاُمَرَاءِ فَاضْطُرَّ النَّاسُ فَصَلَّيْنَا مَا بَيْنَ سَارِيَتَيْنِ، فَلَمَّا صَلَّيْنَا، قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: كُنَّا نَتَّقِي هٰذَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ عبدالحمید بن محمود کا بیان ہے کہ ہم نے ایک امیر کے پیچھے نماز پڑھی ۔لوگوں کا رش بڑھ گیا،اس لئے ہم نے دو ستونوں کے درمیان کھڑے ہوکر نماز ادا کی ۔ جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت انس بن مالک بولے: رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ہم اس عمل سے بچا کرتے تھے۔

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

763۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيْلِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، حَدَّثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُزَكِّيْ فِيْ اٰخَرِيْنَ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا، قَالَ: تَشْهَدُهٗ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ، وَمَلَائِكَةُ النَّهَارِ تَجْتَمِعُ فِيْهَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

◇◇ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اس آیت ' اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا' کے متعلق فرمایا: اس وقت دن اور رات کے فرشتے جمع ہوتے ہیں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

764۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا

حدیث: 762

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 229 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 12361 اخرجه ابوبكر الكوفي في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 7468

حدیث: 763

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 35؟؟ اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 10137 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء' رقم الحديث: 1474 اخرجه ابوعبدالرحمٰن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 11293

سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ وَأَخْبَرَنَا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوْبَ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْجَارُوْدِيُّ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ خَلَفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيٰى بْنَ سَعِيْدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ نَافِعاً يُحَدِّثُ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ كُنَّا إِذَا فَقَدْنَا لِإِنْسَانَ فِي صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ وَالصُّبْحِ أَسَأْنَا بِهِ الظَّنَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہا کرتے تھے: عشاء اور فجر کی نماز میں غیر حاضر ہونے والے شخص کو ہم اچھا نہیں سمجھتے تھے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

765- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، حَدَّثَنَا السَّائِبُ بْنُ حُبَيْشٍ الْكَلَاعِيُّ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيِّ، قَالَ: قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ: اَيْنَ مَسْكَنُكَ؟ قَالَ: قَرْيَةٌ دُوْنَ حِمْصٍ، قَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ ثَلَاثَةِ نَفَرٍ فِيْ قَرْيَةٍ وَّلَا بَدْوٍ لَا تُقَامُ فِيْهِمُ الصَّلٰوةُ اِلَّا اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ، فَعَلَيْكَ بِالْجَمَاعَةِ، فَاِنَّمَا يَاْكُلُ الذِّئْبُ مِنَ الْغَنَمِ الْقَاصِيَةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَدُوْقٌ رُوَاتُهُ، شَاهِدٌ لِّمَا تَقَدَّمَهُ، مُتَّفَقٌ عَلَى الْاحْتِجَاجِ بِرُوَاتِهِ اِلَّا السَّائِبَ بْنَ حُبَيْشٍ، وَقَدْ

حدیث 764:

اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2099 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1485 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 3353

حدیث 765:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 547 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ/1986ء' رقم الحديث: 847 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 21758 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2101 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1486 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث: 920 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4708 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ھ/1984ء' رقم الحديث: 1329

عُرِفَ مِنْ مَّذْهَبِ زَائِدَةَ اَنَّهُ لَا يُحَدِّثُ اِلَّا عَنِ الثِّقَاتِ

✧✧ معدان بن ابوطلحہ یعمری کا بیان ہے: کہ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: تمہارا گھر کہاں ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حمص کے قریب ایک علاقہ میں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے "کسی بھی شہر یا گاؤں میں ایسے تین آدمی رہتے ہوں، جو نماز جماعت کے بغیر پڑھتے ہوں، ان پر شیطان غلبہ کر لیتا ہے اس لئے تم پر لازم ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز ادا کرو، کیونکہ ریوڑ سے الگ رہنے والی بکری کو بھیڑیئے کھا جاتے ہیں۔

❖ اس حدیث کے تمام راوی صدوق ہیں اور یہ حدیث گزشتہ حدیث کی شاہد ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے سائب بن حبیش کے علاوہ اس کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور زائدہ کا یہ طریقہ مشہور ہے کہ وہ صرف ثقہ راویوں سے ہی روایت لیتے ہیں۔

766۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِىْ عُشَّانَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِذَا تَطَهَّرَ الرَّجُلُ، ثُمَّ مَرَّ اِلَى الْمَسْجِدِ فَيَرْعَى الصَّلٰوةَ كَتَبَ لَهُ كَاتِبُهُ، اَوْ كَاتِبَاهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَّخْطُوْهَا اِلَى الْمَسْجِدِ عَشْرَ حَسَنَاتٍ، وَالْقَاعِدُ يُرَاعِي الصَّلٰوةَ كَالْقَانِتِ، وَيُكْتَبُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ مِنْ حِيْنِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى يَرْجِعَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص وضو کر کے مسجد میں آئے اور نماز کا انتظار کرے، اس کے فرشتے اس کے لئے ہر اس قدم کے بدلے جو اس نے مسجد کی طرف اٹھایا، دس نیکیاں لکھتے ہیں اور نماز کے انتظار میں بیٹھا ہوا شخص، نماز پڑھنے والے کی طرح ہے اور گھر سے نکلنے کے وقت سے لیکر واپس گھر جانے تک پورا وقت اس کو نمازی شمار کیا جاتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

767۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَعْقُوْبَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ رَافِعٍ الْقَيْسِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّهُ مَرَّ بِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَّهُوَ قَاعِدٌ عَلٰى بَابِهِ يُشِيْرُ بِيَدِهِ كَاَنَّهُ يُحَدِّثُ نَفْسَهُ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا

حدیث 766:

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث:17476 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2045 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1492 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:4754

شَأْنُكَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تُحَدِّثُ نَفْسَكَ ؟ قَالَ :وَمَا لِيْ يُرِيْدُ عَدُوُّ اللّٰهِ اَنْ يُّلْهِيَنِيْ عَنْ كَلَامٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ :لَا تُكَابِدُ وَهْرَكَ الْاٰدَمِيْ اَلَا تَخْرُجُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَتُحَدِّثُ، وَاَنَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :مَنْ جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ جَلَسَ فِيْ بَيْتِهٖ لَا يَغْتَابُ اَحَدًا بِسُوْءٍ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ عَادَ مَرِيْضًا كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ غَدَا اِلَى الْمَسْجِدِ، اَوْ رَاحَ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ دَخَلَ عَلٰى اِمَامٍ يُّعَزِّرُهُ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ فَيُرِيْدُ عَدُوُّ اللّٰهِ اَنْ يُّخْرِجَنِيْ مِنْ بَيْتِيْ اِلَى الْمَجْلِسِ هٰذَا حَدِيْثٌ رُوَاتُهُ مِصْرِيُّوْنَ ثِقَاتٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ وہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے قریب سے گزرے تو حضرت معاذ اپنے دروازے پر بیٹھے ہوئے ہاتھوں کے ساتھ یوں اشارے کر رہے تھے، لگتا تھا جیسے اپنے آپ سے باتیں کر رہے ہوں، عبداللہ نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمان! تمہیں کیا ہوگیا ہے تم اپنے آپ سے باتیں کیوں کر رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: مجھے کیا ہونا ہے، اللہ کا دشمن مجھے اس کلام سے بے خبر کرنا چاہ رہا ہے، جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ عبداللہ نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے "جو شخص اللہ کے راستے میں جہاد کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کا ضامن ہوتا ہے اور جو شخص گھر میں بیٹھا رہے اور کسی کی برائی نہ کرے، اس کا بھی ضامن اللہ ہے۔ جو شخص کسی مریض کی عیادت کرے، اس کا بھی ضامن اللہ ہے اور جو شخص صبح یا شام کے وقت مسجد کی طرف آئے، اس کا ضامن بھی اللہ اور جو شخص امام کو اس کی ذمہ داریوں کا احساس دلائے، اس کا ضامن بھی اللہ ہے۔ تو اللہ کا دشمن مجھے گھر سے مجلس کی طرف نکالنا چاہتا ہے۔

❖ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں مصری ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اسے نقل نہیں کیا۔

768۔ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، اَنْبَاَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيُّ، اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الشِّيْرَازِيُّ وَكَانَ ثِقَةً، وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوٗدَ يُثْنِيْ عَلَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمِيْمِيُّ، وَاَبُوْ غَسَّانَ الْمَدَنِيُّ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِي الظُّلَمِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهٗ شَاهِدٌ فِيْ رِوَايَةٍ مَجْهُوْلَةٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ

✧✧ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اندھیرے کے وقت مسجد کی

حدیث 767:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 18320 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الکبیر" طبع مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 54 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 8659 اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 1495

طرف چل کر جانے والوں کے لئے، قیامت کے دن ''کامل نور'' کی خوشخبری دیدو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

اس حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ ثابت نے انس سے روایت کی ہے

(شاہد حدیث درج ذیل ہے)

769۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اَيُّوْبَ، اَنْبَانَا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْلِمٍ، اَنْبَانَا اَبِيْ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ اَسْلَمَ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِيْ ظُلَمِ اللَّيْلِ اِلَى الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

❖❖ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رات کے اندھیروں میں مسجد کی طرف جانے والوں کے لئے قیامت کے دن ''کامل نور'' کی خوشخبری ہے۔

770۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَانَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: قُرِءَ عَلَى ابْنِ وَهْبٍ، اَخْبَرَكَ

حدیث 768:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 561 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 223 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 781 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1498 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4755 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 1113 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 843 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 4662 اخرجه ابوداؤد الطیالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة بیروت لبنان رقم الحدیث: 2212 اخرجه ابوعبدالله القضاعی فی "مسنده" طبع موسسة الرسالة بیروت لبنان 1407ھ/ 1986ء رقم الحدیث: 751 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله بیروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحدیث: 1033

حدیث 770:

اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان رقم الحدیث: 2617 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 802 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1223 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 11669 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1721 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1502 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4768 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 923

عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، حَدَّثَهُ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا رَاَيْتُمُ الرَّجُلَ يَعْتَادُ الْمَسْجِدَ، فَاشْهَدُوْا عَلَيْهِ بِالْاِيْمَانِ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ هٰذِهٖ تَرْجَمَةٌ لِّلْمِصْرِيِّيْنَ لَمْ يَخْتَلِفُوْا فِيْ صِحَّتِهَا وَصِدْقِ رُوَاتِهَا غَيْرَ اَنَّ شَيْخَيِ الصَّحِيْحِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ سُقْتُ الْقَوْلَ فِيْ صِحَّتِهٖ فِيْمَا تَقَدَّمَ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ اس کو مسجد میں جانے کی عادت ہوگئی ہے تو اس کے ایمان کی گواہی دیدو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اللہ کی مسجدوں کو صرف وہی آباد کرتا ہے جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔

❖❖ یہ عنوان اہل مصر کا ہے، اس کی صحت اور اس کے راویوں کے صدق کے متعلق کسی کو اختلاف نہیں ہے، اس کے باوجود شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا، اس سے پہلے کئی مرتبہ اس کی صحت کے متعلق گفتگو ہو چکی ہے۔

771۔ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ يَزِيْدَ الدَّقَّاقُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُوْطِنَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَسَاجِدَ لِلصَّلٰوةِ اِلَّا تَبَشْبَشَ اللّٰهُ بِهٖ مِنْ حَيْثُ يَخْرُجُ مِنْ بَيْتِهٖ كَمَا يَتَبَشْبَشُ اَهْلُ الْغَائِبِ بِغَائِبِهِمْ اِذَا قَدِمَ عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ خَالَفَ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ ابْنَ اَبِيْ ذِئْبٍ، فَرَوَاهُ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَتَوَضَّاْ اَحَدُكُمْ فَيُحْسِنُ وُضُوْئَهٗ وَيُسْبِغُهٗ، ثُمَّ يَاْتِي الْمَسْجِدَ لَا يُرِيْدُ اِلَّا الصَّلٰوةَ فِيْهِ اِلَّا تَبَشْبَشَ اللّٰهُ بِهٖ كَمَا يَتَبَشْبَشُ اَهْلُ الْغَائِبِ بِغَائِبِهِمْ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز کے لئے مسجد میں آتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے گھر سے نکلنے سے اس طرح خوشی کا اظہار کرتا ہے، جس طرح اس شخص کے گھر والے خوشی کا اظہار کرتے ہیں، جو کافی عرصہ کہیں غائب رہنے کے بعد آیا ہو،

حدیث: 771

اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 8332 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1607 اخرجه ابوبكر بن خزيمه النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1503 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2334 اخرجه ابوالحسن الجوهري في "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث 2838

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس میں لیث بن سعد بن ابی ذئب نے اختلاف کیا ہے۔انہوں نے اس کو مقبری کی سند سے ابوعبیدہ کے واسطے سے سعید بن یسار سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ذریعے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے: کوئی شخص اچھے طریقے سے وضو کر کے مسجد میں آئے اور اس کا ارادہ صرف نماز کا ہو، اللہ تعالیٰ اس پہ یوں خوشی کا اظہار کرتا ہے جیسے اس شخص کے اہل خانہ خوشی کا اظہار کرتے ہیں جو کافی عرصہ کہیں غائب رہنے کے بعد گھر آیا ہو۔

772- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَرْمَلَةَ، وَاَخْبَرَنَا وَاللَّفْظُ لَهُ، اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدُوسٍ الْعَنَزِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ اَبِي عَلِيٍّ الْهَمْدَانِيِّ، سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ اَمَّ النَّاسَ فَاَصَابَ الْوَقْتَ فَلَهُ وَلَهُمْ، وَمَنِ انْتَقَصَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعَلَيْهِ وَلَا عَلَيْهِمْ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، فَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، وَاحْتَجَّ الْبُخَارِيُّ بِيَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ، ثُمَّ لَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی قوم کا امام بنے اور وہ وقت پر نماز پڑھاتا رہے تو اس کا ثواب امام کو بھی ہے اور قوم کو بھی ہے اور جو اس میں کچھ بھی کوتاہی کرے، اس کا گناہ امام پر ہے، لوگوں پر نہیں ہے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمان بن حرملہ کی روایات نقل کی ہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یحییٰ بن ایوب کی روایات نقل کی ہیں۔

773- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ، اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ مُؤَذِّنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَذِّنُ ثُمَّ يُمْهِلُ فَاِذَا رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَقْبَلَ اَخَذَ فِي الْاِقَامَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمِ بْنِ الْحَجَّاجِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا موذن اذان دیکر انتظار کرتا رہتا تھا، جب وہ دیکھتا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے ہیں تو اقامت شروع کر دیتا۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

774- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ

السِّرَاجِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ مُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِی الزَّاهِرِیَّةِ، عَنْ كَثِیْرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ وَصَلَ صَفًّا وَصَلَهُ اللّٰهُ، وَمَنْ قَطَعَ صَفًّا قَطَعَهُ اللّٰهُ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صفوں کو جوڑ کر رکھے، اللہ اسے جوڑے اور جو صفوں کو توڑے، اللہ اسے توڑے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

775ـ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ: مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ سُلَیْمَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ اُسَامَةُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ عَآئِشَةَ، عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَى الَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ الصُّفُوْفَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ اور اس کے فرشتے ان لوگوں پر رحمتیں بھیجتے ہیں، جو صفوں کو جوڑ کر رکھتے ہیں۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

776ـ اَخْبَرَنَا اَبُو الْحُسَیْنِ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ الْاٰدَمِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، اَنْبَاَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ یَّحْیَى بْنِ اَبِیْ كَثِیْرٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ التَّیْمِیِّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَسْتَغْفِرُ لِلصَّفِّ الْمُقَدَّمِ ثَلَاثًا، وَّلِلثَّانِیْ مَرَّةً

وَهٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَقَدِ اتَّفَقَا عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِرِوَایَةِ غَیْرِ الصَّحَابِیِّ عَلٰى مَا تَقَدَّمَ ذِكْرِیْ لَهٗ

حدیث 774:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 819
اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1549
اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 893

حدیث 775:

اخرجه ابوعبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 995 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 24426 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2163 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1550 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4968 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 1513

مِنْ اِفْرَادِ التَّابِعِيْن

✧✧ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلی صف والوں کے لئے تین مرتبہ اور دوسری صف والوں کے لئے دو مرتبہ مغفرت کی دعا کیا کرتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے غیر صحابی کی روایات نقل کی ہیں، جن میں تابعین منفرد ہیں، جیسا کہ کئی مرتبہ اس پر گفتگو گزر چکی ہے۔

777۔ أَخْبَرَنِي أَبُو الْحَسَنِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلَخِيُّ التَّاجِرُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي بْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رِبَاحٍ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ عَلَى الْمِنبَرِ يَقُوْلُ لِلنَّاسِ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ وَالنَّاسُ رُكُوْعٌ فَلْيَرْكَعْ حِيْنَ يَدْخُلُ ثُمَّ لِيَدُبَّ رَاكِعاً حَتّٰى يَدْخُلَ فِي الصَّفِّ فَإِنَّ ذٰلِكَ السُّنَّةُ قَالَ عَطَاءٌ وَقَدْ رَأَيْتُهُ هُوَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، انہوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کو منبر پر لوگوں سے یوں کہتے ہوئے سنا ہے، جب کوئی شخص مسجد میں پہنچے اور اس وقت جماعت حالتِ رکوع میں ہو تو وہ شخص مسجد میں داخل ہوتے ہی رکوع چلا جائے اور اس رکوع کی حالت میں چلتے ہوئے صف میں شامل ہو جائے کیونکہ یہ سنت ہے۔ عطاء کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کو یوں کرتے ہوئے دیکھا بھی ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

778۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عِيْسَى الْحِيْرِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَبَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْمُقَدَّمِيُّ، ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ السُّدُوْسِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا بِالْمَدِيْنَةِ فِي الْمَسْجِدِ فِي الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ قَائِمٌ أُصَلِّي فَجَبَذَنِي رَجُلٌ مِّنْ خَلْفِي جَبْذَةً فَنَحَّانِي وَقَامَ مَقَامِي قَالَ

حدیث 776:

اخرجه ابو عبدالله القزويني في "سننه" طبع دارالفكر، بيروت، لبنان، رقم الحديث: 996 اخرجه ابو محمد الدارمي في "سننه" طبع دارالكتاب العربي، بيروت، لبنان، 1407ھ، 1987ء، رقم الحديث: 1265 اخرجه ابوعبدالله [illegible] في "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحديث: 17181 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع [illegible] بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 1558 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه [illegible] 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 4976 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع [illegible] 1404ھ/1983ء، رقم الحديث: 638 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة، بيروت، لبنان، رقم الحديث [illegible] اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، (طبع ثاني) 1403ھ، رقم الحديث: 2452

حدیث 777:

اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الاوسط" طبع [illegible] قاهره، مصر، 1415ھ، رقم الحديث: 7016

فَوَاللّٰهِ مَا عَقَلْتُ صَلَاتِي فَلَمَّا انْصَرَفَ فَإِذَا هُوَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ فَقَالَ يَا فَتًى لَا يَسُوْءُكَ اللّٰهُ إِنَّ هٰذَا عَهْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْنَا أَنْ نَلِيَهُ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَقَالَ هَلَكَ أَهْلُ الْعَقْدِ ثَلَاثًا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ثُمَّ قَالَ وَاللّٰهِ مَا عَلَيْهِمْ آسِي وَلٰكِنِّي آسِي عَلَى مَا أَضَلُّوا قَالَ قُلْتُ مَنْ تَعْنِي بِهٰذَا قَالَ الْأُمَرَآءُ

هَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلَى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ فَقَدْ احْتَجَّ بِيُوْسُفَ بْنِ يَعْقُوْبَ السُّدُوْسِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ قیس بن عباد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں مسجد نبوی میں اگلی صف میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا، ایک شخص نے مجھے پیچھے سے کھینچ کر ایک طرف ہٹا دیا اور میری جگہ پر کھڑا ہو گیا۔ (قیس کہتے ہیں): خدا کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آئی کہ میں نے نماز میں کیا غلطی کی تھی، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے (تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا) کہ وہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ تھے، انہوں نے مجھے کہا: اے نوجوان! اللہ تعالیٰ تجھے کبھی پریشانی نہ دکھائے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے یہ عہد لیا تھا کہ ہم صفوں میں مل کر کھڑے ہوں، پھر وہ قبلہ رو ہو کر کہنے لگے: رب کعبہ کی قسم! اہل عقد ہلاک ہو گئے، یہ لفظ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ دہرائے، پھر کہنے لگے: خدا کی قسم! مجھے ان پر اور کوئی دکھ نہیں ہے۔ مجھے دکھ اس بات کا ہے کہ یہ لوگ گمراہی پھیلا رہے ہیں ہیں (قیس کہتے ہیں) میں نے پوچھا: آپ یہ بات کن کے متعلق کہہ رہے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: امراء کے متعلق۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یوسف بن یعقوب سدوسی کی روایات نقل کی ہیں۔

779۔ حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْحَنْظَلِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ قِلَابَةَ الرَّقَاشِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَالَ الْإِمَامُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ فَقُوْلُوْا: اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَقُوْلُوْا: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلَى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ وَفِيْهِ سُنَّةٌ عَزِيْزَةٌ، وَهُوَ أَنْ يَقِفَ الْمَأْمُوْمُ حَتّٰى يُكَبِّرَ الْإِمَامُ، وَلَا يُكَبِّرَ مَعَهُ

✧✧ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب امام "اللہ اکبر" کہے، تو تم بھی "اللہ

حدیث 778:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه، حلب، شام، 1406ھ، 1986ء، رقم الحديث: 808 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله، بيروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحديث: 2181 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي، بيروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحديث: 1573 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه، بيروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحديث: 882

حدیث 779:

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرى" طبع مكتبه دارالباز، مكه مكرمه، سعودي عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحديث: 2096

اکبر" کہواور جب امام سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہے،تو تم کہو رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اور اس میں ایک سنت عزیزہ ہے،وہ یہ کہ جب تک امام تکبیر کہتا رہے،مقتدی خاموش رہے،اس کے ساتھ تکبیر نہ کہے۔

780۔اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ، وَعِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، تذاكرا فَحَدَّثَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ، اَنَّهٗ حَفِظَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكْتَتَيْنِ: سَكْتَةً اِذَا كَبَّرَ، وَسَكْتَةً اِذَا فَرَغَ مِنْ قِرَائَتِهٖ عِنْدَ رُكُوْعِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَبَّرَ سَكَتَ بَيْنَ التَّكْبِيْرِ وَالْقِرَائَةِ، وَحَدِيْثُ سَمُرَةَ لَا يَتَوَهَّمُ مُتَوَهِّمٌ اَنَّ الْحَسَنَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ سَمُرَةَ، فَاِنَّهٗ قَدْ سَمِعَ مِنْهُ وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ اور عمران بن حصین رضی اللہ عنہ آپس میں گفتگو کر رہے تھے،سمرہ بن جندب نے بتایا: کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو سکتے سیکھے ہیں (۱) اس وقت کا سکتہ جب امام تکبیر کہے اور (۲) رکوع سے پہلے اس وقت کا سکتہ،جب امام قرات سے فارغ ہو جائے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے "عمارہ بن قعقاع" کی وہ حدیث نقل کی ہے،جس میں انہوں نے ابوزرعہ کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان روایت کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب تکبیر کہتے تو تکبیر اور قرات کے درمیان کچھ دیر وقفہ کرتے۔سمرہ

حدیث 780:

846۔ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَلَاءِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ الْكُوفِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَقْطَعُهَا حَرْفًا حَرْفًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مسلمان کسی سورت کا اختتام نہ جانتے یہاں تک کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نازل ہوتی، جب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نازل ہوجاتی تو وہ جان لیتے کہ (گذشتہ) سورت مکمل ہوچکی ہے۔

✧✧ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور رحیم نے سعید بن جبیر کا ذکر نہیں کیا۔

847۔ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّيْبَانِي حَدَّثَنَا اَبُو الْعَلَاءِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حدیث 846:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب 1414ھ/1994ء، رقم الحدیث: 2207 اخرجہ ابوبکر الصنعانی فی "مصنفہ" طبع المکتب الاسلامی، بیروت لبنان، (طبع ثانی) 1403ھ، رقم الحدیث: 2617

جَعْفَرٍ الْكُوفِي بِمِصْرَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَقْطَعُهَا حَرْفًا حَرْفًا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ کو الگ الگ کر کے پڑھتے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

848- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، وَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ زِيَادٍ الْعَدْلُ، فِيْ اَوَّلِ كِتَابِ التَّفْسِيْرِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ فِي الصَّلٰوةِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَعَدَّهَا اٰيَةً الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اٰيَتَيْنِ، الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ثَلَاثُ اٰيَاتٍ، مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ، وَقَالَ: هٰكَذَا اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَجَمَعَ خَمْسَ اَصَابِعِهٖ عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ اَصْلٌ فِي السُّنَّةِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَاِنَّمَا اَخْرَجْتُهُ شَاهِدًا

✧✧ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی، اس کو ایک آیت شمار کیا۔ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ دو آیتیں الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تین آیتیں مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ چار آیتیں اور اسی طرح اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اور اپنی پانچوں انگلیاں اکٹھی کر لیں۔

✣✣ عمرو بن ہارون سنت کے حوالے سے اصل ہیں لیکن شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے ان کی یہ روایت نقل نہیں کی، تاہم میں نے اس کو شاہد کے طور پر نقل کیا ہے۔

849- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، وَشُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ نُعَيْمٍ

حدیث 847:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 2213 اخرجہ ابویعلٰی الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 6920

حدیث 848:

اخرجہ ابوبکر بن خزیمۃ النیسابوری' فی "صحیحہ" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 493
ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 2214

الْمُجْمِرِ، قَالَ: كُنْتُ وَرَاءَ اَبِي هُرَيْرَةَ فَقَرَاَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، ثُمَّ قَرَاَ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ حَتّٰى بَلَغَ وَلَا الضَّالِّيْنَ، قَالَ: آمِيْنَ، وَقَالَ النَّاسُ: آمِيْنَ، وَيَقُوْلُ كُلَّمَا سَجَدَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَيَقُوْلُ اِذَا سَلَّمَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ اِنِّيْ لَاَشْبَهُكُمْ صَلٰوةً بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَشَاهِدُهُ

✧✧ نعیم المجمر کہتے ہیں: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔ انہوں نے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھی پھر سورۃ فاتحہ پڑھی، جب ولا الضالین پر پہنچے تو آمین کہا۔ لوگوں نے بھی آمین کہا۔ اور آپ جب بھی سجدہ کرتے، اللہ اکبر کہتے اور جب سلام پھیرتے تو کہتے: اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، تم میں سے سب سے زیادہ میری نماز، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے ساتھ ملتی جلتی ہے۔

❖•• یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

850۔ مَا حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ السَّرَّاجِ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْهَرُ بِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز سے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھا کرتے تھے۔

851۔ حَدَّثَنَا اَبُوالْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ اَنْبَاَ الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَنْبَاَ الشَّافِعِيُّ اَنْبَاَ عَبْدُالْحَمِيْدِ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ اَنَّ اَبَابَكْرِ بْنَ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ صَلّٰى مُعَاوِيَةُ بِالْمَدِيْنَةِ صَلَاةً فَجَهَرَ فِيْهَا بِالْقِرَاءَةِ فَقَرَاَ فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لِاُمِّ الْقُرْآنِ وَلَمْ يَقْرَاْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لِلسُّوْرَةِ الَّتِيْ بَعْدَهَا حَتّٰى قَضٰى تِلْكَ الْقِرَاءَةَ فَلَمَّا سَلَّمَ نَادَاهُ مَنْ سَمِعَ ذٰلِكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ يَامُعَاوِيَةُ اَسَرَقْتَ الصَّلَاةَ اَمْ نَسِيْتَ فَلَمَّا صَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ قَرَاَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لِلسُّوْرَةِ الَّتِيْ بَعْدَ اُمِّ الْقُرْآنِ وَكَبَّرَ حِيْنَ يَهْوِيْ سَاجِدًا

هٰذَاحَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ فَقَدِ احْتَجَّ بِعَبْدِالْمَجِيْدِ بْنِ عَبْدِالْعَزِيْزِ وَسَائِرُ الرُّوَاةِ مُتَّفَقٌ عَلٰى عَدَالَتِهِمْ وَهُوَعِلَّةٌ لِحَدِيْثِ شُعْبَةَ وَغَيْرِهِ مِنْ قَتَادَةَ عَلٰى عُلُوِّقَدْرِهِ يُدَلِّسُ وَيَاْخُذُ عَنْ كُلِّ اَحَدٍ وَاِنْ كَانَ قَدْاَدْخَلَ

حدیث 849:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 905 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت ' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 1797 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری' فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 499 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی' طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 2223

فِي الصَّحِيحِ حَدِيثُ قَتَادَةَ فَإِنَّ فِي ضِدِّهِ شَوَاهِدُ أَحَدُهَا مَاذَكَرْنَاهُ وَمِنْهَا

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں نماز پڑھائی، جس میں بلند آواز سے قرات کی، اس میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی اور اس کے بعد والی سورت کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں پڑھی۔ یہاں تک کہ قرات پوری ہوگئی۔ جب انہوں نے سلام پھیرا تو مہاجرین اور انصار میں سے جس جس نے یہ سنا وہ اپنی جگہ سے پکار کر کہنے لگے: اے معاویہ! نماز بدل گئی ہے یا تم بھول گئے ہو؟ اس کے بعد جب بھی انہوں نے نماز پڑھائی سورۃ فاتحہ کی بعدوالی سورۃ کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی اور جب بھی سجدے میں جاتے تکبیر کہتے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالمجید بن عبدالعزیز کی روایات نقل کی ہیں اور اس کے تمام راویوں کی عدالت پر تمام محدثین رحمۃ اللہ علیہم کا اتفاق ہے اور یہ شعبہ اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم کی اس حدیث کے لئے علت ہے جو انہوں نے قتادہ سے روایت کی کیونکہ وہ فن حدیث میں بلند مرتبہ رکھنے کے باوجود تدلیس کرتے ہیں اور ہر ایک سے روایت لے لیتے ہیں۔ اگرچہ انہوں نے صحیح میں قتادہ کی حدیث نقل کی ہے لیکن اس کے مدمقابل بھی کئی شواہد ہیں۔ ان میں سے ایک تو وہ ہیں جس کا ہم نے ذکر کر دیا۔ (ان میں سے ایک درج ذیل ہے)

852۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِيْ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، وَجَرِيْرٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: كَيْفَ كَانَ قِرَائَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كَانَتْ مَدًّا، ثُمَّ قَرَاَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَمُدُّ الرَّحْمٰنَ، وَيَمُدُّ الرَّحِيْمَ وَمِنْهَا

✧✧ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرات کیسی ہوتی تھی؟ انہوں نے فرمایا: کھینچ کر ہوتی تھی۔ پھر انہوں نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی اور الرحمٰن اور الرحیم پر مد کی۔

(ان میں سے ایک شاہد یہ بھی ہے)

حدیث: 852

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير بمامه بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 4758 اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحيحه" (طبع ثالث) دار ابن كثير بمامه بيروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحديث: 4759 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1465 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 1353 اخرجه ابو عبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 12305 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 6316 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2221 اخرجه ابويعلىٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحديث: 2906

853۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْمَهْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْهَرُ بِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ وَّمِنْهَا

✧✧ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جہراً بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے سنا۔

❖ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

(ایک شاہد یہ بھی ہے)

854۔ مَا حَدَّثَنَاهُ أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمْدَانَ الْجَلَّابُ بِهَمْدَانَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ خَرَّزَاذَ الأَنْطَاكِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ صَلَّيْتُ خَلْفَ الْمُعْتَمِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ مَا لَا أُحْصِي صَلَاةَ الصُّبْحِ وَالْمَغْرِبِ فَكَانَ يَجْهَرُ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَبْلَ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَبَعْدَهَا وَسَمِعْتُ الْمُعْتَمِرَ يَقُوْلُ مَا اٰلُوْ اَنْ اَقْتَدِيَ بِصَلَاةِ اَبِيْ وَقَالَ أَبِي مَا اٰلُو اَنْ اَقْتَدِيَ بِصَلَاةِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَقَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ مَا اٰلُو أَنْ أَقْتَدِيَ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اٰخِرِهِمْ ثِقَاتٌ وَمِنْهَا

✧✧ محمد بن ابوسری عسقلانی کہتے ہیں: میں نے معتمر بن سلیمان کے پیچھے مغرب اور فجر کی بے شمار نمازیں پڑھی ہیں آپ سورۃ فاتحہ سے پہلے اور بعد میں جہراً بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھا کرتے تھے۔ محمد کہتے ہیں: میں نے معتمد کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں اپنے والد کی نماز کی اقتداء کرنے میں کوتاہی نہیں کرتا اور میرے والد نے یہ کہا تھا: کہ میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی نماز کی اقتداء کرنے میں سستی نہیں کرتا اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کی اقتداء کرنے میں سستی نہیں کرتا۔

❖ اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

(ایک شاہد یہ بھی ہے)

855۔ مَا حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مَكِّيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْبَرْدَعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْعَبَّاسُ بْنُ عِمْرَانَ الْقَاضِيُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَابِرٍ سَيْفُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَلْفَ اَبِيْ بَكْرٍ، وَخَلْفَ عُمَرَ، وَخَلْفَ عُثْمَانَ، وَخَلْفَ عَلِيٍّ، فَكُلُّهُمْ كَانُوْا يَجْهَرُوْنَ بِقِرَائَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّمَا ذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ شَاهِدًا لِمَا تَقَدَّمَهُ، فَفِيْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا مُعَارَضَةٌ لِّحَدِيْثِ قَتَادَةَ الَّذِيْ يَرْوِيهِ اَئِمَّتُنَا عَنْهُ، وَقَدْ بَقِيَ، فِي الْبَابِ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُثْمَانَ، وَعَلِيٍّ، وَطَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَالْحَكَمِ بْنِ عُمَيْرٍ الثُّمَالِيِّ، وَالنُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، وَبُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ، وَعَائِشَةَ بِنْتِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، كُلُّهَا مُخَرَّجَةٌ عِنْدِيْ فِي الْبَابِ تَرَكْتُهَا اِيْثَارًا لِلتَّخْفِيْفِ،

وَاخْتَصَرْتُ مِنْهَا مَا يَلِيقُ بِهٰذَا الْبَابِ، وَكَذٰلِكَ قَدْ ذَكَرْتُ فِي الْبَابِ مَنْ جَهَرَ بِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مِنَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِينَ، وَاَتْبَاعِهِمْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، ابوبکر، عمر، عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پیچھے نمازیں ادا کی ہیں، یہ سب ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بلند آواز سے پڑھا کرتے تھے۔

✣✣ اس حدیث کو میں نے سابقہ حدیث کے شاہد کے طور پر لکھا ہے اور ان حدیثوں میں جن کا ابھی ہم نے ذکر کیا قتادہ کی اس حدیث کا معارضہ موجود ہے، جو حدیث ہمارے ائمہ نے قتادہ سے روایت کی ہے جبکہ اس باب میں امیر المومنین عثمان، علی، طلحہ بن عبید اللہ، جابر بن عبد اللہ، عبد اللہ بن عمر، حکم بن عمیر، ثمالی، نعمان بن بشیر، عمرہ بن جندب، بریدہ اسلمی (رضی اللہ عنہم) اور ام المومنین حضرت عائشہ بنت صدیق رضی اللہ عنہا کی روایات ابھی باقی ہیں۔ میرے نزدیک یہ تمام روایات اس باب میں نقل ہونی چاہئیں، میں نے ان کو تخفیف کے لئے چھوڑ دیا ہے اور ان میں سے صرف ان احادیث پر اکتفا کیا ہے، جو اس باب کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتی ہیں اور اسی طرح اس باب میں، میں نے ان صحابہ، تابعین اور تبع تابعین کا بھی ذکر کیا ہے جو بلند آواز سے ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پڑھا کرتے تھے۔

856۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ الْبَصْرِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَمْعَانَ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيْنَا اَبُو هُرَيْرَةَ مَسْجِدَ بَنِي زُرَيْقٍ، فَقَالَ: ثَلَاثٌ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ بِهِنَّ تَرَكَهُنَّ النَّاسُ: كَانَ اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ هٰكَذَا وَاَشَارَ اَبُو عَامِرٍ بِيَدِهِ، وَلَمْ يُفَرِّجْ بَيْنَ اَصَابِعِهِ وَلَمْ يَضُمَّهَا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَشَاهِدُهُ الْمُفَسِّرُ

✧✧ سعید بن سمعان کہتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بنی زریق کی مسجد میں ہمارے پاس آئے، کہنے لگے: تین عمل ایسے ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے اور لوگ انہیں چھوڑ چکے ہیں، (ان میں سے ایک یہ ہے کہ) جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے کھڑے ہوتے (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے) کہا: اس وقت ابوعامر نے ہاتھ کے ساتھ اشارہ کیا اور اپنی انگلیوں کو نہ تو مکمل کھلا رکھا نہ مکمل بند کیا۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

857۔ مَا اَخْبَرَنَاهُ اَبُو مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ الْحَضْرَمِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ غَنَّامٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْاَشَجُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ

حدیث: 857

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 1769 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری' فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 458 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 2151

سَمْعَانَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَنْشُرُ اَصَابِعَهٗ فِی الصَّلٰوةِ نَشْرًا سَعِیْدُ بْنُ سَمْعَانَ تَابِعِیٌّ مَّعْرُوْفٌ مِّنْ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں اپنی انگلیوں کو پھیلا کر رکھتے تھے۔

✣✣ اس کی سند میں سعید بن سمعان معروف تابعی ہیں، اہل مدینہ میں سے ہیں۔

858۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ الْوَاسِطِیُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْاَسَدِیُّ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْحُسَیْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِیْ اِیَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِیْعِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَنَزِیِّ، عَنِ ابْنِ جُبَیْرٍ، وَفِیْ حَدِیْثِ وَهْبِ بْنِ جَرِیْرٍ، عَنْ نَّافِعِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِیْهِ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ، قَالَ: اللّٰهُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ کَثِیْرًا، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُکْرَةً وَّاَصِیْلًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْثِهٖ وَنَفْخِهٖ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت نافع بن جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے تو تین مرتبہ: اَللّٰهُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ کَثِیْرًا، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُکْرَةً وَّاَصِیْلًا پڑھتے (پھر کہتے) اللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْثِهٖ وَنَفْخِهٖ

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

859۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّوْرِیُّ، حَدَّثَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ الْمُلَائِیُّ، عَنْ بُدَیْلِ بْنِ مَیْسَرَةَ، عَنْ اَبِی الْجَوْزَاءِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَفْتَحَ الصَّلٰوةَ، قَالَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ، وَکَانَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ لَا یَرْضٰی حَارِثَةَ بْنَ مُحَمَّدٍ، وَقَدْ رَضِیَهٗ اَقْرَانُهٗ مِنَ الْاَئِمَّةِ، وَلَا اَحْفَظُ فِیْ قَوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ

حدیث: 859

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 776 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 2177 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 155 اخرجه ابن راهویه الحنظلی فی "مسنده" طبع مکتبه الایمان مدینه منوره (طبع اول) 1412ھ/1991ء رقم الحدیث: 1000

وَبِحَمْدِكَ اَصَحَّ مِنْ هٰذَيْنِ الْحَدِيْثَيْنِ، وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ فِيهِ عَنْ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُهُ

✧✧ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع کرتے تو پڑھتے "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ

❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔ مالک بن انس رضی اللہ عنہ حارثہ بن محمد کو پسند نہیں کرتے تھے جبکہ ان کے ہم عصر دیگر ائمہ کرام ان کی روایات لیتے تھے اور نماز کے شروع میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ" پڑھنے کے سلسلے میں ان دو حدیثوں سے زیادہ صحیح کوئی حدیث میری نظر سے نہیں گزری جبکہ اسی بارے میں امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے متعلق بھی یہ روایت صحیح ہے کہ وہ (نماز کے شروع میں یہ ہی) پڑھا کرتے تھے۔

860- حَدَّثَنَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى أَنْبَأَ مُعَاوِيَةُ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ وَقَدْ أُسْنِدَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عُمَرَ وَلَا يَصِحُّ

✧✧ حضرت اسود روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب نماز شروع کرتے تو "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ"

❖ (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) اس حدیث کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مسند بھی کیا گیا ہے لیکن یہ صحیح نہیں۔

861- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ الرَّقَّامُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ، فَلَمَّا سَلَّمَ نَادٰى رَجُلًا كَانَ فِيْ اٰخِرِ الصُّفُوفِ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ، اَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ ؟ اَلَا تَنْظُرُ كَيْفَ تُصَلِّيْ ؟ اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا قَامَ يُصَلِّيْ اِنَّمَا يَقُوْمُ يُنَاجِيْ رَبَّهُ فَلْيَنْظُرْ كَيْفَ يُنَاجِيْهِ، اِنَّكُمْ تَرَوْنَ اَنِّيْ لَا اَرَاكُمْ، اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَاَرٰى مِنْ خَلْفِ ظَهْرِيْ كَمَا اَرٰى مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ عَلٰى هٰذِهِ السِّيَاقَةِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا تو ایک شخص کو آواز دی جو کہ آخری صفوں میں بیٹھا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فلاں! تو اللہ سے نہیں ڈرتا؟ تمہیں خیال نہیں کہ تم کس طرح نماز پڑھ رہے ہو؟ جب تم پڑھتے ہو تو اپنے رب سے محو گفتگو ہوتے ہو، اس لئے غور کرنا چاہئے کہ تم کس طرح بات کر رہے ہو، تم یہ سمجھتے ہو کہ میں تمہیں (صرف آگے سے) دیکھتا ہوں۔ خدا کی قسم! میں اپنی پشت کی جانب سے بھی تمہیں

حدیث 861:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 474

ایسے ہی دیکھتا ہوں جیسے اپنے آگے سے دیکھتا ہوں۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں اس انداز سے نقل نہیں کیا گیا۔

862- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ الْقَاسِمِ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْاَحْوَصِ، يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ اَبَا ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ اللّٰهُ مُقْبِلًا عَلَى الْعَبْدِ مَا لَمْ يَلْتَفِتْ، فَاِذَا صَرَفَ وَجْهَهُ انْصَرَفَ عَنْهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاَبُو الْاَحْوَصِ هٰذَا مَوْلٰى بَنِي اللَّيْثِ تَابِعِيٌّ مِّنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، وَثَّقَهُ الزُّهْرِيُّ وَرَوٰى عَنْهُ، وَجَرَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مُنَاظَرَةٌ فِيْ مَعْنَاهُ

✧✧ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تک بندہ خود توجہ نہ ہٹائے، اس وقت تک اللہ تعالیٰ بندے کی طرف مسلسل متوجہ رہتا ہے اور جب بندہ توجہ ہٹالیتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی منہ پھیر لیتا ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور اس کی سند میں جو ابوالاحوص ہیں یہ بنی لیث کے غلام ہیں، تابعی ہیں، اہل مدینہ سے ہیں۔ امام زہری نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے، ان کے اور سعد بن ابراہیم کے درمیان اس حدیث کے معنی (کے تعین کے سلسلے) میں مناظرہ بھی ہوا تھا۔

863- اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ الرَّبِيْعُ بْنُ نَافِعٍ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَامٍ، اَنَّ اَبَا سَلَامٍ، حَدَّثَهُ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ يَّعْمَلُ بِهِنَّ، فَاِذَا نَصَبْتُمْ وُجُوهَكُمْ فَلَا تَلْتَفِتُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَنْصِبُ وَجْهَهُ لِوَجْهِ عَبْدِهٖ حَتّٰى

حدیث 862:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 909 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1195 اخرجه ابومحمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 1423 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 21547 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 482 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 1118 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 3346 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحدیث: 9345 اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مرکز خدمة السنة والسیرة النبویه مدینه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحدیث: 155

يُصَلِّيَ لَهُ فَلَا يَصْرِفُ عَنْهُ وَجْهَهُ حَتّٰى يَكُونَ الْعَبْدُ هُوَ الَّذِي يَنْصَرِفُ

وَقَدْ اَخْرَجَ الشَّيْخَانِ بِرُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اٰخِرِهِمْ، وَلَمْ نَجِدْ لِلْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ رَاوِيًا غَيْرَ مَمْطُورٍ اَبِيْ سَلَامٍ فَتَرَكَاهُ، وَقَدْ تَكَلَّمْتُ عَلٰى هٰذَا النَّحْوِ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعٍ فَاَغْنٰى عَنْ اِعَادَتِهٖ، وَالْحَدِيْثُ عَلٰى شَرْطِ الْاَئِمَّةِ صَحِيْحٌ مَّحْفُوْظٌ

✧✧ حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یحییٰ بن زکریا کو پانچ باتوں پر عمل کرنے کا حکم دیا (ان میں سے ایک یہ بھی تھی) جب اللہ کی بارگاہ میں متوجہ ہوں تو پھر اِدھر اُدھر دھیان مت کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ بندے کی توجہ کی وجہ سے متوجہ ہوتا ہے۔ بندہ اللہ کے لئے نماز پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ بندے سے اپنی توجہ نہیں ہٹاتا جب تک کہ بندہ خود توجہ نہ ہٹائے۔

✣ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور حارث اشعری رضی اللہ عنہ سے ممطور ابوسلام کے علاوہ اور کسی نے روایت نہیں لی، اس لئے شیخین علیہما الرحمۃ نے ان کو چھوڑ دیا، اس موضوع پر میں نے کئی مقامات پر گفتگو کر دی ہے، اس لئے اب اس کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے اور یہ حدیث ائمہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، محفوظ ہے۔

864- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ حَكِيْمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، وَاَبُوْ

حدیث 863:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2863 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 17209 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 483 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ه-1984ء' رقم الحديث: 1571 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 3427 اخرجه ابوداؤد الطيالسي في "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 1161 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله' بيروت' لبنان' 1405ه/1984ء' رقم الحديث: 2870

حدیث 864:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 587 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ه' 1986ء' رقم الحديث: 1201 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 2485 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ه/1993ء' رقم الحديث: 2288 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ه/1970ء' رقم الحديث: 485 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ه/ 1991ء' رقم الحديث: 1124 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ه-1984ء' رقم الحديث: 2592 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ه/1983ء' رقم الحديث: 11559

عَمَّارٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰی، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَفِتُ فِیْ صَلَاتِهٖ يَمِيْنًا وَشِمَالًا وَلَا يَلْوِیْ عُنُقَهٗ خَلْفَ ظَهْرِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ الْبُخَارِیِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلٰی اِخْرَاجِ حَدِيْثِ اَشْعَثَ بْنِ اَبِی الشَّعْثَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْالْتِفَاتِ فِی الصَّلٰوةِ، فَقَالَ: هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلٰوةِ الْعَبْدِ وَهٰذَا الْالْتِفَاتُ غَيْرُ ذٰلِكَ فَاِنَّ الْالْتِفَاتَ الْمُبَاحَ اَنْ يَّلْحَظَ بِعَيْنِهٖ يَمِيْنًا وَشِمَالًا، وَلَهٗ شَاهِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِيْحٍ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے دوران (آنکھ کے کنارے سے) دائیں بائیں توجہ کرلیا کرتے تھے لیکن اپنی گردن کو پیچھے کی جانب نہیں گھماتے تھے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے اشعث بن ابی شعثاء کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے اپنے والد کی سند سے مسروق سے اُمّ المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان روایت کیا ہے (آپ فرماتی ہیں:) میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز کے دوران ادھر ادھر توجہ مبذول کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شیطان کی جھپٹ ہے، جس سے شیطان آدمی کی نماز چھین لیتا ہے (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں) یہ التفات وہ نہیں ہے (جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے) کیونکہ جائز التفات یہ ہے کہ آدمی صرف آنکھوں کو دائیں بائیں گھمالے۔

مذکورہ حدیث کے لئے سند صحیح کے ساتھ ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے۔

865۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ جَعْفَرٍ اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْحَافِظُ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ تَوْبَةَ الرَّبِيْعُ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ، اَخْبَرَنِیْ زَيْدُ بْنُ سَلَامٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا سَلَامٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِیْ اَبُوْ كَبْشَةَ السَّلُوْلِیُّ، اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ عَنْ سَهْلِ ابْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ، قَالَ: لَمَّا سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی حُنَيْنٍ، قَالَ: اَلَا رَجُلٌ يَكْلَؤُنَا اللَّيْلَةَ؟ فَقَالَ اَنَسُ بْنُ اَبِیْ مَرْثَدٍ الْغَنَوِیُّ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: انْطَلِقْ فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ حَسَسْتُمْ فَارِسَكُمْ؟ قَالُوْا: لَا، فَجَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّیْ وَيَلْتَفِتُ اِلَی الشِّعْبِ، فَلَمَّا سَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ فَارِسَكُمْ قَدْ اَقْبَلَ فَلَمَّا جَآءَ قَالَ: لَعَلَّكَ نَزَلْتَ؟ قَالَ: لَا اِلَّا مُصَلِّيًا، اَوْ قَاضِيًا حَاجَةً، ثُمَّ قَالَ: اِنِّیْ اطَّلَعْتُ الشِّعْبَيْنِ، فَاِذَا هَوَازِنُ بِظُعُنِهِمْ وَشَائِهِمْ، وَنَعَمِهِمْ مُتَوَجِّهُوْنَ اِلٰی حُنَيْنٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَنِيمَةٌ لِّلْمُسْلِمِيْنَ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حدیث 865:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:2083

✧✧ حضرت سہل بن حنظلہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غزوۂ حنین کی طرف روانہ ہوئے تو فرمایا: کون شخص رات کو پہرہ دے گا؟ انس بن ابی مرثد غنوی نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چلو! اگلے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور کہنے لگے: کیا تم نے اپنے پہرہ دار کو کہیں دیکھا؟ صحابہ نے جواب دیا: نہیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھنے لگے اور (دوران نماز) وادی کی طرف توجہ رکھی۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا تو فرمایا: تمہارا پہرہ دار آرہا ہے۔ جب وہ پہنچ گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی جگہ چھوڑ کر کہیں چلے گئے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں (میں صرف) نماز پڑھنے کے لئے یا قضائے حاجت کے لئے گیا تھا، پھر وہ کہنے لگا: میں ہوازن کے دو قبیلوں کی اطلاع لے کر آیا ہوں جو کہ اپنی بھیڑ بکریوں، اونٹوں (اور دیگر ساز و سامان) کے ہمراہ حنین کی طرف آرہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سب کچھ ان شاء اللہ کل مسلمانوں کے لئے مال غنیمت بنے گا۔

866۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ الْبَغْدَادِيُّ بِاَصْبَهَانَ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرُ بْنُ الْمُوَرِّعِ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِى الْمَغْرِبِ بِسُوْرَةِ الْاَعْرَافِ فِى الرَّكْعَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ اِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ اِرْسَالٌ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ مَّرْوَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِىْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ يُطَوِّلُ الرَّكْعَتَيْنِ وَحَدِيْثُ مُحَاضِرٍ هٰذَا مُفَسَّرٌ مُّلَخَّصٌ، وَقَدِ اتَّفَقَا عَلَى الْاِحْتِجَاجِ بِمُحَاضِرٍ

✧✧ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی دونوں رکعتوں میں سورۃ اعراف پڑھا کرتے تھے۔

✣✣ اگر اس حدیث میں ارسال نہ ہوتو یہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اس کو ان لفظوں کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ ان دونوں نے ابن جریج کی وہ حدیث نقل کی ہے، جس میں انہوں نے ابن ابی ملیکہ پھر عروہ پھر مروان کے واسطے سے زید بن ثابت کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز مغرب کی دو رکعتوں میں طویل قرات کیا کرتے تھے۔ محاضر کی یہ حدیث جامع ہے اور مفسر ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے محاضر کی روایات نقل کی ہیں۔

867۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ لَفْظًا غَيْرَ مَرَّةٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ اَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلادٍ الاِسْكَنْدَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَشْهَبُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنِىْ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اُمُّ الْقُرْاٰنِ عِوَضٌ مِّنْ غَيْرِهَا وَلَيْسَ غَيْرُهَا مِنْهَا عِوَضٌ قَدِ اتَّفَقَ الشَّيْخَانِ عَلٰى اِخْرَاجِ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ

حديث 866:

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابورى فى "صحيحه" طبع المكتب الاسلامى بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 517

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائى فى "سننه الكبرٰى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث:1063

الزُّهْرِيِّ مِنْ اَوْجُهٍ مُخْتَلِفَةٍ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ، وَرُوَاةُ هٰذَا الْحَدِيْثِ اَكْثَرُهُمْ اَئِمَّةٌ، وَكُلُّهُمْ ثِقَاتٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا، وَلِهٰذَا الْحَدِيْثِ شَوَاهِدُ بِاَلْفَاظٍ مُخْتَلِفَةٍ لَّمْ يُخَرِّجَاهُ وَاَسَانِيْدُهَا مُسْتَقِيْمَةٌ فَمِنْهَا

◇◇ حضرت عبادہ بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سورۃ فاتحہ کسی دوسری سورۃ کا بدل ہوسکتی ہے لیکن کوئی دوسری اس کا بدل نہیں ہوسکتی۔

❖ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث زہری کے حوالے سے مختلف سندوں کے ہمراہ نقل کی ہے تاہم الفاظ کچھ مختلف ہیں، اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں شیخین رحمۃ اللہ علیہما کے معیار پر ہیں بلکہ ان میں سے اکثر ائمہ ہیں۔

اس حدیث کی مختلف الفاظ میں متعدد شواہد موجود ہیں جن کو شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے نقل نہیں کیا حالانکہ ان کی سند بالکل درست ہے۔

پہلی شاہد حدیث:

868- مَا حَدَّثَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى النَّهْرِيزِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، حَدَّثَنَا فَيْضُ بْنُ اِسْحَاقَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلّٰى صَلٰوةً مَّكْتُوبَةً مَّعَ الْاِمَامِ فَلْيَقْرَاْ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ فِيْ سَكَتَاتِهِ، وَمَنِ انْتَهٰى اِلٰى اُمِّ الْكِتَابِ فَقَدْ اَجْزَاَهُ وَمِنْهَا

◇◇ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص امام کے ساتھ فرضی نماز ادا کرے، اس کو چاہئے کہ امام کے وقفے کے وقت سورہ فاتحہ پڑھے اور جو شخص سورہ فاتحہ کے اختتام کے وقت پہنچا، اس کے لئے (امام کی فاتحہ ہی) کافی ہے۔

شاہد نمبر ۲:

869- مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّيْ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا الْمُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ الْيَشْكُرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ الْاَنْصَارِيِّ، وَكَانَ يَسْكُنُ اِيلِيَاءَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ

حدیث 869:

اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي بيروت لبنان رقم الحديث: 311 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 22746 اخرجه ابوحاتم البستي في "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 1785 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 1581 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 2753 اخرجه ابو القاسم الطبراني في "مسند الشاميين" طبع موسسة الرساله بيروت لبنان 1405ھ/1984ء رقم الحديث: 300 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحديث: 188

فَثَقُلَتْ عَلَيْهِ الْقِرَائَةُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: اِنِّيْ لَارَاكُمْ تَقْرَؤُوْنَ مِنْ وَرَاءِ اِمَامِكُمْ، قُلْنَا: اَجَلْ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا، قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوْا اِلَّا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ، فَاِنَّهُ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَّا يَقْرَؤُهَا وَقَدْ اَدْخَلَ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ عُبَادَةَ وَهْبَ بْنَ كَيْسَانَ

✧✧ حضرت عبادہ بن ثابت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی تو قرات کرنے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت دشواری ہوئی، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم میرے پیچھے قراءت کرتے ہو، ہم نے کہا: جی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ فاتحہ کے سوا اور کچھ نہیں پڑھا کرو کیونکہ جو فاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز نہیں ہوتی۔

✣✣ ایک روایت میں محمود بن ربیع نے اپنے اور عبادہ بن صامت کے درمیان وہب بن کیسان کا بھی ذکر کیا ہے (جیسا کہ درج ذیل حدیث میں ہے)

870۔ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ عُتْبَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِيْ غَيْرُ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ التَّنُوْخِيُّ، عَنْ مَّكْحُوْلٍ، عَنْ مَّحْمُوْدٍ، عَنْ اَبِيْ نُعَيْمٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَلْ تَقْرَؤُوْنَ فِي الصَّلٰوةِ مَعِيْ ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوْا اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَمِنْهَا

✧✧ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: کیا نماز میں میرے ساتھ تم بھی قرات کرتے ہو؟ ہم نے کہا! جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ فاتحہ کے علاوہ کچھ نہ پڑھا کرو۔

شاہد نمبر ۳:

871۔ مَا اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمْدَانَ الْجَلَابُ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مِهْرَانَ الْخَزَّازُ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَامَ اِلٰى جَنْبِيْ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَقَرَاَ مَعَ الْاِمَامِ وَهُوَ يَقْرَاُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قُلْتُ: يَا اَبَا الْوَلِيْدِ، تَقْرَاُ وَتُسْمِعُ وَهُوَ يَجْهَرُ بِالْقِرَائَةِ ؟ قَالَ: نَعَمْ، اِنَّا قَرَاْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَغَلِطَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَبَّحَ، فَقَالَ لَنَا حِيْنَ انْصَرَفَ: هَلْ قَرَاَ مَعِيْ اَحَدٌ ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: قَدْ عَجِبْتُ، قُلْتُ: مَنْ هٰذَا الَّذِيْ يُنَازِعُنِي الْقُرْاٰنَ، اِذَا قَرَاَ الْاِمَامُ فَلَا تَقْرَءُوْا اِلَّا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَاِنَّهُ لَا صَلٰوةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَاْ بِهَا هٰذَا مُتَابِعٌ لِّمَكْحُوْلٍ فِيْ رِوَايَتِهِ عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ وَهُوَ عَزِيْزٌ، وَاِنْ كَانَ رِوَايَةُ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِيْ فَرْوَةَ فَاِنِّيْ ذَكَرْتُهُ شَاهِدًا

✧✧ حضرت محمود بن ربیع انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے ساتھ کھڑا (نماز پڑھ رہا) تھا اور عبادہ امام کے ساتھ ساتھ قرات کر رہے تھے، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے کہا: اے ابو ولید! تم قرات کر رہے تھے؟

حالانکہ تم سن رہے تھے کہ امام صاحب بلند آواز سے قرات کر رہے ہیں۔ عبادہ نے کہا: جی ہاں! ہم نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے بھی قرات کی تھی تو رسول اللہ ﷺ کو قراءت میں غلطی لگ گئی پھر آپ ﷺ نے تسبیح پڑھی۔ جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو ہم سے فرمایا: کیا میرے ساتھ کوئی قرات کر رہا تھا؟ ہم نے کہا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے بڑا عجیب لگا، میں نے سوچا یہ کون ہے؟ جو میرے ساتھ قرآن میں جھگڑ رہا ہے (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) جب امام قرات کر رہا ہو تو تم قرات نہ کرو، سوائے سورۃ فاتحہ کے، کیونکہ جو شخص فاتحہ نہیں پڑھتا، اس کی نماز نہیں ہوتی۔

❖❖ یہ حدیث محمود بن ربیع سے مروی ہونے میں مکحول کی متابع ہے اور یہ عزیز ہے اور یہ حدیث اگرچہ اسحاق بن ابوفروہ کی روایت کردہ ہے لیکن میں نے اس کو شاہد کے طور پر ذکر کیا ہے۔

872۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُوْنٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ يَّخْرُجَ يُنَادِيْ فِي النَّاسِ اَنْ لَّا صَلٰوةَ اِلَّا بِقِرَائَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ، فَمَا زَادَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ لَّا غُبَارَ عَلَيْهِ، فَاِنَّ جَعْفَرَ بْنَ مَيْمُوْنِ الْعَبْدِيَّ مِنْ ثِقَاتِ الْبَصْرِيِّيْنَ، وَيَحْيَى بْنَ سَعِيْدٍ لَا يُحَدِّثُ اِلَّا عَنِ الثِّقَاتِ، وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ عَنْ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَاَنَّهُمَا كَانَا يَاْمُرَانِ بِالْقِرَائَةِ خَلْفَ الْاِمَامِ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ باہر نکل کر لوگوں میں یہ منادی کر دیں کہ سورۃ فاتحہ اور کچھ مزید آیات پڑھے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے، اس پر کوئی غبار نہیں ہے کیونکہ جعفر بن میمون کا شمار ثقہ بصری راویوں میں ہوتا ہے اور یحییٰ بن سعید تو ثقہ کے علاوہ کسی اور سے روایت ہی نہیں کرتے تھے۔ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: کہ امیر المومنین عمر بن خطاب اور حضرت علی بن طالب رضی اللہ عنہما کے متعلق یہ درج ذیل روایت صحیح ہے کہ وہ امام کے پیچھے قرات کیا کرتے تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث:

873۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَابٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ كَانَ يَاْمُرُ اَنْ يُقْرَاَ خَلْفَ الْاِمَامِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَسُوْرَةٍ وَّفِي الْاُخْرَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ "

حدیث 873:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث:2756

✧✧ یزید بن شریک کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے امام کے پیچھے قرات کرنے کے متعلق مسئلہ پوچھا تو انہوں نے فرمایا: سورۃ فاتحہ پڑھا کرو۔ میں نے کہا: اگرچہ (امام) آپ ہوں؟ انہوں نے فرمایا: اگرچہ (امام) میں ہوں۔ میں نے کہا: اگرچہ آپ بلند آواز سے قرات کررہے ہوں؟ انہوں نے فرمایا: اگرچہ میں بلند آواز سے ہی قرات کررہا ہوں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث:

874- فَحَدَّثَنَاهُ أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ حَدَّثَنَا الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَابٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُ أَنْ يَقْرَأَ خَلْفَ الْإِمَامِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُورَةٍ وَفِي الْأُخْرَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

✧✧ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حکم دیا کرتے تھے کہ امام کے پیچھے پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ اور سورۃ اور آخری دو رکعتوں میں (صرف) سورۃ فاتحہ پڑھا کرو۔

875- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مِهْرَانَ بْنِ خَالِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ نَحْوًا مِّنْ صَلَاتِكُمْ وَلٰكِنَّهُ كَانَ يُخَفِّفُ الصَّلٰوةَ كَانَ يَقْرَاُ فِيْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ بِالْوَاقِعَةِ وَنَحْوِهَا مِنَ السُّوَرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَاِنَّمَا خَرَّجَ مُسْلِمٌ بِاِسْنَادِهٖ: كَانَ يَقْرَاُ فِيْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ بِالْوَاقِعَةِ

✧✧ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری طرح نماز پڑھایا کرتے تھے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں تخفیف کرتے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں سورۃ واقعہ اور اس جیسی دوسری سورتیں پڑھا کرتے تھے۔

❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سند کے ساتھ یہ حدیث نقل کی ہے: کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر میں سورۃ واقعہ پڑھا کرتے تھے۔

876- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ الْقُرَشِيُّ بِالْكُوْفَةِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ

حديث 875

اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحديث: 531 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 21033 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 1914 اخرجه ابوبكر الصنعاني في "مصنفه" طبع المكتب الاسلامي بيروت لبنان (طبع ثاني) 1403ھ رقم الحديث: 2720

الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ اَمِنَ الْقُرْاٰنِ هُمَا ؟ فَاَمَّنَا بِهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدْ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، وَاَبُوْ اُسَامَةَ ثِقَةٌ مُّعْتَمَدٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَزَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُّعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ بِاِسْنَادٍ اٰخَرَ

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: سورۃ الفلق اور سورۃ الناس قرآن پاک میں سے ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اگلے دن) فجر کی نماز میں یہی دونوں سورتیں پڑھیں۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔اس حدیث کو ثوری سے روایت کرنے میں ابواسامہ منفرد ہیں اور ابواسامہ ثقہ ہیں، معتمد ہیں۔اسی حدیث کو عبدالرحمان بن مہدی اور زید بن حباب نے معاویہ بن صالح سے ایک دوسری سند کے ہمراہ نقل کیا ہے۔(جیسا کہ درج ذیل ہے)

877۔ فَاَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُّعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْقَاسِمِ مَوْلٰى مُعَاوِيَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: كُنْتُ اَقُوْدُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاحِلَتَهُ فِي السَّفَرِ، فَقَالَ: يَا عُقْبَةُ، اَلَا اُعَلِّمُكَ خَيْرَ سُوْرَتَيْنِ قُرِئَتَا ؟ قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ فَلَمَّا نَزَلَ صَلّٰى بِهِمَا صَلٰوةَ الْغَدَاةِ، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ تَرٰى يَا عُقْبَةُ اَمَا حَدِيْثُ زَيْدِ بْنِ الْحُبَابِ، عَنْ مُّعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ نَحْوَ هٰذَا الْاِسْنَادِ، وَهٰذَا الْاِسْنَادُ لَا يُعَلِّلُ الْاَوَّلَ فَاِنَّ هٰذَا اِسْنَادٌ لِّمَتْنٍ اٰخَرَ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حدیث 876:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام ' 1406ھ' 1986ء' رقم الحدیث: 952 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 1024 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 3855 اخرجه ابویعلٰی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 1734 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 931 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث:30210

حدیث 877:

اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 17388 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 17430 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 7848 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 3853 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث:926

✧✧ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک سفر میں، میں رسول اللہ ﷺ کی سواری چلا رہا تھا (اس دوران) آپ ﷺ نے فرمایا: اے عقبہ! (آج تک) پڑھی گئی سورتوں میں سے دو بہترین سورتیں میں تمہیں نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا (۱) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔ پھر جب آپ نے ایک جگہ پر قیام کیا تو فجر کی نماز میں یہی دونوں سورتیں پڑھیں۔ پھر فرمایا: اے عقبہ! کیا خیال ہے؟

✧✧ زید بن حباب کی حدیث جو کہ معاویہ بن صالح سے مروی ہے، کی سند بھی اسی جیسی ہے اور یہ اسناد گزشتہ اسناد کو معلل نہیں کرتی کیونکہ یہ اسناد دوسرے متن کی ہے۔

878- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الصُّفْرِ السُّكَّرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَؤُمُّهُمْ بِقُبَاءَ، فَكَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّفْتَتِحَ سُورَةً يَقْرَاُ بِهَا قَرَاَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، ثُمَّ يَقْرَاُ بِالسُّورَةِ يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِيْ صَلَاتِهٖ كُلِّهَا، فَقَالَ لَهٗ اَصْحَابُهٗ: اَمَا تَدَعُ هٰذِهِ السُّورَةَ اَوْ تَقْرَاُ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَتَتْرُكُهَا ؟ فَقَالَ لَهُمْ: مَا اَنَا بِتَارِكِهَا، اِنْ اَحْبَبْتُمْ اَنْ اَؤُمَّكُمْ بِذٰلِكَ فَعَلْتُ وَاِلَّا فَلَا، وَكَانَ مِنْ اَفْضَلِهِمْ وَكَانُوْا يَكْرَهُوْنَ اَنْ يَّؤُمَّهُمْ غَيْرُهٗ، فَاَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لَهٗ، فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ، مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تَفْعَلَ مَا يَاْمُرُكَ بِهٖ اَصْحَابُكَ ؟ وَمَا يَحْمِلُكَ عَلٰى لُزُوْمِ هٰذِهِ السُّورَةِ ؟ فَقَالَ: اُحِبُّهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبُّهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَقَدِ احْتَجَّ الْبُخَارِيُّ اَيْضًا مُسْتَشْهِدًا بِعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ فِيْ مَوَاضِعَ مِنَ الْكِتَابِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد قبا میں ان کو نماز پڑھایا کرتا تھا (اس کی یہ عادت تھی کہ) کوئی بھی سورت شروع کرنے سے پہلے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (یعنی سورۃ اخلاص) پڑھا کرتا تھا، ہر نماز میں وہ اسی طرح کیا کرتا تھا، اس کے مقتدیوں نے اس سے کہا: تم یہ سورۃ کیوں نہیں چھوڑتے؟ یا صرف اسی سورت پر اکتفاء کیوں نہیں کر لیتے؟ اس نے ان کو جواب دیا: میں یہ عمل چھوڑنے کا نہیں ہوں، اگر تم چاہتے ہو کہ میں تمہیں نماز پڑھاؤں تو ٹھیک ہے لیکن میں ایسے ہی کروں گا ورنہ تمہاری مرضی (اور صورت حال یہ تھی کہ) یہ آدمی ان سب سے زیادہ صاحب فضل و کمال تھا وہ خود بھی اس کے علاوہ کسی دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنا پسند نہیں کرتے تھے۔ اس کے مقتدی رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور تمام صورت حال بیان کی۔ آپ ﷺ نے

حدیث 878:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاري في "صحيحه" (طبع ثالث) دارا بن كثير' يمامه' بيروت' لبنان' 1407ھ/1987ء' رقم الحديث: 741 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2901 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 537 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث:2296

اس کو بلا کر فرمایا: اے فلاں! کون سی چیز تمہیں اس بات پر عمل کرنے سے روک رہی ہے جس کا اصرار تمہارے مقتدی کر رہے ہیں اور کس بناء پر تم نے اس سورت کا التزام کیا ہوا ہے؟ اس نے جواب دیا: یا رسول اللہ ﷺ! میں اس سورت سے محبت کرتا ہوں (اس پر) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس سورۃ کی محبت تجھے جنت میں لے جائے گی۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالعزیز بن محمد کی روایات اپنی کتاب میں متعدد مقامات پر بطور شاہد ذکر کی ہیں۔

879ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا قُدَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا جَسْرَةُ بِنْتُ دَجَاجَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ، يَقُوْلُ: قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِآيَةٍ حَتّٰى اَصْبَحَ يُرَدِّدُهَا وَالْآيَةُ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ، وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (ایک مرتبہ) رسول اللہ ﷺ تمام رات صبح تک اسی آیت کا تکرار کرتے رہے ''اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ، وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ (اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو ان کو معاف کر دے تو تو غالب حکمت والا ہے)۔

❖❖ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

880ـ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْفَرَّاءُ، اَنْبَاَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، اَنْبَاَنَا مِسْعَرٌ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ شَيْئًا يُجْزِئُنِيْ مِنَ الْقُرْاٰنِ فَاِنِّيْ لَا اَقْرَاُ، قَالَ: قُلْ: سُبْحَانَ

حدیث 879:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 1010 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 1350 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 21366 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ / 1991ء رقم الحدیث: 1083 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4494 اخرجه ابوبکر الکوفی فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ رقم الحدیث: 31767

حدیث 880:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 1808 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 544

اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، قَالَ: فَضَمَّ عَلَيْهَا الرَّجُلُ بِيَدِهِ وَقَالَ: هٰذَا لِرَبِّي فَمَاذَا لِيَ؟ قَالَ: قُلِ: اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ، وَعَافِنِيْ، قَالَ: فَضَمَّ عَلَيْهَا بِيَدِهِ الْاُخْرٰى وَقَامَ زَادَ جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ فِيْ حَدِيْثِهِ، قَالَ مِسْعَرٌ: كُنْتُ عِنْدَ اِبْرَاهِيْمَ وَهُوَ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ فَاسْتَثْبَتُّهُ مِنْ غَيْرِهِ،

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عبداللہ ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں قرآن پڑھا ہوا نہیں ہوں، اس لئے مجھے کوئی ایسی چیز سکھا دیں جو قرآن کی جگہ مجھے کفایت کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پڑھو سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اس پر اس شخص نے اپنا ایک ہاتھ اپنے سینے پر رکھا اور کہا: یہ تو میرے رب کے لئے ہے اور میرے لئے کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پڑھو اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ، وَعَافِنِي (یا اللہ! میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم فرما، مجھے ہدایت دے، مجھے رزق عطا فرما اور مجھے عافیت عطا فرما۔) اس نے دوسرا ہاتھ بھی سینے پر رکھا اور اٹھ کر چلا گیا۔

✣✣ جعفر بن عون نے اس حدیث میں یہ اضافہ کیا ہے: مسعر کہتے ہیں: میں ابراہیم کے ہاں موجود تھا اور وہ یہی حدیث بیان کر رہے تھے، انہوں نے اس سند کے علاوہ ایک دوسری سند سے بھی اس کو ثابت رکھا ہے۔ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

881- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَادٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمِّهِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ اَنَّهُ كَانَ جَالِسًا عِنْدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَ رَجُلٌ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى، فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهُ جَآءَ فَسَلَّمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ وَذَكَرَ ذٰلِكَ اِمَّا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثَةً، فَقَالَ الرَّجُلُ: مَا اَدْرِيْ مَا عِبْتَ عَلَيَّ مِنْ صَلَاتِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا لَا تَتِمُّ صَلٰوةُ اَحَدٍ حَتّٰى يُسْبِغَ الْوُضُوْءَ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، يَغْسِلُ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ، وَيَمْسَحُ رَاْسَهُ وَرِجْلَهُ اِلَى الْكَعْبَيْنِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ وَيَحْمَدُ اللّٰهَ وَيُمَجِّدُهُ، وَيَقْرَاُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا اَذِنَ اللّٰهُ لَهُ فِيْهِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ، وَيَرْكَعُ، وَيَضَعُ كَفَّيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ حَتّٰى يَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ وَيَسْتَوِيْ، ثُمَّ يَقُوْلُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، وَيَسْتَوِيْ قَائِمًا حَتّٰى يَاْخُذَ كُلُّ عَظْمٍ مَاْخَذَهُ، ثُمَّ يُقِيْمُ صُلْبَهُ، ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَسْجُدُ فَيُمَكِّنُ جَبْهَتَهُ مِنَ الْاَرْضِ حَتّٰى يَطْمَئِنَّ مَفَاصِلُهُ، وَيَسْتَوِيْ ثُمَّ يُكَبِّرُ فَيَرْفَعُ رَاْسَهُ، وَيَسْتَوِيْ قَاعِدًا عَلٰى مَقْعَدَتِهِ وَيُقِيْمُ صُلْبَهُ فَوَصَفَ الصَّلٰوةَ هٰكَذَا حَتّٰى فَرَغَ،

ثُمَّ قَالَ: لَا يَتِمُّ صَلٰوةُ اَحَدِكُمْ حَتّٰى يَفْعَلَ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ بَعْدَ اَنْ اَقَامَ هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى اِسْنَادَهٗ فَاِنَّهٗ حَافِظٌ ثِقَةٌ، وَكُلُّ مَنْ اَفْسَدَ قَوْلَهٗ فَالْقَوْلُ قَوْلُ هَمَّامٍ وَّلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا السِّيَاقَةِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا فِيْهِ عَلٰى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَقَدْ رَوٰى مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ هٰذَا الْحَدِيْثَ فِي التَّارِيْخِ الْكَبِيْرِ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ مِنْهَالٍ وَّحَكَمَ لَهٗ بِحِفْظِهٖ، ثُمَّ قَالَ: لَمْ يُقِمْهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ،

✧✧ حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں موجود تھے کہ ایک شخص آیا، اس نے مسجد میں آ کر نماز پڑھی۔ نماز سے فارغ ہو کر وہ آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر لوگوں کو اس نے سلام کیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہا: واپس جاؤ اور (دوبارہ) نماز پڑھو کیونکہ تیری نماز نہیں ہوئی، یہی بات دوسری مرتبہ (نماز پڑھنے کے بعد) بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہی اور (شاید) تیسری مرتبہ بھی یہی بات کہی۔ اس شخص نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ آپ نے میری نماز میں کون سی غلطی نوٹ کی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی بھی شخص کی نماز مکمل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق کامل وضو کرے (یعنی) اپنا چہرہ اور دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھوئے، سر کا مسح کرے اور دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھوئے، پھر تکبیر کہے، پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرے (یعنی ثناء اور فاتحہ پڑھے) قرآن کی کسی سورۃ سے (کم از کم) اتنا (ضرور) تلاوت کرے، جتنا پڑھنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم ارشاد فرمایا ہے۔ پھر تکبیر کہے اور اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے گھٹنوں پر رکھ دے، یہاں تک کہ اس کے اعضاء مطمئن ہو جائیں اور برابر ہو جائیں پھر پڑھے "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ

حدیث 881:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامه' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء' رقم الحدیث: 5897 اخرجه ابو الحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 397 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2692 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه' حلب' شام' 1406ھ 1986ء' رقم الحدیث: 1053 اخرجه ابو عبدالله القزوینی فی "سننه" طبع دارالفکر' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 1060 اخرجه ابو محمد الدارمی فی "سننه" طبع دارالکتاب العربی' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء' رقم الحدیث: 1329 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحدیث: 19019 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحدیث: 454 اخرجه ابو عبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحدیث: 640 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز' مکه مکرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 2091 اخرجه ابو یعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 6622 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الکبیر" طبع مکتبه العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحدیث: 4520 اخرجه ابوبکر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحدیث: 1976 اخرجه ابوبکر الکوفی' فی "مصنفه" طبع مکتبه الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحدیث: 2958 اخرجه ابوبکر الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ' رقم الحدیث: 3739

حَمِدَہ"۔ پھر سیدھا کھڑا ہو جائے یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنے مقام پر درست ہو جائے اور اس کی پشت سیدھی ہو جائے، پھر تکبیر کہے اور سجدے میں چلا جائے، اپنی پیشانی کو زمین پر جما دے یہاں تک کہ اس کے جوڑ مطمئن ہو جائیں اور درست ہو جائیں۔ پھر تکبیر کہے اور سر کو اٹھائے اور اپنی مقعد پر وزن ڈالتے ہوئے بیٹھ جائے اور اپنی کمر کو سیدھا رکھے (رسول اکرم ﷺ نے) یوں نماز کا مکمل طریقہ بیان فرمایا۔ جب آپ ﷺ مکمل طریقہ بیان کر کے فارغ ہوئے تو فرمایا: جب تک اس طریقے سے نماز نہیں پڑھو گے، تمہاری نماز نہیں ہوگی۔

✤✤ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے اس سند کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔ مزید برآں یہ کہ ہمام بن یحییٰ نے اس کی سند کو قائم بھی رکھا ہے۔ ہمام حافظ ہیں، ثقہ ہیں۔ ان کے خلاف بات کوئی بھی کرے، معتبر قول "ہمام" ہی کا ہے۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے عبید اللہ بن عمر کی وہ روایات نقل کی ہیں، جو انہوں نے سعید المقبری کے واسطے سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہیں جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہی حدیث تاریخ کبیر میں حجاج بن منہال کے حوالے سے نقل فرمائی ہے اور ان کے حافظ ہونے کا موقف اپنایا ہے۔ پھر فرمایا: اس کو حماد بن سلمہ نے قائم نہیں رکھا۔

882۔ حَدَّثَنَا بِصِحَّةِ مَا ذَكَرَهُ الْبُخَارِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَالَوَيْهِ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبَّادٍ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلادٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَجُلا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَقَدْ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ، وَقَدْ اَقَامَ هٰذَا الاِسْنَادَ دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ، وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ،

اَمَّا حَدِيْثُ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ،

✧✧ یحییٰ بن خلاد اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص مسجد میں داخل ہوا جبکہ رسول اکرم ﷺ نماز پڑھ چکے تھے اس نے نماز پڑھی (پھر اس کے بعد کی تفصیلی حدیث بیان کی)

✤✤ اس کی سند کو داؤد بن قیس الفراء، محمد بن اسحاق بن یسار اور اسماعیل بن جعفر بن ابی کثیر نے قائم رکھا ہے۔

داؤد بن قیس کی حدیث:

883۔ فَحَدَّثَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوْلانِيُّ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰى ابْنِ وَهْبٍ: اَخْبَرَكَ دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، وَاَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَكِيْمٍ الْمَرْوَزِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، اَنْبَاَنَا عَبْدَانُ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلادٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، عَنْ عَمِّهٖ وَكَانَ بَدْرِيًّا، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِی الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ

وَاَمَّا حَدِيْثُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ يَسَارٍ،

✧✧ داؤد بن قیس کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث شریف گزشتہ حدیث کے مفہوم کے مطابق منقول ہے۔

محمد بن اسحاق بن یسار کی حدیث:

884- فَاَخْبَرَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلادِ بْنِ رَافِعِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي زُرَيْقٌ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمِّهِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ اِذْ اَقْبَلَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ بَعْدَ اَنْ فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّلٰوةِ، فَصَلَّى ثُمَّ اَقْبَلَ حَتّٰى قَامَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: وَعَلَيْكَ، ارْجِعْ فَصَلِّ فَاِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ،

وَاَمَّا حَدِيْثُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ،

❖❖ محمد بن اسحاق بن یسار کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث گزشتہ حدیث کے مفہوم کے مطابق منقول ہے۔

اسماعیل بن جعفر کی حدیث:

885- فَاَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عِيْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى التِّرْمِذِيُّ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ الثَّقَفِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلادِ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ يَوْمًا، قَالَ رِفَاعَةُ: وَنَحْنُ مَعَهُ اِذْ جَآءَ رَجُلٌ كَالْبَدَوِيِّ فَصَلَّى، ثُمَّ ذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ

❖❖ اسماعیل بن جعفر کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث گزشتہ حدیث کے مفہوم کے موافق منقول ہے۔

886- اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ

حدیث 886:

اخرجه ابو الحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 673 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 582 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذی' فی "جامعه" طبع داراحياء التراث العربی' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 235 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 780 اخرجه ابو عبدالله القزوينی فی "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 980 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث: 17133 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2127 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوری' فی "صحيحه" طبع المكتب الاسلامی' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 1507 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 855 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 603 اخرجه ابوداؤد الطيالسی فی "مسنده" طبع دارالمعرفة' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 618 اخرجه ابوبكر الحميدی فی "مسنده" طبع دارالكتب العلميه' مكتبه المتنبی' بيروت' قاهره' رقم الحديث: 457 اخرجه ابوالحسن الجوهری فی "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 857

السَّهْمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَؤُمُّ الْقَوْمَ اَكْثَرُهُمْ قُرْاٰنًا، فَاِنْ كَانُوْا فِى الْقُرْاٰنِ وَاحِدًا فَاَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَاِنْ كَانُوْا فِى الْهِجْرَةِ وَاحِدًا فَاَفْقَهُهُمْ فِقْهًا، فَاِنْ كَانُوْا فِى الْفِقْهِ وَاحِدًا فَاَكْبَرُهُمْ سِنًّا

قَدْ اَخْرَجَ مُسْلِمٌ حَدِيْثَ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ هٰذَا وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ اَفْقَهُهُمْ فِقْهًا وَهٰذِهِ لَفْظَةٌ غَرِيْبَةٌ عَزِيْزَةٌ بِهٰذَا الاِسْنَادِ الصَّحِيْحِ، وَلَهُ شَاهِدٌ مِّنْ حَدِيْثِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ

✧✧ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کی امامت وہ شخص کرائے جو ان میں سب سے بہترین قرآن پڑھنا جانتا ہو۔ اگر تمام لوگ قرآن پڑھنے (ادائیگی) میں برابر ہوں تو پھر وہ جو، ان میں سب سے پہلے ہجرت کرنے والا ہے، وہ امامت کرائے اور اگر سب لوگ ہجرت میں بھی برابر ہوں تو جو، ان میں سب سے زیادہ فقہی سمجھ بوجھ رکھنے والا ہے، وہ امامت کرائے اور اگر تمام لوگ فقہی سمجھ بوجھ میں بھی برابر ہوں تو پھر جو، ان میں سب سے زیادہ عمر والا ہوگا، وہ امامت کرائے۔

✣✣ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اسماعیل بن رجاء کی حدیث نقل کی ہے لیکن اس میں "فَاَفْقَهُهُمْ فِقْهًا" کے الفاظ نہیں ہیں اور یہ لفظ اس سند کے ہمراہ غریب، عزیز ہے۔

حجاج بن ارطاۃ کی سند کے حوالے سے مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

887- حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ التَّمِيْمِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْجَارُوْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِيْنَارٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَؤُمُّ الْقَوْمَ اَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَاِنْ كَانُوْا فِى الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَاَفْقَهُهُمْ فِى الدِّيْنِ، فَاِنْ كَانُوْا فِى الدِّيْنِ سَوَاءً فَاَقْرَؤُهُمْ لِلْقُرْاٰنِ، وَلَا يَؤُمُّ الرَّجُلُ فِىْ سُلْطَانِهِ، وَلَا يَقْعُدُ عَلٰى تَكْرِمَتِهِ اِلَّا بِاِذْنِهِ

✧✧ حجاج بن ارطاۃ نے اسماعیل بن رجاء کی سند سے اوس بن ضمعج کے حوالے سے حضرت عقبہ بن عامر سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم کی امامت وہ کرائے، جو اُن میں سب سے پہلے ہجرت کرنے والا ہو، اگر تمام لوگ ہجرت میں برابر ہوں تو پھر جو دین کی سب سے زیادہ سمجھ بوجھ رکھنے والا ہے (وہ امامت کا زیادہ حقدار ہے) اگر دینی سمجھ بوجھ میں برابر ہوں تو سب سے بہتر قرآن پڑھنے والا، اور کوئی شخص اپنے امیر کی موجودگی میں امامت نہ کرائے اور (اس کی تعظیم کے لئے جب کھڑا ہوا ہو تو) اس کی اجازت کے بغیر مت بیٹھے۔

888- اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِىُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِىْ اُمَيَّةَ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ

وَقَّاصٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَمُتْ نَبِيٌّ حَتّٰى يَؤُمَّهُ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ وَقَدِ اتَّفَقَا جَمِيْعًا عَلٰى صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَ اَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

✧✧ حضرت شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی نبی انتقال نہیں کرتا، یہاں تک کہ اس کی قوم میں سے کوئی شخص اس کی امامت کراتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھنے والی روایت نقل کی ہے۔

889- اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْعَلَاءِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْكُوْفِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَّارٍ اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ فِى الصَّلٰوةِ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا عَنْ يَّمِيْنِهِ، وَعَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: اسْتَوُوْا وَتَعَادَلُوْا

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقامت کے بعد دائیں بائیں، یوں یوں مڑ کر صفیں درست کرنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

890- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَابِقٍ الْخَوْلَانِيُّ، قَالَ: قُرِءَ عَلٰى

حديث 888:

اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث:988

اخرجه ابن ابی اسامه فی "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث:988

حديث 890:

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلاميه' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء' رقم الحديث: 857 اخرجه ابوعبدالله الاصبحی فی "المؤطا" طبع داراحياء التراث العربی (تحقيق فواد عبدالباقی)' رقم الحديث: 296 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 16442 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 930 ذكره ابوبكر البيهقی فی "سننه الكبرٰی" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 3454 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 697 اخرجه ابوبكر الشيبانی فی "الاحادوالمثانی" طبع دارالراية' رياض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء' رقم الحديث:958

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ اَخْبَرَكَ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَمْدَانَ الْهَمْدَانِيُّ بِهَا، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْجَزَّارِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ، يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ مِحْجَنٍ رَجُلٍ مِّنْ بَنِي الدِّيلِ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ كَانَ جَالِسًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُوْذِنَ بِالصَّلٰوةِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى، ثُمَّ رَجَعَ وَمِحْجَنٌ فِيْ مَجْلِسِهٖ كَمَا هُوَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تُصَلِّيَ مَعَ النَّاسِ اَلَسْتَ بِرَجُلٍ مُّسْلِمٍ ؟ قَالَ: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَلٰكِنِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُنْتُ قَدْ صَلَّيْتُ فِيْ اَهْلِيْ، قَالَ: فَاِذَا جِئْتَ فَصَلِّ مَعَ النَّاسِ وَاِنْ كُنْتَ قَدْ صَلَّيْتَ

✧✧ بنوالدیل کے ایک شخص بسر بن محجن اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ (ایک دفعہ) وہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ گئے اور نماز پڑھ کر آ گئے، لیکن وہ محجن بدستور اسی جگہ پر بیٹھا ہوا رہا۔ رسول اکرم ﷺ نے اسے کہا: تو نے ہمارے ساتھ نماز کیوں نہیں پڑھی؟ کیا تو مسلمان نہیں ہے؟ اس نے جواباً کہا: کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ لیکن میں گھر میں نماز پڑھ کر آیا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: جب مسجد میں آ جاؤ تو لوگوں کے ساتھ مل کر نماز پڑھا کرو اگرچہ گھر میں تم نماز پڑھ چکے ہو۔

891- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنْبَاَنَا الشَّافِعِيُّ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، فَذَكَرَهٗ بِنَحْوِهٖ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ وَّمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ الْحَكَمُ فِيْ حَدِيْثِ الْمَدَنِيِّيْنَ، وَقَدِ احْتَجَّ بِهٖ فِي الْمُوَطَّاِ وَهُوَ مِنَ النَّوْعِ الَّذِيْ قَدَّمْتُ ذِكْرَهٗ اَنَّ الصَّحَابِيَّ اِذَا لَمْ يَكُنْ لَّهٗ رَاوِيَانِ لَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بھی اس طرح کی حدیث منقول ہے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ مدنی راویوں کی حدیث کے سلسلہ میں ''حکم'' ہیں اور انہوں نے اپنی مؤطا میں یہ حدیث نقل بھی کی ہے اور یہ بھی وہی قسم ہے جس کا پہلے کئی مرتبہ ذکر ہو چکا ہے کہ جب کسی صحابی کا ایک سے زیادہ کوئی راوی نہ ہو (تو اگر ان تک طریق درست ہوگا تو ہم وہ حدیث نقل کریں گے)۔

892- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ

حدیث: 892

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مكتب المطبوعات الاسلامیه، حلب، شام ، 1406ھ، 1986ء، رقم الحدیث: 858 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر، رقم الحدیث: 17509 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله، بیروت، لبنان، 1414ھ/1993ء، رقم الحدیث: 1565 اخرجه ابوبكر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المكتب الاسلامی، بیروت، لبنان، 1390ھ/1970ء، رقم الحدیث: 1638 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرٰی" طبع دارالكتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء، رقم الحدیث: 931 اخرجه ابوبكر الشیبانی فی "الاحاد والمثانی" طبع دارالرایة، ریاض، سعودی عرب، 1411ھ/1991ء، رقم الحدیث: 1462

سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْفَقِيهُ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى الْقَاضِي، حَدَّثَنَا اَبُو حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى فَلَمَّا سَلَّمَ اَبْصَرَ رَجُلَيْنِ فِي اَوَاخِرِ النَّاسِ فَدَعَاهُمَا، فَقَالَ: مَا مَنَعَكُمَا اَنْ تُصَلِّيَا مَعَ النَّاسِ ؟ فَقَالَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّيْنَا فِي الرِّحَالِ، قَالَ: فَلَا تَفْعَلَا اِذَا صَلَّى اَحَدُكُمْ فِي رَحْلِهِ ثُمَّ اَدْرَكَ الصَّلٰوةَ مَعَ الْاِمَامِ فَلْيُصَلِّهَا مَعَهُ فَاِنَّهَا لَهُ نَافِلَةٌ

هٰذَا حَدِيثٌ رَوَاهُ شُعْبَةُ، وَهِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، وَغَيْلَانُ بْنُ جَامِعٍ، وَاَبُو خَالِدٍ الدَّالَانِيُّ، وَاَبُو خَالِدٍ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، وَمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، وَشَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، وَقَدِ احْتَجَّ مُسْلِمٌ بِيَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ

✧✧ جابر بن یزید بن اسود، اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے منیٰ میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ نماز پڑھی۔ جب آپ ﷺ نے سلام پھیرا، تو آخری صفوں میں دو آدمیوں کو دیکھا (کہ انہوں نے جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھی تھی) آپ ﷺ نے ان کو اپنے پاس بلا کر پوچھا: تم نے جماعت کے ساتھ نماز کیوں نہیں پڑھی؟ انہوں نے جواب دیا: یارسول اللہ ﷺ ہم نے اپنے خیموں میں نماز پڑھ لی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: آئندہ ایسے مت کرنا۔ جب کوئی شخص اپنے خیمے میں نماز پڑھ لے اور پھر امام کے ساتھ نماز پا لے، اس کو چاہئے کہ وہ امام کے ساتھ بھی نماز پڑھے، یہ نماز اس کے لئے نفل ہو جائے گی۔

✣✣ اس حدیث کو شعبہ، ہشام بن حسان، غیلان بن جامع، ابوخالد الدالانی، ابوعوانہ، عبدالملک بن عمیر، مبارک بن فضالہ، شریک بن عبداللہ اور دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے یعلی بن عطاء سے روایت کیا ہے اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے یعلی بن عطاء کی روایات نقل کی ہیں۔

893۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السَّكَنِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، وَعَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يُجِبْ فَلَا

حديث 893:

اخرجه ابو عبدالله القزوينى فى "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 793 اخرجه ابوحاتم البستى فى "صحيحه" طبع موسسه الرساله' بيروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحديث: 2064 ذكره ابوبكر البيهقى فى "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودى عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4719 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 12266 اخرجه ابوالحسن الجوهرى فى "مسنده" طبع موسسه نادر' بيروت' لبنان' 1410ھ/1990ء' رقم الحديث: 482

صَلٰوةَ لَهُ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ اَوْقَفَهُ غُنْدَرُ، وَاَكْثَرُ اَصْحَابِ شُعْبَةَ وَهُوَ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُشَيْمٌ وَّقُرَادُ اَبُوْ نُوحٍ ثِقَتَانِ، فَاِذَا وَصَلاهُ فَالْقَوْلُ فِيْهِ قَوْلُهُمَا وَلَهُ فِيْ سَنَدِهِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ شَوَاهِدُ، فَمِنْهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اذان سنے لیکن اس کا جواب نہ دے، اس کی نماز قبول نہیں ہے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہما دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اور اس حدیث کو غندر اور شعبہ کے اکثر اصحاب نے روایت کیا ہے اور اس کی سند میں ہشیم اور قراد ابونوح ثقہ راوی ہیں، جب یہ کسی حدیث کو متصل کر دیں تو بات انہی کی معتبر ہوتی ہے۔

مذکورہ حدیث کی شواہد حدیثیں، جن میں شعبہ نے عدی سے روایت کی ہے۔

شاہد (۱)

894۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ عَلِيِّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الصَّفَّارُ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ سَهْلٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يَاْتِهِ فَلَا صَلٰوةَ لَهُ اِلَّا مِنْ عُذْرٍ وَّمِنْهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اذان سننے کے باوجود مسجد میں نہ آئے، اس کی نماز قبول نہیں، سوائے اس کے کہ کوئی عذر ہو۔

شاہد (۲)

895۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيْبٍ الْمَعْمَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ الْخَلِيْلِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سُلَيْمَانَ دَاوُدُ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يَاْتِهِ، فَلَا صَلٰوةَ لَهُ اِلَّا مِنْ عُذْرٍ

وَّفِي الشَّوَاهِدِ لِشُعْبَةَ فِيْهِ مُتَابَعَاتٌ مُّسْنَدَةٌ، فَمِنْهَا

✧✧ داؤد بن حکم نے بھی شعبہ کی مذکورہ سند کے ہمراہ بعینہ یہی حدیث نقل کی ہے اور شواہد میں شعبہ کی متابعاتِ مسندہ بھی موجود ہیں۔

متابع (۱)

896۔ مَا حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ نَصْرٍ اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيْهُ بِبُخَارٰى، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ اُنَيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ اَبِيْ جَنَابٍ، عَنْ مَّغْرَاءَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ الْمُنَادِیَ فَلَمْ يَمْنَعْهُ مِنَ اتِّبَاعِهِ عُذْرٌ فَلَا صَلٰوةَ لَهُ، قَالُوْا: وَمَا الْعُذْرُ؟ قَالَ: خَوْفٌ، اَوْ مَرَضٌ

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اذان سنے اور بغیر کسی عذر کے، جماعت میں حاضر نہ ہو، اس کی نماز قبول نہیں ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: (حضور صلی اللہ علیہ وسلم) عذر کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوف یا بیماری۔

متابع نمبر (۲)

897- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الصَّيْدَلَانِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْجَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ اَبِیْ جَنَابٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ الصَّلٰوةَ يُنَادٰی بِهَا صَحِيْحًا مِّنْ غَيْرِ عُذْرٍ، فَلَمْ يَاْتِهَا لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهُ صَلٰوةً فِیْ غَيْرِهَا، قِيْلَ: وَمَا الْعُذْرُ؟ قَالَ: الْمَرَضُ اَوِ الْخَوْفُ وَمِنْهَا

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صحت مند ہو اور کوئی عذر اس کو لاحق نہ ہو، وہ اذان سننے کے باوجود اگر مسجد میں آ کر نماز نہیں پڑھتا تو اللہ تعالیٰ اس کی کسی دوسری جگہ (مسجد کے علاوہ) پڑھی ہوئی نماز قبول نہیں کرتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: عذر کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرض یا خوف۔

متابع (۳)

898- مَا اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِيْهُ بِالرِّيِّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْاَزْرَقِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْيَمَامِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلٰوةَ لِجَارِ الْمَسْجِدِ اِلَّا فِی الْمَسْجِدِ وَقَدْ صَحَّتِ الرِّوَايَةُ فِيْهِ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی، عَنْ اَبِيْهِ مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يُجِبِ الْحَدِيْثَ

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسجد کے پڑوس میں رہنے والے کی نماز مسجد کے علاوہ قبول نہیں کی جاتی۔

❖❖ اس سلسلے میں ابوموسیٰ کی ان کے والد کے حوالے سے یہ روایت بھی صحیح ہے کہ جس نے اذان سنی لیکن اس کو قبول نہ کیا (اس کے بعد پوری حدیث ہے)

899- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّافِعِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِیْ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حديث 898

ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 4721

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ النِّدَاءَ فَارِغًا صَحِیْحًا فَلَمْ یُجِبْ فَلَا صَلٰوۃَ لَہٗ

✧✧ ابوبردہ بن ابوموسیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اذان سنے اور اس وقت وہ فارغ اور تندرست ہو لیکن اس کے باوجود وہ نماز پڑھنے مسجد میں نہ آئے، اس کی نماز قبول نہیں ہے۔

900۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَکْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْہُ، اَنْبَاَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ، حَدَّثَنَا زَائِدَۃُ، حَدَّثَنَا السَّائِبُ بْنُ حُبَیْشٍ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِیْ طَلْحَۃَ الْیَعْمُرِیِّ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ: مَا مِنْ ثَلَاثَۃٍ فِیْ قَرْیَۃٍ وَّلَا فِیْ بَدْوٍ لَا تُقَامُ فِیْہِمُ الصَّلٰوۃُ اِلَّا قَدِ اسْتَحْوَذَ عَلَیْہِمُ الشَّیْطَانُ، فَعَلَیْکَ بِالْجَمَاعَۃِ

ہٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ

✧✧ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان سنا ہے کہ: کسی شہر یا گاؤں میں تین آدمی موجود ہوں اور وہ نماز جماعت کے ساتھ نہ پڑھیں، تو شیطان ان پر غالب آ جاتا ہے۔ اس لئے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا ضروری ہے۔

✤✤ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

901۔ حَدَّثَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ عِیْسَی الْحَافِظُ الْمُزَنِیُّ بِالطَّابِرَانِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَہْلٍ الرَّمْلِیُّ، حَدَّثَنَا زَیْدُ بْنُ اَبِی الزَّرْقَاءِ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ، عَنِ ابْنِ اُمِّ مَکْتُوْمٍ، قَالَ: قُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، اِنَّ الْمَدِیْنَۃَ کَثِیْرَۃُ الْہَوَامِّ وَالسِّبَاعِ، قَالَ: اَتَسْمَعُ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَحَیَّ ہَلَا

ہٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ وَلَمْ یُخَرِّجَاہُ، اِنْ کَانَ ابْنُ عَابِسٍ سَمِعَ مِنِ ابْنِ اُمِّ مَکْتُوْمٍ، وَلَہٗ شَاہِدٌ بِاِسْنَادٍ صَحِیْحٍ

✧✧ حضرت ابن اُمّ مکتوم فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! مدینہ میں بہت درندے اور جنگلی جانور ہوتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کی آواز سنتے ہو؟ انہوں نے ہاں میں جواب دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تو آنا ہی پڑے گا۔

✤✤ اگر ابن عابس نے ابن اُمّ مکتوم سے حدیث سنی ہے تو یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ

حدیث 901

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 553 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 851 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 924 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبریٰ" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4729

نے اس کو روایت نہیں کیا۔

سند صحیح کے ساتھ مذکورہ حدیث کی شاہد حدیث بھی موجود ہے (جو کہ درج ذیل ہے)

شاہد (۱)

902۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْنُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقْبَلَ النَّاسَ فِيْ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ، فَقَالَ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اٰتِيَ هٰؤُلاءِ الَّذِيْنَ يَتَخَلَّفُوْنَ عَنْ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ فَاُحَرِّقَ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ فَقَامَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَقَدْ عَلِمْتَ مَا بِيْ وَلَيْسَ لِيْ قَائِدٌ، قَالَ: اَتَسْمَعُ الْاِقَامَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاحْضُرْهَا، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ بَيْنِيْ وَبَيْنَهَا نَخْلًا، وَشَجَرًا، وَلَيْسَ لِيْ قَائِدٌ، قَالَ: اَتَسْمَعُ الْاِقَامَةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاحْضُرْهَا وَلَمْ يُرَخِّصْ لَهُ وَلَهُ شَاهِدٌ اٰخَرُ مِنْ حَدِيْثِ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ

✧✧ حضرت ابن اُمّ مکتوم سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عشاء کی نماز میں (لوگوں کی طرف) متوجہ ہو کر ارشاد فرمانے لگے: میں چاہتا ہوں، ان لوگوں کے ہاں جاؤں، جو اس نماز میں غیر حاضر ہیں اور ان کے گھروں کو آگ لگا دوں۔ ابن اُمّ مکتوم نے کھڑے ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! آپ میرا عذر بھی جانتے ہیں (آپ نابینا تھے) اور مجھے ساتھ لیجانے والا بھی کوئی نہیں ہے (تو کیا میرے لئے کوئی رخصت ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں اقامت کی آواز سنائی دیتی ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: تو پھر حاضر ہوا کرو۔ انہوں نے (پھر) عرض کی: یا رسول اللہ! میرے راستے میں بہت درخت ہیں اور مجھے کوئی ساتھ لانے والا کوئی نہیں ہے (کیا اب بھی میرے لئے کوئی رخصت ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں اقامت کی آواز سنائی دیتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جماعت میں حاضر ہوا کرو۔ اور ان کو جماعت چھوڑنے کی اجازت نہیں دی۔

شاہد (۲)

عاصم بن بھدلہ کی سند کے ہمراہ بھی گزشتہ حدیث کی ایک شاہد حدیث موجود ہے۔ جو کہ درج ذیل ہے۔

903۔ اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَاضِيْ، وَحَدَّثَنَا

حدیث 903:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 552 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 15529 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2063 اخرجه ابوبکر بن خزیمة النیسابوری فی "صحیحه" طبع المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء رقم الحدیث: 1480 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 495

اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلِیْفَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِیْ رَزِیْنٍ، عَنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّیْ رَجُلٌ ضَرِیْرُ الْبَصَرِ، شَاسِعُ الدَّارِ وَلَیْسَ لِیْ قَائِدٌ یُلَائِمُنِیْ، فَهَلْ لِیْ رُخْصَةٌ اَنْ اُصَلِّیَ فِیْ بَیْتِیْ؟ قَالَ: هَلْ تَسْمَعُ النِّدَاءَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: لَا اَجِدُ لَكَ رُخْصَةً

✧✧ حضرت ابن اُمّ مکتوم سے روایت ہے، انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی: یارسول اللہ ﷺ میں نابینا ہوں اور میرا گھر بھی دور ہے اور میرے پاس کوئی ایسا شخص بھی نہیں ہے، جو مجھے اپنے ساتھ لائے، تو کیا مجھے گھر میں نماز پڑھنے کی اجازت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تجھے اذان کی آواز آتی ہے؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لئے رخصت نہیں ہے۔

904- حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْحَسَنُ بْنُ یَعْقُوْبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، وَاَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَیْنِ الْقَاضِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ اَبِیْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِیْهُ، اَنْبَاَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ بَیَانٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ الْقَارِءُ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَصِیْرٍ، عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ، فَقَالَ: اَشَاهِدٌ فُلَانٌ؟ لِنَفَرٍ مِّنَ الْمُنَافِقِیْنَ لَمْ یَشْهَدُوا الصَّلٰوةَ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هَاتَیْنِ الصَّلَاتَیْنِ مِنْ اَثْقَلِ الصَّلَوَاتِ عَلَى الْمُنَافِقِیْنَ، وَلَوْ یَعْلَمُوْنَ مَا فِیْهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا یَّعْنِیْ صَلٰوةَ الْعِشَاءِ وَالصُّبْحِ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَلَیْكُمْ بِالصَّفِّ الْمُقَدَّمِ فَاِنَّهُ مِثْلُ صَفِّ الْمَلَائِكَةِ، وَلَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا فِیْهِ لَابْتَدَرْتُمُوْهُ

وَقَالَ: صَلَاتُكَ مَعَ الرَّجُلِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِكَ وَحْدَكَ، وَصَلَاتُكَ مَعَ الرَّجُلَیْنِ اَزْكٰى مِنْ صَلَاتِكَ مَعَ الرَّجُلِ، وَمَا كَثُرَتْ فَهُوَ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

هٰكَذَا رَوَاهُ الطَّبَقَةُ الْاُوْلٰى مِنْ اَصْحَابِ شُعْبَةَ: یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ، وَیَحْیَى بْنُ سَعِیْدٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ

حدیث 904:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 554 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه" طبع مکتب المطبوعات الاسلامیه حلب شام 1406ھ 1986ء رقم الحدیث: 843 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 21302 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2056 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 917 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 4974

مَهْدِيّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَاَقْرَانُهُمْ، وَهٰكَذَا رَوَاهُ سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ،

✧✧ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (ایک مرتبہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازِ فجر پڑھائی (اس کے بعد) متعدد منافقین جنہوں نے جماعت کے ہمراہ نماز نہیں پڑھی تھی، ان کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا: فلاں (فلاں) شخص جماعت میں حاضر ہوا ہے؟ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دونوں نمازیں یعنی نماز فجر اور نماز عشاء منافقین پر سب سے زیادہ بھاری ہیں۔ اگر ان کو ان نمازوں کا اجر وثواب معلوم ہو جائے تو (ہرصورت میں) جماعت میں آئیں اگرچہ سرین کے بل گھسٹ کر آنا پڑے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلی صف میں آنے کی کوشش کیا کرو کیونکہ یہ صف فرشتوں کی صف جیسی ہے۔ اگر تمہیں اس صف کی فضیلت معلوم ہو جاتی تو (اس میں شامل ہونے کے لئے) ایک دوسرے سے آگے بڑھتے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اکیلے نماز پڑھنے سے دو آدمیوں کے ساتھ نماز پڑھنا بہتر ہے اور زیادہ لوگوں کے ہمراہ نماز پڑھنا، دو کے ہمراہ پڑھنے سے بہتر ہے۔

✣✣ شعبہ کے اصحاب میں سے طبقہ اولیٰ (یعنی) یزید بن زریع، یحیٰ بن سعید، عبدالرحمٰن بن مھدی، محمد بن جعفر اور ان جیسے دیگر محدثین رحمۃ اللہ علیہم نے بھی اسی طرح حدیث روایت کی ہے اور سفیان بن سعید نے ابواسحاق کی سند کے ہمراہ بھی یہ حدیث روایت کی ہے (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

905۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلٍ الْفَقِيهُ بِبُخَارَى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ التِّرْمِذِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَسَّانَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْهَيْثَمِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي اللَّيْثِ، حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سُفْيَانَ صَالِحُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلامِ، عَنْ سُفْيَانَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَكَرِيَّا الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَنْبَاَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي دَارِمٍ الْحَافِظُ بِالْكُوفَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا لُوَيْنٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَصِيرٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْفَجْرِ فَلَمَّا صَلّٰى، قَالَ: اَشَاهِدٌ فُلَانٌ فَذَكَرُوا الْحَدِيثَ نَحْوَ حَدِيثِ شُعْبَةَ، وَهٰكَذَا رَوَاهُ زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَرَقَبَةُ بْنُ مَصْقَلَةَ، وَمُطَرِّفٌ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، وَغَيْرُهُمْ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي بَصِيرٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ،

✧✧ سفیان نے ابواسحاق کی سند کے ساتھ عبداللہ بن ابی بصیر کے واسطے سے ابی بن کعب کی یہ روایت نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی۔ جب آپ نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو پوچھا: فلاں شخص نماز میں موجود ہے؟ (اس کے بعد حضرت شعبہ رضی اللہ عنہ کی طرح حدیث بیان کی)

❖❖ زہیر بن معاویہ، رقبہ بن مصقلہ، مطرف، ابراہیم بن طھمان اور دیگر محدثین ﷭ نے بھی ابواسحاق سے اسی طرح حدیث روایت کی ہے اور عبداللہ بن مبارک نے شعبہ سے انہوں نے ابواسحاق سے انہوں نے ابوبصیر سے اور انہوں نے ابی بن کعب سے یہ حدیث روایت کی ہے (ان کی روایت کردہ حدیث درج ذیل ہے)

✧✧ حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عسفان میں تھے اور مشرکوں کے سپہ سالار خالد بن ولید تھے، ہم نے نماز ظہر ادا کی، مشرکوں نے پروگرام بنایا کہ ہمارے پاس بہت اچھا موقع ہے کہ مسلمان نماز میں (جنگ کی طرف) متوجہ نہیں ہوتے، اگر ہم ان پر اس وقت حملہ کریں جب یہ نماز کی حالت میں ہوتے ہیں (تو ہمیں کامیابی مل سکتی ہے) تو ظہر اور عصر کے درمیان "نمازِ قصر" کی آیت نازل ہوگئی، جب نماز عصر کا وقت ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبلہ رو ہو کر کھڑے ہوئے اور مشرکین آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تھے۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایک صف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بنائی اور اس صف کے پیچھے ایک اور صف بنالی، پھر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا تو دونوں صفوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رکوع کیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو جو صف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تھی انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سجدہ کیا اور ان سے پیچھے والی صف والے صحابہ رضی اللہ عنہم ان کی حفاظت کی غرض سے کھڑے رہے پھر جب اگلی صف والوں نے دو سجدہ کر لئے اور کھڑے ہوگئے تو پچھلی صف والوں نے سجدے کر لئے پھر اگلی صف والے پیچھے کھسک گئے اور پچھلی صف میں جا کر کھڑے ہوگئے (اور پیچھے والے آگے ہوگئے) پھر دونوں صفوں والوں نے رکوع کیا اور اگلی صف والوں نے سجدہ کیا جبکہ پیچھے والے ان کی حفاظت کی غرض سے کھڑے رہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ گئے اور اگلی صف والے بھی بیٹھ گئے اور پیچھے والوں نے سجدہ کرلیا۔ پھر یہ سب لوگ بیٹھ گئے اور پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کا سلام پھیرا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز "عسفان" میں پڑھی اور بنی سلیم کے دن پڑھی۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1253۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَنَسٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، اَنْبَاَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، اَنَّهُ سَمِعَ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا هُرَيْرَةَ، هَلْ صَلَّيْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ؟ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: نَعَمْ، قَالَ مَرْوَانُ: مَتٰى؟ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: عَامَ غَزْوَةِ نَجْدٍ، قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الصَّلٰوةِ

صَلوٰةِ الْعَصْرِ فَقَامَتْ مَعَهُ طَائِفَةٌ وَّطَائِفَةٌ اُخْرٰى مُقَابِلَ الْعَدُوِّ، وَظُهُوْرُهُمْ اِلَى الْقِبْلَةِ، فَكَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرُوْا جَمِيْعًا الَّذِيْنَ مَعَهُ وَالَّذِيْنَ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ رَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً وَّاحِدَةً، وَرَكَعَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ خَلْفَهُ، ثُمَّ سَجَدَ فَسَجَدَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ تَلِيْهِ وَالْاٰخَرُوْنَ قِيَامٌ مُّقَابِلَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ مَعَهُ، وَذَهَبُوْا اِلَى الْعَدُوِّ فَقَابَلُوْهُمْ وَاَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ كَمَا هُوَ، ثُمَّ قَامُوْا فَرَكَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَةً اُخْرٰى وَرَكَعُوْا مَعَهُ وَسَجَدُوْا مَعَهُ، ثُمَّ اَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ كَانَتْ مُقَابِلَ الْعَدُوِّ فَرَكَعُوْا وَسَجَدُوْا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ وَّمَنْ مَّعَهُ، ثُمَّ كَانَ السَّلَامُ، فَسَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَلَّمُوْا جَمِيْعًا، فَكَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَانِ، وَلِكُلِّ رَجُلٍ مِّنَ الطَّائِفَتَيْنِ رَكْعَةٌ رَكْعَةٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ مروان بن حکم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے (کبھی) رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ ''صلوٰۃ الخوف'' پڑھی ہے؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ مروان نے پوچھا: کب؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: غزوۂ نجد کے سال رسول اکرم ﷺ نمازعصر کے لئے کھڑے ہوئے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت آپ کے ہمراہ کھڑی ہوگئی اور دوسری جماعت دشمنوں کے مقابلے میں کھڑی رہی، ان کی پشت قبلہ کی طرف تھی، رسول اللہ ﷺ نے تکبیر کہی تو جتنے لوگ آپ کے ہمراہ جماعت میں شریک تھے ان سب نے تکبیر کہی اور جو دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوئے تھے، انہوں نے بھی تکبیر کہی۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے ایک رکوع کیا تو آپ کے ہمراہ جو جماعت تھی، انہوں نے بھی رکوع کیا، جبکہ دوسری جماعت دشمن کے مقابلے میں کھڑی رہی پھر رسول اکرم ﷺ کھڑے ہوگئے اور آپ کے ہمراہ جو جماعت تھی وہ اٹھے اور جا کر دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہوگئے اور یہ جماعت جو کہ دشمن کے مقابلے میں تھی آ گئی، انہوں نے آ کر خود ہی رکوع بھی کیا اور سجدہ بھی کیا اور اس دوران نبی اکرم ﷺ بدستور کھڑے رہے۔ پھر یہ لوگ (دوسجدے کرنے کے بعد) کھڑے ہوگئے پھر رسول اللہ ﷺ نے دوسری رکعت کا رکوع کیا تو ان لوگوں نے بھی آپ کے ہمراہ رکوع کیا، آپ نے سجدہ کیا تو انہوں نے بھی آپ کے ہمراہ سجدہ کیا۔ پھر وہ جماعت بھی آ گئی جو دشمن کے مقابلے میں کھڑی تھی انہوں نے آ کر خود ہی رکوع اور سجدہ کیا اور اس دوران رسول اکرم ﷺ اور ان کے ساتھ نماز پڑھنے والی پہلی جماعت کے لوگ بیٹھے رہے، اس کے بعد سلام کا موقع تھا، تو رسول اکرم ﷺ نے سلام پھیرا اور آپ کے ہمراہ تمام لوگوں نے سلام پھیرا، اس طرح رسول اللہ ﷺ کی دو رکعتیں اور دونوں جماعتوں کی ایک ایک ہوئی۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

كتاب الجنائز

نماز جنازہ کا بیان

1254- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، وَشُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، قَالَا: اَنْبَاَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ هِنْدِ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهِمْ وَعَبَّاسٌ عَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْتَكِىْ، فَتَمَنّٰى عَبَّاسٌ الْمَوْتَ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمِّ، لَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ، فَاِنَّكَ اِنْ كُنْتَ مُحْسِنًا، فَاِنْ تُؤَخَّرْ تَزْدَدْ اِحْسَانًا اِلٰى اِحْسَانِكَ خَيْرٌ لَّكَ، وَاِنْ كُنْتَ مُسِيئًا فَاِنْ تُؤَخَّرْ فَتُسْتَعْتَبْ مِنْ اِسَائَتِكَ خَيْرٌ لَّكَ، فَلَا تَتَمَنَّ الْمَوْتَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اتَّفَقَا عَلٰى حَدِيْثِ قَيْسٍ، عَنْ خَبَّابٍ، لَوْلَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا اَنْ نَتَمَنَّى الْمَوْتَ لَتَمَنَّيْتُهُ

✧✧ حضرت اُمّ فضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے تو آپ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ بہت شدید بیمار تھے، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے موت کی تمنا کی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے چچا! موت کی تمنا مت کرو، کیونکہ اگر تم نیک ہو تو موت جتنی دیر سے آئے گی، آپ کی نیکیوں پر نیکیاں بڑھتی جائیں گی اور یہ آپ کے لئے بہت بہتر ہے۔ اور اگر تم گنہگار ہو تو موت جتنی دیر سے آئے گی، تمہیں گناہوں کی معافی مانگنے کا اتنا ہی زیادہ موقع مل جائے گا، اس لئے موت کی تمنا مت کرو۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، جبکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے قیس کے حوالے سے خباب کا یہ بیان نقل کیا ہے "اگر رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث 1254:

اخرجه ابويعلىٰ الموصلى فى "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث:7076 اخرجه ابن ابى اسامه فى "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبوية' مدينه منوره 1413ھ/1992ء' رقم الحديث: 1082 اخرجه ابوعبدالله الشيبانى فى "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر رقم الحديث:26916 اخرجه ابوالقاسم الطبرانى فى "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث:44

نے موت کی تمنا کرنے سے منع نہ کیا ہوتا تو میں موت کی تمنا کرتا''۔

1255- اَخْبَرَنَا مُكْرَمُ بْنُ اَحْمَدَ الْقَاضِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ بِلَالِ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، قَالَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ مِنْ شِرَارِكُمْ ؟ قَالُوا: بَلٰى، قَالَ: خِيَارُكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا، وَاَحْسَنُكُمْ عَمَلا

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ

✧✧ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں خبر دوں کہ تم میں سب سے بہترین شخص کون ہے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے اعمال اچھے ہوں۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ مذکورہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے جو کہ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔ (شاہد حدیث درج ذیل ہے)

1256- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَاتِبُ، اَنْبَاَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وَيُونُسَ، وَثَابِتٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، اَنَّ رَجُلا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: اَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَحَسُنَ عَمَلُهُ، قَالَ: فَاَيُّ النَّاسِ شَرٌّ ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَسَاءَ عَمَلُهُ

✧✧ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سے سب سے بہتر کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس کی عمر طویل ہو اور عمل نیک ہوں''۔ اس نے پوچھا: سب سے بُرا شخص کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال برے ہوں۔

1257- حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا

حدیث 1255:

ذکرہ ابوبکر البیہقی فی "سننہ الکبرٰی" طبع مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحدیث: 6319

حدیث 1257:

اخرجہ ابو عیسٰی الترمذی' فی "جامعہ" طبع داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان' رقم الحدیث: 2142 اخرجہ ابوعبداللہ الشیبانی فی "مسندہ" طبع موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر' رقم الحدیث: 13432 اخرجہ ابوحاتم البستی فی "صحیحہ" طبع موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء' رقم الحدیث: 341 اخرجہ ابویعلٰی الموصلی فی "مسندہ" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحدیث: 3821 اخرجہ ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمہ الاوسط" طبع دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ' رقم الحدیث: 1941 اخرجہ ابوعبداللہ القضاعی فی "مسندہ" طبع موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء' رقم الحدیث: 1390

مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، جَمِيعًا، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ، قَالَ: فَقِيلَ: كَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ

هٰذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے عمل کرواتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا: اللہ تعالیٰ اس سے کیسے عمل کرواتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بندے کو موت سے پہلے نیک عمل کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ اسنادِ صحیح کے ہمراہ گزشتہ حدیث کی ایک شاہد حدیث بھی موجود ہے۔ (جو کہ درج ذیل ہے)

1258۔ أَخْبَرَنَاهُ الْحَسَنُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي طَالِبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا عَسَلَهُ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا عَسَلَهُ؟ قَالَ: يُوَفِّقُ لَهُ عَمَلًا صَالِحًا بَيْنَ يَدَيْ أَجَلِهِ حَتّٰى يَرْضٰى عَنْهُ جِيرَانُهُ، أَوْ قَالَ: مَنْ حَوْلَهُ

✧✧ حضرت عمر بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ اپنے کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو شہد کھلاتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: کیسے شہد کھلاتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی موت سے پہلے اس کو نیک عمل کی توفیق دیتا ہے حتیٰ کہ اس کے پڑوسی اس سے خوش ہو جاتے ہیں۔ یا (شاید فرمایا) اس کے اردگرد والے لوگ خوش ہو جاتے ہیں۔

1259۔ أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزَّاهِدُ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرُ

حدیث 1258:

اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله٬ بیروت٬ لبنان٬ 1414ھ/1993ء٬ رقم الحدیث: 342 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین٬ قاهره٬ مصر٬ 1415ھ٬ رقم الحدیث: 3298 اخرجه ابو القاسم الطبرانی فی "مسند الشامیین" طبع موسسة الرساله٬ بیروت٬ لبنان٬ 1405ھ/1984ء٬ رقم الحدیث: 183 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة٬ قاهره٬ مصر٬ 1408ھ/1988ء٬ رقم الحدیث: 489

حدیث 1259:

اخرجه ابو الحسین مسلم النیسابوری فی "صحیحه" طبع داراحیاء التراث العربی٬ بیروت٬ لبنان٬ رقم الحدیث: 2878 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه٬ قاهره٬ مصر رقم الحدیث: 14583 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله٬ بیروت٬ لبنان٬ 1414ھ/1993ء٬ رقم الحدیث: 7319 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث٬ دمشق٬ شام٬ 1404ھ-1984ء٬ رقم الحدیث: 1901 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة٬ قاهره٬ مصر 1408ھ/1988ء٬ رقم الحدیث: 1013

بْنُ الْمُوَرِّعِ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَاَخْبَرَنِیْ عَلِیُّ بْنُ عِیْسَی الْحِیْرِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَرَشِیُّ، حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ یَحْیٰی، اَنْبَاَنَا جَرِیْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: یُبْعَثُ کُلُّ عَبْدٍ عَلٰی مَا مَاتَ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجْهُ الْبُخَارِیُّ

✧✧ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر بندے کو اسی حالت پر اٹھایا جائے گا جس حالت پر وہ مرے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے، لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اسے نقل نہیں کیا۔

1260۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْخُرَاسَانِیُّ الْعَدْلُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاضِیْ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ، اَنْبَاَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّهٗ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ دَعَا بِثِیَابٍ جُدُدٍ فَلَبِسَهَا، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: اِنَّ الْمَیِّتَ یُبْعَثُ فِیْ ثِیَابِهِ الَّتِیْ یَمُوْتُ فِیْهَا

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ الشَّیْخَیْنِ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے نئے کپڑے منگوا کر پہنے، پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ میت کو انہی کپڑوں میں اٹھایا جائے گا جن میں وہ مرے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1260أ۔ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَنَا اَبُوْ هَانِءٍ الْخَوْلَانِیُّ، وَعَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الْجَنْبِیُّ، سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَیْدٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَّاتَ عَلٰی مَرْتَبَةٍ مِّنْ هٰذِهِ الْمَرَاتِبِ بُعِثَ عَلَیْهَا یَوْمَ الْقِیَامَةِ عَلٰی شَرْطِهِمَا

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص ان مراتب میں سے کسی مرتبے پر مرے گا، قیامت کے دن اسی پر اٹھایا جائے گا۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

حدیث 1260:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3114 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 7316 ذکره ابوبکر البیهقی فی "سننه الکبرٰی" طبع مکتبه دارالباز مکه مکرمه سعودی عرب 1414ھ/1994ء رقم الحدیث: 6395 اخرجه ابـ[illegible] الصنعانی فی "مصنفه" طبع المکتب الا[illegible] بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ رقم الحدیث: 6203

1261- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَانَا اَبُو الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَّلا مَرَّتَيْنِ يَقُوْلُ: اِذَا كَانَ الْعَبْدُ يَعْمَلُ عَمَلا صَالِحًا فَشَغَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ مَرَضٌ، اَوْ سَفَرٌ، كُتِبَ لَهُ كَصَالِحِ مَا كَانَ يَعْمَلُ، وَهُوَ صَحِيْحٌ مُّقِيْمٌ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک دو مرتبہ نہیں (بلکہ کئی مرتبہ) فرماتے سنا ہے کہ بندہ نیک عمل کرتا ہو پھر وہ بیماری یا سفر کی وجہ سے وہ عمل نہ کر پائے تو اس کے نامہ اعمال میں بدستور وہ ثواب لکھا جاتا رہے گا جو وہ حالت صحت واقامت میں کیا کرتا تھا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے۔

1262- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّمَّاكِ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُلاعِبِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ هَانِءِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ عَرَفَ فِيْهِ الْمَوْتَ، قَالَ: قَدْ كُنْتُ اَنْهَاكَ عَنْ حُبِّ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ: قَدْ اَبْغَضَهُمْ سَعْدُ بْنُ زُرَارَةَ فَمَهْ، فَلَمَّا مَاتَ اَتَاهُ ابْنُهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ قَدْ مَاتَ فَاَعْطِنِيْ قَمِيْصَكَ اُكَفِّنْهُ فِيْهِ، فَنَزَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيْصَهُ، فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ ابن ابی کی مرض الموت میں عیادت کرنے تشریف لے گئے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس پہنچے تو اس میں موت کے آثار پہچان لئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے یہودیوں کی محبت سے منع کیا کرتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مزید) فرمایا: ان میں سے بدترین دشمن "سعد بن زرارہ" ہے، اس کو چھوڑ دے، جب

حدیث 1261:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3091 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 19694 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6339

حدیث 1262:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3094 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 390

وہ مرگیا تو اس کا بیٹا نبی اکرم ﷺ کے پاس آ کر کہنے لگا: یا رسول اللہ ﷺ عبداللہ ابن ابی مرگیا ہے، آپ مجھے اپنی قمیص عطا فرمائیں تاکہ میں اس میں اس کو کفن دوں، نبی اکرم ﷺ نے اپنی قمیض اتار کر اس کو دے دی۔

❖❖ یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1263- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ، وَلَا بِرْذَوْنٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

❖❖ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ میری عیادت کے لئے نہ تو خچر پر سوار ہو کر تشریف لاتے اور نہ گھوڑے پر۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1264- حَدَّثَنِيْ عَلِيُّ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّعُوْدُ مَرِيْضًا مُمْسِيًا اِلَّا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لَهُ حَتّٰى يُصْبِحَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ اَتَاهُ مُصْبِحًا خَرَجَ مَعَهُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يَّسْتَغْفِرُوْنَ لَهُ حَتّٰى يُمْسِيَ، وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ

هٰذَا اِسْنَادٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ لِاَنَّ جَمَاعَةً مِّنَ الرُّوَاةِ اَوْقَفُوْهُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، وَمَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ عَنْهُمَا، وَاَنَا عَلٰى

حدیث 1263:

اخرجه ابو عبدالله محمد البخاری فی "صحیحه" (طبع ثالث) دار ابن کثیر، یمامه، بیروت، لبنان، 1407ھ 1987ء رقم الحدیث: 5340 اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 3096 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 3851 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 15053 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبریٰ" طبع دارالکتب العلمیه، بیروت، لبنان، 1411ھ/ 1991ء رقم الحدیث: 7501 اخرجه ابویعلیٰ الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث، دمشق، شام، 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 2140

حدیث 1264:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 3098 اخرجه ابو عیسیٰ الترمذی فی "جامعه" طبع داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، رقم الحدیث: 969 اخرجه ابو عبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه، قاهره، مصر رقم الحدیث: 975

اَصْلِيْ فِي الْحُكْمِ لِرَاوِي الزِّيَادَةِ

✧✧ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص شام کے وقت کسی مریض کی عیادت کے لئے جاتا ہے، اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے دعائے مغفرت کرتے ہوئے نکلتے ہیں اور صبح تک دعا کرتے رہتے ہیں اور اس شخص کے لئے جنت میں ایک باغ ہے اور جو شخص صبح کے وقت کسی مریض کی عیادت کرنے نکلے اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے نکلتے ہیں جو کہ شام تک اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہتے ہیں اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ ہے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح الاسناد ہے لیکن شیخین نے اسے نقل نہیں کیا کیونکہ راویوں کی ایک جماعت ہے جنہوں نے اس حدیث کو حکم بن عتیبہ اور منصور بن المعتمر سے ابن ابی لیلی کے واسطے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ تک موقوف رکھا ہے۔ جس کو شعبہ نے روایت کیا ہے اور میں راوی کی زیادتی کے سلسلے میں اپنی اصل پر قائم ہوں۔

1265۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ النُّفَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: عَادَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَجَعٍ كَانَ بِعَيْنَيَّ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَلَهُ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ مِّنْ حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

✧✧ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میری آنکھوں میں درد تھا جس کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے۔

✣✣ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ و امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی درج ذیل حدیث، مذکورہ حدیث کی شاہد ہے۔

1266۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحَافِظُ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ كَثِيْرٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: عَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ مِنْ رَمَدٍ كَانَ بِهٖ

✧✧ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن ارقم کی آشوبِ چشم کی وجہ سے عیادت کی۔

1267۔ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْرَفِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْجُعَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، اَنَّ اَبَاهَا، قَالَ: اشْتَكَيْتُ بِمَكَّةَ فَجَائَنِيْ

حدیث 1265:

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر بيروت لبنان رقم الحديث: 3102 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرٰى" طبع مكتبه دارالباز مكه مكرمه سعودي عرب 1414ھ/1994ء رقم الحديث: 6380 اخرجه ابن ابي اسامه في "مسند الحارث" طبع مركز خدمة السنة والسيرة النبويه مدينه منوره 1413ھ/1992ء رقم الحديث: 247

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ، وَوَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى جَبْهَتِيْ، ثُمَّ مَسَحَ صَدْرِيْ وَبَطْنِيْ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا، وَاَتْمِمْ لَهٗ هِجْرَتَهٗ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ

❖❖ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بنت سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتی ہیں کہ میں مکہ میں بیمار پڑ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کیلئے تشریف لائے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ میری پیشانی پہ رکھا، پھر میرے سینے اور پیٹ کو ملا پھر یوں دعا مانگی "یا اللہ سعد کو شفاء دے اور اسکی ہجرت کو پورا کر دے۔

❖❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن شیخین نے اسے ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا۔

1268- اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ الْعَدْلُ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْقَاضِيْ بِهَمْدَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ اَبُوْ خَالِدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ عَادَ مَرِيْضًا لَّمْ يَحْضُرْ اَجَلُهٗ، فَقَالَ عِنْدَهٗ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ اِلَّا عَافَاهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَرَضِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الْبُخَارِيِّ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حديث:1267

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3104 اخرجه ابوبكر بن خزيمة النيسابوري' في "صحيحه" طبع المكتب الاسلامي' بيروت' لبنان' 1390ھ/1970ء' رقم الحديث: 2355 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 7504 ذكره ابوبكر البيهقي في "سننه الكبرىٰ" طبع مكتبه دارالباز' مكه مكرمه' سعودي عرب 1414ھ/1994ء' رقم الحديث: 6381

حديث:1268

اخرجه ابوداؤد السجستاني في "سننه" طبع دارالفكر' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 3106 اخرجه ابو عيسىٰ الترمذي' في "جامعه" طبع داراحياء التراث العربي' بيروت' لبنان' رقم الحديث: 2083 اخرجه ابوعبدالله الشيباني في "مسنده" طبع موسسه قرطبه' قاهره' مصر' رقم الحديث: 2137 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرىٰ" طبع دارالكتب العلميه' بيروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء' رقم الحديث: 10883 اخرجه ابويعلىٰ الموصلي في "مسنده" طبع دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء' رقم الحديث: 2483 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الصغير" طبع المكتب الاسلامي' دارعمار' بيروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء' رقم الحديث: 35 اخرجه ابوالقاسم الطبراني في "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم' موصل' 1404ھ/1983ء' رقم الحديث: 12272 اخرجه ابومحمد الكسي في "مسنده" طبع مكتبة السنة' قاهره' مصر' 1408ھ/1988ء' رقم الحديث: 718 اخرجه ابوبكر الكوفي' في "مصنفه" طبع مكتبه الرشد' رياض' سعودي عرب' (طبع اول) 1409ھ' رقم الحديث: 23572

✧✧ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کی عیادت کو جائے اور اس کے پاس سات مرتبہ یہ دعا مانگے ": اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ " (میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے) اگر اس کو موت نہ آئی ہوئی ہو، اللہ اس مرض سے اس کو شفاء دے دے گا۔

❖ یہ حدیث امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ وامام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1269- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهٖ، ثُمَّ قَالَ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ عُوْفِيَ اِنْ لَمْ يَكُنْ اَجَلُهٗ حَضَرَ

هٰذَا حَدِيْثٌ شَاهِدٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ مِّنْ رِوَايَةِ الْمِصْرِيِّيْنَ، عَنِ الْمَدَنِيِّيْنَ، عَنِ الْكُوْفِيِّيْنَ لَمْ نَكْتُبْهُ عَالِيًا اِلَّا عَنْهُ، وَقَدْ خَالَفَ الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ الثِّقَاتِ فِیْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو

ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان بھائی کی عیادت کو جائے اور اسکے سر کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے "اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ" (میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے) اسے شفاء دے دی جائے گی بشرطیکہ اس کی موت کا وقت نہ آ گیا ہو۔

یہ حدیث شاہد ہے، صحیح ہے اور مصریوں کی مدنیوں سے روایت کے معاملے میں غریب ہے۔ ہم سند عالی انہی کے حوالے سے لکھتے ہیں۔ یہ حدیث منہال بن عمرو سے روایت کرنے میں حجاج بن ارطاۃ نے ثقہ راویوں کی مخالفت کی ہے (جیسا کہ درجہ ذیل حدیث میں ہے)

1270- اَخْبَرَنَاهُ اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَحْبُوْبِیُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَنْبَاَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُّسْلِمٍ عَادَ اَخَاهُ فَدَخَلَ عَلَيْهِ، وَلَمْ يَحْضُرْ اَجَلُهٗ، فَقَالَ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَ فُلَانًا مِّنْ مَّرَضِهٖ سَبْعَ مَرَّاتٍ اِلَّا شَفَاهُ اللّٰهُ مِنْهُ هٰذَا مِمَّا لَا يُعَدُّ خِلَافًا فَاِنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ اَرْطَاةَ دُوْنَ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ وَّاَبِیْ خَالِدٍ الدَّالَانِیِّ فِی الْحِفْظِ وَالْاِتْقَانِ، فَاِنْ ثَبَتَ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ مِنْ هٰذِهِ الرِّوَايَةِ، فَاِنَّهٗ شَاهِدٌ لِّسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ

✧✧ حجاج بن ارطاۃ نے منہال بن عمرو کے بعد عبداللہ بن الحارث کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کی عیادت کو جائے اور سر کے پاس بیٹھ کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَ فُلَانًا مِّنْ مَّرَضِهٖ" میں عرش عظیم کے مالک اللہ عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء عطا فرمائے۔ اگر اس کی موت کا وقت نہ آ گیا ہو تو اسے شفاء دے دی جائے گی۔

✥ اس طرح کے اختلاف کو اختلاف شمار نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ حجاج بن ارطاۃ، عبدربہ بن سعید اور ابوخالد دالانی سے حفظ اور اتقان میں کم درجہ رکھتے ہیں۔ اوران روایات میں سے اگر عبداللہ بن حارث کی روایت ثابت ہوتو یہ سعید بن جبیر کی حدیث کی شاہد قرار دی جاسکتی ہے۔

1271۔ اَخْبَرَنِی اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبِرِیْءُ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِیُّ، فِيْمَا قُرِءَ عَلٰى مَالِكٍ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، وَحَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُزَكِّی، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ السُّلَمِيِّ، اَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ اَبِی الْعَاصِ قَدِمَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ اَخَذَهُ وَجَعٌ قَدْ كَادَ يُبْطِلُهُ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَعَمَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ضَعْ يَمِيْنَكَ عَلٰى مَكَانِكَ الَّذِیْ تَشْتَكِی، وَامْسَحْ بِهٖ سَبْعَ مَرَّاتٍ، وَقُلْ: اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ فِیْ كُلِّ مَسْحَةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، مِنْ حَدِيْثِ الْجُرَيْرِیِّ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی الْعَاصِ بِغَيْرِ هٰذَا اللَّفْظِ

✧ حضرت نافع بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اس قدر شدید درد میں مبتلا تھے قریب تھا کہ اس کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو جاتی، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا تذکرہ کیا تو ان کا گمان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھ کر سات مرتبہ ملو اور ہر دفعہ ملتے ہوئے پڑھو "اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ" میں اللہ کی عزت اور قدرت کی پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جو میں پاتا ہوں۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ان الفاظ کے ہمراہ نقل نہیں کیا، امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس سلسلہ میں جریری کی وہ حدیث نقل کی ہے جس کی سند یزید بن عبداللہ بن شخیر کے واسطے عثمان بن ابی العاص تک پہنچی ہے تاہم اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں۔

1272۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مِلْحَانَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِی اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زِيَادَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِیِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ،

حدیث 1271:

اخرجه ابوالحسين مسلم النيسابوری فی "صحيحه" طبع داراحياء التراث العربی بيروت لبنان رقم الحديث: 2202 اخرجه ابوعبدالله الشيبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحديث: 17937 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحيحه" طبع موسسه الرساله بيروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحديث: 2964 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10839 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الكبير" طبع مكتبه العلوم والحكم موصل 1404ھ/1983ء رقم الحديث: 8342

اَنَّ رَجُلَيْنِ اَقْبَلا يَلْتَمِسَانِ الشِّفَاءَ مِنَ الْبَوْلِ، فَانْطَلَقَ بِهِمَا اِلٰى اَبِى الدَّرْدَاءِ فَذَكَرَا وَجَعَ اُنْثَيَيْهِمَا لَهُ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنِ اشْتَكَى مِنْكُمْ شَيْئًا، اَوِ اشْتَكَاهُ اَخٌ لَّهُ فَلْيَقُلْ: رَبَّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَخَطَايَانَا، اِنَّكَ رَبُّ الطَّيِّبِينَ، فَاَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ، وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ فَيَبْرَاُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَدِ احْتَجَّ الشَّيْخَانِ بِجَمِيعِ رُوَاةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ غَيْرِ زِيَادَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَهُوَ شَيْخٌ مِّنْ اَهْلِ مِصْرَ قَلِيْلُ الْحَدِيْثِ

✧✧ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی ایسے دو آدمیوں سے ملاقات ہوئی جو پیشاب سے شفاء ڈھونڈ رہے تھے۔ (یعنی ان کو پیشاب کا کوئی عارضہ لاحق تھا) فضالہ فرماتے ہیں: میں ان کو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس لے گیا، انہوں نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کو اپنی تکلیف کے بارے میں بتایا، تو حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بولے: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ تم میں سے کسی شخص کو تکلیف ہو یا تمہارے کسی بھائی کو تکلیف ہو تو اس کو چاہیے کہ یوں دعا مانگے: "رَبَّنَا اللّٰهُ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ، فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِى الْاَرْضِ، وَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَخَطَايَانَا، اِنَّكَ رَبُّ الطَّيِّبِينَ، فَاَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ، وَشِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ فَيَبْرَاُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى"

("اے وہ اللہ! جس کی حکومت آسمانوں میں بھی ہے، تیرا نام مقدس ہے، تیری حکومت آسمانوں اور زمینوں میں ہے جس طرح تیری رحمت آسمانوں میں ہے، اسی طرح اپنی رحمت زمین پر بھی عطا فرما اور ہمارے گناہوں اور خطاؤں کو معاف فرما، بے شک تو طیبین کا رب ہے، ہم پر تو اپنی رحمت اور شفاء نازل فرما"۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف جاتی رہے گی)۔

✤ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ دونوں نے زیاد بن محمد کے علاوہ اس حدیث کے تمام راویوں کی روایات نقل کی ہیں اور "زیاد" اہل مصر کے شیوخ میں سے ہیں، ان کی روایت کردہ احادیث کی تعداد بہت کم ہے۔

1273۔ اَخْبَرَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مِهْرَانَ، حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِىِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا عَادَ اَحَدُكُمْ مَرِيضًا فَلْيَقُلِ: اللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَاُ لَكَ عَدُوًّا اَوْ يَمْشِى لَكَ اِلٰى صَلٰوةٍ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حدیث 1272:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3892 اخرجه ابوعبدالرحمن النسائی فی "سننه الکبرٰی" طبع دارالکتب العلمیه بیروت لبنان 1411ھ / 1991ء رقم الحدیث: 10876 اخرجه ابوالقاسم الطبرانی فی "معجمه الاوسط" طبع دارالحرمین قاهره مصر 1415ھ رقم الحدیث: 8636

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کو جائے تو یوں دعا مانگے "اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَيَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا اَوْيَمْشِي لَكَ اِلَى الصَّلٰوةِ" ۔"اے اللہ: اپنے بندے کو شفا عطاء فرما تاکہ یہ تیرے دشمنوں سے لڑ سکے یا نماز کے لئے چل کر جا سکے"۔

یہ حدیث امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1274۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْبَجَلِيُّ، اَنْبَاَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ تَكُوْنُ لَهُ الْمَنْزِلَةُ عِنْدَ اللّٰهِ فَمَا يَبْلُغُهَا بِعَمَلٍ فَلَا يَزَالُ يَبْتَلِيْهِ بِمَا يَكْرَهُ حَتّٰى يُبَلِّغَهُ ذٰلِكَ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک مقام لکھا ہوا ہوتا ہے لیکن وہ اپنے عمل کے سبب اس مقام تک نہیں پہنچتا تو اس کو مسلسل آزمائشوں میں مبتلا کیا جاتا ہے حتیٰ کہ وہ ان کے سبب اس مقام کو پالیتا ہے۔

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1275۔ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ نَصْرٍ الدَّارَبَرْدِيُّ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُوَجِّهِ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، اَنْبَاَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَطِيْعِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا حُضِرَ اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِبَنِيْهِ: انْطَلِقُوا فَاجْنُوْا لِیْ ثِمَارَ الْجَنَّةِ، قَالَ: فَخَرَجَ بَنُوْهُ فَاسْتَقْبَلَتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، فَقَالُوْا: اَيْنَ تُرِيْدُوْنَ يَا بَنِیْ اٰدَمَ؟ قَالُوْا: بَعَثَنَا اَبُوْنَا لِنَجْنِیَ لَهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ، قَالَ: ارْجِعُوْا فَقَدْ كُفِيْتُمْ، قَالَ: فَرَجَعُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى دَخَلُوْا عَلٰى اٰدَمَ، فَلَمَّا رَاَتْهُمْ حَوَّاءُ ذُعِرَتْ مِنْهُمْ وَجَعَلَتْ

حدیث 1273:

اخرجه ابوداؤد السجستانی فی "سننه" طبع دارالفکر بیروت لبنان رقم الحدیث: 3107 اخرجه ابوعبدالله الشیبانی فی "مسنده" طبع موسسه قرطبه قاهره مصر رقم الحدیث: 6600 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2974 اخرجه ابومحمد الکسی فی "مسنده" طبع مکتبة السنة قاهره مصر 1408ھ/1988ء رقم الحدیث: 344

حدیث 1274:

اخرجه ابویعلی الموصلی فی "مسنده" طبع دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء رقم الحدیث: 6095 اخرجه ابوحاتم البستی فی "صحیحه" طبع موسسه الرساله بیروت لبنان 1414ھ/1993ء رقم الحدیث: 2908

تَـدْنُو اِلٰی اٰدَمَ وَتَلْتَصِقُ بِهٖ، فَقَالَ لَهَا اٰدَمُ: اِلَيْكِ عَنِّیْ اِلَيْكِ عَنِّیْ، فَمِنْ قِبَلِكِ اُتِيتُ خَلِّ بَيْنِیْ وَبَيْنَ مَلَائِكَةِ رَبِّیْ، قَالَ: فَقَبَضُوا رُوْحَهُ، ثُمَّ غَسَّلُوْهُ وَحَنَّطُوْهُ وَكَفَّنُوهُ، ثُمَّ صَلَّوْا عَلَيْهِ، ثُمَّ حَفَرُوْا لَهُ ثُمَّ دَفَنُوهُ، ثُمَّ قَالُوْا: يَا بَنِیْ اٰدَمَ هٰذِهٖ سُنَّتُكُمْ فِیْ مَوْتَاكُمْ، فَكَذَاكُمْ فَافْعَلُوا

هٰـذَا حَـدِيْثٌ صَحِيْحُ الاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ، وَهُوَ مِنَ النَّوْعِ الَّذِیْ لا يُوجَدُ لِلتَّابِعِیِّ اِلَّا الرَّاوِی الْوَاحِدُ، فَاِنَّ عُتَیَّ بْنَ ضَمْرَةَ السَّعْدِیَّ لَيْسَ لَهُ رَاوٍ غَيْرُ الْحَسَنِ، وَعِنْدِیْ اَنَّ الشَّيْخَيْنِ عَلَّلَاهُ بِعِلَّةٍ اُخْرٰی، وَهُوَ اَنَّهُ رُوِیَ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُبَیٍّ دُوْنَ ذِكْرِ عُتَیٍّ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدم علیہ السلام کا آخری وقت آیا تو آپ علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہا: جاؤ میرے لئے جنت کے کچھ پھل لے کر آؤ۔ آپ علیہ السلام کے بیٹے (پھل لینے) چل دیئے۔ آگے سے فرشتوں سے ملاقات ہوگئی، فرشتوں نے پوچھا: اے آدم علیہ السلام کے بیٹو! تم کہاں جا رہے ہو؟ انہوں نے جواب دیا: ہمارے والد نے ہمیں جنت کے پھل لینے کے لئے بھیجا ہے، فرشتوں نے کہا: تم لوٹ جاؤ، کیونکہ جتنے پھل تم نے کھانے تھے، کھا لئے ہیں (حضور علیہ السلام) فرماتے ہیں: یہ لوگ فرشتوں کے ہمراہ واپس لوٹ آئے اور آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوگئے، جب حضرت حواء رضی اللہ عنہا نے ان کو دیکھا تو ان سے خوفزدہ ہو کر آدم علیہ السلام کے قریب آگئیں اور ان کے ساتھ چپکنے لگیں، آدم علیہ السلام نے ان سے فرمایا: میرے اور میرے رب کے فرشتوں کے درمیان راستہ چھوڑ دو، آپ فرماتے ہیں: پھر فرشتوں نے آپ علیہ السلام کی روح کو قبض کیا پھر ان کو غسل دیا، ان کو خوشبو لگائی اور ان کو کفن پہنایا پھر ان کی نماز جنازہ پڑھی پھر ان کے لئے قبر کھود کر آپ علیہ السلام کو اس میں دفن کر دیا۔ پھر فرمایا: اے بنی آدم! مردوں کے متعلق تمہارا یہ طریقہ ہے لہٰذا اسی طریقے پر تم عمل کرتے رہنا۔

✥✥ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا اور اس حدیث کا تعلق اس نوع کے ساتھ ہے کہ جب تابعی سے روایت کرنے والا صرف ایک شخص ہو، کیونکہ اس کی سند میں عتی بن ضمرہ السعدی کا ''حسن'' کے علاوہ اور کوئی راوی نہیں ہے جبکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ شیخین رحمۃ اللہ علیہما نے اس حدیث کو ایک دوسری وجہ سے معلل قرار دیا ہے اور وہ وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث حسن کے واسطے سے ان کے والد سے روایت کی گئی ہے۔ اس میں ''عتی'' کا ذکر نہیں ہے۔

1276۔ اَخْبَـرَنَـاهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَيْلِیُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ مَالِكٍ الْمَعَافِرِیُّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ اٰدَمُ رَجُلا طُوَالا فَذَكَرَ حَدِيْثًا طَوِيلا وَفِیْ اٰخِرِهٖ، اَنَّهُ قَالَ: خَلُّوْا بَيْنِیْ وَبَيْنَ رُسُلِ رَبِّی، فَاِنَّكِ اَدْخَلْتِ عَلَیَّ هٰذَا، فَقَبَضُوا نَفْسَهُ وَغَسَّلُوْهُ بِالْمَاءِ وَالسِّدْرِ ثَلاثًا، وَكَفَّنُوْهُ وَصَلَّوْا عَلَيْهِ وَدَفَنُوْهُ، ثُمَّ قَالُوْا: هٰذِهٖ سُنَّةُ بَنِيكَ مِنْ بَعْدِكَ هٰذَا لا يُعَلِّلُ حَدِيْثَ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، فَاِنَّهُ اَعْرَفُ بِحَدِيْثِ الْحَسَنِ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمِصْرَ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

✧✧ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدم علیہ السلام بہت لمبے قد والے تھے پھراس کے بعد آپ نے طویل حدیث ذکر فرمائی اوراس کے آخر میں فرمایا: میرے اور میرے رب کے فرشتوں کے بیچ میں سے ہٹ جاؤ کیونکہ تو نے اس کو میرے اوپر داخل کر دیا ہے۔ پھرانہوں نے آپ کی روح کو قبض کیا، آپ کو پانی اور بیری کے پتوں کے ساتھ تین مرتبہ غسل دیا، آپ کو کفن پہنایا، نماز جنازہ پڑھی اور دفنا دیا۔ پھر بولے! تمہارے بعد یہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ (اسی پر عمل کرتے رہنا)

✣✣ یہ حدیث یونس بن عبید کی حدیث کو معلل نہیں کرتی کیونکہ اہل مدینہ اوراہل مصر میں سے حسن کی احادیث کے سب سے زیادہ واقف یہی تھے۔ (واللہ علم)

1277۔ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوْبَ، اَنْبَانَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَفَّانَ الْعَامِرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: عَادَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرِيضًا مِّنْ وَعَكٍ كَانَ بِهٖ، وَمَعَهُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: هِيَ نَارِىْ اُسَلِّطُهَا عَلٰى عَبْدِى الْمُؤْمِنِ فِى الدُّنْيَا لِتَكُوْنَ حَظَّهُ مِنَ النَّارِ فِى الْاٰخِرَةِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مریض کی عیادت فرمائی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوش ہو جاؤ، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یہ میری آگ ہے، اس کو میں اپنے کسی بندے پر دنیا میں اس لئے مسلط کرتا ہوں تاکہ وہ آخرت میں آگ سے بچ جائے۔

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

1278۔ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اِسْحَاقَ الْفَقِيْهُ، وَعَلِيُّ بْنُ حَمْشَاذَ الْعَدْلُ، قَالَا: اَنْبَانَا هِشَامُ بْنُ عَلِيٍّ السِّيْرَافِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، اَنْ يَّحْيَى بْنَ اَبِىْ كَثِيْرٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا قِلَابَةَ، حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: طَرَقَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعٌ، فَجَعَلَ يَتَقَلَّبُ عَلٰى فِرَاشِهٖ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ صَنَعَ هٰذَا بَعْضُنَا لَخَشِيَ اَنْ تَجِدَ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُشَدَّدُ عَلَيْهِ، وَلَيْسَ مِنْ مُؤْمِنٍ يُصِيبُهُ نَكْبَةٌ، اَوْ وَجَعٌ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ خَطِيئَةً وَّرَفَعَ لَهٗ دَرَجَةً

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ ام المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شدید درد اٹھا جس کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بستر پر لوٹ پوٹ ہو رہے تھے، میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسی تکلیف اگر ہم میں سے کسی کو ہوتی تو آپ اس کو بھی اسی حال

پر پاتے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک مومن پر سختی آتی ہے اور کسی بھی مومن کو کوئی درد یا تکلیف پہنچے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کے گناہ معاف فرماتا ہے اور اس کے درجات بلند فرماتا ہے

✣✣ یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن دونوں نے ہی اسے نقل نہیں کیا۔

1279۔ اَخْبَرَنِیْ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَقِیْهُ بِالرَّیِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ، حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ كَثِیْرِ بْنِ عُفَیْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ یَزِیْدَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: عَادَ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ لَهَا: اَهِیَ اُمُّ مِلْدَمٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ فَلَعَنَهَا اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبِّیْهَا، فَاِنَّهَا تَغْسِلُ ذُنُوْبَ الْعَبْدِ كَمَا یُذْهِبُ الْكِیْرُ خَبَثَ الْحَدِیْدِ

هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ یُخَرِّجَاهُ بِهٰذَا اللَّفْظِ، اِنَّمَا اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ، بِغَیْرِ هٰذَا اللَّفْظِ مِنْ حَدِیْثِ حَجَّاجِ بْنِ اَبِیْ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ

